JAMIA COLLEGE
JAMIA MILLIA ISLAMIA
NEW DELHI
LIBRARY

Class No Λ1·49
Book No. ICI T
Accession No 14·69

AKIR HUSAIN L
NEW DELHI

Rasi
16079

13

A1·49 Kar

Call No. 1415 Acc. No. 14·29

1981

~~24 MAR 1981~~

~~-7 APR 1981~~

Amar Nath Mathur

مطبوعات مکتبۂ ابراہیمیہ

اُردو شہ پارے

جلد اول

جسمیں
اُردو ادب کے آغاز سے ولی کے زمانہ تک
کے
شاعروں اور نثر نگاروں کے شہ کاروں
سے
اہم اور دلچسپ انتخابات
پیش کیے گئے ہیں

مُرتبہ
ڈاکٹر سید محی الدین قادری
ام اے پی ایچ ڈی (لنڈن)

۱۹۲۹ء

[illegible]

Acc. No 16079

اُردو شہ پارے

مدیر عمومی ڈاکٹر سیّد محی الدین قادری ام اے پی اِچ ڈی

جلد اول

ابتدائے ادب اُردو سے ولی تک

مرتب ڈاکٹر سیّد محی الدین قادری ام اے پی اِچ ڈی

جلد دوم

ولی سے حالی تک

مرتب مولوی سیّد محمدؐ صاحب ام اے۔

جلد سوم

حالی سے موجودہ زمانہ تک

مرتب مولوی عبد القادر صاحب سروری ام اے ال ا

اِنتساب

بہ

ڈاکٹر سر حیدر نواز جنگ بہادر ال ڈی

SV62

[illegible]

عام فہرست

۱۔ فہرست تصاویر
۲۔ دیباچہ
۳۔ مقدمہ — صفحہ ۵
  ا۔ باب اول اردو ادب کی ابتدائی کوششیں
  ب۔ باب دوم۔ اردو ادب بیجاپور میں ۲۱
  ج۔ باب سوم۔ اُردو ادب گولکنڈہ میں ۷۶
  د باب چہارم۔ اردو ادب مغلوں کی حکومت میں ۱۲۳
۴ شہ پاروں کی فہرست
  ا۔ بلحاظ مضامین ۱۷۸
  ب۔ بلحاظ مصنفین ۱۸۰
۵ اردو شہ پارے
  ا۔ نظم ۱۸۹
  ب۔ نثر ۳۱۷
۶ مقدمے کے ضمیمے ۔ ۳۳۷
  ۱ دور اول کے مصنفین اور ان کے کارنامے ۳۳۹
  ۲ باب اول کی علیہیات ۳۴۰
  ۳ بیجاپوری مصنفین اور ان کے کارنامے ۳۴۱
  ۴ باب دوم کی علیہیات ۳۴۳
  ۵ گولکنڈہ کے مصنفین اور ان کے کارنامے ۳۴۵
  ۶ باب سوم کی علیہیات ۳۴۷
  ۷ چوتھے باب کے مصنفین اور ان کے کارنامے ۳۴۸
  ۸ ایڈنبرا کی بیاض کے مرثیہ نگار ۳۵۰
۷ اردو ادب سے متعلقہ سنین ۔ ۳۵۲
۸ اضافے ۔ ۳۵۷
۹ اشاریہ

فہرست تصاویر

۱ قطعہ اول — آغاز کتاب
۲ علی عادل شاہ دوم — مقابل صفحہ ۵۱
۳ قطعہ دوم — ۸۵
۴ سید شاہ راجو — ۱۱۵
۵ قطعہ سوم — ۱۱۹
۶ ابوالحسن تاناشاہ — ۱۲۳
۷ محمد قلی قطب شاہ — ۱۹۳
۸ عبداللہ قطب شاہ — ۲۴۸
۹ قطعہ چہارم — ۲۱۹
۱۰ غواصی — ۳۲۳
۱۱ ابن نشاطی — ۳۲۷

دیباچہ

مُقدّمہ

جس میں
ابتدائی کوششوں سی ولی کے زمانہ تک
کے
اُردو شہ پاروں کے مُصنفین اور اُن کے کارناموں
پر
ایک سرسری تاریخی نظر ڈالی گئی ہے

تمہید

یہ مقدمہ اس مقصد سے نہیں لکھا گیا ہے کہ اس دور کی ایک مکمل ادبی تاریخ پیش کی جائے۔ یہ اُس شخص کا کام ہوگا جو ادبیات اُردو کی تاریخ لکھنا چاہتا ہے۔ یہاں صرف یہ دکھانا مدنظر ہے کہ اس جلد میں جو شہ پارے پیش کئے گئے ہیں اُن کی تخلیق کس زمانہ میں، کن باتوں سے، کس ماحول میں اور کس طریقہ پر عمل میں آئی۔ اس سلسلہ میں بعض ایسے مصنفین کا بھی ذکر کر دینا پڑا جنکا کلام موجود نہیں ہے یا جن کے انتخابات اس میں درج نہیں بعض جگہ معلومات کی کمی کی بنا پر نہایت اختصار سے کام لینا پڑا ہے۔ اور بہت ممکن ہے کہ اگر زیادہ کد و کاوش اور تحقیق و تفتیش کی جاتی تو کئی جگہوں پر اضافہ کرنا پڑتا لیکن اس کتاب کی بساط کے مدنظر اس کی ضرورت نہیں سمجھی گئی۔ تاہم شاعروں اور کتابوں کے متعلق جو کچھ حالات لکھے گئے ہیں وہ (سوائے چند معمولی اور غیر معروف چیزوں کو چھوڑ کر) راقم کی ذاتی تحقیق و تفتیش اور اصلی ماخذوں کے مطالعہ کا نتیجہ ہیں۔ اس بات کی حتی الامکان کوشش کی گئی ہے کہ سنی سنائی اور غیر مستند تحریروں پر بھروسہ نہ کیا جائے

مقدمہ چار ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے جن کی تفصیل یہ ہے:۔

باب اول۔ اُردو ادب کی ابتدائی کوششیں۔

باب دوم۔ اُردو ادب بیجاپور میں

باب سوم۔ اُردو ادب گولکنڈہ میں

باب چہارم اُردو ادب مغلوں کی حکومت میں

بابِ اوّل

اُردو ادب کی ابتدائی کوششیں

فہرست

ا۔ اُردو ادب شمالی ہند میں

تمہید صفحہ ۹
مسعود سلمان 〃 ۹
خسرو 〃 ۱۰

ب۔ گجرات میں

تمہید صفحہ ۱۱
بہاء الدین باجن 〃 ۱۳
شاہ علی گام دھنی 〃 ۱۴
شیخ خوب محمد ۱۵

ج۔ دکن میں

تمہید

عین الدین گنج العلم 〃 ۱۸
خواجہ بندہ نواز 〃 ۱۹
عبد اللہ حسینی 〃 ۲۰

۷۸۶

اردو کے لسانی اور صوتی پہلوؤں پر کام کرنے کے سلسلے میں مجھے لنڈن، اکسفورڈ، کیمبرج، پیرس اور اڈنبرا کے کتب خانوں میں اکثر ایسی قلمی کتابوں کا مطالعہ کرنا پڑا جو مسلمانوں کے قلم سے ہندوستان میں آنے کے بعد ان زبانوں میں لکھی گئیں جو ہندو مسلم ربط ضبط سے پیدا ہوئی تھیں اسی ضمن میں قدیم اُردو ادب کی کتابیں بھی نظر سے گزریں، اور ساتھ ہی اس بات کا خیال پیدا ہو گیا کہ کسی طرح سے کیوں نہ فرصت نکال کر اس تمام ادبی ذخیرہ کے بہترین حصوں کا انتخاب جمع کر لیا جائے تاکہ آئندہ اُردو شہ پاروں کے طور پر کوئی مجموعہ اُردو دانوں کی خدمت میں پیش کیا جا سکے۔

جن کتابوں سے یہ انتخابات اخذ کئے گئے ہیں ان میں سے بہت سی ایسی ہیں جن کے شاید دنیا بھر میں صرف ایک ایک ہی نسخے ہوں اور اکثر ایسی ہیں جو اپنی اعلیٰ ادبی خصوصیات کے مدِ نظر مکمل طور پر شائع کئے جانے کی مستحق ہیں۔ لیکن نہ تو کسی کے یہاں اتنا وقت ہے کہ ان سب کو نقل کرلے اور نہ کہیں ایسا سرمایہ جو ان کو شائع کر سکے ممکن ہے کہ ایک زمانہ وہ بھی آئے جب کہ ہمارے اسلاف کے یہ سب ادبی شہ کارے شائع ہو کر منظرِ عام پر آسکیں، لیکن اس غیر محدود مدت کے انتظار کی گھڑیاں شاید ہی کوئی ادبی ذوق رکھنے والا آسانی سے گزار سکتا ہے۔

اگرچہ ابتدا کرتے وقت دلچسپی کی وجہ سے انتخاب کرنے کا کام مجھے مشکل نہیں معلوم ہوا۔ لیکن جب ایک ایک قلمی نسخہ کو شروع سے آخر تک کئی کئی دفعہ پڑھنے کی ضرورت ہونے لگی اور قدامتِ زبان کی پیچیدگیوں اور کتابت کی غلطیوں نے پریشان کر دیا تو بار بار طبیعت چاہتی تھی کہ خیال ترک کر دوں لیکن کام کی اہمیت اور ادبی ذوق نے گوارا نہ کیا کہ اس ضروری علمی خدمت سے ہاتھ دھو بیٹھوں۔ بعض قلمی کتابیں ایسی ملیں جن میں مصنف کا نام سنہ تصنیف اور زمانہ کتابت، کا پتہ لگانا بڑا دشوار تھا ایسی کتابوں کے مطالعہ میں زیادہ محنت کرنے کی میں زحمت ہی نہ کرتا اگر ان کی ادبی خوبیوں کی وجہ سے ان سے انتخاب لینے کی ضرورت محسوس نہ ہوتی بعض کتابیں ایسی تھیں جن کے اعلیٰ درجہ کی ہونے میں کوئی شبہ نہ تھا لیکن بے التفاتی سے وہ ایسے خراب خط میں لکھی گئی تھیں کہ ان کی ساری ادبی شان ملیا میٹ ہو گئی۔ ایسی کتابوں کے اگر ایک سے زیادہ قلمی نسخے ملے تو ان کا مقابلہ کرکے ایک صحیح انتخاب حاصل کر سکا ورنہ صحیح نقل لینے میں بڑی دقت اٹھانی پڑی۔ یہی وجہ ہے کہ اس انتخاب میں بعض ایسے شعر بھی ملیں گے جن میں چند الفاظ غائب ہیں یا اگر موجود بھی ہیں تو ان کا مفہوم واضح نہیں۔

انتخاب کے ساتھ ہی مجھے کتابوں اور ان کے مصنفوں کے حالات بھی جمع کر لینے پڑے جو مقدمہ کے چند ابواب میں پیش کئے گئے ہیں۔ اس کام کی خاطر بہمنیوں، عادل شاہیوں، اور قطب شاہیوں کے عہد کی تاریخوں اور تذکروں کے قلمی نسخوں کی چھان بین کی گئی۔ چنانچہ جن جن کتابوں سے مدد ملی ان کی فہرستیں بھی ضمیموں میں درج کر دی گئی ہیں۔

اس دوران میں مجھے دو قلمی نسخوں میں غواصی اور ابن نشاطی کی تصویریں بھی ملیں۔ عبداللہ قطب شاہ کی بھی ایک تصویر ملی جو اس کی دوسری موجودہ تصویروں کے مقابلہ میں اس لئے اہم ہے کہ یہاں کی تمام تصویریں اس کے بڑھاپے کے زمانہ کی ہیں اور یہ تصویر بالکل عنفوان شباب کی ہے برٹش میوزیم اور انڈیا آفس کے حکام بالا سے اجازت لیکر میں نے ان تینوں تصویروں کے فوٹو اتروائے اور اب یہ تصویریں اس مجموعۂ انتخابات میں شامل ہیں۔

قدیم اردو ادب اگرچہ زبان کی قدامت کی وجہ سے موجودہ نسلوں کے لئے شاید کچھ کم دلچسپی کا باعث بن سکے لیکن اس کے مطالعہ کے بعد اس امر کا یقین ہو جاتا ہے کہ اردو زبان اس قدر تہی مایہ نہیں ہے جیسا کہ عام طور پر سمجھا جاتا ہے نیز آج سے تین سو برس پہلے بھی وہ اس اہل تھی کہ اس میں اعلیٰ درجہ کی شاعری کیجاتی تھی اور مشکل سے مشکل اور پیچیدہ سے پیچیدہ مسائل سلجھائے جاتے تھے۔ شاعری کی کوئی صنف ایسی نہیں جو اس خزانہ میں موجود نہ ہو۔ رزم اور بزم دونوں کی تصویریں جس خوبی کے ساتھ اس زمانہ میں دکھائی گئیں بعد کے ادیبوں میں سوائے میر انیس اور میر حسن کے کوئی دوسرا ان کی نظیریں نہ پیش کر سکا۔ افسوس تو اس بات کا ہے کہ بعد کے مصنفوں نے قدیم شاعروں کی تقلید بھی نہیں کی۔ وہ غزل کے دلدل میں ایسے پھنس گئے کہ کسی دوسری صنف شاعری تک ان کی رسائی دشوار ہو گئی۔ اور اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ حالی کے زمانہ تک ہمارے یہاں طویل اور مسلسل نظموں کا فقدان رہا۔ اور حالی کے بعد جب اس کا احساس پیدا ہوا تو اچھے شاعروں کی کمی ہو گئی، جو حالی کی تقلید میں اعلیٰ سے اعلیٰ ادبی کارنامے پیش کر سکتے۔

ان انتخابات میں ادبیت کا سب سے زیادہ خیال رکھا گیا ہے، اور اس امر کی کوشش کی گئی ہے کہ انھیں تاریخ وار یکے بعد دیگرے مرتب کر کے اردو زبان اور ادب کا ارتقا دکھایا جائے۔ چنانچہ صرف اس کی خاطر بعض انتخاب ایسے بھی شامل کر لئے گئے ہیں جن میں کوئی زیادہ ادبیت نہیں ہے۔ ساتھ ہی اس مجموعہ کے بعض مضامین ایسے نکلیں گے جو دنیا کی اکثر زبانوں کے اعلیٰ ادب کے پہلو بہ پہلو رکھے جا سکتے ہیں۔

کام کے آغاز کے ساتھ ہی مجھے خیال بھی پیدا ہوا کہ اس طرز پر اردو کے بعد کے دوروں کے ادبی کارناموں سے بھی انتخابات کئے جا سکتے ہیں اور اس کی ضرورت بھی ہے چنانچہ میں نے اس پورے کام کو

تین جلدوں میں تقسیم کر دیا۔ پہلی جلد ابتدا سے ولی تک، دوسری ولی سے حالی تک، اور تیسری حالی سے موجودہ زمانہ تک۔ لیکن چونکہ جو کام ایک سے زیادہ آدمیوں کی مشترک محنت اور توجہ سے زیادہ خوبی اور سرعت کے ساتھ انجام پا سکتا ہے اس کو صرف ایک ہی شخص تک محدود رکھنا انتہائے خود غرضی ہے اس لئے جب میں نے جان پہچان کے اردو انشا پردازوں کی خدمت میں اس امر کی درخواست کی کہ اور ادیب چاہیں یا جو دوسری اور تیسری جلدوں کو جلد سے جلد مرتب کرلیں تو مولوی عبدالقادر صاحب سروری ایم اے، ال ال بی، اور مولوی سید محمد صاحب ایم اے نے اپنے ادبی ذوق اور کام کرنے کے شوق کی خاطر اس کام کو اپنے ذمہ کر لیا۔ دو نو انشا پرداز جامعہ عثمانیہ کے فارغ التحصیل ہیں اور دونو کی کتابیں اس وقت اردو دانوں میں مقبولیت حاصل کرتی جا رہی ہیں۔ سروری صاحب "دنیائے افسانہ" کے مصنف ہیں کلیہ جامعہ عثمانیہ میں اردو کی مددگار پروفیسری کی خدمات انجام دینے کے علاوہ حیدرآباد کی مشہور دارالاشاعت مکتبہ ابراہیمیہ کے رسالہ "مجلہ مکتبہ" کے دو سال سے مدیر ہیں۔ سید صاحب "ارباب نثر اردو" کے مصنف ہیں۔ سٹی کالج میں اردو پڑھاتے ہیں اور ساتھ ہی مکتبہ ابراہیمیہ کے اہم شعبہ دارالاشاعت کے ذمہ دار ہیں۔ اس لحاظ سے ان دونو حضرات کو ادب اردو سے رات دن سابقہ پڑتا ہے اور یہ بڑی خوش قسمتی کی بات ہے کہ ایسے واقف کار اور بامذاق ادیبوں نے باوجود اپنی متعدد مشغولیتوں کے اردو انتخابات کے اہم اور محنت طلب کام کو اپنے ذمہ لے لیا ہے ان کی علمی سرگرمیوں کا جہاں تک مجھے علم ہے اس کی بنا پر مجھے یقین ہے کہ یہ کام نہایت خوبی کے ساتھ بروقت تکمیل کو پہنچ سکے گا۔

گذشتہ ماہ جب میں چھٹیوں میں ہندوستان آیا تو یہ سارے انتخابات ساتھ تھے یہاں آنے کے بعد بعض احباب کی رائے پر مجھے اس کتاب کی طباعت اور اشاعت کے متعلق اپنے اصل خیال کو بدل دینا پڑا۔ میں چاہتا تھا کہ اس کو یورپ ہی میں ایک انگریزی مقدمہ کے ساتھ نسخی ٹائپ کے حروف میں چھپواؤں لیکن جب یہاں چند کرم فرماؤں نے اس کی خوبی طباعت اور صحت وغیرہ کے اہتمام کی ذمہ داری بھی لے لی تو مجھے "سپردم بتو مایۂ خویش را" کہتے ہوئے سارا کام انہی ہاتھوں میں دیدینا پڑا۔ ساتھ ہی مقدمہ اور ضمیموں وغیرہ کا اردو ترجمہ کرنے کی بھی ضرورت محسوس ہوئی وقت کم تھا اور کام زیادہ لیکن میں شکر گزار ہوں ایک دو دوستوں کا جنھوں نے اس کام میں میری خاطر خواہ مدد فرمائی۔ ابوالمکارم فیض محمد صاحب صدیقی بی اے جن کے علمی اور ادبی مضامین اسوقت تک ہندوستان کے اردو رسالوں میں شائع ہو چکے ہیں اور جدید سائنس کے متعلق جن کی ایک دلچسپ کتاب قریب میں شائع ہونے والی ہے اس خصوص میں

میرے شکریہ کے خاص طور پر مستحق ہیں۔ مولوی سید محمد صاحب ایم اے اور قاضی فصیح الدین صاحب بی اے کا بھی اس بارے میں شکریہ ادا کرنا ضروری ہے۔

یورپ کے کتب خانوں سے میں نے جو انتخابات فراہم کئے تھے ان میں حیدرآباد آنے کے بعد چند اور اضافے بھی کئے گئے۔ یہ واقعہ ہے کہ یہاں کے امرا کے خانگی کتب خانوں میں قدیم اردو کی بعض نہایت نایاب کتابیں موجود ہیں لیکن ابھی ان کا عام طور پر علم نہیں ہے میں نے حتی الامکان کوششیں کی کہ ان تک رسائی حاصل کروں۔ اگرچہ میرے ڈیڑھ دو ماہ کے قیام کے زمانہ میں یہ ممکن نہیں تھا کہ پوری طرح کامیابی ہوتی تاہم جو کچھ بھی مواد مل گیا غنیمت ہے اور احسان فراموشی ہوگی اگر میں نواب عنایت جنگ بہادر کا اس سلسلہ میں ذکر نہ کروں جن کے پُرخلوص علمی ذوق اور اعلیٰ ادبی احساسات نے مجھے خاص طور پر متاثر کیا۔ آپ نے اپنی گوناگوں مشغولیتوں کے باوجود میرے ساتھ کئی وقت میرے کام کے متعلق بحث مباحثہ کیا اور اپنے قدیم اور گراں قدر کتب خانہ سے نہایت بیش قیمت قلمی نسخے مہیا کر کے میرے حوالے کر دئیے جن میں سے اکثر کے انتخابات بھی اس مجموعے میں شامل ہیں اور جو اس میں نہیں ہیں وہ دوسری ۲ دو جلدوں میں شریک رہیں گے۔ اس جگہ اس بات کا ذکر نامناسب نہ ہوگا کہ نواب صاحب کے ذخیرہ سے بہت سا ایسا مواد بھی مل گیا جس کے ایک جا کرنے سے دکن کے ادب اردو کی تاریخ بہمنیوں کے زمانہ سے موجودہ زمانہ تک تیار ہو جاتی ہے اور یہ خیال جو آجکل عام ہوتا جا رہا ہے کہ دکن میں اردو ادب کی پیداوار ولی کے بعد ختم ہو گئی بالکل غلط ثابت ہو جاتا ہے۔ دکن میں کسی زمانہ میں بھی اُردو تصنیف و تالیف بند نہیں ہوی بظاہر اس کا امکان نظر آتا ہے کہ دکن کی اسلامی سلطنتوں کے زوال اور مغلوں کے قبضہ کے بعد یہاں کی ادبی ترقی کی رفتار کچھ کم ہو گئی ہوگی۔ لیکن اب جو مواد ملتا جا رہا ہے اُس کے مدنظر ہمیں یہ یقین کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے کہ یہ رفتار آج تک برابر جاری رہی چونکہ ہماری یہ جلد ولی کے زمانے یا یوں کہئے کہ سلطنت آصفیہ کے قیام سے قبل ہی کے اُردو ادب کے انتخابات پر مشتمل ہے اس لئے اس میں بعد کے دکھنی ادبی کارناموں کو جن کا اس وقت تک خاصہ ذخیرہ حاصل ہو گیا ہے شامل نہیں کیا گیا وہ اس سلسلہ کی دوسری جلدوں میں شریک ہیں

ہندوستان میں آنے کے بعد اس کتاب کے سلسلہ میں مجھے مولوی عبدالحق صاحب سکرٹری انجمن ترقی اردو اور آقا حیدر حسن صاحب پروفیسر اُردو نظام کالج سے بھی کئی دفعہ ملاقاتیں کرنی پڑیں۔

مولوی صاحب اس کام کی ترتیب وغیرہ کے دیکھنے سے بہت خوش ہوئے اور اپنے کتب خانہ سے ہر طرح کی امداد دینے کا وعدہ فرمایا لیکن ان کے کتب خانہ سے مدد لینے کی ضرورت نہیں پڑی کیونکہ انھوں نے فرمایا کہ اس انتخاب میں اس دور کے جتنے مستند اور مشہور شاعر اور ادیب ہیں ان سب کے انتخاب موجود ہیں البتہ آقا حیدر حسن صاحب کا کتب خانہ میں نے دیکھا اور مجھے بیحد مسرت ہوئی کہ آقا صاحب نے اچھا قیمتی ذخیرہ محفوظ رکھا ہے اسکی خاطر انھیں بہت ایثار سے کام لینا پڑا اور میں یہ سنکر تو ان کی فیاض طبیعت، علمی خدمت کے ذوق، اور انتھک کوششوں سے مرعوب ہوگیا کہ وہ کسی زمانہ میں حیدرآباد کے قریب ایک آشرم بناکر اس گراں قدر خزانہ کو علمی دنیا کے لئے وقف کردینا چاہتے ہیں آقا صاحب نے ہر طرح کی مدد کا وعدہ کیا۔ میری انتخاب کردہ کتابوں کے علاوہ جو بھی کارنامے ان کے یہاں ہیں اُن سب سے مواد دینے کی تیاری کی لیکن فی الحال اُن دو چار کارناموں سے انتخاب دیدیا۔ جو اہم اور خاص طور پر قابل قدر ہیں۔

اس کے لئے میں آغا صاحب کا دلی شکریہ ادا کرتا ہوں ان کے ذخیرہ کے دیکھنے سے بھی اس خیال کو تقویت ہوگئی کہ دکن کسی وقت بھی اردو عالموں اور شاعروں سے خالی نہیں رہا اور یہ کہ اس وقت بھی اردو کے ہر دور کے کارنامے کسی نہ کسی جگہ محفوظ ہیں۔

اس سلسلے میں مولوی غلام یزدانی صاحب بی اے ناظم آثار قدیمہ کی کرمفرمائیوں کا شکریہ ادا کرنا بھی نہایت ضروری ہے چونکہ میرا شروع سے خیال تھا کہ اس مجموعے کے ساتھ تصویریں بھی شائع کی جائیں میں نے یزدانی صاحب سے اس بارے میں رائے لی، انھوں نے نہ صرف میری لائی ہوئی تصویروں کو دیکھ خوشی ظاہر کی، بلکہ اپنے محکمہ کی جس قدر تصویریں میرے کام کی تھیں ان سب کے دینے کا وعدہ فرمایا۔ چنانچہ اس مجموعے میں میری لائی ہوئی تصویروں کے علاوہ جس قدر تصویریں شائع ہورہی ہیں وہ آپ ہی کی عنایت کردہ ہیں یزدانی صاحب نے محمد قلی قطب شاہ اور محمد قطب شاہ کی چند اردو غزلوں کے خوشخط قطعے بھی جو انہی کے دور میں غالباً انہی کے لئے لکھے گئے تھے مجھے دکھائے چونکہ یہ وصلیاں ہمعصر خوشنویسوں کی لکھی ہوئی ہیں اور انہی بادشاہوں کا اردو ہی کلام ہے اس لیئے میں نے انہیں بھی اس مجموعے میں داخل کرنے کی خواہش کی۔ جس کی بنا پر یزدانی صاحب نے اپنی مہربانی سے ان کے فوٹو اتروا کر مجھے عنایت کئے، یزدانی صاحب کے ساتھ محکمۂ آثار قدیمہ کی اس علمی امداد کا بھی میں شکریہ ادا کرتا ہوں۔

اس کتاب کی ترتیب کی نسبت زیادہ لکھنے کی ضرورت نہیں۔ مقدمہ میں جو چار ابواب پر منقسم ہے مختصر ادبی تاریخ اس دور کی لکھدی گئی ہے جس میں ان مضامین کی تخلیق ہوئی۔ شہ پاروں کی فہرست کے علاوہ ایک تفصیلی فہرست بلحاظ مصنفین بھی دیدی گئی ہے جس میں مصنفوں، کتابوں، ان کے قلمی نسخوں کے سنین اور وہ جہاں موجود ہیں ان کتب خانوں کے متعلق کارآمد باتیں بیان کردی ہیں تاکہ آئندہ تحقیقات میں مدد ملے۔ اس کے بعد اس دور سے متعلقہ اردو کے سنین درج ہیں اور پھر ضمیمے ہیں جن میں مقدمے کے چاروں ابواب کے متعلقہ تاریخ واری معلومات دیدی گئی ہیں تاکہ تحقیقی مطالعہ کرنے والوں کے لئے آسانی پیدا ہو جائے۔

شہ پاروں کے مد نظر اس امر کی طرف اشارہ کردینا ضروری ہے کہ ان میں بہت سے لفظ اور ترکیبیں ایسی نظر آئیں گی جو آج کل بھی مروج ہیں لیکن چونکہ قدیم زمانہ میں جیسا بولتے تھے ویسا ہی لکھتے تھے اس لئے ان کا املا موجودہ املا سے اکثر مختلف ہے اور اس لئے ہم انھیں پڑھنے میں کوئی وجہ نہیں کہ غلطی نہ کرجائیں۔ مثلاً آج کل کے معمولی لفظوں کہے، کہاں، بھی، جو کوئی، نہیں، جو کچھ، چاہیں وغیرہ کو، کے، کاں، بی، جکوی، نیں، جکچہ اور چالے وغیرہ لکھا ہوا دیکھ کر ناواقف پڑھنے والے ابتدا میں ضرور پریشان ہو جائیں گے۔

اکثر جگہ ایسا بھی ہوتا ہے کہ جو لفظ اور ترکیبیں آج مروج ہیں وہ اس زمانہ میں جبکہ ان شہ پاروں کی تخلیق ہوئی بعینہٖ اسی موجودہ شکل و صورت کے ساتھ رائج نہ تھیں بلکہ زمانہ کی قدامت کے لحاظ سے اس وقت ان کی شکل ذرا مختلف تھی ایسے لفظوں اور ترکیبوں کے پڑھتے وقت بھی غلط مفہوم سمجھ لینے کا ضرور اندیشہ ہے مثلاً سے، میں ہی، جتنا، کتنے، بیٹھ، لکھا، پڑھا وغیرہ کو تھے، تھیں، سوں، منیچ، جتا، کتے، لکھیا اور پڑھیا وغیرہ پڑھنے کے بعد آسانی سے مطلب سمجھ میں نہیں آتا۔ ان امور کے متعلق ہم نے کوشش کی ہے کہ ان کے نیچے ہی یا ذیل میں ان کی آج کل کی مروجہ شکل بھی لکھ دی جائے۔ ساتھ ہی اس امر کی بھی کوشش کی گئی ہے کہ کتاب کے آخر میں اشاریہ سے قبل ایک فرہنگ شامل کردی جائے، جس میں مشکل، نامعلوم اور مشتبہ الفاظ کے معنی اور توضیح بیان کی گئی ہے

اس جلد کو پیش کرتے وقت میں اس امر کی طرف بھی اشارہ کردینا چاہتا ہوں کہ یہ بہت ممکن ہے کہ اس مجموعہ میں بعض ایسی اعلی درجہ کی ادبی کتابوں کے انتخاب موجود نہ ہوں جو کسی کے خانگی کتب خانہ میں محفوظ ہیں یا جن کے متعلق عام طور پر معلومات نہیں۔ اس امر کا تو کوئی شخص بھی دعوی نہیں کرسکتا کہ میں جو کام پیش کر رہا ہوں وہ ہر حیثیت سے مکمل ہے، آئے دن دکنی اردو کی جو نئی نئی کتابیں برآمد

ہوتی جارہی ہیں ان کی رفتار ظاہر کرتی ہے کہ بہت جلد ہمیں اس جلد کا ایک ضمیمہ یا دوسرا حصہ شائع کرنا پڑیگا۔ بحالت موجودہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس کتاب میں ان تمام قلمی تصنیفات کے انتخاب دیدیے گئے ہیں جو اس وقت دستیاب ہو سکی ہیں یا جنھیں کچھ ادبی حیثیت حاصل ہے، یہی حال مقدمہ کا بھی ہے جس میں ان شہ پاروں اور ان کے مصنفین پر تاریخی حیثیت سے نظر ڈالی گئی ہے۔ یہ بھی اس دور کے ادب اردو کی ایک مکمل تاریخ نہیں ہو سکتی جتنی معلومات فراہم کی جا سکتی تھیں ان کے پیش کرنے کی حتی الامکان کوشش کی گئی ہے۔

دیباچہ ختم کرنے سے پہلے مولوی ابو محمد عمر یافعی صاحب اور مولوی عبدالرحمن شریف صاحب کا شکریہ ادا کرنا بھی ضروری سمجھتا ہوں، دونو صاحبین نے اس کتاب کی طباعت وغیرہ کے انتظامی معاملوں میں میری جو مدد فرمائی ہے اس کے بغیر یہ کتاب شاید ہی اس قدر جلد شائع کی جا سکتی۔

شاہ گنج - ۱۵ سپٹمبر سنہ ۱۹۲۹ء

سید محی الدین قادری



خدا کی رضا ستین آیا برس گانٹھ

سعادت ستا زاد پایا برس گانٹھ

عید آئیا ہی ساقی کر مجکوں مد سوں سرخوش

جوبن بالیاں ستیں ستی سکی موں بن خوش

قطعہ اول ـ برس گانٹھ

اُردو ادب شمالی ہند میں

یہ درحقیقت ایک حوصلہ فرسا بات ہے کہ ان ممالک میں جہاں اُردو نے جنم لیا اُس کو عرصہ دراز تک معمولی ملکی زبان سے زیادہ درجہ نہیں دیا گیا بلکہ اس کے برخلاف گیارھویں صدی ہجری کے آخر تک کیا علما اور کیا امرا دونوں اس سے بیزار رہے اور اس دوران میں یہ کہنا مناسب نہ ہوگا کہ وہ کبھی ادبیات میں استعمال نہیں کی گئی

یہ مسلمہ ہے کہ خواجہ مسعود سلمان اور امیر خسرو نے ہندی زبان میں بہت کچھ شاعری کی ہے اور حال ہی میں ہمیں اس کا علم ہوا ہے کہ گیارھویں صدی کے اوائل میں شمالی ہند میں بھی دو تین اردو گو شعرا جیسے افضل جیوں، جعفر وغیرہ گذرے ہیں۔ ان کا ذکر آخری باب میں درج کیا جائیگا کیونکہ یہ بجا طور پر عہد مغلیہ کے شعرا میں شمار کئے جا سکتے ہیں۔ مسعود سلمان اور امیر خسرو کی نسبت یہ بتا دینا ضروری ہے کہ وہ اس زبان میں شعر نہیں کہتے تھے جس کو عام طور پر ہندو اور مسلمان دونوں بولتے تھے، جو اس وقت بالکل ابتدائی منازل طے کر رہی تھی اور جو بعد میں اُردو کہلائی۔

مسعود کا زمانہ پانچویں صدی کا ہے۔ وہ شاہ ارسلان بن مسعود حاکم لاہور اور سلطان ابراہیم (۱۰۵۹ء) کے زمانہ کا شاعر تھا۔ محمد عوفی اپنے تذکرہ لباب الالباب میں لکھتا ہے کہ مسعود نے تین دیوان مرتب کئے تھے اُن میں ایک ہندوی[1] (جو زبان ہندوستان میں بولی جاتی تھی) میں تھا۔ امیر خسرو نے بھی اپنے دیوان غرۃ الکمال کے دیباچہ میں مسعود کے دیوان کے متعلق یہی لکھا ہے۔ مسعود لاہور کا باشندہ تھا اور جس وقت مسلمانوں نے دہلی فتح کی اسوقت بقید حیات تھا۔ اس طرح اس نے جو کچھ بھی لکھا ہوگا وہ یقیناً

---

[1] ملاحظہ ہو جلد دوم صفحہ ۲۴۶ ۔

اس زبان میں تھا جو پنجاب میں بولی جاتی تھی اور وہ زبان بہت ممکن ہے کہ اُردو کی بالکل ابتدائی صورت ہو۔ امیر خسرو البتہ اس عہد میں تھا جبکہ اُردو ایک گونہ ترقی کر چکی تھی اور اس مقام پر تھا جو اس زمانے کا اُردو کا سب سے بڑا مرکز کہا جا سکتا ہے۔ ساتویں سدی کے اواخر ایام اس کے عروج کا زمانہ ہیں اس کا انتقال ۷۲۵ھ میں ہوا۔ یہ وہ زمانہ ہے کہ ہندوستان کے ہر حصے میں عظیم الشان لسانی انقلابات ہو رہے تھے اور نئی زبانیں عالم وجود میں آ رہی تھیں چنانچہ خسرو نے بھی ان تبدیلیوں کی طرف اشارہ کیا ہے اور پنجاب میں اور دہلی کے اطراف واکناف جو بولیاں اِس وقت مروج تھیں ان کے مختلف نام گنائے ہیں۔

مسعود کی طرح خسرو کے کلام کی زبان بھی مشتبہ ہے اگرچہ اس کے بعض شعر اس وقت موجود ہیں مگر یہ کچھ زیادہ معتبر نہیں معلوم ہوتے۔ ان کی زبان برج بھاشا سے ملتی جلتی ہے۔ یہ یقین کے ساتھ نہیں کہا جا سکتا کہ جس زبان میں وہ شعر گوئی کرتا تھا وہ وہی تھی جو عام طور پر ہندو مسلمان بولتے تھے دوہڑں اور پہیلیوں سے قطع نظر جو کم وبیش کھڑی بولی میں لکھی گئی ہیں اس کے بعض اشعار قدیم دکھنی شاعری کے مشابہ ہیں مگر یہ بالکل مشتبہ ہے کہ آیا وہ اشعار اُسی کے ہیں۔

عام طور پر امیر خسرو کو خالق باری کا جو ہندوستانی اور اسلامی زبانوں کی ایک منظوم فرہنگ ہے مصنف سمجھا جاتا ہے مگر حال ہی میں خاص طور پر محمود شیرانی کی تحقیق و تفتیش سے یہ ثابت ہو چکا ہے کہ یہ بہت بعد کے زمانہ کی کتاب ہے اور زمانہ حال کے مصنفوں نے اس کو خسرو سے منسوب کر دیا۔

بعض اصحاب امیر خسرو کی ہندی تصانیف کو بہت زیادہ اہمیت دیتے اور اُسے اُردو کا پہلا مصنف بتاتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ وہ اپنے پیشرو مسعود سے زیادہ اہمیت کا مستحق نہیں ہے جہاں تک ایک مسلمان کا ہندی زبان میں شعر کہنے کا تعلق ہے وہ اول شاعر نہیں اگرچہ اس کی شاعری موجودہ شاعری میں قدیم ترین ہے۔

غرض ایک دو صحیح اُردو تصانیف سے قطع نظر جن کا ذکر چوتھے باب میں کیا جائیگا کسی اور کتاب کی نسبت کوئی بات معلوم نہیں تاہم اگر آئندہ اس عہد کی کوئی کتاب روشنی میں آئے تو تعجب کی بات نہیں۔ بہ حیثیت مجموعی فی الوقت اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ شمالی ہند میں بہت حال میں اُردو کو تحریر میں استعمال کیا گیا اس کے برخلاف دکن اور گجرات میں جہاں یہ صرف حملہ آوروں کی زبان کی حیثیت سے داخل ہوئی بہت جلد اس کو ذریعہ اظہار بنا لیا گیا اور تعجب خیز ادب اِس میں تیار ہو گیا۔

* * *

گجرات میں

گجرات پر مسلمانوں نے متعدد حملے کیے پانچویں صدی کے اوائل میں سلطان محمود غزنوی نے بڑی زبردست چڑھائی کی اور کئی شہر اور قصبے ویران کر دیے مگر علاؤ الدین خلجی کے عہد حکومت میں گجرات بالکلیہ مسلمانوں کے قبضہ میں آگیا اور سلطنت اسلامیہ کا ایک صوبہ بن گیا۔

امرائے دکن کی طرح فیروز شاہ تغلق کے انتقال ـــــ کے بعد ہی گجرات نے اپنی آزادی و خود مختاری کا اعلان کر دیا اور تقریباً دو سو برس تک اپنی آزادی کو برقرار رکھا اس مدت میں وہ زبان جو علاء الدین خلجی کے فاتح سپاہی لے آئے تھے شاہان گجرات کی سرپرستی میں ترقی کرنے لگی اور بعض بادشاہ مثلاً محمود شاہ اول اور بہادر شاہ ـــــ تو درحقیقت علم و ادب کے بہت بڑے مربی گذرے ہیں۔ اگرچہ اس وقت گجرات کے اردو کارنامے بہت ہی کم دستیاب ہوتے ہیں اور وہاں کی اردو کی نشو و نما اور ترقی کی نسبت ہماری معلومات بھی دوسرے مرکزوں کے مقابلہ میں بہت ہی کم ہیں تاہم ذیل کے واقعات سے یہ امر بخوبی ثابت ہے کہ یہاں اردو کی سرپرستی کی گئی اور اُسے ذریعہ تحریر قرار دیا گیا تھا۔

۱۔ راقم الحروف کو گجرات کی دو قدیم اور معتبر تاریخوں (یعنے مرات سکندری مولفہ اسکندر منجو سنہ ۱۶۱۰ء اور مرات احمدی[2] مولفہ علی محمد خاں سنہ ۱۷۵۶ء کے مخطوطوں میں چند ایسے اردو جملے اور فقرے ملے جو سنہ ۹۳۲ھ اور سنہ ۱۵۲۶ء میں استعمال ہوتے تھے اس کا قوی امکان ہے کہ اگر کوئی زیادہ تفحص سے ان مخطوطوں کا مطالعہ کرے تو ایسے اور بہت

---

[1] ملاحظہ ہو مرات سکندری ورق ۱۵۲ الف انڈیا آفس فارسی مخطوطات۔

[2] 〃 〃 مرات احمدی 〃 ۶۶۸ ب 〃 〃 〃 〃

فتہ رفتہ دستیاب ہوں گے

۲- اس عہد کی تواریخ دکن سے صاف طور پر ظاہر ہوتا ہے کہ گجرات سے بہت سے ادیب اور عالم بیجاپور آیا کرتے تھے۔ وہاں کی سلطنت کے زوال پر ابراہیم عادل شاہ نے وہاں کے تمام ادیبوں کو اپنے دربار میں بلالیا چنانچہ گجرات کے ان پناہ گزینوں نے دکن میں اردو کا ادبی ذوق بڑھانے میں بڑا حصہ لیا ہے اور غالباً یہی وجہ ہے کہ بیجاپور کے بعض اردو مصنفین جیسے شاہ برہان اپنی زبان کو گجرای کہتے ہیں۔ یہ ہوسکتا ہے کہ گجرات کے اثر سے دکن کی ادبی زبان بڑی حد تک بدل گئی ہو اور جو لوگ اس متبدلہ زبان میں لکھتے تھے وہ اپنی زبان کو گجری کہنے لگے اور پرانی زبان دکھنی کہلانے لگی مگر یہ فرق زیادہ عرصے تک نظر نہیں آتا کیونکہ متاخر اہل قلم ہمیشہ اپنی زبان کو دکھنی کہتے رہے۔

۳- گجرات کی اردو کے بعض قدیم مخطوطے ہنوز محفوظ ہیں اگرچہ بالکل ادبی رنگ کے نہیں مگر ان سے ثابت ہوتا ہے کہ گجرات میں یہ زبان اس قدر ترقی کر گئی تھی کہ اس کا مقصد استعمال یقیناً ادبی بھی ہوگا۔

۴- مگر بہ حیثیت مجموعی یہ یقینی ہے کہ اردو گجرات میں اتنی مدت تک عروج پذیر نہیں ہوئی جتنی کہ دکن میں تھی کیونکہ ۱۵۷۲ء میں گجرات کی اسلامی حکومت اکبری فوجوں کے ہاتھ شکستیں اٹھا کر ختم ہوگئی اور گجرات سلطنت مغلیہ کا ایک معمولی صوبہ بن گیا اس کے ادیب اور شعراء جیسا کہ قبل ازیں بتایا جا چکا ہے، اکثر و بیشتر دکن میں پناہ گزیں ہوئے۔ گجرات میں ہندوؤں کی اکثریت ہونے سے اسلامی اثر بھی رفتہ رفتہ دور ہونے لگا اور اس طرح وہ ہمیشہ کے لیے اردو کی سرپرستی کرنے سے محروم ہوگیا۔ علاوہ ازیں اس ہرج مرج نے جو کچھ ادب پیدا ہوا تھا اس کو اس درجہ ستیاناس کر دیا کہ اس کے متعلق بھی کوئی بات اس وقت معلوم نہیں۔[1]

---

[1] چند روز ہوئے گجرات کے ایک اردو رسالے کے ایڈیٹر نے راقم الحروف کو اطلاع دی تھی کہ انہیں گجرات کے قدیم اردو شاعروں کے کلام کا ایک گلدستہ دستیاب ہوا ہے اور وہ اسکو شایع کرنے والے ہیں۔ مگر اس کے بعد سے اب تک کوئی خبر اسکی نسبت وصول نہیں ہوئی۔

بہاء الدین باجن

شیخ بہاء الدین، معزالدین کے فرزند اور شیخ رحمت اللہ کے جو محمود بیگڑہ شاہ گجرات کے مرشدین میں تھے، مرید تھے جاتا ہے کہ انھوں نے اپنی عمر کا بڑا حصہ سیر و سیاحت میں بسر کیا۔ شمال میں سندھ اور خراسان کا سفر کیا اور وب میں جزیرہ سیلون تک ہو آئے۔ یہ ۱۵۰۶ء میں فوت ہوئے اور برہان پور میں سپرد خاک کیے گئے۔

بہاء الدین کا تخلص باجن تھا۔ وہ فارسی اور برج دونوں میں شعر کہتے تھے۔ اُن کے بعض بھاشا ابیات اُن کے ہم وطن شاعر خوب محمدؒ کے اردو کلام سے بہت مشابہ ہیں "پنجاب میں اردو" میں اُن کے کلام کے جو نمونے دیے گئے ہیں وہ نہ تو ادبی لحاظ سے قابل قدر ہیں نہ ہی معتبر و موثق۔ باجن ایک زاہد مرتاض شخص تھے ور غالباً انہوں نے کوئی ادبی کارنامہ اپنی یادگار نہیں چھوڑا۔

شاہ علی گام دھنی

شاہ علی محمد جیو قطب العالم شاہ ابراہیم برہان اللہ کے فرزند اور مشہور بزرگ سید احمد کبیر رفاعی کے اولاد میں تھے احمد آباد میں پیدا ہوئے اور بہت بڑے صوفی اور مرشد تھے۔ وہ گام دھنی (گاؤں کے مالک) کے لقب سے شہرت پذیر تھے کیونکہ سارا ملک ان کے تقدس سے محفوظ و مصون سمجھا جاتا تھا۔ وہ ۹۷۳ھ میں فوت ہوئے اور رائے کھڑ احمد آباد میں دفن کئے گئے۔

گام دھنی نے اپنی یادگار میں ایک اردو دیوان چھوڑا ہے جس کو پہلے ان کے دادا کے مرید ابوالحسن شیخ محمد نے ترتیب دیا بعد ازاں خود ان کے پوتے سید ابراہیم ولد شاہ مصطفےٰ نے دوبارہ اس کو مرتب کیا کیونکہ پہلے نسخہ کا مقدمہ اطمینان بخش نہیں سمجھا گیا۔ ان دونوں نسخوں کے چند مخطوطے اب بھی پائے جاتے ہیں اول الذکر کا ایک مخطوطہ انجمن ترقی اردو میں محفوظ ہے۔ اس کے (۱۳۳) اوراق ہیں اور ہر صفحہ پر دس سطریں۔ وہ دیوان کے نام سے موسوم ہے اور کئی بے ترتیب ابواب پر منقسم۔ اکثر باب حروف تہجی کی ترتیب پر ہیں۔

اس کی زبان بالکل سادہ ہے اور اکثر معنے بالکل صاف ہیں اگرچہ پورے بارہ سو اشعار بالکلیہ تصوف اور مذہب سے متعلق ہیں مگر ان میں سے اکثر خاصے دلچسپ ہیں اور طرز بیان پیچیدہ ہیں

معلوم ہوتا ہے کہ وہ قدرتی شاعر تھے اور یقیناً ان کا شمار ان گنتی کے چند قدیم اردو شاعروں میں ہے جنکے کارنامے نہ صرف قدیم شاعری کے نمونے کے طور پر قابل قدر ہیں بلکہ زبان کی سادگی اور شاعرانہ زور کے لحاظ سے بھی قیمتی ہیں۔

شیخ خوب محمّد

میاں شیخ خوب محمّد چشتی حضرت شیخ کمال محمّد سیستانی کے مرید اور احمد آباد کے باشندے تھے۔ یہ بھی بڑے مرتاض بزرگ تھے۔ اپنے مرشد کے بہت سے اقوال و مباحث جو اکثر تصوف سے متعلق ہیں، اپنی اُردو کتاب "خوش ترنگ" میں جمع کئے ہیں۔ یہ کتاب سنہ ۱۵۷۸ء میں مرتب ہوئی اس کی زبان ایسی سادہ و صاف نہیں جیسی کہ کام دھنی کے دیوان کی ہے۔ اس کا موضوع اور مضمون بھی بہت خشک اور غیر ادبی ہے۔ خود مولف نے اس اردو کتاب کی ایک شرح فارسی میں لکھنے کی ضرورت محسوس کی۔ یہ شرح سنہ ۱۵۹۲ء میں تیار ہوئی اور اس کا نام "امواج خوبی" رکھا گیا۔ خوب محمد نے سنہ ۱۶۱۴ء میں انتقال کیا اور چوک احمد آباد میں مدفون ہوئے۔

ان کی اُردو نظموں کے دو قدیم مخطوطے انڈیا آفس کے کتب خانہ میں محفوظ ہیں (دیکھئے مخطوطات فارسی ۱۰۵۵ و ۶۰) ضخیم تو بہت ہیں مگر اصلی شاعری سے خالی ہیں۔ مولف نے خود اپنی نظم میں اکثر جگہ اپنی زبان کو گجراتی کہا ہے اپنا اور اپنے مرشد کا نام اور تاریخ تالیف بھی درج کی ہے۔ خوب محمد گو اعلیٰ پایہ کے شاعر نہیں تاہم ان کی طویل نظم اُردو کی گجراتی صورت پر تحقیقات کرنے والوں کے لئے نہایت مفید ہے۔

دکن میں

جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے مسلمان پہلی مرتبہ ساتویں صدی ہجری میں دکن میں وارد ہوئے اور غالباً اس وقت تک برابر اپنے دین کی تبلیغ و اشاعت کرتے رہے جبکہ ان کے ہم مذہبوں نے آٹھویں صدی کے آغاز میں شمال سے حملہ کیا۔ اس خیال کے متعلق کہ دکن کے قدیم باشندوں سے مسلمانوں کے اس ابتدائی ارتباط نے ایک نئی زبان پیدا کی، ابھی بہت کچھ تحقیق و تفتیش ہونی ہے۔ علاوہ ازیں اس کو اردو کے ارتقا سے کچھ زیادہ تعلق بھی نہیں۔

دکن کی تین ہندو راجدھانیوں مہاراشٹر (مغرب میں) آندھرا (مشرق میں) اور کرناٹک (جنوب میں) کے علاؤالدین خلجی کے مشہور و معروف جرنیل ملک کافور کے ہاتھوں علی الترتیب سنہ ۷۰۲ء سنہ ۷۰۹ء اور سنہ ۷۱۱ء میں فتح ہونے کے بعد حقیقی معنوں میں اردو کا سنگ بنیاد دکن میں رکھا گیا۔ مذکورہ بالا تمام قدیم راجدھانیاں بہ حیثیت مجموعی شمالی ہند کی وسیع اسلامی سلطنت کا صوبہ بن گئیں اور متعدد غیر ملکیوں کو اس کے زرخیز علاقوں میں پھیلنے اور آباد ہو جانے کا موقع ملا۔

شمال اور جنوب کا یہ اتحاد تقریباً چالیس برس قائم رہا۔ اس عرصے میں اردو مستحکم بنیاد پر یہاں پھیلنے لگی اس کی اشاعت میں سلطان محمد تغلق کی اس عجیب و غریب حرکت نے بڑا حصہ لیا کہ اس نے دہلی اور اس کے اطراف و اکناف کے تمام باشندوں کو دولت آباد میں منتقل کرنے پر مجبور کیا۔ نئے دارالسلطنت کی وسیع آبادی کی روز افزوں ضروریات کے مدنظر دوآبہ گنگا و جمنا سے بہت سے اہل ہنر اور پیشہ ور دکن میں بلائے گئے۔ اور اس طرح دکن اور خاص طور پر مہاراشٹرا (دولت آباد کے اطراف کا علاقہ) اپنے فرمانرواؤں اور نئے باشندوں کی زبان (اردو) سے بہت جلد آشنا ہو گیا۔

مگر دکن ایک ایسا ملک ہے جو ہمیشہ نہ صرف جغرافی بلکہ سیاسی طور پر ہندوستان کے باقی حصوں سے بالکل جدا رہا۔ اس نے ہمیشہ اپنے آپ کو شمال کے ساتھ کسی قسم کا تعلق پیدا کرنے سے الگ تھلگ رکھنے کی کوشش کی اور یہ غالباً اسی میلان طبع کا نتیجہ تھا کہ محمد تغلق کے دولت آباد کو اپنا پایہ تخت بنانے کے کچھ دن بعد ہی سارے دکن نے اسکے خلاف بغاوت کی۔ اس کی فوجوں کو زیر و زبر کر ڈالا اور بالآخر ۷۴۸ھ میں اپنی آزادی و خود مختاری کا اعلان کر دیا جو تین سو برس سے زیادہ مدت تک قایم رہی۔

دکن کا پہلا خود مختار مسلمان فرمانروا علاءالدین حسن گنگو بہمنی ہے جس کی ابتدائی زندگی کے متعلق صحت و یقین کے ساتھ کوئی بات معلوم نہیں وہ ایک برہمن گنگو کے زیر اثر تھا جس کے نام پر اس نے اپنے خاندان کا نام بہمنی رکھا اور جو اس پہلی اسلامی سلطنت کا وزیر بنایا گیا۔ دکن کی اسلامی سلطنت ابتدا سے اسی حکمت عملی پر قائم ہوئی اور اس لحاظ سے ضروری تھا کہ سرکاری طور پر ایسی زبان کی سرپرستی کی جاتی جسکو ملک کے دونوں فرقے جدا بولتے اور سمجھتے تھے۔

حسن گنگو نے جو گیارہ برس تک حکمرانی کرتا رہا۔ دولت آباد کی بجائے گلبرگہ کو اپنا پایہ تخت قرار دیا اسکی وفات کے بعد اس کا خاندان صدیوں تک حکمران رہا مگر آخری تیس برس میں اس کا اقتدار بہت ہی کم ہو گیا تھا اور بہمنی سلطنت کے بعض صوبہ دار اپنی پہلی خود مختاری کا اعلان کر چکے تھے۔

اگرچہ بعض بہمنی بادشاہ (۱) محمد شاہ ثانی (۷۸۰ھ تا ۷۹۹ھ) (۲) فیروز شاہ ۸۰۰ھ تا ۸۲۵ھ) (۳) احمد شاہ (۸۲۵ھ تا ۸۳۸ھ) اور محمد شاہ ثالث (۸۶۷ھ تا ۸۸۷ھ) فارسی علم و ادب کے بڑے مربی اور سرپرست گذرے ہیں مگر اس کا علم نہیں کہ اُنہوں نے اُردو نویسی کو بھی فروغ دیا یا نہیں۔ یہ تقریباً واضح ہے کہ اُنہوں نے اردو کو اپنی درباری زبان قرار دی تھی کیونکہ قدیم مورخ فرشتہ بہمنی سلطنت کے دفتروں میں ایک ہندی زبان کے مستعمل ہونے کا ذکر کرتا ہے۔ یہ ہندی اُردو کے سوا کوئی اور زبان نہیں ہو سکتی کیونکہ۔

۱۔ یہ وہی زبان ہے جو مسلمان شمال سے لے آئے اور جس کو تمام مسلمان بولتے تھے۔

۲۔ یہ مرہٹی یا تلنگی یا کنتری نہیں ہو سکتی کیونکہ یہ زبانیں ملک کے مختلف حصوں میں مقامی طور پر ہندوؤں میں بولی جاتی تھیں اور ان میں سے کسی ایک کو سرکاری زبان کی حیثیت سے اختیار کرنا دوسروں کے حق میں سراسر ناانصافی تھا۔ اس لئے حکمرانوں کو لازمی طور پر ایسی زبان اختیار کرنی پڑی جو ان سے بالکل مختلف ہندوستانی زبان ہو اور جو مساوی طور پر سب باشندوں میں عام ہو سکتی ہو۔

۳۔ قدیم فارسی مورخ جب کبھی اُردو کا ذکر کرتے ہیں تو اس کو ہندی کہتے ہیں اردو کا لفظ سال تک خاص طور پر کسی زبان کے لیے مستعمل نہیں تھا۔

۴۔ اس واقعہ سے بھی کہ اس زمانہ میں اُردو ذریعہ تحریر بن چکی تھی اور اس عہد کے بعض مصنفین کا حال معلوم ہے ثابت ہوتا ہے کہ اُردو کو اس زمانے میں خاصی ترقی حاصل ہوگئی تھی، اور اس کو سرکاری زبان بنا لینا ناممکن نہیں تھا بہمنی عہد کی اُردو پیداوار میں اگرچہ کوئی ادبی قدر و قیمت نہیں رکھتیں تاہم قدیم ترین نمونے ہونے کی وجہ سے اہم ہیں۔ اسکا قوی امکان ہے کہ ان دنوں میں ادب بھی مرتب ہوا ہوگا مگر بعد کی نسلوں نے اس کو محفوظ نہیں رکھا اور اب ہم اس کے متعلق کچھ بھی نہیں جانتے۔

بہمنیوں کے زوال کے بعد ان کی سلطنت ذیل کی پانچ خودمختار ریاستوں میں تقسیم ہوگئی۔

۱۔ عادل شاہی بیجاپور میں   ۲۔ قطب شاہی گولکنڈہ میں
۳۔ نظام شاہی احمدنگر میں   ۴۔ عماد شاہی برار میں
۵۔ برید شاہی بیدر میں

اِن پانچ خاندانوں میں سے صرف پہلے دو خاندان ایک طویل المدت تک حکمران رہے اور صرف انہی کی اردو سرپرستی کا حال معلوم ہے جو آیندہ دو ابواب میں بیان کیا جائیگا

عین الدین گنج العلم ۷۰۶ھ تا ۷۹۵ھ

شیخ عین الدین دہلی میں ۷۰۶ھ میں پیدا ہوئے۔ وہ بچپن ہی میں ترک وطن کر چکے تھے۔ اُن کی تعلیم و تربیت گجرات میں ہوئی۔ یہاں سے وہ دولت آباد میں وارد ہوئے جو ان دنوں محمد تغلق کا پایۂ تخت ہونے کی وجہ سے بڑے بڑے عالموں اور ادیبوں کا مرکز بنا ہوا تھا۔ یہاں عین الدین نے حضرت سید خوند میر کے ہاتھ پر بیعت کی اور شیخ شمس الدین سے علوم دینیہ کی تکمیل کی۔ ۷۲۶ھ میں وہ عین آباد ساگر روانہ ہوئے اور وہاں ایک مدت دراز تک قیام کیا۔

وہ بڑے بلند پایہ عالم تھے اور اپنے اعلیٰ علمی ہی کی وجہ سے گنج العلم کے لقب سے مشہور تھے۔ کہا جاتا ہے کہ انہوں نے مختلف علوم و فنون پر تقریباً ۱۳۲ کتابیں لکھی ہیں۔ ان کا ایک نہایت اہم کارنامہ مشہور تاریخ طبقات ناصری مصنفہ قاضی منہاج الدین کا خلاصہ ہے۔

اُن کی نسبت مشہور ہے کہ دکھنی میں چند چھوٹے چھوٹے رسالے تالیف کیئے تھے۔ ان میں سے تین کے مخطوطے کہتے ہیں کہ فورٹ سنٹ جارج کالج مدراس کے کتب خانے میں محفوظ تھے۔ ان رسائل کی ضخامت صرف (۴۰) صفحے بتائی جاتی ہے اور وہ مذہبی موضوعات پر لکھے گئے تھے۔ یہ اطلاعات "اردوئے قدیم" مولفۂ حکیم شمس اللہ صاحب پر مبنی ہیں راقم کو کوئی دوسری شہادت اسکی نہ مل سکی۔

خواجہ بندہ نوازؒ

حضرت سید محمد حسینی جو عام طور پر خواجہ بندہ نوازؒ کے لقب سے مشہور ہیں، حضرت سید یوسف شاہ راجو قتال کے فرزند ہیں۔ حضرت شاہ راجو دہلی کے مشہور بزرگ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاؒ کے خلیفہ حضرت برہان الدین غریبؒ کے ساتھ دکن تشریف لائے۔ حضرت خواجہ بندہ نوازؒ اس وقت بالکل کمسن تھے جب آپ کی عمر پانچ برس کی ہوئی تو آپ کے والد ماجد نے انتقال فرمایا اور خلد آباد میں جو دولت آباد کے قریب ایک مقدس بستی ہے سپرد خاک کیئے گئے حضرت خواجہ بندہ نوازؒ اپنی والدہ کو ساتھ لیکر دہلی تشریف لے گئے۔ وہاں آپ حضرت خواجہ نصیر الدین چراغ دہلیؒ کے مرید ہوئے اور آپ کی وفات کے بعد آپ کے جانشین بنے۔

جب ۱۳۹۸ء میں تیمور لنگ نے دہلی پر چڑھائی کی اور اس کو تباہ و تاراج کر ڈالا تو آپ اسی برس کی عمر میں مع اہل و عیال کے دہلی سے عازم دکن ہوئے راہ میں آپ نے گجرات کے بہت سے مقامات کی سیاحت فرمائی اور جب دولت آباد فائز ہوئے تو فیروز شاہ بہمنی نے آپ کو اپنے پایہ تخت گلبرگہ میں مدعو کیا یہیں آپ نے تقریباً ایک سو پانچ برس تک زندہ رہنے کے بعد وفات پائی۔ حضرت خواجہ بندہ نواز بڑے عالم اور صوفی تھے۔ آج آپ دکھن کے سب سے بڑے بزرگ مانے جاتے ہیں اور سارے ہندوستان میں حضرت خواجہ معین الدین چشتیؒ کے بعد آپ ہی سب سے بڑے بزرگ ہیں۔ آپ نے فارسی میں مذہبی موضوعات پر کئی کتابیں تصنیف فرمائی ہیں اور چند مختصر اُردو رسالے بھی آپ سے منسوب ہیں۔ انجمن ترقی اُردو کے معتمد کے ہاں بعض قدیم مخطوطے ہیں جو آپ کے بتائے جاتے ہیں۔ ان میں سے ایک "معراج العاشقین" جو زیادہ موثق طور پر آپکا سمجھا جاتا ہے شایع بھی ہوگیا ہے۔ اِس میں تقریباً (۳۴۲) سطروں میں بالکل تصوف کے مسائل بیان کئے گئے ہیں۔ اگرچہ یہ مطبوعہ رسالہ اصل نسخے کی صحیح نقل نہیں معلوم ہوتا کیونکہ جگہ جگہ الفاظ اور فقرے حذف ہوگئے ہیں۔ تاہم اس سے معلوم ہو سکتا ہے کہ چودھویں صدی کے آخر تک زبان اُردو نے کتنی ترقی کر لی تھی۔ لسانیاتی تحقیق کے لحاظ سے یہ ایک اہم چیز ہے اور موجودہ صورت میں اُردو نثر کا پہلا نمونہ ہے۔ اس کی زبان کئی لحاظ سے

قدیم دکنی سے مختلف ہے۔ اس کی صورت کھڑی بولی سے زیادہ متاثر معلوم ہوتی ہے اور اس کے برخلاف دکھنی نثر کی صورت کم و بیش پنجابی سے مشابہ ہے۔ حضرت خواجہ بندہ نوازؒ نے کوئی ساٹھ برس دہلی میں بسر فرمائے اور لازمی طور پر آپ کی تحریر اس زبان میں ہونی چاہیئے جو وہاں بولی جاتی تھی۔ "معراج العاشقین" کی زبان کے دکھنی سے مختلف ہونے سے ظاہر ہوتا ہے کہ۔

۱۔ وہ درحقیقت کسی شمالی ہند کے باشندے کی تحریر ہے اور یہ کہ بہت ممکن ہے کہ حضرت خواجہ بندہ نوازؒ ہی اسکے اصلی مصنف ہوں

۲۔ اس سے راقم کے پیش کردہ نظریہ کا ثبوت ملتا ہے کہ تیرھویں صدی کے آخر میں مسلمان سپاہیوں نے جو خام اور نامکمل زبان دکن میں رائج کی وہ پنجابی اور کھڑی دونوں کے اصلی ماخذوں سے نکلی ہوئی زبان ہے اور اسکے بعد ہی آخر الذکر نے اردو پر اثر ڈالنا شروع کیا اور اس طرح دکھنی اور اردو کی شمالی ہند کی صورت میں فرق پیدا ہونے لگا۔ حضرت خواجہ بندہ نوازؒ کی زبان کھڑی سے متاثر اردو ہے اور اس کے برخلاف دکھنی قدیم اردو کی قدرتی طور پر ترقی یافتہ صورت جس میں بہت سی اصلی صفات و خصوصیات موجود ہیں۔

عبداللہ حسینی

حضرت خواجہ بندہ نوازؒ کی اولاد نے عادل شاہی اور قطب شاہی خاندانوں کے زوال تک دکن کی مذہبی اور سیاسی زندگی میں بڑا حصہ لیا ہے۔ انکی سرگرمیوں اور کارناموں کو مورخین نے تفصیل سے قلمبند کیا ہے ان میں سے بہت سے بڑے عالم صوفی اور مقدس بزرگ تھے بعضوں نے سیاسی زندگی میں بھی حصہ لیا انہوں نے شاہی خاندانوں میں شادیاں کیں اور بڑے بڑے صاحب منصب اور بادشاہوں کے مشیر تھے۔ ان اصحاب نے قدرتاً رشد و ہدایت کے لیے اُردو ہی کو ذریعہ بنایا ہوگا اور اگر کسی کو انکا خاندانی کتب خانہ اور دیوڑھی میں جو حضرت خواجہ بندہ نوازؒ کی درگاہ کے احاطہ میں ابھی موجود ہے، قدیم کاغذات دیکھنے کا موقع ملے تو بہت سی قدیم اُردو تحریرات کے دستیاب ہونیکی توقع ہے چونکہ یہ مقام ایک مقدس جگہ اور خانقاہ ہونیکی وجہ کسی سیاسی تبدیلی سے بھی متاثر نہیں ہو سکا قوی امکان ہے کہ یہاں سے بہت سا مواد برآمد ہو سکیگا۔ فی الوقت اس خاندان کی اردو پیداوار کا ہمیں بہت ہی محدود علم ہے۔ یہ مشہور ہے کہ حضرت خواجہ بندہ نوازؒ کے کسی مرید نے آپکے ساتھ اقوال کی ایک طویل تفسیر اُردو میں لکھی ہے۔ یہ "ہفت اسرار" کے نام سے موسوم ہے اور غالباً اسوقت بالکل ناپید ہے۔ حضرت خواجہ بندہ نوازؒ کے پوتے سید محمد عبداللہ حسینی بھی اپنے جد بزرگوار کی طرح مقبول انام تھے وہ بھی بڑے صوفی اور بزرگ مانے جاتے ہیں۔ وہ احمد شاہ بہمنی ثانی کے عہد میں حضرت عبدالقادر محی الدین جیلانیؒ کی مشہور کتاب نشاط العاشقین کا ترجمہ معہ تفسیر اُردو میں کیا تھا۔ اس کا ایک نہایت نفیس مخطوطہ ٹیپو سلطان کے کتب خانہ میں محفوظ تھا مگر غالباً اب یہ ناپید ہے۔

باب دوم

اُردو ادب بیجاپور میں

(۱۶۸۶-۱۴۶۰)

(۱۰۹۷-۸۹۵)

فہرست

(ا)۔ ابتدائی تحریکات پہلے چار تاجداروں کے عہد میں

۱۴۹۰ تا ۱۵۸۰ء
۸۹۵ - ۹۶۵ھ

۱۔ یوسف عادل شاہ ۱۴۹۰ - ۱۵۱۸
۸۹۵ ۹۱۶
شاہ میراں جی

۲۔ اسمٰعیل عادل شاہ ۱۵۱۰ - ۱۵۳۴
۹۱۶ ۹۴۱
۳۔ ابراہیم عادل شاہ ۱۵۳۴ - ۱۵۵۷
۹۴۱ - ۹۶۵
۴۔ علی عادل شاہ ۱۵۵۷ - ۱۵۸۰
۹۶۵ - ۹۸۸
شاہ برہان الدین جانم

(ب)۔ اردو ادب کا سنہری دور۔ آخری چار تاجداروں کے عہد میں

۱۵۸۰ - ۱۶۸۶
۹۸۸ - ۱۰۹۷

۱۔ ابراہیم عادل شاہ ثانی ۱۵۸۰ - ۱۶۲۶
۹۸۸ - ۱۰۳۷
آتشی مقیمی امین نوری

۲۔ محمد عادل شاہ ۱۶۲۶ - ۱۶۵۶
۱۰۳۷ - ۱۰۶۷
اور اُس کی ملکہ خدیجہ سلطان

صنعتی رستمی خوشنود دولت

۳۔ علی عادل شاہ ثانی ۱۶۵۶ - ۱۶۷۳
۱۰۶۷ - ۱۰۸۳
نصرتی ملک امین ہاشمی مرزا ایاغی

۴۔ سکندر عادل شاہ ۱۶۷۳ - ۱۶۸۶
۱۰۸۳ - ۱۰۹۷

سیوا مومن

ابتدائی تحریکات

پہلے چار تاجداروں کے عہد میں

۱۴۹۰ء تا ۱۵۸۰ء

۸۹۵ھ - ۹۸۸

طویل خانہ جنگیوں کے باعث جب بہمنی سلطنت کی جڑیں کھوکھلی ہونے لگی تھیں اُس وقت سب سے پہلا آدمی جس کے دل میں ایک نئی سلطنت کا ڈول ڈالنے کا خیال پیدا ہوا یوسف عادل خاں تھا جس نے آخرکار بیجاپور میں عادل شاہی سلطنت کی بنا ڈالی اس خاندان نے تقریباً دو سو سال تک حکومت کی اور بالآخر شہنشاہ اورنگ زیب کی بہادر اور طاقتور فوجوں کے ہاتھوں اس کا خاتمہ ہوگیا۔ اس دوران میں عادل شاہیوں نے نہ صرف بہمنی ادبی پیداوار کی فصلیں کاٹیں بلکہ خود بھی کئی شاعروں اور آدمیوں کی پرورش کی اور ادبی ذوق کو اس قدر عام کر دیا کہ اس کے زوال کے وقت درباروں اور گلی کوچوں میں ہر جگہ شاعر ہی شاعر اور ادیب ہی ادیب نظر آتے تھے۔ اگرچہ آجکل گولکنڈہ کی پیداوار کے مقابلہ میں بیجاپور کا سرمایہ بہت کم محفوظ ہے تاہم جو کچھ بھی ہے اپنی نوعیت کے لحاظ سے ممتاز حیثیت رکھتا ہے، چنانچہ رزمیہ شاعری کے بہترین نمونے صرف بیجاپور ہی کی پیداوار ہیں اور شاعری کی یہ وہ قسم ہے جس میں اردو بے حد مفلس اور محتاج ہے۔

سلطنت بیجاپور کو حقیقی معنوں میں سلطنت بہمنیہ کا جانشین کہا جا سکتا ہے، یوسف کے اعلان خودمختاری نے سوائے نوابوں اور فوجی عہدہ داروں کے متعدد عالموں اور ادیبوں کو اس کے دربار میں حاضر ہونے کی تحریک دلائی، انہیں اُمید بندھ گئی کہ بیجاپور میں ان پر مال و دولت کے پھول نچھاور کئے جائیں گے اس کے برخلاف بہمنی دارالسلطنت کی غیر مطمئن حالت اور بادشاہوں کی کمزوریوں کے باعث ان کی ساری اُمیدوں پر پانی پھر گیا تھا مگر چونکہ دکن میں کوئی اور قوت ایسی نہ تھی جس کی

سرپرستی میں وہ زندگی بسر کرتے اسی لئے انہوں نے عادل شاہی دربار ہی میں رہنا پسند کیا۔ اور انہیں کو اپنے علم و ادب سے زینت دی۔

یوسف عادل شاہ (۸۹۵-۹۱۶)

اِس مشہور و معروف بانی سلطنت کی ابتدائی زندگی کے متعلق مختلف روایات ملتی ہیں تاہم یہ یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ اس کا بچپن نہایت ہی عسرت اور بے اطمینانی کی حالت میں گذرا اور وہ بہمنی لشکر میں بحیثیت ایک ترکی غلام کے داخل ہوا۔

اس کی شہرت اور بادشاہ کی نظروں میں وقعت اُس وقت سے شروع ہوئی جب کہ اُسکا آقا نظام الملک ترک لڑائی میں مارا گیا اور یوسف نے اُس کے بعد اُسکے کام کو نہایت کامیابی کے ساتھ انجام دیا۔

یوسف کے مربی سلطان کے انتقال کے بعد جب سلطنت میں ہر طرف جھگڑے پیدا ہو گئے تو اُس نے غیر ملکی سپاہیوں اور افسروں سے مدد لے کر ۸۹۵ھ میں خود ایک سلطنت کی بنا ڈالی، اُس کے زمانہ کا سب سے اہم واقعہ جس سے اُردو پر بالواسطہ اثر پڑا یہ ہے کہ اس نے بجائے سنی مذہب کے شیعیت کو حکومت کا مذہب قرار دیا، اور اس طرح تمام سیاسی اختیارات شیعوں کو دے دیئے گئے جن میں سے اکثر غیر ملکی تھے اور جنہیں ظاہر ہے اُردو زبان سے کوئی تعلق نہ تھا۔

یوسف نے بیس سال سے زیادہ عرصہ تک حکومت کی، اس اثنا میں اسے نہ صرف دار السلطنت ہی کی مختلف مشکلات کا سامنا کرنا بلکہ ہمسایہ سلطنتوں سے بھی کافی ہوشیار رہنا پڑا جو اس کے مقبوضات پر اپنا قبضہ کرنا چاہتے تھے لیکن اُس نے بہادری کے ساتھ ان تمام مشکلات کا مقابلہ کر کے اپنی سلطنت کو بہت زیادہ وسیع اور مستحکم بنا لیا چنانچہ جب اُس کا انتقال ہوا تو اُس کی مقبوضات اسقدر وسیع تھیں کہ میں بہمنی سلطنت کے بعد اس کے مقابلہ کی کوئی اور حکومت نہ تھی۔

تاریخ ہمیں اس بات کی علانیہ شہادت دیتی ہے کہ یوسف ایک عقلمند اور مردم شناس بادشاہ اور ایک اچھا مقرر تھا، لیاقت، سخاوت اور بہادری میں اُس کے ڈنکے بجے ہوئے تھے، وہ بے تکان لکھتا اور شاعرانہ قابلیت کو نہایت نزاکت سے پرکھتا تھا، خود بھی اکثر شعر کہتا تھا، موسیقی میں خاصہ کمال اور اچھا

وق رکھتا تھا، ہمعصروں میں اس کے مقابل کا کوئی نہ تھا، اُس نے بیش بہا تحفوں سے شاعروں اور مغنیوں کی ہمت افزائی کی اور خود بھی موسیقی کے جلسوں میں فی البدیہ نظمیں پڑھتا تھا، ترکستان اور ایران کے علما، شعرا، اور حسن کاروں کو اُس نے اپنے دربار میں آنے کی دعوت دی تھی۔

بد قسمتی سے ہمارے پاس اس زمانہ کا کچھ ایسا زیادہ سواد موجود نہیں ہے جس سے ہم اس کے عہد حکومت میں اُردو کی ترقی کا اندازہ لگا سکیں، اسمیں شک نہیں کہ اسوقت اُردو زبان بولی جاتی تھی اور اس کا ادبی زبانوں میں شمار ہوتا جا رہا تھا چنانچہ فارسی کی قدیم تاریخوں میں اکثر اہم واقعات پر اُردو زبان میں لکھے ہوئے تاریخی شعر اور قطعے دستیاب ہوتے ہیں جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ عام طور پر زندگی کے اہم واقعات پر مبارکباد کی نظمیں یا مرثیے اُردو زبان میں بھی لکھے جاتے تھے مگر یہ بڑی بدقسمتی کی بات ہے کہ مورخین نے اپنی تاریخوں میں پوری پوری نظمیں نہیں درج کی ہیں بلکہ چند اقتباسات ہی پر اکتفا کیا گیا ہے، اس کے دو وجوہات ہوں گے ایک تو یہ کہ تواریخ فارسی زبان میں لکھی جاتی تھیں اور دوسرے یہ کہ اکثر مورخین غیر ملکی ہونے کی وجہ سے نہیں چاہتے تھے کہ فارسی تصانیف میں اُردو نظمیں درج کی جائیں۔

راقم نے قدیم تواریخ اور خصوصاً پیرزادہ غلام محی الدین کی کتاب احوال سلاطین بیجاپور میں جن تاریخی مصرعوں کا مطالعہ کیا ہے اس سے سلطنت بیجاپور کے قیام سے قبل یعنی سنہ [illegible] کے حالات کا بھی پتہ چلتا ہے، یوسف کے دور کی صرف تین تاریخوں کا حال معلوم ہے جن پر سنین سنہ ۸۹۵ھ، سنہ ۹۰۰ھ، سنہ ۹۱۶ھ درج ہیں۔

اُردو تاریخوں کے علاوہ ہمیں یوسف کے عہد حکومت کے ایک اُردو مصنف شاہ میراں جی کا بھی پتہ چلتا ہے جن کی اب تک صرف چار کتابیں دستیاب ہوئی ہیں۔

شاہ میراں جی (۹۰۲ھ)

عام طور پر شاہ میراں جی اپنے لقب "شمس العشاق" سے مشہور ہیں، وہ اپنے زمانہ کے بہت بڑے صوفی تھے، دکھنی علما، کی صحبت میں تحصیل علم کر کے ملک عرب کے سفر کو روانہ ہوئے اور وہاں ایک کافی مدت تک بود و باش کی چنانچہ صرف مدینہ منورہ میں انھوں نے بارہ سال گذارے، واپس آ کر شہر بیجاپور کے باہر مستقل سکونت اختیار کر لی اور خواجہ کمال الدین بیابانی کے مرید ہو گئے جو خواجہ بندہ نواز

کے خلیفہ دوم تھے، اُن کی زندگی کا مقصد فقرا، اور طالبان علم کو تعلیم دینا تھا۔

اُن کی تاریخ پیدائش کا صحیح علم نہیں البتہ اُن کی وفات سنہ ۹۰۲ھ میں ہوئی جس کا ثبوت ذوقی کے لکھے ہوئے تاریخی نام "شمس العشاق" سے ملتا ہے، نیز اس پر کسی غیر معلوم شاعر نے ایک مرثیہ بھی لکھا تھا، بیجاپور کے اکناف شاہ پور میں اُن کو دفن کیا گیا جہاں ابتک ہر سال برابر اُن کا عرس ہوتا ہے۔

شاہ میراں جی اگرچہ عربی اور فارسی کے اُستاد تھے لیکن اپنے مریدوں کو اُردو زبان میں تلقین کیا کرتے تھے، نہ صرف یہی بلکہ اُنہوں نے اس زبان میں نثر اور نظم میں کتابیں بھی لکھی ہیں جن میں سے چند مولوی عبدالحق صاحب انجمن ترقی اُردو کے سکریٹری اور مولوی آغا حیدر حسن صاحب کے کتب خانوں میں محفوظ ہیں

۱۔ خوش نامہ ایکسو سترہ شعر کی ایک مثنوی ہے جو سنہ ۱۰۶ھ میں نقل کی گئی، اس میں ایک نوجوان لڑکی کا قصہ بیان کیا گیا ہے جو شاہ پور میں سترہ سال کی عمر میں انتقال کر گئی۔ اس میں اس کو اپنے مرشد کا پرستار تبلایا گیا ہے اور ساتھ ہی ساتھ مرشد کی خصوصیات کا بھی اجمالی طور پر ذکر کیا گیا ہے۔

۲۔ خوش نغز اسمیں بھی اُسی دوشیزہ کا ذکر ہے لیکن یہ ۷۲ شعر کی چھوٹی سی مثنوی ہے، نو ابواب پر منقسم ہے اور ہر ایک باب ایک علیحدہ مذہبی موضوع پر لکھا گیا ہے، ان موضوعوں پر لڑکی میراں جی سے سوال کرتی ہے اور وہ اس کا جواب دیتے ہیں۔

۳۔ شہادت الحقیقت۔ میراں جی کی سب سے اہم اور طویل نظم یہی ہے، اسمیں ۵۶۳ بند ہیں، ہندی بحر میں لکھی گئی ہے اور تصوف سے متعلق ہے، اس کا اسلوب بیان اور زبان نہایت سادہ اور سلیس ہے۔

۴۔ شرح مرغوب القلوب۔ یہ کتاب نثر میں ہے، ایک قدیم ترین دکھنی نثر ہونے کے باعث اس کو بہت اہمیت حاصل ہے، لمبی چوڑی تمہید کے بعد اصل کتاب شروع ہوتی ہے جو نو ابواب پر منقسم ہے، اسمیں صوفیوں کے مختلف مذہبی فرائض کا ذکر کیا گیا ہے۔

۵۔ سب رس۔ یہ کتاب دکھنی نثر میں ہے۔ اور شاہ وجیہ الدین کی فارسی کتاب کا ترجمہ ہے۔ اسکا ایک مخطوطہ مورخہ سنہ ۱۱۱ھ آغا حیدر صاحب کے کتبخانہ میں موجود ہے، کل ایکسو اٹھاسی ورق ہیں۔ ہر ورق میں ۲۶ سطر۔ زبان نہایت پاکیزہ، اور سلیس ہے۔ چونکہ اُردو کی ابتدائی نثری کتابوں میں سے ہے اسلئے یہ مخطوطہ خاص طور پر قابل قدر ہے۔

میراں جی کے کارنامے اگرچہ ادبی حیثیت سے زیادہ اہم نہیں لیکن لسانیاتی نقطہ نظر سے بے حد قیمت حاصل ہے۔

اِسمعیل عادل شاہ

۱۵۱۰ - ۱۵۳۴ء
۹۱۶ - ۹۴۱ھ

اسمعیل بہت چھوٹی عمر میں تخت نشین ہوا جس کی وجہ سے ابتدا میں حکومت کی باگ امرا کے ہاتھوں میں رہی اس کی پرورش اُس کی چچی کے گود میں ہوئی جو بذات خود ایک قابل ایرانی خاتون تھی وہ بہت ہی دوراندیش اور سخی بادشاہ تھا، مصوری میں اس کو خاص دخل تھا اور موسیقی اور شاعری کے میدان میں اُس کی ٹکر کا کوئی دوسرا موجود نہ تھا، وفائی اس کا تخلص ہے، علما اور شعرا کی صحبت سے اسے بے حد دلبستگی تھی اور وہ ان پر بے دریغ روپیہ صرف کرتا تھا۔

مگر باوجود ان تمام باتوں کے اس کی حکومت کے پچیس سال کے عرصہ میں دربار بیجاپور میں اُردو کی کچھ ایسی زیادہ نشو ونما نہ ہوئی اِسلئے کہ اسمعیل پر ایرانی خاتون کی گود میں پرورش پانے کے باعث فارسی کا اثر بہت چھایا ہوا تھا حالانکہ اس کی ماں دکن کی ایک ہندو شہزادی تھی۔

اس ایرانی اثر کے متعلق فرشتہ لکھتا ہے کہ "وہ ایرانی اور ترکی رسومات، موسیقی اور زبان کا دکھنی سے زیادہ دلدادہ تھا موخرالذکر کو اُس نے شاید ہی استعمال کیا ہو"[1]

---

[1] اِسی سلسلہ میں یہ قصہ بڑی دلچسپی سے پڑھا جائے گا جس کو ابراہیم شیرازی نے اپنی تاریخ فتوحات عادل شاہی میں بیان کیا ہے اور جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس زمانہ میں دکن میں فارسی سے زیادہ ہندی زبان رایج تھی۔ اگر کوئی فارسی میں شعر گوئی کرتا یا سخن فہمی دکھاتا تو غالباً تعجب کی نظروں سے دیکھا جاتا۔ نیز اُس زمانہ میں ہندی یعنے (اُردو) عام ہوگئی تھی اُمرا بھی ہندی کے ماہر ہوتے تھے۔ لیکن زمانہ اور ملک کے اس رجحان کے خلاف یوسف عادل شاہ نے اپنے لڑکے اسمعیل کو ہندی سے باز رکھنے کی کوشش کی تو اُس کو شدّت سے احتیاط سے کام لینا پڑا۔ باقی صفحہ ۲۸ پر۔

تاہم اس دور میں اردو عام لوگوں میں ترقی کر رہی تھی چنانچہ ہم کو اس زمانے کے تاریخی مصرعے دستیاب ہوتے ہیں جن پر یہ سنین درج ہیں۔

۹۱۹ھ و ۹۲۵ھ (اس سن کے دو تاریخیں ہیں) ۹۲۶ھ، ۹۱۸ھ، ۹۲۱ھ، ۹۳۲ھ، ۹۳۳ھ

علاوہ ان کے اس عہد میں شاہ برہان الدین جانم نے چند کتابیں بھی لکھی ہیں جن کا ذکر ہم آگے چلکر کرینگے۔

سلسلۂ نوٹ صفحہ ۱۰۔ بہت ممکن ہے کہ یوسف نے اسمعیل کو اس لئے ہندی سے باز رکھا ہو کہ اسکی بیوی خود ہندو تھی اور اسلئے وہ سوائے ہندی کے اور کوئی زبان نہ سیکھتا اور اسطرح درباری امرا میں کم لیاقت سمجھا اور بری نظروں سے دیکھا جاتا۔ مورخ لکھتا ہے آوردہ اند کہ مولانا شہیدی قمی در خدمت این بادشاہ بجاہ کمال تقرب داشت۔ و اکثر نسبت بدیگر ندماے کار آگاہ گستاخی ها زیادہ بود۔ روزے از روئے نشاط مقربان تصنیفی از تصانیف بادشاہ را می آسودند و کہ آنحضرت می فرمود دو نوعے کہ اہل دقیقہ دانان آن فن بودمی توانستند فرا گرفت و تحسینہا میکردند و ہرچند کہ میخواستند مثل بادشاہ بیاموزند مقدور شان نبود ملا شہیدی بگستاخی در آمدہ از روئے ادب عرض کرد کہ شہریار صاحب قدر سلامت باشد تولد خسرو آفاق در ملک دکن واقع شدہ و ملکے دیگر ندیدہ اند۔ این قدر حقایق و دقایق فارسی و ترکی وغیرہ را چنان ضبط نمودہ اند و اصلاً متوجہ زبان ہندی نشدہ اند۔

بادشاہ فرشتہ خصال فرمودند کہ دراں حین کہ من طفل بودم پدر بزرگوار من خواجہ سلطان محمد کاشی را استعداد سفر کردہ بلدہ ساوہ فرستادند قریباے مارالطلب نمودند۔ و ایشان باندک زمانے با قبیلۂ خود متوجہ ہندوستان شدند۔ و غلام و کنیز نغمہ پرداز از کچی و چرکس انقدر ہمراہ آوردند کہ خدمتگاران ہندی مردود شدند۔ وہم تکفل خدمت من کرد۔ چون بسن شش سالگی رسیدم بہ کتبم فرستاد و ملاے فارسی زبان قرار داد و دایکہ و امکہ ترکی زبان صاحب حیثیت بر من گماشت۔ مرا از اختلاط و ہمزبانی اہل ہند مانع آمد بمرتبہ کہ احدے را زہرۂ آن نبود کہ در مجلس من غیر از ترکی و فارسی حرف زند۔ و چون پدرم بعالم بقا رفت رتق و فتق مہمات من بدست محمد آقاے ذوالقدر بود کہ زبان ہندی را نیکو میدانست آنچہ بہندی می شنود بلفظ ترکی بمن می گفت۔ بدین سبب طبع مرا بصحبت اہل ہند رغبتے نیست از نقش و صورت ایشان محظوظ نیستم۔"

ابراہیم عادل شاہ اوّل

۱۵۳۴-۱۵۵۴ء
۹۴۱-۹۶۵ھ

ابراہیم اسمٰعیل کا سب سے چھوٹا لڑکا تھا۔ مذہب، عادات واطوار اور خیالات کے لحاظ سے وہ اپنے باپ دادا کی بالکل ضد تھا؛ اُس نے علانیہ طور پر شیعہ مذہب کی تردید کی اور خطبوں سے اماموں کے ناموں کو نکلوا کر اہلِ سنت والجماعت کے رسومات کو جاری کرا دیا، وہ ایرانی رسم و رواج کا بالکل خلاف تھا، اُس نے اکثر دکھنیوں ہی کو اپنے دائرہ ملازمت میں جگہ دی، عہد بہمنیہ کی طرح اس نے بھی ملکی حسابات کو جو فارسی زبان میں تحریر کئے جاتے تھے اُردو میں تبدیل کرا دیا، یہ کام برہمنوں کے سپرد کیا گیا تھا جنھوں نے بہت جلد حکومت میں اپنا وقار قائم کر لیا۔

یہ ایک کھلی ہوئی حقیقت ہے کہ اِس بادشاہ کے تخت نشین ہونے کے بعد سے بیجاپور میں اُردو کی نشو و نما ہونے لگی، اور اگر ابراہیم دکھن میں فارسی اثر کی مخالفت کی ہمت نہ کرتا تو بیجاپور میں اُردو کو شاید ہی پھلنا پھولنا نصیب ہوتا۔

ابراہیم کے بعد اگرچہ اس کے بیٹے اور حقیقی وارث علی نے اِس بات کی ممکنہ کوشش کی کہ پھر سے فارسی کو دکن میں رائج کیا جائے لیکن ابراہیم کی اِن ان تھک کوششوں کا اثر اسقدر غالب تھا کہ علی کی مخالفت سے اُردو کی شہرت اور مقبولیت کو کوئی گزند نہ پہونچ سکا۔

تاہم یہ بڑی بدقسمتی کی بات ہے کہ باوجود ابراہیم کی سرپرستی کے ہمیں اِس دور کا کوئی اُردو کارنامہ نہیں ملتا۔ البتہ شاہ بُرہان الدین جانم کی چند تصانیف دستیاب ہوتی ہیں جن کا ذکر

ہم علی کے دور میں بالتفصیل کرینگے کیونکہ اُنہوں نے اِس دور کے آخر میں انتقال کیا ہے ابراہیم کے عہد کے دو تاریخی قطعے ہیں جن پر سنین ۹۵۳ھ اور ۹۶۵ھ درج ہیں۔

علی عادل شاہ اوّل

۱۵۵۷ء تا ۱۵۸۰ء
۹۶۵ - ۹۸۸ھ

یہ ہوشیار شہزادہ کتابوں کا بے حد دلدادہ تھا، کہا جاتا ہے کہ اس کے کتب خانہ میں ہزاروں کتابیں تھیں، ۔ اس کا علمی ذوق ملاحظہ ہو کہ جب کبھی وہ سفر کو جاتا تھا تو اُس کے ساتھ کتابوں سے لدے ہوئے کم از کم چار سو صندوق رہا کرتے تھے، اکثر دفعہ اُس نے معمولی معمولی نسخوں کو بڑی بڑی قیمتیں دیکر حاصل کیا ہے، وہ شیعہ مذہب کا پیرو تھا اِسی لئے ایران کے سیدوں اور عالموں کو وہ ہمیشہ اپنے ہمراہ رکھتا تھا اُس نے شعرا، اور ادیبوں پر اپنے محتاط باپ کی ساری کمائی لٹادی۔[1]

اِس دور کے صرف ایک مصنف کا پتہ چلتا ہے جن کا نام شاہ برہان الدین جانم ہے، اس مصنف نے نثر اور نظم میں کئی کتابیں لکھی ہیں، ہمیں اِس دور کے آٹھ تاریخی مصرعے حاصل ہوتے ہیں جن پر حسب ذیل سنین درج ہیں سنہ ۹۶۵ھ، سنہ ۹۶۷ھ، سنہ ۹۶۸ھ، سنہ ۹۷۰ھ، (چار عدد) سنہ ۹۷۳ھ

---

[1] علی عادل شاہ کی علم دوستی وغیرہ کے متعلق فتوحات عادل شاہی میں لکھا ہے کہ "چون آوازہ جود وسخاوت او درعرصہ ربع مسکون شہرت کرد۔ از اقطار عالم ارباب استعداد رو بروآوردند۔ وتصنیف ہاے کلی رسیدند تا بحدے کہ در آں ایام از شیراز قریب بدہ ہزار نفر از ارباب استحقاق آمدہ با تجمل تمام بازگشتند بدیار خود۔ روزے درویشے مراد نام از ہمدان بر سر راہ جہان پناہ آمدہ مصحفے گذرانید۔ بفرمودہ پادشاہ او را بخزانہ عامرہ بردہ سر صندوقہا کشودند ظروفے کہ از مس ساختہ بودند و ملمع کردہ بودند در بعضے پنج ہزار ہون و در بعضے دہ ہزار ہون۔ فرمودند آنچہ می توانی بردار۔ ظرفے پنج ہزار ہون برداشت۔ و مثل ایں بخشش مکرر از ان بادشاہ واقع شدہ۔ .... اگر شمہ شرح

شاہ برہان الدین جانم (سنہ ۹۹۰ھ)

شاہ برہان الدین جانم، شاہ میراں جی کے بیٹے اور خلیفہ تھے باپ کی تعلیم و ترتیب سے وہ بہت جلد ایک جید عالم اور بڑے صوفی بن گئے، اُردو زبان ہی میں تلقین کیا کرتے تھے، اُنہوں نے کئی کتابیں تصنیف کی ہیں۔

۱۔ وصیت الہادی۔ ایک مثنوی ہے جس کا موضوع تصوف ہے۔

۲۔ سکھ سہیلا۔ ۲۵ شعروں کا ایک ترکیب بند ہے جس میں ایک خاص مصرع ہر تین بند کے بعد دہرایا جاتا ہے، اس میں مریدوں کو خدا کی وحدانیت کی تعلیم دی گئی ہے۔

۳۔ منفعت الایمان۔ ۱۲۰۰ اشعار کی ایک مثنوی ہے اس میں دہریوں کے اعتقادات بیان کیے گئے ہیں اور مریدوں کو اُن سے پرہیز کرنے کی تاکید کی گئی ہے، اسلوب بیان کے لحاظ سے یہ شاہ برہان الدین کا بہترین کارنامہ ہے۔

۴۔ نکتۂ واحد۔ خدا کی توحید پر لکھی گئی ہے۔ اس قسم کی دو نظمیں ہیں ایک بارہ اور دوسری اُنتیس ۲۹ شعر کی۔

۵۔ نسیم الکلام۔ ۵۴ شعر کی ایک نظم ہے جس میں قرآنی آیات اور احادیث پر شرح لکھی گئی ہے۔

۶۔ رمز الواصلین }
۷۔ بشارت الذکر } ان دونوں میں تصوف کے مسائل بیان کیے گئے ہیں

۸۔ حجت البقا۔ ۵۰۰ شعر خدا کی بزرگی اور اسکی وحدانیت اسکا موضوع ہے ایک ولی اور اسکے معتقد کے مکالمہ کے پیرایہ میں لکھی گئی ہے۔

۹۔ بیان خلاصہ۔ اس نظم کے متعلق انجمن ترقی اُردو کے سکریٹری کو جن کے یہاں بھی یہ تمام نسخے محفوظ ہیں، جنھوں نے

ملاحظہ ہو نوٹ صفحہ ۴۱۔ سخاوت این بادشاہ را نرسید و تا دگر باید کہ اینچہ بادرویشان و علما و فضلا کمال مرحمت داشت واکثر اوقات با این طبقہ صحبت می داشت۔" (ورق ۱۴۳ الف)

۳۰ در کتب میل تمام داشتند۔ از این جملہ چہار صد صندوق کتاب در سفرہا ہمراہ میداشتند کہ از چندین ہزار جلد کتاب برچیدہ بودند۔" (ورق ۱۴۹ ب)

اُن پر ایک مضمون بھی لکھا ہے یہ شبہ ہے کہ آیا یہ شاہ برہان الدین ہی کی نظم ہے یا اُن کے پیرو کی، بہرحال اتنا تو ضرور یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ یہ اسی دور کی تصنیف ہے۔

۱۔ ارشاد نامہ۔ شاہ برہان کی اب تک جتنی نظمیں حاصل ہوئی ہیں اُن میں سب سے طویل اور مکمل نظم یہی ہے اس میں دو ہزار پانسو ۵۰۰ شعر ہیں۔ خدا، رسول اور شاہ میراں جی کے نام سے یہ کتاب شروع ہوتی ہے، اس کے بعد شاعر نے اپنے باپ کی طرز پر اس نظم کو اُردو میں منظوم کرنے کے وجوہات بیان کی ہیں، نظم کا زیادہ حصہ مکالمہ کی صورت میں ہے، اس میں صوفیانہ اصول اور اعتقادات کو نہایت وضاحت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے ان کی تمام نظموں کا قریب قریب یہی موضوع ہے۔ ختم پر شاہ برہان الدین نے منظوم کرنے کی تاریخ سنہ ۹۹۹ھ درج کی ہے ان کی وفات کی تاریخ بھی غالباً یہی ہے۔

۱۱۔ شاہ برہان نے دوہرے اور غزلیں بھی لکھی ہیں جن کے مطالعہ سے اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ وہ نہ صرف ایک صوفی بلکہ ایک با مذاق شاعر بھی تھے۔ اُنہوں نے اُردو نثر میں ”کلمات الحق“ کے نام سے ایک قابلِ ذکر کتاب بھی تصنیف کی ہے اس کو زیادہ اہمیت اس وجہ سے حاصل ہے کہ دکھنی زبان کی تحقیق کرنے والوں کو اس سے بہت بڑی مدد ملتی ہے۔

شاہ برہان الدین کے کارناموں کی چند خصوصیات

۱۔ ان کا اسلوب بیان میراں جی کی تصانیف سے زیادہ سادہ ہے۔

۲۔ انہوں نے حتی الوسع فارسی اور عربی الفاظ کو استعمال کرنے سے احتراز کیا ہے۔

۳۔ باپ کی طرح ان کی نظمیں بالکل صوفیانہ خیالات اور اعتقادات سے مملو نہیں ہیں بلکہ ان کے پڑھنے سے شاہ برہان کے ذوقِ شعری کا بھی پتہ چلتا ہے۔

۴۔ لسانیاتی نقطۂ نظر سے ان کے کارنامے محققین کے لئے کافی مواد پیش کرتے ہیں اس لئے کہ اس وقت بھی ہم کو ان کے ... ۸ اشعار محفوظ ملتے ہیں۔

اُردو ادب کا سنہری دور

آخری چار تاجداروں کے عہد میں

۱۔ ابراہیم عادل شاہ ثانی

اِس بادشاہ کے تخت نشین ہونے کے بعد سے بیجاپور میں اُردو پھلنے پھولنے لگی، اُس نے ۴۶ برس تک حکومت کی، اس طویل مدت کی وجہ سے حکومت کی جڑیں اس قدر مضبوط ہوگئیں کہ ہمسایہ حکومتوں کو بیجاپور کے معاملات میں دخل دینے کی کبھی جرأت نہ ہوئی، اس بادشاہ کا آخری زمانہ بیجاپور کے لئے واقعی سنہری دور سے کچھ کم نہ تھا اور اس کے فرزند محمد کے عہد میں تو یہ تمدن معراج کمال پر پہونچ گیا تھا۔

ابراہیم نہ صرف اپنے فیاض اور علم دوست چچا، علی کا جانشین ہی تھا بلکہ بحیثیت ایک عالم، ادیب اور شاعر اور ماہر موسیقی ہونے کے اس کو کافی شہرت حاصل تھی، فارسی زبان کے علماء اور شعراء سے اس کا دربار بھرا ہوا تھا سوائے دربار اکبری کے ہندوستان میں اُس جیسا شاندار دربار کوئی اور نہ تھا چنانچہ ابوالقاسم فرشتہ اور رفیع الدین ابراہیم شیرازی جیسی معروف ہستیاں جن کے کارنامے اس زمانہ کی مستند تواریخ میں داخل ہیں اس کے دربار کے رکن تھے، بڑے بڑے شعراء اور مصنفین جن میں ملا ظہوری، ملا باقر، ملک قمی، عبدالقادر نورسی شامل ہیں اس کے دربار میں موجود تھے، علماء میں رشید ابستگی، مولانا حیدر ذہنی، مرزا مقیم، حکیم آتشی کے نام قابل ذکر ہیں، شاہ خلیل اللہ خطاطی کے ماہر تھے، خود ابراہیم نے موسیقی پر نورس نامی ایک کتاب تصنیف کی ہے جس پر ظہوری جیسے بلند پایہ شاعر نے مقدمہ لکھا ہے

ابراہیم اُردو کا زبردست سرپرست تھا چنانچہ جب اپنا دارالسلطنت تبدیل کیا ہے تو اُس نے خود اُس کا، اور محلوں باغوں اور گلی کوچوں کے خاص اُردو نام رکھے۔

اُس نے اُردو زبان کی جو سب سے اعلیٰ خدمت انجام دی ہے اور جس کی وجہ سے اس کا نام اُردو زبان کے محسنوں کی فہرست میں سب سے اول آتا ہے وہ یہ ہے کہ اس نے گجراتی شاعروں اور عالموں کو بیجاپور میں آبسنے کی دعوت دی۔

اُن دنوں گجرات ایک ایسا مقام تھا جہاں ہندو اور مسلمان ایک دوسرے سے اچھی طرح ملتے جلتے رہتے تھے اور فی الحقیقت یہی وجہ اُردو زبان کے ارتقا کا باعث ہوئی، نیز گجرات میں مسلمان بادشاہوں کی طویل اور اطمینان کی حکومت نے مصنفین کو تالیف و تصنیف کا کافی موقع دیا۔ چنانچہ اس زمانہ میں خاصی ادبی پیداوار ہوئی جس کے چند نمونے یورپ کے بعض کتب خانوں میں دستیاب ہوتے ہیں۔

لیکن اکبر کی فرستادہ مغل فوجوں کے حملوں نے گجرات میں اُردو کی اس دن دونی اور رات چوگنی ترقی میں روڑے اٹکائے اور اس پر ہی کیا منحصر ہے ان حملوں نے تو سلطنت ہی کے شیرازہ کو درہم برہم کر دیا۔ جب گجرات سے امن و امان رخصت ہوگیا اور شاہی دربار کا بھی خاتمہ ہوگیا تو شاعر اور ادیب بے سروسامانی کی حالت میں ادھر ادھر مارے مارے پھرنے لگے، ان میں سے جو اپنے وطن ہی میں ٹھیرے ہوئے تھے اُن کو مغلوں نے کئی طرح کی تکالیف پہنچائیں اور اُن بیچاروں کو "قہر درویش برجان درویش" کے بمصداق طرح طرح کی مصیبتوں کا شکار ہونا پڑا۔ ایسے نازک موقع پر ابراہیم نے نہایت عقلمندی اور فیاضی کا کام کیا، اس نے اپنے آدمیوں کو بیش بہا تحائف اور سوغات دیکر گجرات روانہ کیا تاکہ وہاں کے علماء اور شعراء کو اپنے دربار میں آنے کی دعوت دیں، چنانچہ تھوڑے ہی عرصہ کے بعد ہم گجرات کی ادبی عظمت کے پرچم کو بیجاپور پر لہراتا ہوا دیکھتے ہیں۔ مشہور و معروف ہستیوں کے علاوہ اکثر عام لوگ بھی بیجاپور بھاگ آئے تھے اور ان گجراتیوں کا اسقدر اثر ہو گیا تھا کہ بعض دکنی مصنف بھی اپنی گجراتی آمیز زبان کو گجری کے نام سے موسوم کرنے لگے۔

ابراہیم پہلا بادشاہ تھا جس نے اُردو میں ایک لمبی نظم لکھی ہے اس کا نام "نورس" اور موضوع موسیقی ہے۔ سہ نثر ظہوری جو کئی مرتبہ شائع ہو چکی ہے اور جو ہندوستانی جامعات کے نصابوں میں داخل ہے، آئی

اردو کارنامہ کے دیباچہ کے طور پر لکھی گئی ہے اور اس میں اس کے ابواب پر نہایت وضاحت کے ساتھ بحث کی گئی ہے۔

اس میں شک نہیں کہ اس زمانہ میں بہت سے اردو مصنفین موجود تھے لیکن بدقسمتی سے ان سے متعلق بہت کم مواد موجود ہے، بہرحال راقم نے چار شاعروں کا پتہ چلایا ہے جنہوں نے ابراہیم کے زمانہ میں عروج پایا۔ قبل اس کے کہ ان شاعروں کا ذکر کیا جائے بہتر معلوم ہوتا ہے کہ ان اردو تاریخی مصرعوں کے سنین درج کر دیے ہیں جو اس زمانہ سے متعلق ہیں اور جن کو راقم نے فارسی مخطوطات سے حاصل کیا ہے، ایسے صرف دس مصرعے ہیں جن میں ذیل حاصل ہوتے ہیں۔
۹۹۰ھ، ۹۹۲ھ، ۹۹۴ھ، ۹۹۹ھ، ۱۰۲۰ھ، ۱۰۲۴ھ اور ۱۰۳۶ھ (اس سن کے چار تاریخی قطعے ہیں)۔

آتشی

حکیم سید آتشی ایک بہت بڑا فارسی شاعر، عالم اور طبیب تھا، اور دیباچہ کلیات اور گلدستہ بیجاپور میں صاف طور پر مذکور ہے یہ اردو میں بھی نظمیں لکھا کرتا تھا۔

راقم نے اس کی زندگی کے حالات کا پتہ دو مستند ذریعوں سے چلایا ہے۔ ایک تو "فتوحات عادل شاہی" ہے جو اس وقت لکھی گئی تہی جب کہ آتشی جوان تھا اور دوسری ایک تاریخ ہے جس کا ذکر "احوال" کے مصنف نے کیا ہے۔ یہ اس وقت لکھی گئی تھی جبکہ آتشی بوڑھا ہو گیا تھا۔

پہلی کتاب سے ہمیں اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ آتشی کا تعلق شیراز کے ایک معزز سید خاندان سے تھا۔ آتشی اس کا خاندانی نام تھا اس کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ آتشی کے اجداد میں سے کوئی یہ ثابت کرنے کے لئے کہ وہ پکا سید ہے آگ میں کود گیا تھا اور بغیر کسی ضرر کے باہر نکل آیا اس وقت سے اس خاندان کا نام آتشی پڑ گیا۔ جس وقت یہ کتاب لکھی گئی ہے (اس وقت) اگرچہ آتشی بہت ہی نوجوان تھا تاہم اس کی اعلیٰ قابلیت اور اخلاق نے اسے لوگوں میں بہت مشہور کر رکھا تھا۔ فتوحات کا مصنف جو اس وقت بہت بوڑھا آدمی تھا نوجوان آتشی کی قابلیت سے بے حد مرعوب معلوم ہوتا ہے اس نے خود آتشی کے بے حد شعر پڑھے ہیں اس کی رائے ہے کہ آتشی نے شاعری کے تمام اقسام مثلاً

غزل قصیدہ مثنوی رباعی وغیرہ پر خامہ فرسائی کی ہے لیکن باوجود اس قدر بلند پایہ شاعر ہونے کے اس کے مزاج میں تکبر اور غرور نام کو موجود نہ تھا۔

اس کی شاعری کی خصوصیات اور شخصی کردار کی تعریف کرنے کے بعد مورخ نے اس کی طبی قابلیت کا ذکر کیا: آتشی شاہی طبیب تھا اور شاہی محل میں اس کی بے حد آؤ بھگت ہوتی تھی ایک دفعہ وزیر اعظم سخت بیمار ہو گیا تھا تمام حکیموں نے آس چھوڑ دی اس وقت بادشاہ نے آتشی کو اس کے علاج کا حکم دیا وہ اس کے علا سے وہ تین ہفتہ کے اندر اچھا ہو گیا اس پر بادشاہ بہت خوش ہوا اور انعام و اکرام کے علاوہ اس کی تنخواہ میں بھی اضافہ کر دیا۔ وزیر اعظم نے بھی دو بڑے ہاتھی، کئی عربی النسل گھوڑے، قیمتی پوشاک اور جواہرات عطا کیئے آتشی نے اس وقت اپنی کتاب ’عادل نامہ” ختم کی تھی یہ کتاب فارسی زبان میں ہے اور اس میں شاہا بیجاپور کی لڑائیوں کا ذکر ہے۔

دوسری کتاب میں آتشی کے متعلق اور کچھ مواد نہیں ملتا البتہ اس میں اتنا ضرور لکھا ہوا ہے کہ فارسی شاعری کے علاوہ اردو میں بھی لکھتا تھا اس کتاب میں اگرچہ اس کی زندگی کے کچھ ایسے زیادہ واقعات بیان نہیں کیئے گئے ہیں تاہم آتشی کی بے حد تعریف کی گئی ہے۔ اتنا یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ اس کے اُردو کارناموں کی ان دنوں کافی شہرت تھی مگر بدقسمتی سے اس وقت کوئی مواد موجود نہیں ہے۔

مقیمی

آتشی کی طرح مرزا محمد مقیم بھی بہت بڑا فارسی شاعر تھا استرآباد (ایران) کے ایک سید خاندان کا رکن تھا بچپن ہی میں اس کا باپ مقامات مقدسہ کی زیارت کے لیئے اسے اپنے ساتھ عربستان لے گیا تھا زیار کرنے کے بعد وہ شیراز پہونچے جو اس وقت فارسی علم و ادب کا مرکز بنا ہوا تھا، بدقسمتی سے یہاں ا باپ کا انتقال ہو گیا اور مقیم کو کسی سرپرست کی ضرورت لاحق ہوئی اُس نے فوراً ہندوستان کا رُخ کی اور یہاں پہنچکر بیجاپور کے فیاض دربار میں پرورش پائی جس وقت فرزونی نے اپنی تاریخ ختم کی تقریباً نوجوان تھا لیکن اس پر بھی اس تاریخ میں اس کا ذکر ہے اور اس میں مقیمی کو عالم تو نہیں البتہ اچھا شاعر ضرور بتلایا گیا ہے۔

احوال میں بھی مقیمی کی شاعری کی بہت کچھ توصیف کی گئی ہے، اس کی ترتیب کے وقت یہ بلند پایہ شاعروں میں شمار کیا جاتا تھا اس کے فارسی دیوان نے ادبی حیثیت سے بہت شہرت حاصل کرلی تھی اور وہ اُردو میں بھی نظمیں لکھتا تھا[لہ]۔

ہمعصر مورخین نے مقیمی کے اُردو کارناموں کے متعلق کچھ بھی نہیں لکھا لیکن اس کے ہمعصر بیجاپور کے شاعر امین نے اس کی ایک مثنوی کا ذکر اپنی کتاب "بہرام و بانو حسن" میں کیا ہے جس کی تکمیل ایک دوسرے شاعر دولت کے ہاتھوں سنہ ۱۰۴۸ھ میں ہوئی، امین کہتا ہے کہ جب میں نے مقیمی کی نظمیں پڑہیں تو مجھے بھی اُردو میں نظم لکھنے کا شوق پیدا ہوگیا[عہ]۔ لیکن اس نے مقیمی کی مثنوی کا نام نہیں لکھا ہے۔ البتہ اسپرنگر کے کیٹلاگ میں دو دکھنی مثنویوں کا پتہ چلتا ہے جو ایک قدیم شاعر مقیمی نے نظم کئے ہیں، ایک "چندر بدن و ماہیار" ہے جس میں تقریباً ۵۵۰ شعر ہیں اور دوسری سوہار کی کہانی ہے جس میں ۴۵۰ شعر ہیں۔

پہلی مثنوی تو انڈیا آفس لائبریری میں بھی محفوظ ہے لیکن کیٹلاگ میں غلطی سے اس کو کسی شاعر عزیز سے متعلق کیا گیا ہے، شاید یہ غلطی ورق ۱۰۶ ب پر لکھے ہوئے ایک شعر سے ہوئی ہے جس کا مطلب یہ ہے "اب اے میرے دوست، اِس قصہ کا مقصد بیان کر" نہ یہ کہ "شاعر عزیز اس قصہ کے لکھنے کا مقصد بیان کرتا ہے" مصنف کا حقیقی تخلص اوراق ۱۰۵ا، ۱۰۶ا اور ۱۰۸ا پر تحریر ہے۔

مثنوی میں ایک جگہ مصنف غواصی کی کتاب "سیف الملوک و بدیع الجمال" کا ذکر اس طرح کرتا ہے کہ گویا اس نے اسے دیکھا ہے۔ اس سے یہاں ایک یہ شبہ پیدا ہوجاتا ہے کہ آیا مقیمی گولکنڈہ کا شاعر تو نہیں تھا اِس شبہ کو دور کرنے کیلئے راقم نے اُس زمانہ کی گولکنڈہ کی تاریخوں کا مطالعہ کیا لیکن کافی تحقیق کرنے کے بعد بھی اس نام کا کوئی شاعر نہ ملا۔ عبداللہ قطب شاہ کی سرکاری سوانحعمری مولفہ نظام الدین احمد کے مطالعہ سے شبہ پیدا ہوجاتا ہے کیونکہ اس میں ایک درباری ملا محمد مقیم کا ذکر ہے جس پر اکثر بادشاہ کی عنایت و نوازش رہا کرتی تھی، اس کو مغلوں کے پاس اور بالخصوص اورنگ زیب کے پاس بحیثیت ایک سفیر کے روانہ کیا گیا تھا لیکن کہیں بھی اس کو شاعر نہیں بتلایا گیا ہے بنابریں ہم بلاشبہ کہہ سکتے ہیں کہ مقیمی جس نے "چندر بدن و ماہیار" لکھی ہے بیجاپور کا شاعر تھا اور بلاشبہ وہ اردو نظمیں لکھا کرتا تھا

[لہ] دیکھو برٹش میوزیم مخطوطہ اڈیشنل نمبر ۲۶۲۲۰ ورق ۳۰ب تا ۳۱ا۔

[عہ] دیکھو بہرام و بانو حسن برٹش میوزیم مخطوطہ اڈیشنل نمبر ۲۶۵۱۲ ورق ۲ب۔

یہ بہت ممکن ہے کہ غواصی کی مثنوی اسقدر مشہور ہوگئی تھی کہ اس کو بیجاپور کے شاعر بھی پڑھا کرتے تھے اور نصرتی کی طرح مقیمی نے بھی اپنی کتاب میں اسکا ذکر کرنا مناسب سمجھا۔

انڈیا آفس کے مخطوطے میں اس کے منظوم کرنے کی تاریخ درج نہیں ہے لیکن یہ یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ چندر بدن ۱۰۳۵ھ جبکہ سیف الملوک و بدیع الجمال لکھی گئی اور جس کا اسمیں ذکر بھی ہے) اور ۱۰۴۸ھ) جب کہ دولت نے "بہرام و بانو حسن" کی تکمیل کی اور جس میں اس کا بھی ذکر کیا ہے) کے درمیان نظم کی گئی ہے۔

یہ مثنوی دکن کے چند دلچسپ پیداواروں سے ہے، مصنف اس بات پر نازاں ہے کہ اس نے یہ کہانی کہیں سے چرا کر نہیں لکھی، ساتھ ہی ساتھ وہ اپنی آپ تعریف کرنا بھی نہیں چاہتا اس لئے کہ وہ کہتا ہے کہ "ایسا کرنا ادنیٰ اور برا کا شیوہ ہے" یہ بھی ہو سکتا ہے کہ بحیثیت فارسی زبان کے ایک بلند پایہ شاعر ہونے کے وہ اپنے اردو کارنامہ پر فخر کرنا نامناسب سمجھتا ہو۔

مقیمی کا اسلوب بیان زیادہ دلچسپ اور شاندار نہیں ہے مخطوطے میں خطاطی کی غلطیاں رہ گئی ہیں۔ قصہ بالکل فطرتی اور روز مرہ زندگی کے واقعات سے تعلق ہے "قطب مشتری" سے کہیں زیادہ اس میں اپج سے کام لیا گیا ہے لیکن موخر الذکر فن شاعری کے لحاظ سے بہت اہم اور برتر ہے چندر بدن کا پلاٹ میر کی مثنوی "شعلہ عشق" سے بہت ملتا جلتا ہے۔

امین

(قبل ۱۰۴۸ھ)

دکن کے ایک سے زیادہ شاعروں کا تخلص امین ہے جس کی وجہ سے بہت سی پیچیدگیاں پیدا ہو جاتی ہیں، اب تک کسی مصنف نے ان گتھیوں کو سلجھانے کی کوئی سبیل نہیں نکالی، راقم نے ان مشکلات کو دور کرنے کی امکان کوشش کی ہے پھر بھی یہ یقین کے ساتھ نہیں کہا جا سکتا ہے کہ جو کچھ کہا گیا ہے وہ اٹل ہے۔

راقم کے خیال میں چار مختلف شاعروں کا تخلص امین ہے اور شاید پہلے دو کا تعلق بیجاپور سے اور باقی دو کا گولکنڈہ سے ہے۔

۱۔ امین۔ ابراہیم عادل شاہ کے زمانہ کا (یعنی ۹۸۸ھ تا ۱۰۳۷ھ) مصنف بہرام و بانو حسن۔

۲۔ شاہ امین (عام طور پر شاہ امین الدین اعلیٰ کے نام سے یاد کئے جاتے ہیں) علی عادل شاہ کے زمانہ کے (یع

۱۰۹۷-۸۳ھ متعدد مذہبی اردو کتابوں کے مصنف ہیں۔

۱۔ امین عبداللہ قطب شاہ کے زمانہ کا (۱۰۳۵-۸۳ھ) مصنف قصہ ابوشحمہ

۲۔ شیخ محمد امین جس نے مغلوں کی فتح دکن کے بعد عروج پایا مصنف "یوسف زلیخا"

آخری تین شاعروں کا ہم مناسب موقعوں پر ذکر کریں گے لیکن یہاں صرف پہلے امین سے بحث کیجاتی ہے برٹش میوزیم کے کیٹلاگ[1] میں امین کی مثنوی بہرام و بانوے حسن کا ذکر ہے اور یہ تبلایا گیا ہے کہ اس کا مصنف دولت نامی شاعر تھا لیکن راقم نے اس کے دیباچہ اور خاتمہ سے اس بات کو ثابت کر دیا ہے کہ اس کا مصنف دولت نہیں بلکہ امین ہے[2]

لیکن ایسا معلوم ہوتا ہے کہ امین نے اس کام کو ختم نہیں کیا بلکہ اس کی تکمیل دولت کے ہاتھوں ہوی جس کا ذکر ہم آگے چل کر محمد عادل شاہ کے دور میں کریں گے اس نے خاتمہ پر امین کا ذکر کیا۔

امین کے بیجاپوری شاعر ہونے کا ثبوت ذیل کے واقعات سے ملتا ہے۔

۱۔ دیباچہ میں اس نے بیجاپور کے کارنامہ یعنی مرزا مقیم کی مثنوی کا ذکر کیا ہے جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے

۲۔ دولت جس نے اس کی کتاب کی تکمیل کی بیجاپوری شاعر تھا گولکنڈہ میں اس نام کا کوئی شاعر نہ تھا مزید براں یہ کسی طرح ممکن نظر نہیں آتا کہ گولکنڈہ کا ایک شاعر اس کو ختم کرے جسکی بنا بیجاپور کے شاعر نے ڈالی ہو۔

امین کی مثنوی سے اس کی زندگی کے حالات پر کچھ ایسی زیادہ روشنی نہیں پڑتی صرف اتنا معلوم ہوتا ہے کہ وہ مذہب اسلام کے حنفی فرقے سے تعلق رکھتا تھا اور ایک صوفی بزرگ شاہ عالم کا مرید تھا اس نے اپنے متعلق جو حالات لکھے ہیں ان سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ دنیادار آدمی نہیں تھا مگر شاعری کا اچھا ذوق رکھتا تھا اس نے اس مثنوی کے لکھنے میں اسی موضوع پر لکھی ہوی ایک فارسی مثنوی کی تقلید کی ہے۔

برٹش میوزیم میں فارسی مثنوی کا ایک نسخہ ہے اس کا مصنف بھی امین ہے غالباً اردو شاعر امین نے بھی اسی مثنوی کو دیکھا ہوگا راقم نے فارسی مثنوی کا امین کی اس اردو مثنوی سے مقابلہ کیا تو معلوم ہوا کہ وہ فارسی کا تقریباً ترجمہ ہے۔

---

[1] دیکھو فہرست ہندوستانی مخطوطات صفحہ ۲۰ مخطوطہ نمبر ۳

[2] دیکھو اس موضوع پر راقم کا تفصیلی مقالہ مطبوعہ مجلہ مکتبہ بابت ماہ نومبر ۱۹۲۸ء صفحات ۲۷-۴۵

امیر حقیقی معنوں میں شاعر تھا اس کے اسلوب بیان میں روانی اور سادگی پائی جاتی ہے۔

نوری

(تقریباً ۱۰۰۸ھ)

بعض مصنفین اس شاعر کے متعلق غلط فہمیوں میں مبتلا نظر آتے ہیں بالعموم اس کو اس کے بعد کے نوری سے ملا دیا گیا ہے اس کا ذکر ہم آئندہ باب میں کریں گے۔

یہ نوری فارسی زبان کا ایک بلند پایہ شاعر تھا اور کہا جاتا ہے کہ یہ شہنشاہ اکبر کے دربار کے ملک الشعرا فیضی کا دوست تھا۔ قائم کہتا ہے کہ نوری شمالی ہند کے ایک شہر اعظم پور کے قاضی کا لڑکا تھا اور اس کی چند غزلیں جو قدیم طرز شاعری (اس کا مطلب یہ ہے کہ دکھنی شاعری) میں بھی لکھی گئی ہیں اس زمانہ میں بے حد مقبول تھیں[1]

بعض مصنفین کا خیال ہے کہ یہ نوری ابراہیم عادل شاہ کے زمانہ میں بیجاپور کو آیا اور چند اردو مرثیہ لکھ کر دکھن میں اردو مرثیہ گوئی کی ابتدا ڈالی[2] لیکن راقم کے پاس اس کو ماننے کے لیے کوئی ثبوت موجود نہیں ہے۔

---

[1] مخزن نکات مخطوطہ انڈیا آفس صفحات ۱، ۱۴-۵

[2] دیکھو (۱) دکن میں اردو مؤلفہ نصیر الدین ہاشمی صفحہ ۱۴ (۲) داستان اردو مصنفہ لسان الملک صفحہ

محمد عادل شاہ

(سنہ ۱۰۳۷ سنہ ۱۰۶۷ھ)

محمد کا عہد حکومت ہر لحاظ سے بیجاپور کا سنہری دور کہلانے کا مستحق ہے، اس نے نہایت شاندار اور پُر امن زندگی بسر کی، اُس کے زمانہ میں آبادی بہت بڑھ گئی تھی اور ہندو مسلم اتحاد اپنے معراج پر تھا، ہر مضمون اور ہر زبان کی تعلیم کے لئے مدارس کھولے گئے اور ہر فن کا ایک علیحدہ استاد مقرر کیا گیا تھا۔ طالب علموں کو ہر قسم کی مدد دیجاتی تھی، بادشاہ روزآنہ صبح تین گھنٹے علما، اور شعرا، سے ملاکرتا تھا، ہر سال محرم کے مہینہ میں، طالب علموں، عالموں اور مذہبی پیشواؤں کو نہایت فیاضی کے ساتھ تحفہ تحائف تقسیم کئے جاتے تھے۔

اِس میں شک نہیں کہ ابراہیم کے زمانہ کے علما، و فضلا، اس کے دربار میں بھی موجود تھے لیکن بعض حیثیتوں سے اس کا ادبی دائرہ مقابلتہً بہت وسیع تھا اِس لئے کہ اس کے دربار میں علما، میں سے شاہ نوراللہ ملا محمد حسن اور ملا حبیب اللہ، فارسی اور اُردو شعرا، میں سے ابراہیم صنعتی، مرزا دولت شاہ کمال خاں رستمی اور ملک خوشنود جیسی مشہور و معروف ہستیاں موجود تھیں، ان کے علاوہ ظہوری کا لڑکا ظہور بھی اس کے دربار کا رکن تھا جس نے "محمود نامہ" کے نام سے اس دور کی ایک عمدہ تاریخ لکھی ہے۔

پانچ اُردو تاریخی قطعے جن پر سنین ۱۰۳۷-۴۴ھ، ۴۶ھ، ۵۸ھ، ۶۴ھ اور ۶۵ھ درج ہیں۔ کے علاوہ اس عہد کی اردو کتابیں بھی اس وقت مخطوطات کی شکل میں محفوظ ہیں۔ لیکن اُن کا بیان کرنے سے پہلے ضروری معلوم ہوتا ہے کہ محمد عادل شاہ کی ملکہ خدیجہ سلطان کا ذکر کیا جائے۔

خدیجہ سلطان

بیجاپور میں ادب اُردو کا سنہری دور اس جلیل القدر ملکہ کا ممنون احسان ہے جس نے عرصہ دراز تک سلطنت عادل شاہی کی ادبی اور سیاسی کارروائیوں میں زبردست حصہ لیا ہے، اس کا پورا نام خدیجہ سلطان شہربانو تھا اور اس کو اکثر بڑے صاحب کے نام سے پکارا جاتا تھا، محمد قطب شاہ کی دختر اور عبداللہ قطب شاہ کی بہن ہونے کی وجہ سے اس کا بچپن گولکنڈہ کی ادبی فضا میں گذرا اور اس کی پرورش اسی ماحول میں ہوئی جو ابراہیم قطب شاہ کی آبیاریوں کی وجہ سے ادب اُردو کا گہوارہ بنا ہوا تھا۔

محمد عادل شاہ سے شادی ہونے کے بعد وہ بیجاپور آئی تو یہاں بھی اسے وہی ادبی ماحول نظر آیا کیونکہ اسکے خسر ابراہیم عادل شاہ نے بیجاپور کی ادبی فضا کو عروج پر پہنچا دیا تھا، خدیجہ سلطان نے یہاں آکر بہت جلد سیاسی اہمیت بھی پیدا کر لی اور خاص طور پر عالموں اور ادیبوں کی سرپرست ثابت ہوئی۔

اگرچہ اس کی ادبی کارگزاریوں کی کوئی فہرست اسوقت ہمارے پاس موجود نہیں ہے تاہم اس بات کا کافی ثبوت بہم پہنچتا ہے کہ اس نے اپنے زمانہ کی ادبی شخصیتوں کی زبردست سرپرستی کی ہے خود اس کے دربار میں کئی شاعر موجود تھے ملک خوشنود اس کا پسندیدہ شاعر اور ملازم تھا، آخر عمر میں جب کہ اس کا بیٹا علی عادل شاہ تخت نشین تھا وہ حج اور زیارت کے لئے عرب کے مقامات مقدسہ کو روانہ ہوئی، اس اہم واقعہ پر بیجاپوری شاعروں نے کئی نظمیں اور بیشمار تاریخی قطعے لکھے ہیں جن میں سے بعض ابتک محفوظ ہیں، اُن کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ لوگ اس کو کسقدر چاہتے اور کتنی عزت کرتے تھے۔

خاورنامہ سے اس کی ادبی دلچسپی کا ثبوت ملتا ہے کیونکہ یہ خود اسی کے ایما سے لکھا گیا تھا۔ اس اردو مثنوی کے فارسی خاتمہ سے اس امر کا اظہار ہوتا ہے کہ خدیجہ سلطان نے کسی خاص شاعر کو اس فارسی کتاب کے ترجمہ کرنے کے لئے نہیں کہا تھا بلکہ اس بات کا اعلان کر دیا تھا کہ جو کوئی بھی اس کتاب کا ترجمہ کریگا اس کو بیش بہا انعام دیئے جائینگے اور وہ اپنے زمانہ کا بہترین شاعر تصور کیا جائیگا۔

صنعتی

ابراہیم صنعتی بیجاپور کے اچھے شاعروں میں تھا یہ نہیں معلوم ہوسکا کہ اس کی پیدایش کس سنہ میں ہوئی اس کی تصنیف "قصہ حضرت تمیم انصاری" کے دیباچہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ابراہیم عادل شاہ کے عہد میں اس کی نشو و نما ہوئی۔ سلطان محمد عادل شاہ کا عہد حکومت بھی اُس نے دیکھا اسی آخری بادشاہ کے دربار کے اچھے شاعروں میں اس کا شمار ہوتا ہے جس کا ثبوت اس کی ان شاعرانہ قوتوں سے ملتا ہے جو قصہ "حضرت تمیم" میں ظاہر ہوئی ہیں۔

مصنف "بساتین السلاطین" نے محمد عادل شاہ کے دربار کے علما میں ایک شخص مولانا ابراہیم سبعی کا ذکر کیا ہے جس کا اثر نہ صرف دربار کے شعرا بلکہ خود سلطان محمد عادل شاہ پر بھی بے حد تھا چنانچہ اسکا نام "بساتین" میں سر فہرست علما میں لکھا گیا ہے۔ بساتین کا مصنف نہایت عزت کے ساتھ اس کے علمی سحر اور اعلیٰ قابلیتوں کا ذکر کرتا ہے غالباً یہ صنعتی ہی ہے جو کاتب کی غلطی سے بگڑ کر سبعی ہوگیا ہے۔

صنعتی کا کلام بلند پایہ ہے۔ لطیف اور برجستہ تشبیہوں اور مصورانہ بیانات کے لحاظ سے قدیم شعرا میں سے کسی کا کلام سوائے وجہی کے اس رتبہ کو نہیں پہنچتا۔ اس کے مخطوطے کتب خانہ کلیہ جامعہ عثمانیہ اور نواب عنایت جنگ بہادر کے یہاں محفوظ ہیں۔

کمال خاں رستمی

(۱۰۵۹ھ)

رستمی کو اکثر رسمی کہا جاتا ہے لیکن یہ غلط ہے اس کا اصل تخلص رستمی ہے رستمی اسماعیل خطاط خان کا بیٹا تھا جو بیجاپور کے دربار میں ملازم تھا اس کے آباو اجداد چھ پشت سے بہ حیثیت خوشنویس کے یہاں ملازم تھے اسی لئے ان کو خطاط خاں کا خطاب دیا گیا تھا۔

رستمی نے بہت سے اردو قصیدے اور غزلیں لکھی ہیں مگر افسوس کہ اس وقت ان کا کہیں پتہ نہیں چلتا البتہ مثنوی "خاورنامہ" کے اختتام پر اس کا ذکر ہے یہ مخطوطہ انڈیا آفس لائبریری میں موجود ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ نہ صرف ایک اچھا شاعر بلکہ ایک نثر نگار تھا اور فن شاعری کے لحاظ سے اس کے فارسی اور دکنی قصیدے اور غزلیں بہت جامع تھیں۔

خاورنامہ ابن حسام کی ایک فارسی نظم کا لفظی ترجمہ ہے یہ ایک رزمیہ نظم ہے جس میں حضرت علی اور آپ کے ہم عصروں کے درمیان جو لڑائیاں اور جھگڑے ہوئے ان کا ذکر ہے جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے یہ نظم سنہ ۱۰۵۹ میں بڑے صاحب خدیجہ سلطان کے ایما سے لکھی گئی اور ڈیڑھ سال کے اندر پوری ہوئی اس میں ۲۴۰۰ چوبیس ہزار شعر ہیں اور شاید یہ دکھنی زبان کی سب سے بڑی نظم ہے۔

یہ کتاب فردوسی کے شاہنامہ یا مولانا روم کی مثنوی کی طرز پر اعلیٰ پیمانہ پر اور بڑی تقطیع پر لکھی گئی ہے اس میں تقریباً ہر صفحہ پر رنگین تصاویر ہیں اور بعض جگہ تو پورے صفحہ پر تصاویر اتری ہوئی ہیں اکثر تصویروں پر اشخاص کے نام درج ہیں اس مخطوطہ میں کہیں نہ تو کاتب ہی کا نام ہے اور نہ تو تاریخ کا حوالہ اس کی تقطیع

کاغذ خطاطی اور تصاویر کے دیکھنے سے اس بات کا گمان ہوتا ہے کہ شاید یہ بیجاپور کے شاہی کتب خانہ کے لئے لکھی گئی تھی مگر اس طرح کے اعلیٰ اور عمدہ مخطوطہ کو دیکھکر یہ خیال کیا جا سکتا ہے کہ اس میں عمدہ عمدہ تصاویر ہوں گی لیکن افسوس ہے کہ جب ہم اس کا گولکنڈہ کے مخطوطوں سے مقابلہ کرتے ہیں تو یہ چیز بالکل بھونڈی معلوم ہوتی ہے

یہ نظم خدا کی حمد اور اس کی مخلوق کی تعریف سے شروع ہوتی ہے جس میں شاعر نے آسمان اور ستاروں کا ذکر علیحدہ علیحدہ عنوان کے تحت کیا ہے دیگر عنوانات "انسان کی خصوصیات" "اس کی افضلیت" اور "مناجات" سے متعلق ہیں، موخر الذکر کسیقدر نامکمل نظر آتا ہے، "مدینہ کی تعریف" پر بھی ایک علیحدہ عنوان قرار دیا گیا ہے، یہ نعت کا آخری حصہ ہے جس کے چند صفحات غالباً غائب ہیں۔

"رات" پر بھی رستمی نے ایک علیحدہ عنوان قائم کیا ہے جو بہت اہم ہے اس میں فردوسی کی تعریف کی گئی ہے اور شاعر یہ تصور کرتا ہے کہ وہ جنت میں ہے فردوسی کی تصویر بھی دی گئی ہے اس طرح ہے کہ ایک نوجوان آدمی، مختصر مونچھ اور ڈاڑھی کے ساتھ جنت میں دست بدعا ہے۔ اختتام پر رستمی نے اس نظم کی وجہ تصنیف بھی بتلائی ہے۔ دیگر دکنی شاعروں کی طرح رستمی نے بھی شاعری اور بلند پایہ شاعروں کی ابدالآباد شہرت کے متعلق اپنے اعتقادات کا اظہار کیا ہے، اگرچہ اس نے بہت سی نظمیں لکھی ہیں تاہم اس کے خیال میں کوئی بڑا اور مستقل کارنامہ دنیا کے آگے پیش نہیں کیا گیا۔ چنانچہ جب کبھی وہ کچھ لکھنا چاہتا ہے خیال کرنے لگتا ہے کہ اس کے پیشروؤں نے سب چیزوں کو بیان کر دیا ہے اور کوئی چیز ان سے نہیں چھوٹی اسی وجہ سے وہ کسی اچھی چیز کے ترجمہ کرنے ہی کو بہت مناسب سمجھتا ہے، چنانچہ جب خدیجہ بانو نے خاورنامہ کے ترجمہ کے لئے اعلان کیا تو اس کے خیالات اور بھی مستقل ہو گئے، اور خاورنامہ کا ترجمہ عمل میں آیا۔

ایک عجیب غریب بات یہ ہے کہ اس مثنوی میں بادشاہ کی تعریف نہیں کی گئی ہے حالانکہ یہ چیز دکنی مثنویوں کی خصوصیات سے ہے۔ اختتام پر جب شاعر اپنی اس مثنوی کا ذکر کرتے ہوئے لکھتا ہے کہ یہ چیز اس کیلئے روزی پیدا کرنے کا باعث ہوگی تو اسوقت بھی وہ مبالغہ اور بڑائی سے کام نہیں لیتا اور صرف اتنا لکھتا ہے کہ یہ ایک شاہنامہ ہے اور امید ہے کہ بادشاہ کو پسند آئیگا۔

اس مثنوی کی خوبی یہ ہے کہ زبان اور اسلوب بیان کے لحاظ سے یہ ان مثنویوں سے سادہ اور سلیس ہے جو اسکے ایک زمانہ بعد لکھی گئیں۔ اتنی بڑی مثنوی کا ایسی استادانہ زبان میں لکھنا صرف اسی شخص کا حصہ ہے جس نے فن شاعری میں خوب محنت کی ہو اس کے اکثر حصے بجائے نظم کے نثر میں معلوم ہوتے ہیں اس لحاظ سے بلاشبہ یہ مثنوی بیجاپور کی تمام مثنویوں میں سب سے بڑی اور سب سے سادہ ہے۔

ملک خوشنود

(۱۰۳۵ - ۱۰۶۷ء)

یہ شاعر پہلے گولکنڈہ کا ایک غلام تھا اس کی پرورش محمد قلی قطب شاہ کے محل میں ہوئی، ایک ہوشیار نوجوان ہونے کی وجہ سے اسے محمد قلی قطب شاہ کی شہزادی، خدیجہ سلطان کے ہمراہ خانگی نوکر کی حیثیت سے بیجاپور روانہ کیا گیا تھا۔ جس وقت دلہن دلہا کے شہر کو روانہ ہو رہی تھی تو اثنائے سفر میں خدیجہ سلطان، ملک خوشنود کے حسن انتظام (یعنی جہیز کی حفاظت اور دیگر احکام کی تعمیل) سے اتنی خوش ہوئی کہ بیجاپور آ کر اس کی عزت افزائی کی اور محل ہی میں ایک اعلیٰ خدمت پر ممتاز کیا۔

چونکہ ملکہ ادبیات کی سرپرست تھی خوشنود نے اس ماحول میں رہ کر بہت جلد ترقی کر لی جس کا ذکر ہم بعد میں کرینگے۔ اس کی اعلیٰ شخصی خصوصیات نے اس کی معاشرتی حیثیت کو بھی بہت بلند کر دیا اور تھوڑے ہی عرصہ کے اندر اندر وہ درباریوں میں شمار کیا جانے لگا اور یہاں تک کہ ۱۰۴۵ھ میں تو اس کو سفارت کا بھی اہل سمجھا گیا۔

گولکنڈہ کی مستند تاریخ حدیقۃ السلاطین میں خوشنود کے ان اعلیٰ خدمات کا ذکر ہے جو اُس نے بحیثیت سفیر کے انجام دی تھیں، مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں اُنکا خلاصہ پیش کیا جائے۔

۱۰۴۵ھ میں محمد عادل شاہ، شاہ بیجاپور نے اپنے وزیر اعظم خواص خاں کی خودسری سے تنگ آ کر اپنے سالے عبداللہ قطب شاہ گولکنڈہ سے امداد کی درخواست کرنی چاہی، اس مقصد کے لئے اس نے اپنے درباری شاعر ملک خوشنود کو تحفے تحائف دیکر گولکنڈہ روانہ کیا تاکہ وہ وہاں جا کر سارا ماجرا بیان کرے ملک خوشنود

دولت

مرزا دولت شاہ، عادل شاہی دور میں، فارسی زبان کا ایک بلند پایہ شاعر تھا اور جیسا کہ احوال میں مذکور ہے اردو زبان میں بھی نظمیں لکھا کرتا تھا۔ اگرچہ اس کو نصرتی کا ہمعصر بتلایا جاتا ہے لیکن حقیقت میں وہ اس سے پہلے کا شاعر ہے۔ یہ بہت ممکن ہے کہ دولت علی عادل شاہ کی سرپرستی کے اثر سے فارسی لکھنا چھوڑ کر نصرتی کی زیر نگرانی اُردو لکھنے لگا ہو۔

چونکہ اس دولت کے علاوہ بیجاپور کے شاعروں میں اس نام کے کسی دوسرے شاعر کا پتہ نہیں چلتا اس لئے یہ قرین قیاس معلوم ہوتا ہے کہ یہ وہی شاعر ہے جس نے ۱۰۵۰ھ میں امین کی بہرام و بانوے حسن کی تکمیل کی ہے، اختتام پر دولت نے اپنے متعلق بہت کم باتیں لکھی ہیں۔ اس سے صرف اس امر کا پتہ چلتا ہے کہ دولت سید ول کا بے حد شیدائی ہونے کے علاوہ بہت خلیق آدمی بھی تھا۔

احوال کے مصنف نے اس کی شاعری کی جی کھول کر تعریف کی اور اس کے خیال میں دولت ایک سنجیدہ اور بامذاق شاعر تھا، اس کو استاد فن مانا جاتا تھا اور اس کے بہت معتقد اور شاگرد تھے۔



علی عادل شاہ ثانی

علی عادل شاہ ثانی

(۱۰۶۷-۱۰۸۳)

باپ کے عہدِ حکومت میں علی کی پرورش چونکہ نہایت ہی ہتم بالشان ادبی ماحول میں ہوئی اس لئے بچپن ہی سے اس کا میلانِ طبع ادب کی طرف تھا، اس کی ماں خدیجہ سلطان ایک علم دوست عورت تھی، علی پر اس کا بہت اثر تھا حتیٰ کہ علی جب بڑا ہو گیا اور بادشاہ بن بیٹھا تب بھی اس کا وہی اثر برابر قائم رہا۔

اس کی تعلیم اردو داں علماء کی صحبت میں ہوئی اور وہ ولی عہدی کے زمانہ ہی میں ایک اچھا شاعر بن گیا اسی زمانہ سے وہ علماء اور شعراء کو اپنے پاس بلاتا اور ان کی خوب آؤ بھگت کرتا تھا، اسے ادب سے اسقدر شغف تھا کہ اپنے ساتھیوں اور حتیٰ کہ ملازموں کو بھی شعر کہنے پر مجبور کرتا تھا۔ مزید برآں شعر کہنے کی اسے خود اسقدر مشق ہو گئی تھی کہ وہ اپنے ساتھیوں کی نظمیں خود درست کرتا تھا اسی لئے وہ "استادِ عالم" کے نام سے مشہور ہو گیا تھا اس کا تخلص "شاہی" ہے[1]۔

جب وہ تخت نشین ہوا تو اس کے باپ کے دربار کے فارسی گو شاعر جن میں مرزا مقیم، شاہ نور اللہ، مرزا دولت شاہ اور حکیم آتشی شامل ہیں اردو زبان میں شعر کہنے لگے، اس کا ثبوت اس زمانہ کی مستند تواریخ سے ملتا ہے ان تواریخ میں اس بات کا بھی حوالہ ہے کہ اس نے اردو زبان کے متعدد شاعروں کی سرپرستی کی اور نصرتی کو حکومت کی جانب سے ملک الشعراء کا خطاب عطا کیا۔

یہ بڑی بدقسمتی کی بات ہے کہ علی کے کارناموں کا کہیں پتہ نہیں چلتا حالانکہ اس کے دربار کا مورخ نور اللہ

---

[1] دیکھو بساتین۔ برٹش میوزیم مخطوطہ نمبر ۴۶۳۶۹ ورق ۹۳ - الف -

لکھتا ہے کہ شاہ ابو المعالی کے ذمہ اس کی تمام نظمیں جمع کرنے کا کام تھا رقم نے ایڈنبرا یونیورسٹی کے بیاض مراثی میں شاہی یا شہی نامی شاعر کے دو مرثیے دیکھے ہیں جن میں ۹ اشعار ہیں چونکہ علی عادل شاہ کا تخلص بھی شاہی تھا اس لئے ممکن ہے کہ یہ مرثیے اس کے نتیجۂ فکر ہوں۔ اس عہد کے شعرا میں ہم کو ذوقی شاہ ملک شاہ امین، ہاشمی، مرزا اور ایاغی کے متعلق معلومات حاصل ہیں۔

نصرتی

اس کے والدین۔ ان کا مذہب اور پیشہ۔

نصرتی کے متعلق اکثر یہ کہا جاتا ہے کہ وہ یا تو برہمن تھا یا نومسلم۔ گارساں دتاسی جس نے سب سے پہلے یہ بتلایا ہے[1] کہ وہ برہمن تھا اپنے خیال کے ثبوت میں کوئی مستند حوالہ پیش نہیں کرتا قدیم فارسی تواریخ میں صرف نصرتی کی شاعری کا ذکر ہے کہیں کسی نے بھی اس کے نسب پر کچھ نہ لکھا حالانکہ یہ اس زمانہ کے مورخین کا دستور تھا[2]

دوسری بات یہ ہے کہ اگر وہ ہندو یا نومسلم ہوتا تو مسلمان مورخین مثلاً صاحب حضرت غلام مرتضیٰ اور پیرزادہ غلام محی الدین کبھی اس کی اس قدر تعریف نہ کرتے۔

جہاں تک خارجی شہادتوں کا تعلق ہے نصرتی کے اجداد کے متعلق سوائے مسلمان ہونے کے اور کسی بات کا ثبوت نہیں ملتا علاوہ ازیں اندرونی شہادتیں بھی ان کی تائید کرتی ہیں مثلاً۔

۱۔ فارسی اور عربی ادب میں نصرتی کی اعلیٰ معلومات، مذہب اسلام کی خصوصیات کا علم اور صوفیانہ عقائد پر عبور جس کا اس کی شاعری سے پتہ چلتا ہے اور خصوصاً مثنوی کے وہ حصے جو بالکلیہ مذہبی باتوں پر لکھے ہوئے ہیں اس بات کے علانیہ ثبوت ہے کہ وہ ہرگز نومسلم نہیں تھا اور عادل شاہی دور میں ایک نومسلم سے ان باتوں کی توقع کرنا بے جا ہے۔

۲۔ "گلشن عشق" میں نصرتی نے خواجہ بندہ نواز رحمہ کی مدح کے بعد اپنے اجداد کے متعلق لکھا ہے۔

---

[1] دیکھو تاریخ ادبیات ہندوستانی جلد دوم ص ۴۸۵-۸۷

[2] دیکھو ۱۔ بساتین۔ برٹش میوزیم۔ مخطوطہ اڈیشنل نمبر ۲۵۴۲ ص ۱۰۴

۲۔ احوال مؤلفہ غلام محی الدین برٹش میوزیم مخطوطہ اڈیشنل (۲۶۲۷۰)

۳۔ واقعات مؤلفہ قاضی شیخ ابو الحسن۔ مخطوطہ اڈیشنل (۲۶۲۷۰)

بحمد اللہ کرسی بہ کرسی میری   چلی آئی ہے بندگی میں تری
جو ہوں میں بھی بندہ اسیر ہوا   جو آیا ہوں تجہ بندگی میں سدا

۳۔ اسی میں علی عادل شاہ کی مدح کے سلسلہ میں وہ اپنے حقیقی پیشہ کا ذکر اس طور پر کرتا ہے:

جو میں یک اصل میں سپاہی اتھا   فدا در گہے بادشاہی اتھا
منجے تربیت کر توں ظاہر کیا   شعور اس ہنر کا دے شاعر کیا

”گلشن عشق“ میں ایک اور جگہ اسی قسم کی ایک اہم شہادت ملتی ہے نصرتی لکھتا ہے کہ اس کا باپ ایک بہادر اور فرمانبردار سپاہی تھا اور بادشاہ کے لئے ہمیشہ سر نثار کرنے کو تیار تھا، نصرتی کو وہ اعلیٰ سوسائٹی میں لیجاتا تھا اور قابل قابل استادوں کو مقرر کر کے اُس نے اسے تعلیم بھی دلائی۔

جو تھا منج پدر یک شجاعت مآب   قدیم یک سلحدار جمع رکاب
اوسے کام پر زندگانی منے   کمر بستہ تھا جانفشانی منے
بنجانے سنم آپ نا نیک کام   اپس زندگی میں کیا خوب کام
نظر دھر کے منج تربیت میں سدا   رکھیا نیں منجے اپستے کر جدا
سکھ منجہ تھے جانے کوں ان تس منے   پھرے لے بزرگاں کے مجلس منے
معلم جو میرے جتے خاص تھے   دھرن ہار او منج سوں اخلاص تھے
نجانے سبق کوئی بیرا بار دل   دہرن ہار تھے پیار رہو یار دل

اِن تمام شہادتوں سے ثابت ہوتا ہے کہ

(ا) نصرتی کے باپ دادا اسلمان سپاہی تھے۔

(ب) خواجہ بندہ نواز کے دل سے معتقد تھے

(ج) اس کا باپ شاہی فوج میں سلح داری کے عہدہ پر مامور تھا۔

(د) وہ خود بھی بادشاہ کا سپاہی تھا اور شاید شہزادہ کے ہمرکاب رہا کرتا تھا اس کے بعد علی نے اپنی ولی عہدی کے زمانہ ہی میں اس کو شاعری کی تعلیم دلوائی۔

۲۔ اس کی ابتدائی زندگی۔

نصرتی ان چند قدیم شاعروں سے ہے جنہوں نے اپنی زندگی کے متعلق کچھ حالات چھوڑے ہیں گلشن عشق میں

عنوان "حسب حال خود" کے تحت اُس نے صاف طور پر یہ تبلایا ہے کہ اس کا باپ اس کی کافی دیکھ بھال کرتا تھا، اسے اپنے ساتھ رکھا کرتا اور جہاں جاتا بھی اپنے ہمراہ لیجایا کرتا اس نے اُس کی تعلیم کے لئے کئی اُستاد مقرر کئے جو اس پر خاص طور سے مہربان تھے اور اسی وجہ سے تعلیم سے اس کا جی اُکتاتا نہیں تھا، علاوہ ازیں اُس نے بچپن ہی میں کئی ایک کتابوں کا مطالعہ کیا اور اسمیں شاعری کا ذوق پیدا ہوگیا۔

کچھ یک جب سنبھالا ہیں اپنا شعور   گیا کر کتاباں پہ اکثر عبور
نچھایا ہر یک طرح کا پھول بن   رکھیا دل میں تس باغبانی کے فن
دیکھیا جوں جو ہر بزم میں کر خیال   حریفاں کئے ہیں سو سرت حال
بھی ہنج پہ معشوق ہو شوق تھا   اپس کے نظارے میں نت ذوق تھا

16079

اس کی شاعری سے بھی ان واقعات کی تائید ہوتی ہے جن سے فی الحقیقت یہ ثابت ہوتا ہے کہ فارسی اور عربی میں اسے کافی مہارت حاصل تھی اور اس کی مذہبی معلومات بھی نہایت پختہ تھیں۔

ساتھ ہی ساتھ اس سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ نصرتی بہت دنوں تک سپاہی نہیں رہا اس لئے کہ شہزادہ علی نے اس کو اس زمانہ ہی میں تعلیم دلوائی جب کہ دو لو نوجوان تھے، شہزادہ کی عمر اسوقت شاید سولہ۱۶ یا سترہ۱۷ برس کی تھی کیونکہ وہ انیس۱۹ برس کی عمر میں تخت نشین ہوا نیز نصرتی بھی جیسا کہ واقعات سے ظاہر ہوتا ہے جوان تھا۔

انگی تب نکل ہنج اوپر تے چلی   سکی شاخ جب بار دھرتے چلی
مرا من دسیا صاف گوہر کا کمن   انگے دینھارا اسو لک رتن
رتن کمن تھے نکلے جو اول سنو   بجا دیں نہاں کے انگے راہ رو
مرا شاہ یو جک اہے جوہری   وو شہزادگی میں اتھا مشتری
نوے چاند سابغہ (جوکہ) جو بالا اتھا   چرنت بدر دن دن اجالا اتھا
میری طبع کی کمن کوں قابل پچھاں   نکوئی کمن ہے کہ اس مقابل پچھاں
دہر نہار اکثر اثر مہر کی   رکھیا سنجہ طرف نت نظر مہر کی
جو بخشا جم اس مہر نے آب و تاب   ہر اک فعل رنگیں ہوا آفتاب
رتن یو جو دیک زمن کے ہوئے   سزاوار شہ انجمن کے ہوئے

جیسے ہی نصرتی شہزادہ کا رفیق اور مصاحب بن گیا اُس کی شاعری پھولنے پھلنے لگی اور وہ بہت جلد

عوام میں مشہور ہو گیا۔

جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے شہزادہ علی خود بھی ایک شاعر تھا اور چاہتا تھا کہ اس کے تمام ملازم بھی اس کی تقلید کریں نہ صرف یہی بلکہ شوق اس قدر زبردست تھا کہ وہ خود اُن کی نظمیں درست کرتا تھا، چنانچہ نصرتی اس کو نہ صرف بحیثیت ایک سرپرست پادشاہ کے بلکہ اپنے استاد کی حیثیت سے بھی پیش کرتا ہے، اس کا مدحیہ کلام دوسرے شاعروں کے جیسا نہیں ہے جیسے شاعر اپنے سرپرست کی مدح صرف مدح کی خاطر کرتے ہیں بلکہ اس کے کلام سے ظاہر ہوتا ہے کہ بادشاہ سے اسے بہت خلوص تھا اور وہ سچے دل سے بادشاہ کی عزت کرتا تھا، اس کا ہر جگہ ثبوت ملتا ہے چنانچہ۔

(ا)۔ دیکھو گلشن عشق میں، ح عادل شاہ۔

سنے یو سخن بادشاہ یاد ہے　　　پچھیں پیر کے وصف اُستاد ہے
مج اُستاد استادِ عالم اچھے　　　دیا علم از بر جیے جسم اچھے
مجھے تربیت توں کیا ہے اگر　　　دکھایا ہوں کر آج ایسا ہنر
مرا طبع یک باغ محبوب ہے　　　جے بار پھل پھول اپر دب ہے
لگایا ترا تو منجہ ایس تب سوں پال　　　جوا د جوہری جگ کوں اچھو نہال
منجے تربیت کر توں ظاہر کیا　　　شعور اس ہنر کا دے شاعر کیا
وگرنہ نہ تھا منجہ یوں کسب کمال　　　کتا ہوں اپنا میں سخن حسب حال

(ب)۔ دیکھو گلشن عشق کے آخری شعر۔

جنم خام تھا سو دکھن کا کلام　　　ہوا پختہ تجہ تربیت سے تمام
ترے شاعراں شعر نازک بنائے　　　کہ جیوں وصف غالب میں خوب ات بنائے
خصوصاً جو میں تجہ تے پایا ہوں فیض　　　دیں پھول جگ میں دکھایا ہوں فیض

(ج)۔ دیکھو ہی نظم کے دیباچہ میں عنوان منقبت کے تحت

خصوصاً علی شاہ عادل علی　　　ترا نازکاری ہوے ات بلی
او منج من کرن پروردہ بہتر کیا　　　تربیاں سوں سب جگ معتبر کیا

(د)۔ دیکھو دیباچہ میں۔

سورج باج تا رنگ پکڑے رتن   چند ربن نہ خوشبو دہرے پہولبن
کئے باج استاد کوئی تربیت   نہ کوئی ہو سکے قابل حیثیت
بحمد اللہ یہ کیا بڑے بخت آج   نہ اُستاد کوئی مجہ علی شہ کے باج
کہ شہ مجہ طبیعت کی تیزی کوں پال   سکایا ہے جب تے بڑے ڈہڑ چال

جب علی تخت نشین ہوا تو نصرتی کو اپنے دربار میں بلا کر اس کی بہت عزت کی اس کو درباری شاعر مقرر کیا اس کی شاعری میں بے حد دلچسپی لینے لگا اور اس کی تنخواہ اس قدر بڑھا دی کہ کبھی اسے اپنی گذر اوقات کے متعلق غور و فکر کرنا ہی نہ پڑا۔

ملک تخت شہ کوں مبارک ہوا   اپنک سایہ حق تبارک ہوا
تو تھا عین شہ کامرانی سنے   جہانبانی و شادمانی سنے
بلا بھیجے بندے کو تس حال میں   نظر رکھ مرے بے بہا مال میں
پرکتا چلیا یوں رتن سربسر   تھکے ایک پارکھ یو ایل اہل نظر(۹)
وہیں جگ میں بندہ رہنے بے نیاز   رکھیا اپنی خدمت سنے سرفراز

۳۔ اس کا مذہب اور کردار۔

نصرتی غالباً سنی مسلمان تھا کیونکہ

۱۔ وہ اپنی مثنویوں میں پہلے تین خلفا کی تعریف کرتا ہے اگرچہ حضرت علی کی تعریف میں بھی بہت کچھ لکھا ہے۔

۲۔ اپنے ہر دو کارناموں میں اُس نے حضرت خواجہ بندہ نوازؒ کی تعریف کی ہے اور جیسا کہ ہم نے پہلے بھی اس کا ذکر کر دیا ہے۔ وہ اور اس کا خاندان حضرت خواجہ بندہ نوازؒ کا مرید تھا۔

۳۔ وہ صوفیانہ عقائد کا پیرو تھا اور اکثر ٹیڑھی اور مشکل صوفیانہ اصطلاحات کا بھی استعمال کرتا ہے اور خود کو بھی ایک صوفی تصور کرتا ہے۔

ذیل کے بیانات سے مذکورہ بالا دلائل اور بھی مضبوط ہو جاتے ہیں۔

(۱) گلشن عشق کے دیباچہ میں۔

مرے من کا طوطی تو بے کام ہے   کہ آتا سو بات اسکو الہام ہے

نکلتا ہے جوں نے تے آواز بعار   اچھے دم میں دو سے کے بے اختیار

(ب)۔ علی نامہ کے دیباچہ میں۔

مرے مکھ تے کاڑ اس اثر کا کلام   کہ ہر حرف ہووے مے پرستاں کو جام
دہرن ہار اثر حال کا قال دے   دلاں کوں جم اس قال تے حال دے
مرے قول انگے بحث کرب کی رو   سخن کر مرا عارفاں میں سند
سیاہی کوں کر میری ظلمات ذات   قلم میں میری خضر کی دے صفات
گلستان میں ہر انجمن کے دھرا   مرے خوش سخنے کا بستاں سرا

(ج)۔ اس کے تمام دوست مثلاً قاضی کریم اللہ، شاہ ابوالمعالی اور شاہ نوراللہ جنکا ہم آگے چل کر ذکر کرینگے سنّی تھے اور نصرتی اُن کے ساتھ نماز کو جایا کرتا تھا۔ نصرتی فرائض مذہبی کا سختی کے ساتھ پابند نہیں تھا چنانچہ قہر آلہی سے خوف زدہ ہو کر وہ اکثر اپنے آپ کو ملامت کرتا ہے، گلشن عشق کے ابتدائی حصہ میں وہ اپنے گناہوں کا اقرار کرتا ہے اور خدا کا شکر بجالاتا ہے کہ باوجود گناہگار اور مذہبی فرائض کی ادائی سے غافل ہونے کے خدا نے اس کو دنیا میں سرخرو رکھا۔ صوفیانہ اعتقاد رکھنے کے باعث اس کا اخلاقی معیار بھی بہت بلند ہوگیا، اگرچہ دنیا میں اُس نے بہت شان کی زندگی بسر کی اور بحیثیت ایک شاعر کے اس کو زندگی ہی میں کافی شہرت ہوگئی تھی تاہم وہ خود کو دنیا دار تصور نہیں کرتا تھا فقیرانہ زندگی کا خواہاں تھا اور آرزو تھی کہ صوفی اس کی شاعری کو پسند کریں وہ شاعری کو اپنی شہرت کا ذریعہ بنانا نہیں چاہتا تھا بلکہ اسکا مطمح نظر یہ تھا کہ عوام اور ہمعصر شعراء اس سے فائدہ اٹھائیں اور ان کی ہمت بڑھے۔

علی نامہ کی ابتدا میں۔

مجھے خوب کاماں کی توفیق دے   اپے حق سو کر مجھ پہ تحقیق دے
مرے شعر سوں زندہ دہر ہر شعور   سمجھ مج بچن تے تو کر جگ میں پور
خیالاں کوں مجھ باؤ کی اوج دے   طبیعت کوں دریا کی نت موج دے

گلشن عشق کی ابتدا میں۔

سخن دل میں ایمان ہار اتھیں   زبان پر لئے بیان ہار اتھیں

عطا ان گنت تیری پایا ہوں میں   تجھے مہرباں کر پچھانیا ہوں میں
معانی کے کھن کی منجے دے دوات   جو ہر بات میں کئی رتن آئیں ہات
دے ایسا سخن کے جہاں میں قلم   جو الہام کی فوج کا ہوے علم
دیکھایوں جو تج فیض تے کر جال   کر اس شعر کوں عین سحر حلال
ہر اک حرف تیں کر دکھا جام جسم   معانی میں تس بھر مسیحا کا دم

جب کبھی وہ اپنی شاعری کی تعریف کرتا ہے تو صاف طور پر اس بات کا اظہار کرتا ہے کہ اس تعریف کی وجہ خود نمائی نہیں ہے بلکہ یہ اُن لوگوں کا جواب ہے جو دکھنی شاعری کو ناقابل توجہ اور بیکار سمجھتے ہیں۔

(ا)۔ "علی نامہ" کو منظوم کرنے کے وجوہات بیان کرتے وقت

مری بات میں لاف نہیں بے خلاف   کہ نادان کا ہے ہنر عین لاف
کہ یو شعر ہیں آج اس دھات سات   کھیا۔ و بڑے دبدبے کے سنگات
کیا میں تو قطع نظر لاف سوں   ولے داد ہے اہل انصاف سوں
کہ کیوں میں پکڑ آج بات یک نوی   زبوں بات کوں کر دکھایا قوی
کرے بات انگے کوئی جو دکھنیا بہ بد   سند لیا کے یو شعر کرنا ہے بد
اول کے اگر لوگ برنا و پیر   کتے تھے کہ ہے شعر دکھنی حقیر
حقیقت میں ان کی طرف حق اتھا   کہ تب شعر بے مایہ مطلق اتھا
ہوا جب تے استاد عالم علی   سخن کوں سکت دے کیا مہ بلی
سزاوار تحسین ہے ئی شعر آج   نکوئی رکھ سکے بات حاسد کے بلج
پسند شعر کرنا ہے بس (ہی) عاقلاں   ایس ٹھارا اچھو حاسداں جاہلاں

(ب)۔ گلشن عشق میں علی عادل شاہ کی تعریف کرتے وقت۔

جنم نام تھا سو دکھن کا کلام   ہوا پختہ تجہ تربیت تے تمام
بڑے شاعراں شعر نازک بنائے   کہ جس وصف قالب میں خوباں کے جائے
سمجھنا ہے باریک دیناں کا فن   جو اول اتھا کیا سو شعر دکھن
اتا کے جو کہیں شعر سو سر سری   سونے تو کہے مرحبا انوری

دکھن کا کہیں شعراب بے عدد   لکھیں کہنہ تقویم مانند رو

بیجاپور کے شاعروں میں نصرتی ہی ایک ایسا شاعر ہے جس نے اپنے وطن کے ساتھ خاص دلچسپی کا اظہار کیا ہے وہ اس کی وقعت کرتا ہے، اور اس کی نظموں میں اکثر جگہ اس کی اس حب الوطنی کے ثبوت ملتے ہیں۔

۴۔ اس کی درباری زندگی اور احباب۔

اگرچہ نصرتی کی ادبی کوشش محمد عادل شاہ کے زمانہ ہی میں شروع ہو گئیں تھیں تاہم اس زمانہ میں اس کو اس قدر شہرت حاصل نہ تھی چنانچہ وہ کہتا ہے "جب علی بادشاہ ہوا، اس نے مجھے طلب کیا اور اس قدر سرفراز کیا کہ میں دنیوی جھگڑوں سے بالکل آزاد ہو گیا۔

ملک تخت شہ کوں مبارک ہوا   اپنک سایۂ حق تبارک ہوا
لگیا عین شہ کامرانی منے   جہانبانی و شادمانی منے
بلا بھیج بندے کوں تس حال میں   نظر رکھ مرے بے بہا مال میں
وہیں جگ میں بندہ رہیا بے نیاز   رکھیا اپنی خدمت میں کر سرفراز
فلک یوں نیکی چال کا کم نظر   سمجھ طبع کے ہنجے گہر کوں کنکر
نہ سمجھے گہر کوئی مرا قدر بار   رکھیا تھا اُدک ہت سوں تب بین پار

اسی ہمت افزائی نے اسے گلشن عشق کے لکھنے کی ہمت بندھائی جو ایک سال کے اندر ہی یعنی ۱۰۶۸ھ میں پایۂ تکمیل کو پہونچ گئی اس میں اس نے اظہار تشکر کیا ہے اور نہایت عاجزانہ انداز میں کہتا ہے کہ اگرچہ اس کی شاعری کچھ بھی نہ تھی تاہم مراحم شاہانہ نے اس کی قدر افزائی کی اور اس کو اس قدر عالی شان رتبہ بخشا۔

لگایا ترا تو پنج الیں ہت سوں پال   جوا دو جوہری جگ کوں ہوے نہال
تہا اگرچہ یک جو نہ پاتا ہوں میں   وے ناؤں سوں تج بکاتا ہوں میں
نہ تو جانتا ہے کہ ہر حال میں   جو تیرے یچ خاصہ کا ہوں مال میں

ایک اور جگہ کہتا ہے۔

مجھے تربیت توں کیا ہے کہ گر   دکھایا ہوں کر آج ایسا ہنر
جو تعریف سن جس کی، دھر اشتیاق   منگاویں سمجھ تحفہ اہل عراق
ترے دور میں بے ہنر باد ہے   ہنر مند ہے سوجتے شاد ہے

جو توں شاہ عارف خریدار ہے   جتا مول کوں تو سزاوار ہے

نصرتی کتنے عرصہ تک شاہی دربار میں رہا اس کا جواب قدرے مشکل ہے تاہم اتنا ضرور یقین کے ساتھ کہا جا سکتا ہے کہ اس کام کو ختم کرنے کے بعد بھی وہ آٹھ برس تک شاہی دربار میں خراج تحسین وصول کرتا رہا اس کا ثبوت علی نامہ اور مختلف قصائد سے ملتا ہے جو اس زمانہ میں لکھے گئے تھے اور دوسری بات یہ ہے کہ دربار سے علیحدہ ہونے کی کوئی وجہ بھی نہیں، جب تک علی عادل شاہ زندہ تھا وہ برابر اس کے دربار میں رہتا لیکن افسوس یہ ہے کہ اس سے پہلے ہی یعنی ۱۰۸۳ھ میں نصرتی کا انتقال ہو گیا۔

"علی نامہ" میں اس کے منظوم کرنے کے وجوہات بہت اہمیت رکھتے ہیں، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ شاعر کو لکھنے کے لئے کس طرح فرمائش کی گئی، کون کون اس کے دربار میں دوست تھے اور شاہی دربار میں اسے کیا رتبہ حاصل تھا ان سے پتہ چلتا ہے کہ سرپرست اور شاعر کے درمیان نہایت دوستانہ اور بے تکلفانہ تعلقات تھے۔ وہ ہمیشہ بادشاہ کے ساتھ رہا کرتا تھا اور اس کی حیثیت مصاحب اور درباری شاعر سے کہیں زیادہ تھی بعض دفعہ تو وہ دیگر علما اور شعرا کے ساتھ رات رات بھر بادشاہ کے ساتھ رہتا تھا۔

ولے اس بڑے فن کے ڈونگر اگے   کھڑے تھے اٹک قصد نا کر انگے
مرے پر یو فکر مشکل پڑی   طبیعت چلانے کوں اوکل گھڑی
ایاسوں اسی اڑکے حیرت میں جاؤں   کرن مشکل آسان منگیا حق کیے یوں
ٹلی رات بعد از ہوا صبح وئیں   اتھا تب تلک شہ کی درگہ میں میں
دیکھت مج رخن شاہ عالم نواز   بڑے لیکے خدمت کرن سرفراز
سمے سوں نیں ہر اشارت کیئے   ولے دل سوں دل کوں بشارت کیئے
کہیا میں کہ بندے میں یو کاں ہے حد   کہوں تب جو استاد کا ہوے مدد
دیکھیا جو میں جو مجہ دل طرف کر خیال   لگی مجہ طبیعت کی چڑنے ابال
سمندر تے شہ فیض کی ہو ہو کے سیر   ہنر کا لگیا مہینوں برسن ابیر
سینے کے اوراق کے خوش چمن   ہوے سربسر قابل پھولبن

لیکن ساتھ ہی اس نظم میں چند عجیب باتیں لکھی ہیں جن سے پتہ چلتا ہے کہ اس زمانہ میں وہ کس قدر غیر مطمئن تھا، اس کی اصل وجہ معلوم نہیں ہوتی البتہ اس بات کا امکان ہے کہ اس وقت اس کے کسی عزیز یا دو

کا انتقال ہوگیا ہو۔

گئی تھی ونے تو مرے ہات تے — طبیعت زمانے کے ات گھات تے
دو بازو مرے دین و دنیا کے زور — ٹوٹے تھے سو تھا جیو میں مجھ عین شور
حقیقت میں یو مجھ گیا تھا بسر — طبیعت تے ہرگز نہ تھی کچ خبر

ایک اور جگہ بھی ہمیں اس کی خانگی زندگی کا پتہ چلتا ہے، پانچویں قصیدہ کے اختتام پر وہ یہ عذر پیش کرتا ہے کہ بعض تکالیف کی وجہ سے وہ اس سے بہتر قصیدہ نہ لکھ سکا۔ لیکن اس نے ایک ہی بات بیان کی ہے جس سے اس تکلیف کی حقیقت پر کچھ روشنی پڑتی ہے یعنی یہ کہ اس کی درباری زندگی تو خیر بہت ہی شاندار تھی لیکن خانگی زندگی تکلیف دہ تھی۔

١۔ اسکا لڑکا بے حد شریر تھا اکثر بھاگ جایا کرتا اور بالعموم اپنے باپ کی چیزوں کو بیچ دیا کرتا تھا۔

٢۔ اس کا مکان بہت ہی مختصر تھا اور آرام دہ نہ تھا بارش کے زمانہ میں سر چھپانے کو جگہ نہ تھی، اثاثہ بھی کچھ ایسا زیادہ نہ تھا، (اس نے اپنے مکان کا دلچسپ نقشہ بالکل میر کے انداز میں کھینچا ہے)۔

٣۔ اس کے ہمسائے ادنیٰ درجہ کے اور بدمعاش لوگ تھے، ہمیشہ ایکدوسرے سے لڑا کرتے اور اس کے امن میں خلل پیدا کرتے تھے۔

اے شہ رتن کا لکھن ہو اُج من سو تیرا فیض ہے
سب سوروتی نہوے حقا کہ مج یو شاعری
جن جن کے آج یوں قافیہ قصہ قصیدے میں کیا
یو بار نا اُکتا سکے پن طبع کی زور آوری
تھا کہ ظاہر یوں کروں سحر حلال اِس بات میں
جوں مج قلم ہو اژدہا لسرائے سحر سامری
پن کیا کروں اے شاہ میں کئی بات تے ستانا ہوں
اول تو ایسا گھر نہیں جہاں ٹھار ہور راحت بھری
گھر بی نہنا یک ہے ولے دایم ہیں کئی علت اُسے
لڑکا مدسول ہمسایہ بد ویسچ بھوئیں کی بدتری

مطلق ارازل قوم وو ہیں گر دا یسے بے حیا
سمجھیں وو گالی کھاو کوں سمجھیں گمت ہور مسخری
جنکی زبان تے لام کاف آتا ہے شیطان سیکنے
سانچی بنے جب کریں تعلیم جنگ زرگری
سونے منگے تو گھر میں تک ناتن میں اپری ہوچنک
ہو جوک لگتا ہر کمن کرتا ہے ہر پہیو نشتری

نصرتی کی وسیع نظری اور شریف کردار نے اس کی شہرت اور عزت میں چار چاند لگا دیے اس زمانہ کی ممتاز ترین ہستیوں میں وہ حد درجہ ہر دل عزیز تھا۔ خارجی شہادتوں کو چھوڑ دیجئے خود اس کی مثنوی گلشن عشق میں ہمیں اس کی شہرت کا ثبوت ملتا ہے۔ اس کے منظوم کرنے کی وجہ بیان کرتے وقت وہ اپنے دوست ابن عبدالصمد کے الفاظ دہراتا ہے جس کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے وہ اپنے ہمعصروں میں کسقدر ہر دلعزیز تھا

دکھن میں تو ہے آج نصرت قریا   بلند شعر کے فن کا سحر آفرین
جو جس ٹھار پر گت ترا چھند ہوئے   وہاں حاسداں کی زباں بند ہوئے
غنم کا غنیماں میں تجہ فن اچھے   ترے سامنے طعنہ زن زن اچھے
وندے تری شہرت سو بور بے رہیں   دیکھے انکھیاں رو کہ بھورے رہیں
رکھیگا توں جس ٹھار پر آ قدم   سکت کس ہو واں آسکے مار دم

ہمیں نہ تو اس کی نظموں کے پڑھنے سے اور نہ کسی اور جگہ اس بات کی شہادت ملتی ہے کہ دیگر ہمعصر قطب شاہی شاعروں کی طرح ادبی میدان میں کوئی اس کا مد مقابل تھا یا اس کی خوش بختی پر رشک کرتا تھا، بلکہ اس کے اشعار سے یہ واضح ہوتا ہے کہ وہ اور اس کے سب دوست ادب کے سرپرست تھے شعراء کو دربار میں پیش کرا کے اُن کی ہمت بڑھاتے اور ان میں شاعری کا شوق پیدا کراتے تھے۔

ہر اک شاعر اعلامہ دہر تھا   فضیلت میں استاد ہر شہر تھا
یک یک فن میں انشا کے یوں بے نظیر   کہ جہاں طفل مکتب فلک کا دبیر
یک یک شاعر اس دھات صاحب سخن   کرے فخر جن کے ہنر کا زمن
جو مجلس کے ادس شمع لامع اتھے   وہ ہر فن میں استاد جامع اتھے

جو خوش جوہراں کا ہے شہ مشتری — تو ہر یک ہنر کے اول جوہری
پچھان اس بزرگاں کوں جوہر شناس — لے آویں پرکھنے اول اُن کے پاس
نیوچی جواہر تن خوش کریں گر تمیز — لماویں لجا شہ سوں کر اُس عزیز

نصرتی کے اُن دوستوں میں جنکا خود اس نے اپنی نظموں میں ذکر کیا ہے حسب ذیل قابل ذکر ہیں۔

۱۔ قاضی سید کریم اللہ۔

شاید یہ اس زمانہ میں بیجاپور کی عدالت العالیہ کے میر مجلس اور نصرتی کے بیان کے مطابق پکے سید اور بڑے عالم تھے، انہوں نے ہی نصرتی کو بادشاہ کی اُن لڑائیوں کا قصے لکھنے کے لئے ابھارا جو مغلوں سے ہوئی تھیں۔

۲۔ شاہ نور اللہ۔

شاہ نور اللہ تاریخ عادل شاہی کے مصنف ہیں، یہ تاریخ فارسی زبان میں سرکاری طور پر لکھوائی گئی تھی جس کا ایک نسخہ برٹش میوزیم میں محفوظ ہے، اُن کی اور ان کی تاریخ کی خصوصیات کے متعلق نصرتی نے بہت کچھ تعریف کی ہے۔

۳۔ شاہ ابو المعالی۔

یہ بہت بڑے عالم اور شاعر تھے، نصرتی نے کئی ایک جگہ اُن کی تعریف کی ہے، وہ نہ صرف علی عادل شاہ کی نظموں کے مرتب اور محافظ تھے بلکہ خود بھی ایک شاعر اور نثر نگار تھے۔

۴۔ ابن عبد الصمد۔

بدقسمتی سے ان بزرگ کا حقیقی نام معلوم نہیں، نصرتی سے بے حد ملاقات تھی، شاعری سے کافی ذوق تھا اور بہت ہی سنجیدہ آدمی تھے، نصرتی کی طبیعت سے وہ خوب واقف تھے اور نصرتی بھی اکثر خانگی معاملات میں ان سے مشورہ کیا کرتا تھا۔

نصرتی کی تصانیف

اس کی تصانیف کے مخطوطات میں دو مثنویاں، نو قصائد اور چند قطعے موجود ہیں، ٹیپو سلطان کے کتب خانہ میں اس کی غزلوں کا مجموعہ دستیاب ہوا تھا لیکن اب یہ یقین کے ساتھ نہیں کہا جا سکتا کہ وہ اس وقت محفوظ بھی ہے یا تباہ ہو گیا۔

۱۔ گلشن عشق۔

گلشن عشق نصرتی کی بہت اہم تصنیف ہے۔ علی کے تخت نشین ہونے کے بعد ہی ۱۰۶۸ھ میں نصرتی نے اس نظم کو لکھنا شروع کر دیا اور ایک سال کے اندر وہ پوری بھی ہو گئی۔

یہ عجیب و غریب بات ہے کہ نصرتی نے تمہید میں صرف غواصی کی مثنوی "سیف الملوک و بدیع الجمال" کا ذکر کیا ہے اور خود اس کے شہر میں لکھی ہوئی مثنویوں کا کچھ بھی ذکر نہیں کیا بہرحال اسے کم از کم "خاور نامہ" کا تو ذکر کرنا چاہیئے تھا کیونکہ یہ مثنوی بہت ہی معرکتہ الآرا اور مقابلہ کی مثنوی تھی بات یہ ہے کہ وہ بہت ہی فیاض طبیعت کا انسان تھا ایک غیر ملک میں لکھی ہوئی مثنوی کی تعریف کرنے میں اس نے اس لئے دریغ نہیں کیا کہ "سیف الملوک و بدیع الجمال" کی اسوقت بیجاپور کی علمی حلقوں میں کافی شہرت تھی اور اسی وجہ سے بیجاپور کے پرستاران علم و ادب اس کی نقل کرنے پر مجبور ہو گئے ایک دفعہ جب سب دوست احباب فارسی قصوں کے ترجمہ پر بحث کر رہے تھے تو ابن عبدالصمد نے نصرتی سے درخواست کی کہ وہ شاہ منوہر کے قصہ کو دکھنی زبان میں ترجمہ کریں۔

چنانچہ مثنوی کے ابتدائی حصہ میں فارسی کی تقلید میں ایک لمبا چوڑا دیباچہ لکھا گیا ہے جس میں خدا کی حمد اور پیغمبرؐ، حضرت علیؓ اور خواجہ بندہ نوازؒ کی تعریف شامل ہے اس کے بعد بیجاپور کے بادشاہ علی کی بھی مدح کی گئی ہے۔

گلشن عشق کو خاص امتیاز حاصل نہیں ہے اس لئے کہ وہ ملک خوشنود کی مثنوی "ہشت بہشت" کے طرز پر لکھی گئی ہے رستمی کے خاور نامہ سے اگر اس کا مقابلہ کیا جائے تو زبان کی سلاست کے لحاظ سے اول الذکر کا رتبہ بڑھ جاتا ہے لیکن اس میں انسانی جذبات کو جس عمدگی سے بیان کیا گیا ہے وہ اسی کا حصہ تھا وہ اس زمانہ کی گولکنڈہ کی پیداواروں کے مقابلہ میں تو بلاشبہ بہت ہی ممتاز ہے۔

۲۔ علی نامہ۔

یہ مثنوی ۱۰۶۶ھ سے لیکر ۱۰۷۶ھ تک کی تاریخ ہے اس میں بیجاپور کے بادشاہ علی عادل شاہ کی تمام لڑائیوں کا ذکر ہے۔ اس کو نہ صرف بحیثیت نصرتی کی تصنیف ہونے کے امتیاز حاصل ہے بلکہ بیجاپور کے ادبی کارناموں میں سب سے زیادہ اہم مثنوی یہی ہے، نظم کے درمیان جگہ جگہ شاعر نے قصائد اور قطعات شامل کئے ہیں جن سے بادشاہ کے دربار اور اسکی جنگی جد و جہد کا پتہ ملتا ہے۔

یہ نظم سنہ ۱۰۷۲ھ میں پایۂ تکمیل کو نہیں پہونچی جیسا کہ انڈیا آفس لائبریری کے مخطوطہ میں غلطی سے درج ہے بلکہ اصل سن سنہ ۱۰۷۶ھ ہے جس کا پتہ برٹش میوزیم کے مخطوطہ سے چلتا ہے اور شاید موجودہ مخطوطات میں سب سے زیادہ مکمل اور صحیح نسخہ یہی ہے۔

گلشن عشق کے مقابلہ میں علی نامہ کا حجم بہت زیادہ ہے لیکن اگر قصیدوں کو اس سے علیحدہ کر لیا جائے تو اسکا حجم مقابلۃً کم ہو جائیگا، مثنوی بجائے خود نہ تو طویل ہے اور نہ کوئی خاص ادبی امتیاز رکھتی ہے۔

اسکا دیباچہ بھی گلشن عشق کی طرح حمد و ثنا سے مملو ہے اور سچ تو یہ ہے دیباچہ ہی کی مدد سے ہم شاعر کے حالات کا پتہ چلا سکتے ہیں۔

علی نامہ کم و بیش ایک رزمیہ نظم ہے مگر "خاور نامہ" کی پلہ کی نہیں ہے، اسمیں شک نہیں کہ تاریخی اور ادبی تصنیف کی حیثیت سے یہ اس سے بڑھکر ہے اس کا اسلوب بیان گلشن عشق کے مقابلہ میں نہایت سادہ ہے ادب اردو میں یہ سب سے پہلی سوانح عمری ہے اور عادل شاہی خاندان کے آخری زمانہ کی اس سے زیادہ مستند اور کوئی دوسری تاریخ نہیں ہے۔

یوں تو اس کے مطالعہ سے بیجاپور میں ادب اردو کے فروغ کے متعلق معلومات حاصل ہوتی ہیں لیکن خاص طور پر بحیثیت سرپرست اردو علی عادل شاہ کی شخصیت بھی واضح ہو جاتی ہے۔

۴۔ قصائد۔

نصرتی کے کل ۹ قصیدے محفوظ ہیں۔ یہ سنہ ۱۰۶۱ھ اور سنہ ۱۰۸۳ھ کے درمیان متفرق زمانوں میں لکھے گئے تھے اُن کا کوئی علیحدہ مجموعہ نہیں ہے۔ ان میں سے سات (۷) تو علی نامہ میں نقل کئے گئے ہیں اور دو (۲) اس کی دونوں مثنویوں یعنی علی نامہ اور گلشن عشق کے منظوم عنوانات کے جمع کرنے سے بن جاتے ہیں۔ قصائد نصرتی کی عام خصوصیتیں یہ ہیں

۱۔ اگرچہ بلا شبہ یہ قصائد فارسی کی تقلید میں لکھے گئے لیکن شاعرانہ حیثیت سے بالکل اچھے ہیں اور فارسی تکلفات سے بالکل معرا ہیں۔

۲۔ قصائد کی زمین یعنی بحر، ردیف اور قافیہ اس قدر مشکل اور پیچیدہ ہے کہ ہم خیال نہیں کر سکتے کہ اُردو کے اس ابتدائی زمانہ میں کس طرح اس کو برقرار رکھا گیا ہوگا۔

۳۔ اِس زمانہ کے شعرا کا کلام نہایت ہی پیچیدہ ہے لیکن ان قصائد کے مطالعہ سے اِس بات کا پتہ چلتا ہے کہ نصرتی کو زبان اور محاوروں پر عبور تھا اور وہ بلا تکلف لکھا کرتا تھا۔

زبان اور اسلوب بیان کی خصوصیات کے علاوہ نفس مضمون اور خیالات کی نزاکت کے لحاظ سے نصرتی شمالی ہند کے اُردو قصیدہ گو شعرا کے مقابلہ میں ایک خاص امتیاز رکھتا ہے۔

۱۔ اُن میں مدحیہ اشعار نسبتاً کم ہوتے ہیں۔

۲۔ اُن میں حقیقی اور سچے واقعات سے بحث کی گئی ہے اور مبالغہ اور تصنع سے بالکل پاک ہیں۔

۳۔ رزمیہ نظموں کی حیثیت سے اُن کو طرۂ امتیاز حاصل ہے اور اُن میں میدان جنگ کا جو حقیقی نقشہ کھنچا گیا ہے وہ سودا اور ذوق کے اُردو قصائد میں بھی پایا نہیں جاتا۔

قصائد کی تفصیلی فہرست

۱۔ پہلا قصیدہ برٹش میوزیم کے نسخہ میں ورق ۳۲ ب سے شروع ہوتا ہے جس کا عنوان "پنالہ کی فتح" ہے۔ سنہ ۱۰۶۲ھ میں منظوم کیا گیا اور اسمیں ۵۰ شعر ہیں، دو مختلف مطلعوں پر منقسم ہے اور اسمیں جنگ پنالہ کا مفصل ذکر ہے۔

۲۔ دوسرے میں صرف ۵۵ اشعار ہیں، اس میں صلابت خاں کے زوال کا حال درج ہے جو علی عادل شاہ کی فوج کا ایک بیوفا سپہ سالار تھا، اس کی تاریخ تصنیف سنہ [illegible]ھ ہے۔

۳۔ "فاتح بادشاہ کی جنگ سے واپسی" کے عنوان سے ایک قصیدہ سنہ [illegible]ھ میں لکھا گیا تھا جسمیں ۲۸ شعر ہیں۔

۴۔ موسم سرما کی تعریف میں جو قصیدہ لکھا گیا ہے اس کا شمار اس کے بہترین قصیدوں میں ہے، اسمیں ۴۴ اشعار ہیں اور یہ سنہ [illegible]ھ میں لکھا گیا۔

۵۔ بادشاہ کی واپسی کے جشن پر جو قصیدہ لکھا گیا ہے وہ حقیقت میں تیسرے قصیدہ کا ایک ٹکڑا ہے قصیدہ نمبر ۳ کی وجہ سے اس کو حصہ اول سے علیحدہ کیا گیا ہے۔ اور اس کا موضوع بالکل جداگانہ ہے یہاں اس کو ایک علیحدہ قصیدہ کی صورت میں پیش کیا گیا ہے۔ اسمیں [illegible] اشعار ہیں۔

۶۔ "وہ مجالس محرم" والا قصیدہ اگرچہ مرثیہ کے رنگ میں لکھا گیا ہے مگر اس کو بحیثیت قصیدہ کے بھی بہت اہمیت حاصل ہے اس میں کھلے لفظوں میں اس بات کا ذکر کیا گیا ہے کہ بیجاپور کے باشندے اور اُن کا بادشاہ محرم کے دس دن کس قدر غم کیا کرتے تھے، اس سے تاریخی اور معاشرتی حالات پر بہت کچھ روشنی پڑتی

یہ قصیدہ مختلف مطلعوں پر منقسم ہے اور اسمیں ۱۴۰ اشعار ہیں اور شاید اس کا سن تصنیف سنہ ۱۰۷۵ھ ہے۔

۷. علی نامہ میں آخری اور مستقل قصیدہ "فتح ملنار" ہے، نصرتی کا یہ بہت اہم اور طویل قصیدہ ہے، یہ بھی دو مختلف مطلعوں پر منقسم ہے اور اسمیں ۲۲۰ اشعار ہیں اسکا سن تصنیف سنہ ۱۰۷۵ھ ہے، ان قصائد میں میدان جنگ کا حال فوجوں کی خصوصیات، بیجاپور کے افسروں اور سپہ سالاروں کے کردار اور روزمرہ زندگی کے مختلف واقعات کو اس پیرائے میں بیان کیا گیا ہے کہ ہم نصرتی کو اردو زبان کا بہترین قصیدہ گو کہنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔

دونو مثنویوں کے مختلف عنوانات علیحدہ علیحدہ، اشعار کی صورت میں لکھے ہوئے ہیں اور دو مختلف زمینوں میں منظوم کئے گئے ہیں۔ اگر ان تمام عنوانات کو ایک جگہ جمع کیا جائے تو دو مختلف مستقل قصیدے بن جاتے ہیں، اس طرح سے ہم ایک کو علی نامہ کا اور دوسرے کو گلشن عشق کا منظوم خاکہ کہہ سکتے ہیں۔ ان میں کسی نہ کسی طرح ایک مستقل مضمون تو پیدا ہو جائے گا لیکن شاعری کی حیثیت سے کوئی اہمیت نہ رکھیں گے۔

نصرتی کی غزلیں

بالعموم خیال کیا جاتا ہے کہ نصرتی نے ایک اور مثنوی گلدستہ عشق بھی لکھی۔ حالانکہ یہ بات کسی طرح ثابت نہیں ہوتی خود نصرتی جب علی نامہ کے اختتام پر اپنی مثنویوں اور قصیدوں کا ذکر کرتا ہے اور کہتا ہے کہ وہ نہ صرف رزمیہ مثنوی کا مالک ہے بلکہ ایک کامیاب بزمیہ مثنوی بھی لکھی ہے جسکا نام گلشن عشق ہے، اس امر کی طرف کوئی اشارہ نہیں کرتا کہ اس نے ایک اور مثنوی بھی لکھی ہے۔

یہ ظاہر ہے کہ اس نے اِسوقت تک کوئی اور مثنوی گلدستہ عشق نہیں لکھی تھی۔ اور نہ یہ ہوسکتا ہے کہ اس کے بعد لکھی ہو ورنہ بیجاپور کے وہ مورخین جو نصرتی کے بے حد مداح ہیں ضرور ایک اور سبب نصرتی کی تعریف کے لئے نکالتے۔ بساتین میں صاف طور پر لکھا ہے کہ نصرتی نے دو مثنویاں لکھیں گلدستہ عشق کا ذکر سب سے پہلی دفعہ اسٹیوارٹ کے کٹلاگ میں کیا گیا ہے۔ جہاں صاف طور پر لکھا ہے کہ یہ عشقیہ نظموں کا ایک مجموعہ ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ گلدستہ عشق ایک مثنوی نہیں بلکہ غزلوں وغیرہ کا مجموعہ تھی۔

شاہ ملک

(۱۰۷۷ھ)

اِس شاعر کے حالات کے متعلق خود اس کی مثنوی شریعت نامہ میں بھی کہیں کچھ ذکر نہیں ہے، یہ ایک اچھا مخطوطہ ہے جو انڈیا آفس لائبریری میں محفوظ ہے اُردوئے قدیم میں اس کو بیجاپوری شاعر بتلایا گیا ہے لیکن راقم کو اِس بیان کے سوائے اور کہیں اِس کا ثبوت نہیں ملا۔

اُردوئے قدیم کے مصنف کی نظر سے اس کی کتاب ''احکام صلواۃ'' گذری ہے اور اسی لئے اس کو علی عادل شاہ ثانی کے زمانہ کا شاعر بتلایا گیا ہے، اس مصنف نے اپنی تصنیف میں احکام الصلواۃ کے چند آخری شعر نقل کئے ہیں، یہ اشعار بالکل وہی ہیں جو شریعت نامہ کے آخر میں موجود ہیں۔

شاہ ملک نے اسلامی اصولوں کو اپنی کتاب شریعت نامہ میں بیان کیا ہے، یہ اسکی مکمل تصنیف ہے اور بلاشبہ احکام الصلواۃ اس کا ایک حصہ ہے۔ اس کی یہ مذہبی مثنوی اس زمانہ میں بہت مقبول عام ہو گئی تھی اور مذہبی لوگ اس کی جزواً یا کلیۃً نقل اُتارنے کی کوشش کرتے تھے۔

سنہ ۱۰۷۷ھ میں اس کی تکمیل ہوئی، اس میں ۲۵۴ اشعار ہیں اِن باتوں کو شاعر نے خود مثنوی کے آخر میں بیان کیا ہے انڈیا آفس لائبریری میں جو نسخہ پایا جاتا ہے اس میں ہر شعر کے نیچے اسکا دکھنی نثر میں ترجمہ بھی موجود ہے اور یہ ترجمہ شاید سنہ ۱۱۵۰ھ میں کیا گیا ہے یعنی اِس کتاب کے منظوم ہونے کے ستر سال بعد۔

نظم کے پہلے ایک دیباچہ ہے جس میں ''مناجات'' ''بیان شریعت'' ''نعت پیغمبرؐ، آپ کے اصحاب اور اقربا کی مدح'' اور ''کتاب لکھنے کی وجوہات'' بیان کی گئی ہیں لیکن اِس موخر الذکر عنوان سے

کسی بات کا پتہ نہیں چلتا سوائے اس کے کہ شاعر ایک حنفی مسلمان تھا، اور کتاب لکھنے کا مقصد صرف اپنے مذہب والوں کے خیالات کو درست کرنا تھا۔

اصل کتاب ورق ۲ (ا) سے شروع ہوتی ہے پہلا عنوان "ایمان کے ارکان" ہے سنیوں کی روزمرہ کی مذہبی ضروریات بیان کی گئی ہیں۔ اس کا اسلوب بیان غیر معمولی طور پر سادہ ہے اور اگرچہ اس سے شاعر کی غیر معمولی ادبی قابلیت کا اظہار تو نہیں ہوتا البتہ اس کی روانی سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ مصنف بے تکلف نظم لکھ سکتا تھا۔

شاہ امین الدین اعلیٰ

(۱۰۸۷ھ)

شاہ امین الدین اعلیٰ مشہور و معروف شاعر شاہ برہان الدین کے فرزند تھے، والد کے انتقال کے بعد پیدا ہوئے۔ ان کو مادرزاد ولی تصور کیا جاتا ہے اور اُن کے عجیب و غریب کرامات اور صوفیانہ مراتب کو قدیم زمانہ کے مورخین نے نہایت ہی عزت اور احترام کے ساتھ بیان کیا ہے ۱۰۸۶ھ میں[1] انتقال ہوا، اس کے بعد ان کے کئی ایک زبردست خلیفے ہوئے جو اردو شاعر بھی تھے۔

شاہ امین ایک فطری شاعر تھے اور اُردو زبان میں اُنھوں نے کئی ایک کتابیں تصنیف کی ہیں۔

۱۔ اُن کے دو قصیدے دستیاب ہوتے ہیں، ایک تو اپنے والد شاہ برہان الدین کی مدح میں ہے اور دوسرا "محب نامہ" یا "محبت نامہ" ہے یہ ایک عشقیہ نظم ہے جو قصیدے کی صورت میں لکھی گئی ہے

۲۔ چند مثنویاں ہیں جن میں "رموز السالکین" اور "نظم وجود" کو بہت اہمیت حاصل ہے اور

---

[1] راقم نے شاہ امین، اُن کے والد شاہ برہان اور دادا میراں جی کے متعلق مواد انجمن ترقی اُردو کے سکریٹری کے ایک مضمون سے حاصل کیا ہے جنھوں نے اُن کی تصانیف انجمن کے کتب خانہ کے لئے جمع کی ہیں راقم کے پاس تحقیق کیلئے فی الحال سوائے اس کے اور کوئی دوسرا ذریعہ نہیں ہے کہ ان سنین کی تحقیق کرے اور ثبوت بہم پہونچائے کیونکہ یہ بتلایا گیا ہے کہ دادا کا انتقال تو ۱۱۹۶ھ میں ہوا۔ اور شاہ امین ۱۰۷۶ھ میں۔

ان دونوں کے موضوع صوفیانہ ہیں۔

۳۔ اس کے علاوہ کئی ایک دوہرے اور غزلیں بھی ہیں۔

۴۔ شاہ امین نے نثر میں بہت سی کتابیں لکھی ہیں۔ ان میں گفتار شاہ امین اور گنج مخفی قابل ذکر ہیں[1] یہ تمام کتابیں انجمن ترقی اُردو کے کتب خانہ میں محفوظ ہیں لیکن یہ عجیب بات ہے کہ سکریٹری صاحب نے نہ تو ان کے حجم وغیرہ کے متعلق کوئی تفصیلی حالات تحریر کئے ہیں اور نہ اُن کے دیگر خصوصیات سے بحث کی ہے۔ کتب خانہ کلیہ جامعہ عثمانیہ میں ان کے ارشادات کچھ رسالوں کی شکل میں محفوظ ہیں۔ جن میں "نور نامہ" "رموز العارفین" (یا رموز السالکین) اور ایک مثنوی حضرت شاہ برہان الدین جانم کی مدح میں قابل ذکر ہیں۔ ان کا مجموعی حجم تقریباً (۱۰۰) صفحات کے قریب ہے۔ اس کی تحقیق مولوی عبدالقادر سروری صاحب نے کی ہے جس پر اُنہوں نے ایک تفصیلی مضمون علیحدہ اور اپنی مرتبہ تفصیلی فہرست اردو مخطوطات کتب خانہ کلیہ جامعہ عثمانیہ (حیدرآباد دکن) میں لکھا ہے[2]

باپ اور دادا کے مقابلہ میں شاہ امین کے اسلوب بیان میں بہت روانی اور نزاکت پائی جاتی ہے دوسرے ہمعصر شعرا کے مقابلہ میں ان کی شاعری فطری اور قیود شعری سے آزاد ہے۔

---

[1] ملاحظہ ہو رسالہ اُردو جلد ہشتم نمبر ۲۹۔ [2] فہرست زیر طبع ہے۔

ہاشمی

(۱۱۰۹)

اس کا نام سید میراں تھا، سید شاہ ہاشم کا پیرو ہونے کی وجہ سے، جو بیجاپور کے ایک ولی تھے، اس نے اپنا تخلص ہاشمی رکھا، وہ بیجاپور کا باشندہ تھا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ وہ بالکل اندھا تھا، اس نے ایک طویل زندگی گذاری ہے، اگرچہ وہ علی عادل شاہ کا درباری شاعر تھا لیکن ۱۶۸۸ء تک زندہ تھا اسی سن میں اس نے یوسف زلیخا کی تصنیف کی۔ بزرگان کے مصنف کے قول کے مطابق ۱۶۹۷ء میں اس کا انتقال ہوا۔

ہاشمی پُرنویس تھا کیونکہ اس زمانہ میں بھی اس کی تین ضخیم کتابوں کے متعلق کچھ پتہ چلتا ہے۔

۱۔ ترجمہ احسن القصص۔

قدیم تاریخوں میں اس قصہ کا ذکر ہے، پیرزادہ غلام محی الدین اپنی کتاب احوال السلاطین بیجاپور میں نصرتی کے متعلق کچھ لکھنے کے بعد بیان کرتے ہیں کہ "ہاشمی ہندی زبان (اُردو) کا دوسرا شاعر تھا جس نے اردو میں احسن القصص کا ترجمہ کیا نیز اسمیں اپنے کمال کو ظاہر کیا"۔ بساتین کے مصنف نے ہاشمی کی دوسری مثنوی یوسف زلیخا کا ذکر کرتے ہوئے اس کتاب کا بھی ذکر کیا ہے اور کہتا ہے کہ "روضۃ الشہدا کا ترجمہ ہے"۔ اور روضۃ الشہدا، درحقیقت احسن القصص کا دوسرا نام ہے، اس تصنیف کے متعلق اس سے زیادہ معلومات حاصل نہیں ہیں، شاید یہ کسی عام کتب خانہ میں موجود نہیں ہے۔

۲۔ یوسف زلیخا۔

جیساکہ پہلے بیان کیا جاچکا ہے۔ یہ کتاب سنہ ۱۰۹۵ھ میں ختم ہوئی اور اس کا ایک نسخہ جرمنی کے کتب خانہ میں محفوظ ہے لیکن چونکہ راقم کو اس کے دیکھنے کا اتفاق نہیں ہوا اس لئے وہ اس کے متعلق تفصیلی حالات پیش کرنے سے مجبور رہے۔ معلوم ہوا کہ آغا حیدر حسن صاحب دہلوی کے کتب خانہ میں بھی اس کا مخطوطہ محفوظ ہے۔

۳۔ غزل کا دیوان۔

بساتین میں یوسف زلیخا کے ساتھ اس کتاب کا بھی ذکر ہے، یہ اس زمانہ میں بہت مقبول تھی مقیمی کی غزلوں کی طرح ہاشمی کی غزلوں میں زیادہ تر ظرافت نہ تھی البتہ اسلوب بیان اور جذباتی نقطہ نظر سے ان کو بہت اہمیت حاصل ہے۔

راقم نے ہاشمی کے ریختی دیوان کا مطالعہ آغا حیدر حسن صاحب کے یہاں کیا ہے۔ چنانچہ اس سے چند انتخابات بھی اس مجموعہ میں شامل کئے گئے ہیں۔

۴۔ مرثیے۔

ہاشمی کو بیجاپور کا قدیم ترین مرثیہ گو بتلایا جاتا ہے لیکن راقم کو کسی قدیم تاریخ سے اس کا ثبوت نہیں ملا۔ اس میں صرف ۸ اشعار ہیں اور وہ بھی کسی اعلیٰ معیار کے نہیں البتہ طرز بیان سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ مصنف ایک تجربہ کار مرثیہ گو تھا۔

مرزا

(قبل سنہ ۱۰۸۳ھ)

مرزا علی عادل شاہ کے عہد کا سب سے بڑا مرثیہ گو تھا اس نے سوائے مرثیہ کے اور کچھ نہ لکھا حتیٰ کہ ایک دفعہ جب خود بادشاہ نے اسے اپنی مدح میں لکھنے کے لئے کہا تو اس نے ایک مرثیہ لکھا اور بادشاہ کے نام معنون کر دیا۔ اس نے مرثیہ گوئی کو اپنا پیشہ قرار دیا تھا، اور آخر میں تو اپنا مذہبی فرض تصور کرنے لگا، اس کے انہماک کی حالت ملاحظہ ہو کہ ایک مرثیہ کا عنوان لکھتے لکھتے اس نے انتقال کیا چنانچہ اس کو شہید کا رتبہ دیا جاتا ہے۔

اس کی تصانیف کا کچھ پتہ نہیں، اڈن برا میں مرثیوں کے مجموعہ میں مرزا نامی ایک شاعر کے دو مرثیے دستیاب ہوتے ہیں جن میں ۵ ۱۲ شعر ہیں لیکن یہ یقین کے ساتھ نہیں کہا جا سکتا کہ دونوں فی الحقیقت بیجاپور کے مرثیہ گو مرزا کے ہیں یا گولکنڈہ والے مرزا کے کیونکہ موخر الذکر سلطنت گولکنڈہ کے زوال کے بعد بھی زندہ تھا۔

اڈن برا میں مرزا کے جو مرثیے پائے جاتے ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ یہ اس مرزا نے لکھے ہیں جو سنہ ۱۱۰۵ھ میں زندہ تھا کیونکہ ان میں شاعر نے ایک دوسرے مرثیہ گو قادر کی موت پر اظہار رنج و الم کیا ہے اور قادر سنہ ۱۱۰۵ھ میں زندہ تھا، اس بات کا ثبوت اس کے ایک اور مرثیہ کی تاریخ تصنیف سے بھی ملتا ہے جو اسی مجموعہ میں موجود ہے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ علی عادل شاہ کی عہد حکومت کا مرزا نہیں ہے کیونکہ اس کا انتقال سنہ ۱۰۸۳ھ کے قبل ہی ہوا ہے، نیز یہ بھی نہیں کہا جا سکتا کہ وہ تمام مرثیے ایک ہی مرزا کے لکھے ہوئے ہیں یا ان دونوں مرزا کے مرثیوں کے انتخابات ہیں۔

باب سوم

اردو ادب گولکنڈہ میں

۱۵۰۸-۱۶۸۷ء

۹۱۶-۱۰۹۸

فہرست

(الف)۔ ابتدائی تحریکات پہلے چار تاجداروں کے عہد میں

۱۵۰۸-۱۵۸۰ء م ۹۱۶-۹۸۸ھ

۱۔ سلطان قلی قطب شاہ۔ ۱۵۰۸-۴۳ء - ۹۱۶-۹۵۰ھ

۲۔ جمشید قلی قطب شاہ اور سبحان قلی۔ ۱۵۴۳-۱۵۵۰ء-۹۵۰-۹۵۷ھ

۳۔ ابراہیم قلی قطب شاہ۔ ۱۵۵۰-۱۵۸۰ء-۹۵۷-۹۸۸ھ

۱۔ فیروز۔ (۲) محمود۔

(ب)۔ اُردو ادب کا سنہری دور۔ آخری چار تاجداروں کے عہد میں

۱۵۸۰-۱۶۸۷ء-۹۸۸-۱۰۹۸ھ

۱۔ محمد قلی قطب شاہ۔ ۱۵۸۰-۱۶۱۱ء ۹۸۸-۱۰۲۰ھ

۱۔ وجہی (۲) احمد (۳) خدا نما

۲۔ محمد قطب شاہ ۱۶۱۱-۱۶۲۴ء-۱۰۲۰-۱۰۳۵ھ

(۱) شوقی (۲) خیالی

۳۔ عبد اللہ قطب شاہ ۱۶۲۴-۱۶۷۲ء-۱۰۳۵-۱۰۸۴ھ

(۱) غواصی۔ (۲) قطبی (۳) سلطان (۴) جنیدی۔ (۵) ابن نشاطی (۶) میراں یعقوب۔

(۷) طبعی (۸) امین۔

۴۔ ابوالحسن تاناشاہ ۱۶۷۲-۸۷ء-۱۰۸۳-۱۰۹۸ھ

(۱) فائز (۲) لطیف (۳) نوری (۴) شاہی (۵) مرزا۔

(۶) غلام علی

ابتدائی تحریکات

پہلے چار تاجداروں کے عہد میں

۱۵۰۴-۱۵۸۰ء
۹۱۶-۹۸۸ھ

سلطنت بیجاپور کے قیام کے اٹھارہ سال بعد سلطنت گولکنڈہ کی بنیاد رکھی گئی، گولکنڈہ، گلبرگہ اور دولت آباد سے جو اس زمانہ میں دو ادبی مرکز بنے ہوئے تھے بیجاپور کی بہ نسبت زیادہ فاصلہ پر واقع ہے لیکن یہ عجیب بات ہے کہ ان دونوں سلطنتوں میں اردو کا سنہری دور ایک ہی وقت شروع ہوتا ہے اور [illegible] کے بعد سے تو ان سلطنتوں کی سیاسی، معاشرتی اور ادبی جد و جہد ایک ساتھ اور یکساں رفتار سے جاری رہتی ہے اور لطف یہ کہ تقریباً ایک ہی زمانہ میں یہ دونوں تباہ و برباد ہو جاتی ہیں

یہاں یہ بات بھی بیان کرنے کے قابل ہے کہ سلطنت بیجاپور کے زوال کے ساتھ ہی وہاں سے علم و ادب بھی ہمیشہ کے لئے رخصت ہو گیا۔ لیکن سلطنت گولکنڈہ کے زوال کے بعد ادبی پیداوار بالکل مفقود نہیں ہوئی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ عادل شاہی خاندان کے زوال کے بعد بیجاپور کے درباری شاعر اور ادیب گولکنڈہ میں پناہ کی خاطر بھاگ آئے اور اس طرح سے بیجاپور کی ادبی فضا میں ایک ہیجان پیدا ہو گیا۔ برخلاف اس کے گولکنڈہ کے ادیب خاندان قطب شاہیہ کے زوال کے بعد شہر حیدرآباد ہی میں رہنے پر مجبور تھے اس لئے کہ کہیں بھی انہیں کسی قسم کی سرپرستی کی امید نہ تھی، دوری کے باعث وہ دہلی کو بھی اپنا مامن نہیں بنا سکتے تھے۔ علاوہ ازیں ایسے شہر میں ان کی سرپرستی کی کیا توقع ہو سکتی تھی

جہاں کی عام زبان فارسی ہو، اس لحاظ سے اُردو شاعری کا ایسے ماحول میں مقبول ہونا ایک خیال خام تھا۔

ایک اور وجہ جس نے بالواسطہ قطب شاہی پایۂ تخت حیدرآباد کی ادبی فضا کو تباہ ہونے سے بچایا یہ تھی کہ بالآخر حیدرآباد مغلوں کی فتوحات کا دارالحکومت بن گیا اور اِس طرح اگرچہ اس نے اپنی مقامی اور قدیم حکومت کھو دی تھی تاہم وہ اجنبیوں کا پایۂ تخت تھا جنھوں نے اُردو ادب کی بزرگداشت نہیں کی لیکن اُن کے قیام کی وجہ سے شہر کی رونق ایک حد تک باقی رہگئی۔

اس کے برخلاف اورنگ زیب نے جب بیجاپور کو فتح کیا تو اُس کو بالکل تباہ و برباد کر کے چھوڑا وہ کسی ضلع کا مستقر نہیں بنایا گیا وہاں کی پوری مقبوضات کو دکن کے صوبہ میں شامل کر دیا ان کے نظم و نسق کا تعلق پہلے تو اورنگ آباد سے تھا پھر حیدرآباد سے ہوگیا جو نظام الملک کے اعلان خودمختاری کے بعد تمام دکن کا دارالسلطنت قرار دیا گیا اور پھر اسی طرح سے صوبہ دکن دوبارہ ایک سلطنت میں تبدیل ہوگیا۔ اس طرح سے دن بدن بیجاپور کی شہرت گھٹتی گئی اور اس وقت اس کی حیثیت ایک گاؤں سے زیادہ نہیں ہے، حال ہی میں حکومت برطانیہ نے قدیم محلات اور عالیشان عمارتوں کو محفوظ کرنا شروع کیا ہے اور اسی سلسلہ میں اس کو ایک تعلقہ کا مستقر بھی بنا دیا گیا ہے۔

بیجاپور اور گولکنڈہ کی اُردو پیداوار کے مقابلہ کے لئے اور چند واقعات کا بیان کر دینا ضروری ہے اگرچہ دونوں جگہوں پر اُردو ادب کی پیداوار ایک ساتھ ہوئی اور دونوں نے ایک ہی زمانہ میں اُردو مصنفین پیدا کئے لیکن بلحاظ مقدار و نوعیت گولکنڈہ کی پیداوار کو بیجاپور کے کارناموں پر فوقیت حاصل ہے۔

۱۔ موجودہ زمانہ میں ہم کو بیجاپور کے بیس اور گولکنڈہ کے پچیس مصنفین کا حال معلوم ہے۔

۲۔ بلحاظ نوعیت گولکنڈہ نے بہت سی اورجنل (اپجی) چیزیں پیش کی ہیں۔

۳۔ اِس میں شک نہیں کہ بیجاپور نے بہت سی رزمیہ نظمیں پیش کیں اور اس لحاظ سے گولکنڈہ پر اس کو فوقیت حاصل ہے لیکن جہاں تک بزمیہ مثنویوں کا تعلق ہے گولکنڈہ کی ادبی پیداوار بیجاپور سے زیادہ اہم ہے۔

۴۔ دونوں سلطنتوں میں نثر لکھی گئی لیکن گولکنڈہ کی نثر بلحاظ اسلوب بیان اور موضوع بیجاپور کے مقابلہ میں بہتر ہے۔

۵۔ بیجاپور کے دو تین بادشاہوں نے اُردو میں لکھا ہے لیکن بدقسمتی سے اُن کے کارنامے اِس وقت

مفقود ہیں۔ برخلاف اس کے گولکنڈہ کے چار بادشاہ اچھے شاعر تھے اور اب بھی ان کی شاعری کے نمونے دستیاب ہوتے ہیں۔

قبل اس کے کہ ہم اس بحث کو ختم کریں یہ بتلا دینا بہتر معلوم ہوتا ہے کہ اوپر جو کچھ بیان کیا گیا ہے وہ موجودہ مواد کی بنا پر ہے۔ یہ ممکن ہے کہ بیجاپور کی پیداوار بہت اچھی ہوگی لیکن اس کو کیا کیا جائے کہ زمانہ کے ستم شعار ہاتھوں نے اسے تباہ و برباد کر دیا اور اب ہمارے پاس ثبوت میں کوئی مواد موجود نہیں ہے۔

سلطان قلی قطب شاہ

(۹۱۶ھ۔۹۵۰ھ)

سلطان قلی ان پانچ بہمنی امیروں میں سے ہے جنہوں نے اپنے آقاؤں کے زوال کے بعد اپنی اپنی علیحدہ سلطنت قائم کرلی۔ عادل شاہیوں کے بانی کی طرح اس کی ابتدائی زندگی کے متعلق بھی قسم قسم کے بیانات ہیں۔ بہرحال یہ اسقدر طاقتور نہ تھا کہ یوسف کے ساتھ ۸۹۵ھ میں اپنی خودمختاری کا اعلان کرتا۔ ۹۱۶ھ میں اس نے اس وقت اپنی خودمختاری کا اعلان کیا جبکہ یوسف کا انتقال ہوچکا تھا۔

اپنے مد مقابل یوسف سے کہیں زیادہ اسے مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ اس کی عمر کا بیشتر حصہ اپنی قوت کے بڑھانے اور وقار قائم رکھنے کے لئے میدان جنگ ہی میں گزرا۔ اسی وجہ سے اس کے عہد میں ادب کی طرف بہت کم توجہ کی گئی چنانچہ اس زمانہ میں گولکنڈہ میں اردو کی کچھ ایسی زیادہ نشوونما نہیں ہوئی۔ یوں بھی اسکا دارالخلافہ ان علمی مرکزوں سے فاصلہ پر واقع تھا جہاں ادب کی سرپرستی کی جاتی تھی۔

اس میں شک نہیں کہ اس نے آتش خانہ کے نام سے ایک مقام مقرر کر رکھا تھا جہاں شاعر اور ادیب جمع ہوا کرتے تھے لیکن یہ یقین کے ساتھ نہیں کہا جا سکتا کہ آیا انہوں نے اردو میں بھی شاعری کی ہے۔ وہ بذات خود ایک قابل آدمی تھا۔ اس نے ۳۵ سال تک حکومت کی اور آخرکار اس کے بیٹے جمشید نے اس کی طویل حکومت سے تنگ آکر ایک غلام کے ذریعہ اس کو مروا ڈالا۔

جمشید اور سبحان (۹۵۰۔۹۵۷ھ)

باپ کو قتل کرانے کے بعد اس نے اپنے بڑے بھائی ملک قطب الدین کو جو تخت کا حقیقی وارث

تھا اندھا کرا دیا اور خود بادشاہ بن بیٹھا۔ اُس نے سات سال تک حکومت کی اور اس کا سارا وقت میدان جنگ ہی میں گذر گیا، چونکہ وہ زیادہ نیک نام نہیں تھا اِس لئے مورخین نے اس کے زمانہ کی ادبی فضاء کے متعلق بہت ہی کم لکھا ہے اتنا ضرور معلوم ہوتا ہے کہ وہ خود شاعر تھا گولکنڈہ کے قدیم مخلوطات میں اس کے فارسی قصیدوں اور غزلوں کے چند نمونے ملتے ہیں[1]

اس کے انتقال کے بعد اس کا بیٹا سبحان جو ابھی بچہ تھا، تخت پر بٹھایا گیا۔ لیکن جمشید کا ایک دوسرا بھائی ابراہیم جو اپنے باپ اور بڑے بھائی کا حال سنکر بیجانگر بھاگ گیا تھا، سات برس اس ہندوانی شہر میں رہکر، بیجانگر کی فوج کے ساتھ گولکنڈہ آیا۔ چنانچہ سبحان چچا کے حق میں تخت سے سبکدوش ہو گیا۔

ابراہیم قلی قطب شاہ

(۹۸۸-۹۵۷)

اِس بادشاہ کی تیس سالہ حکومت کے دوران میں سلطنت گولکنڈہ میں خاصی سیاسی اور ادبی جولانیاں دکھلائی گئیں، یہ بادشاہ بہت چست و چالاک اور عقلمند تھا لیکن ساتھ ہی بے حد سخت گیر بھی تھا۔ اس نے بے شمار مشہور و معروف ہستیوں کو جمع کیا اور اُن کی کافی ہمت افزائی کی۔

عرصہ دراز تک ہندو علاقہ میں رہنے کی وجہ سے ان لوگوں سے اس کے دوستانہ تعلقات ہو گئے تھے۔ وہ اُنہیں کی مدد سے تخت پر بیٹھا اس وجہ سے بہت سے ہندوؤں کو اس نے اعلیٰ خدمات پر مامور کیا اور اس کے دور میں اُردو کو بھی خاصی ترقی ہوئی۔

اس کی ادبی دلچسپیوں کے متعلق بہت سے مستند بیانات ملتے ہیں، دکن کی تاریخوں میں اور خصوصاً بیجاپور کی تاریخ تذکرۃ الملوک میں جسکا ایک عمدہ مخطوطہ برٹش میوزیم میں محفوظ ہے، اس کی علم پروری کے تذکرے پائے جاتے ہیں چونکہ اُس کا مصنف رفیع الدین ابراہیم شیرازی ابراہیم عادل شاہ کا درباری مورخ تھا اور دو دفعہ گولکنڈہ گیا تھا۔ ایک دفعہ ایرانی تاجر کی حیثیت سے اور دوسری مرتبہ دربار عادل شاہی

---

[1] ملاحظہ ہو برٹش میوزیم کا مخطوطہ اڈیشنل نمبر ۲۴۰۶۵ - ا - ورق ۸۸۔

کے سفیر کی حیثیت سے۔ اس لئے گولکنڈہ کے متعلق اس نے جو کچھ لکھا ہے اُس میں شبہ نہیں کیا جا سکتا اس تاریخ مبالغہ سے کام نہیں لیا گیا ہے اس لئے کہ کسی کی خوشامد منظور نہیں تھی، مزید برآں اس مصنف نے سوائے عادل شاہیوں کے باقی دوسرے بادشاہوں کے حالات خواہ وہ اچھے ہوں یا بُرے من و عن بیان کئے ہیں۔

ذیل میں ہم ابراہیم کے ادبی اور علمی کارناموں کا مختصر سا خاکہ پیش کرتے ہیں۔

۱۔ اس نے مدرسے قائم کئے جہاں مفت تعلیم کے علاوہ وظائف اور انعامات بھی دئے جاتے تھے تاکہ ہمت افزائی ہو اور تعلیم عام ہو جائے۔

۲۔ وہ شاعروں اور عالموں کی اسقدر قدر کرتا تھا کہ جب کبھی اُس کے باغ سے میوہ آتا، اُس میں سے کچھ حصہ وہ ان کے لئے ضرور روانہ کر دیا کرتا تھا۔

۳۔ اس نے لنگرخانوں کی امداد میں اضافہ کر دیا جہاں علماء اور شعراء مع اپنے اہل و عیال کے رہا کرتے۔

۴۔ یہ دولت محل کے اس نے چار حصے کئے تھے۔ تیسرے حصہ میں نقاش، سنگ تراش اور صحاف رہا کرتے تھے جن کا کام بادشاہ کے کتب خانہ کو منظم رکھنا تھا۔ چوتھے حصہ میں درباری شعراء اور مؤرخین رہا کرتے تھے۔ ان کا کام [illegible] تاریخیں لکھنا، شاہنامے کہنا اور افسانوں کو تحریر کرنا تھا۔ پہلا حصہ علماء، شعراء اور ادباء کے لئے وقف تھا جہاں وہ لوگ ادبی مباحثوں میں مشغول رہا کرتے اور نظمیں وغیرہ منظوم کیا کرتے تھے۔

اس عہد کے اردو شعراء میں صرف محمود اور فیروز کے نام معلوم ہیں حالانکہ قطب مشتری کے دیباچہ کے دیکھنے سے صاف طور پر اس بات کا پتہ ملتا ہے کہ اس عہد میں بہت سے اردو شاعر تھے۔

فیروز اور محمود

(تقریباً ۹۵۵)

گولکنڈہ کے شاعروں وجہی اور ابن نشاطی کے بیانات سے ہمیں ان دو شاعروں کا حال معلوم ہوتا ہے۔ وجہی ابراہیم کے عہد میں پیدا ہوا، اس نے ان دونو کو اپنا پیشرو بتایا ہے۔ لیکن چونکہ سلطان قلی اور جمشید کے دور میں علمی اور ادبی میدان بالکل خشک تھا اس لئے اگر ان کو ابراہیم کا ہمعصر کہا جائے تو

بجا نہ ہوگا۔

وجہی کے قول کے مطابق یہ دونو اپنے زمانہ کے بہترین شاعر ہیں اور اُن کی شاعری قابل یادگار ہے۔ وہ کہتا ہے کہ اگر وہ اس کے زمانہ تک زندہ رہتے تو اُردو شاعری میں معتدبہ اضافہ ہوجاتا۔

ابن نشاطی کے بیان کے مطابق محمود کا پورا نام سید محمود ہے۔ اس کا شاعرانہ مذاق نہایت اچھا تھا۔ اور اگر وہ زندہ رہتا تو ابن نشاطی کی کتاب جو پھول بن کی قدرشناسی میں نہایت درجہ انصاف سے کام لیتا۔ ابن نشاطی فیروز کو اُستاد مانتا ہے اور کہتا ہے کہ اگر وہ اسوقت موجود ہوتا تو اس کی شاعری کی کماحقہٗ تعریف کرتا۔

ان دونو میں فیروز کا رتبہ بڑھا ہوا معلوم ہوتا ہے، اِس لئے نہیں کہ ابن نشاطی نے اُس کو اُستاد کہا ہے بلکہ وجہی نے بھی قطب مشتری کے دیباچہ میں اس کو اُردو شاعری کا اُستاد بتایا ہے۔ وجہی اپنی شاعری کی خواہ مخواہ تعریف نہیں کرتا بلکہ اس کا بیان ہے کہ فیروز نے خواب میں آکر اس کی شاعری کو تسلیم کیا اور اس کی حقیقی شاعری سے خاصہ اثر لیا۔ وجہی جیسے مغرور شاعر کا جب یہ خیال ہو تو ظاہر ہے کہ فیروز بہت بڑا شاعر تھا۔ لیکن یہ نہایت بدقسمتی ہے کہ ان دونوں شعرا کے حالات اور اُن کے کارناموں کے متعلق ہمیں اِس سے زیادہ اور کچھ معلوم نہیں۔

اردو کا سنہری دور

آخری چار تاجداروں کے عہد میں

(۹۸۸-۱۰۹۸ء)

محمد قلی قطب شاہ

(۹۸۸-۱۰۲۰)

یہ گولکنڈہ کا سب سے اہم بالشان بادشاہ تھا جس نے ۳۱ سال تک نہایت کامیاب حکومت کی اس نے پہلے اپنے ہمسایوں سے صلح کرلی اور پھر معاشرتی اور اصلاحی کاموں کی طرف متوجہ ہوا۔ ساتھ ہی ادب کے ارتقاء کی طرف بھی اپنی توجہ مبذول کی۔ اس زمانہ میں گولکنڈہ کی آبادی اسقدر بڑھ گئی تھی کہ اسے دوسرا شہر قائم کرنیکی ضرورت درپیش ہوئی جس میں پہلے تو بادشاہ، اس کے درباری اور دیگر امراء رہا کرتے تھے لیکن بالآخر وہ سلطنت کا پایۂ تخت ہوگیا۔ بیرونی سیاحوں کے روزنامچوں اور ہمعصر تاریخوں میں اس خوبصورت شہر یعنی حیدرآباد کے محلوں، باغوں اور سڑکوں کا نہایت دلچسپ اور قابل قدر حال درج ہے۔

محمد قلی ایک فیاض، رحمدل اور صلح پسند پادشاہ تھا وہ ایک فاتح حکمران سے زیادہ ایک شاعر اور ادیب تھا، اس نے نہ صرف شاعروں کی سرپرستی ہی کی بلکہ خود بھی ایک بہت اچھا شاعر تھا، دکھنی میں اسکا تخلص معانی اور فارسی میں قطب شاہ تھا۔



قطعہ دوم – روز عید

حضور نظام کے خانگی کتب خانے میں اس کے کلام کا ایک عمدہ مخطوطہ موجود ہے۔ اس کے علاوہ آغا حیدر حسن صاحب اور دیگر خانگی کتب خانوں میں بھی اس کے نسخے محفوظ ہیں۔ محمد قلی کے جانشین اور بھتیجے سلطان محمد نے اس مجموعہ کو ایک جگہ کیا ہے۔ اس نے دکنی زبان میں ایک خطبہ بھی لکھا ہے۔ حضور نظام کا نسخہ گولکنڈہ کے شاہی کتب خانے کے لیے اعلیٰ درجہ کے بڑی تختی کے کاغذ پر لکھوایا گیا تھا اس میں اٹھارہ سو صفحات ہیں خط نسخ میں کافی صحت کے ساتھ لکھا گیا ہے۔

اس کے بھتیجے محمد قطب شاہ کے دکنی دیباچے سے نظموں کی ترتیب کا حال معلوم ہوتا ہے نیز اس سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ وہ فارسی اور تلنگی میں بھی لکھا کرتا تھا اس سے ثابت ہوتا ہے کہ عام لوگ اس کی کس قدر پرستش کرتے ہوں گے۔ اور وہ لوگوں سے کس قدر محبت کرتا ہوگا اس کے خیالات میں مذہبیت بھی پائی جاتی ہے۔ اس دیباچہ کی مدد سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ محمد قلی نے پچاس شعر لکھے اور اس کے کلام کو چھ حصوں میں اس طرح تقسیم کیا جا سکتا ہے:-

۱۔ مثنوی ۲۔ قصیدہ ۳۔ ترجیع بند ۴۔ مرثیے (ا فارسی ب دکنی)
۵۔ غزل (ا فارسی، ب دکنی)

قلی کی شاعری کا اسلوب بیان نہایت سادہ ہے۔ زبان کی ارتقائی حالت کو دیکھ کر یقین نہیں آتا کہ یہ دکھنی شاعری کی اولین پیداوار سے ہوگی۔ اس کی قادر الکلامی کا ثبوت اس امر سے ملتا ہے کہ اس نے ان خیالات کو بھی نہایت روانی اور خوبی کے ساتھ دکھنی میں ادا کیا ہے جو فارسی میں اسی وقت پیش کیے گئے تھے جبکہ اس کا خاصا لسانی ارتقا ہو چکا تھا۔

قلی کی غزلیں سادگی اور لطافت کے اعتبار سے حافظ کی غزلوں سے ملتی جلتی ہیں۔ خیالات میں عاشقانہ اور صوفیانہ رنگ پایا جاتا ہے انسانی زندگی اور قدرت کی گلکاریوں کے بیان میں وہ سودا اور نظیر پر بھی سبقت لے گیا ہے اس کا موضوع بالکل ہندوستانی ہے اس نے اپنے ملک کے میووں ترکاریوں پرندوں اور رسم و رواج کے متعلق بھی نظمیں لکھی ہیں اس نے نہایت کامیابی کے ساتھ ہندو اور مسلمانوں کی شادی بیاہ کی رسومات کو بیان کیا ہے۔ ہندی شاعری کا اس پر گہرا اثر ہے۔

چونکہ اس کے مخطوطہ کا راقم نے گہری نظر سے مطالعہ نہیں کیا ہے۔ اس لیے وہ اس وقت صرف سرسری معلومات پر ہی اکتفا کرتا ہے۔ قلی کے کلام کے متعلق تفصیلی تبصرہ لکھنا اس وقت کے لیے غیر امکانی سی بات ہے

اس میں شک نہیں کہ اس کے دربار میں بہت سے دکھنی شاعر موجود تھے لیکن بدقسمتی سے اکثروں کے حالات تاریکی میں ہیں فی الحال وجہی اور احمد ہی دو شاعر ہیں جن کے کلام اور حالات زندگی کے متعلق ہمیں کچھ علم ہے اور ان پر کچھ لکھا جا سکتا ہے۔

وجہی

وجہی گولکنڈہ کے نہایت قدیم اور اول درجہ کے ادیبوں اور شاعروں میں سے ہیں دکھنی ادب کے قدردان ان سے ضرور واقف ہوں گے، کیونکہ ان کی نثر "سب رس" کے متعلق دو تین دفعہ مضمون شائع ہو چکے ہیں۔ لیکن شاید ہی کوئی ہوں جنھوں نے ان کی مثنوی "قطب مشتری" کا ذکر سنا ہو۔ اس کو اردو زبان کی خوش قسمتی سمجھنا چاہیئے کہ یہ اہم شعری کارنامہ زمانہ کی دست برد سے بچ گیا اور اس طرح اب ہم اس قابل ہیں کہ آج سے تقریباً ساڑھے تین سو برس پہلے کی اردو کی ایک سے زیادہ تصنیفوں پر زبان اور ادب دونو کے لحاظ سے تحقیقی اور تقابلی نظر ڈال سکیں۔

سب رس اور قطب مشتری کا مصنف

قطب مشتری جیسا کہ مثنوی کے آخری شعروں سے ظاہر ہے ۱۰۱۸ھ کی تصنیف ہے اور سب رس اس کے تقریباً ۲۷ سال بعد یعنی ۱۰۴۵ھ میں لکھی گئی۔ دو کتابوں کی تصنیف کے زمانوں میں اس قدر زیادہ فرق کا پایا جانا مصنف کے ایک ہی ہونے کے متعلق شبہ پیدا کر دیتا ہے لیکن یہ اس طرح دور ہو جاتا ہے کہ

(۱) "سب رس" کا وجہی، غواصی کا ہمعصر تھا کیونکہ "سب رس" کا سن تصنیف ۱۰۴۵ھ ہے اور "طوطی نامہ" اور "سیف الملوک" کے سنین تصنیف ۱۰۴۹ھ اور ۱۰۳۵ھ ہیں۔

(۲) "قطب مشتری" کا وجہی بھی اندرونی شہادتوں کے لحاظ سے غواصی کا ہمعصر تھا "قطب مشتری" کے حسب ذیل اشعار اس بات کا ثبوت دیتے ہیں کہ کس طرح اس کا مصنف اپنے ایک ہمعصر غواصی کی طرف اشارے کرتا ہے۔

جو لک برس کوئی سر لیوے سنج کون   نپاوے کدہیں اس پچھے گنج کون
ہوا جیو جب شعر یو بولنے   خزینے لگیا غیب کے کھولنے

اگر غوطے لاک برس غواص کھائے   تو یک گوہر اس دھات اہو لاک پیائے
یو موتی نہیں وہ جو غواص پائیں   یو موتی نہیں وہ جو کس ہات آئیں
غواضاں کئی غوطے کھا کھائے کر   موئے ہیں سو اس سمد میں آئے کر
اپنے ہوکے لیا سو ہے جھوٹ سب   خدا غیب تے دیوے تو کیا عجب
کہ ہن تم نے بیچ سمد یک جائے تو   مرے ڈوب مل سیر پڑ پایوں ہو (ورق ۹۹ ا)

(۳) سنہ ۱۰۴۱ھ میں ایک شخص وجہی زندہ تھا جو شاعر کی حیثیت سے مشہور تھا اور جو غواصی کے ساتھ کا درباری شاعر تھا۔ اس کا ثبوت نظام الدین احمد کی اس اہم تاریخ سے ملتا ہے جو سلطان عبداللہ قطب شاہ (۱۰۳۵ھ تا ۱۰۸۳ھ) کے عہد حکومت پر لکھی گئی ہے اور جس کا ایک قلمی نسخہ برٹش میوزم میں محفوظ ہے۔ اس میں سنہ ۱۰۴۱ھ میں بادشاہ کو لڑکا پیدا ہونے کے ذکر کو ذیل میں لکھا ہے:

وجہی از شعرا تاریخے کہ یافتہ بودند بہ مسامع جاہ و جلال خسرو یوسف جمال رسانیدند از آن جملہ این سہ تاریخ مرقوم گردید۔ اول تاریخ کہ ملا وجہی شاعر دکنی یافتہ است ع "آفتاب از آفتاب آمد پدید" (۱۰۴۱ھ) و ملا غواصی کہ در شعر دکنی از امثال خود ممتاز است این حکم را مادہ تاریخ ساختہ است "محفوظ باد" (۱۰۴۱ھ)" ورق ۲۵۷ ب) یہاں یہ امر قابل غور ہے کہ مورخ وجہی کو شاعر لکھتا ہے نہ صرف انشا پرداز "سب رس" کا وجہی شاعر بھی تھا۔

(۴) "سب رس" کے لکھے جانے کے پینتیس سال بعد یعنی سنہ ۱۰۸۱ھ میں گولکنڈہ کا ایک شاعر طبعی اپنی مثنوی "بہرام و گل اندام" کے دیباچہ میں ایک شاعر وجہی کا ذکر کرتا ہے جس کی اندرونی شہادتیں ثابت کرتی ہیں کہ وہ "قطب مشتری" کا وجہی ہے کیونکہ طبعی نے وجہی کے حسب ذیل اشعار

کہ فیروز آ خواب میں رات کوں   دعا دے کہ چومے مرے ہوت کوں
کہا ہے توں یو شعر ایسا مسدس   کہ پڑنے کوں عالم کرے سب ہوس
توں یوں کر کہ خصلت یو تج آئے نا   کہ توں خوش رہے ہور کسے بھاتا
توں ایسی طرز دل (دیتے، بیجا؟) نوی   کہ دوسرے کریں سب تری پیروی
وجہی ترا ذہن جوں برق ہے   تجے ہور بعضیاں میں کئی فرق ہے
ترا شعر دل یوں چگتا ہے دل   کہ پانی (دیتے) ابلوس گلتا ہے جیوں

توں وجہی کہیا شعر کئی دھات کا
ہوا زیارت تجھ تے مزا بات کا

شعر بولنا گرچہ (دکہیا) اپر و سب ہے
ولے دانا کہنے تے خوب ہے (ورق ۱۶۱)

کی تقلید میں اپنی مثنوی میں اس طرح انہی مطالب کو ادا کیا ہے۔

لگیا میں جو یو مثنوی بولنے
یو موتیاں تخیل دھال یو رولنے

یو وجہی مرے خواب میں آے کر
مکھ اپنا سورج ناو دکھلائے کر

سراسر سنیا جو مری مثنوی
کیا بات طبعی ہے تری نوی

ہو خوش (دشنا) حال سن کر یو باتاں مرے
(دکھیا) اپس کے یو ہاتاں میں ہاتا مرے

بڑے پیار سو آ نبا یو نسل
(نبا) نیا سو پڑیا خواب میں تے اچھل

پھر اسی سلسلہ میں وجہی کے حسب ذیل اشعار بعینہ اپنے ہاں نقل کر دیے ہیں۔

کتا ہوں سنو کان دہر لوگ ہو
کہا دست نئے ابتد ہوتے[1] سو

اگر شعر کوئی خوب[2] کہہ کر جو لائے
تو خوب اس کو دو (۳) رنگ البتہ آئے

کیسی کوں سو یک رنگ سکتے نہیں
کیس کوں[5] سو یک نال رکتے نہیں

اگر کچھ کہے تو کدہر کا کدہر
کہے تو کہتے ہیں اسے ہیچ کر

زرانی (۴) میں اکوں جیو ادھیر تھے
فضیحت کریں پانو تک سیر تھے

اگر خوب جو بولے تو دوں رہے
دگر جو برا بولے تو یوں اسے

اگر وجہی نام کے دو ادبی آدمی گزرے ہوتے تو طبعی اس قدر سادگی اور بے پروائی کے ساتھ اپنے منظور نظر شاعر کا ذکر نہ کرتا۔ وہ سب رس کے وجہی اور قطب مشتری کے وجہی میں امتیاز کرنے کی ضرورت [illegible] وہ یوں بھی اس بات کو عقل نہیں مانتی کہ اتنے قریب کے زمانے میں ایک ہی دربار کے دو شاعر ایسے گزر سکتے ہیں جن کا تخلص ایک ہی ہو۔

---

[1] قطب مشتری میں یہاں "جو" ہے
[2] " " " "کہنے تو اگر" ہے
[3] " " " "کچ کا کچ کدہر کا کدہر" ہے
[4] قطب مشتری میں یہاں "ایس میں اپنے" ہے
[5] " " " " "سکا" ہے

ان دلیلوں پر غور کرنے سے یہ نتیجے نکلتے ہیں کہ:۔

۱۔ سب رس اور قطب مشتری دونوں کا مصنف ایک ہی شخص تھا جس کا تخلص وجہی تھا۔

۲۔ وجہی نے ابراہیم قطب شاہ (۹۵۷ھ تا ۹۸۸ھ) کا زمانہ دیکھا تھا اور ممکن ہے کہ اسی وقت سے شاعری بھی شروع کر دی ہو کیونکہ قطب مشتری بالکل وضاحت کے ساتھ ثابت کرتی ہے کہ اس کا مصنف ایک مشاق اور مشہور شاعر ہے۔ اگر ابراہیم کی وفات اور محمد قلی کی تخت نشینی کے وقت (یعنی ۹۸۸ھ میں) اس کی عمر ۲۰ سال کی فرض کی جائے تو قطب مشتری کی تصنیف کے وقت (یعنی ۱۰۱۸ھ میں) وہ سال کا اور سب رس کی تصنیف کے وقت (یعنی ۱۰۴۵ھ میں) ۷۷ سال کا تھا۔

۳۔ غواصی نے بھی محمد قلی قطب شاہ کے زمانہ ہی سے شاعر کی حیثیت سے چمکنا شروع کر دیا تھا اور اس کا زمانہ پیدائش بھی وجہی کے قریب قریب ہی ہوگا۔ یہ بہت ممکن ہے کہ غواصی وجہی سے عمر میں بہت چھوٹا ہو کیونکہ اگر اس کی بھی عمر ۱۰۴۵ھ میں [illegible] سال کی ہوتی تو وہ غالباً اس قدر ضعیف العمری میں قطب شاہی دربار کے ایلچی کی حیثیت سے بیجاپور کا سفر نہ کر سکتا جس کی نسبت آیندہ ذکر کیا جائے گا۔

۴۔ وجہی نے اس قدر شہرت حاصل کر لی تھی کہ اس کی وفات کے شاید پچیس برس بعد بھی ایک شاعر اس کے قدم بقدم چلنے کی کوشش کرتا ہے اور اس کے خواب میں آکر تعریف کرنے کو اپنی شاعری کی خوبی و عمدگی کے لیے سند سمجھتا ہے۔

وجہی کی زندگی

وہ غالباً ابراہیم قطب شاہ کے عہد حکومت میں پیدا ہوا اور کم عمری ہی سے شاعری شروع کر دی اس کی نشو و نما اس زمانے میں ہوئی جب کہ گولکنڈہ میں اردو ادبیات کا آغاز ہو چکا تھا اور غالباً چند اچھے شاعر بھی پیدا ہو چکے تھے۔ خصوصاً جب اس نے قطب مشتری لکھی عام طور پر اردو شعر و شاعری کا چرچا ہو چکا تھا اور کئی شاعروں سے وجہی کی چشمک بھی تھی جس کے متعلق اس کے ان شعروں سے کچھ اندازہ ہو سکتا ہے جن کو طبعی نے اپنی مثنوی کے دیباچہ میں داخل کر لیا تھا اور جو اوپر پیش کیے جا چکے ہیں لیکن اس زمانہ کی علمی و ادبی فضا کے متعلق وجہی کے کلام سے اور جو روشنی پڑتی ہے اس کے ظاہر کرنے کے لیے ہم قطب مشتری سے چند اور انتخابات یہاں پیش کرتے ہیں۔

اپنے ہمعصر عام شاعروں کی نسبت وجہی کی یہ رائے تھی کہ:-

یو سب شعر کہتے یو سب شعر نین (نہیں)   کہ بولاں کدہر ہور معنی کہیں
شعر گرچہ (بے) لوگ جوڑتے اہیں (ہیں)   بُرے بہوت ہور خوب تھوڑے اہیں

ایک جگہ اپنے کلام کا دوسرے شاعروں کی شاعری سے مقابلہ کرتے ہیں اور اس میں اپنی خوبیاں بیان کرتے وقت اس بات پر سب سے زیادہ زور دیتے ہیں کہ خود ان کی شاعری اپنی ہے انھوں نے کسی اور جگہ سے اپنا مضمون اور خیالات اخذ نہیں کیے اس کے برخلاف ان کے ہم عصر دوسروں کے ممنونِ منت تھے وہ اپنی ذات سے کچھ نہیں کہتے تھے اس بات سے ان کا اشارہ غالباً فارسی کے ترجموں کی طرف ہوگا وجہی یہ بھی کہہ دیتے ہیں کہ اگر اب آگے کوئی شاعر ایسی کتاب لکھے بھی تو اس کو کوئی فخر نہیں حاصل ہو سکتا کیونکہ ایسے کام کی ابتدا کا سہرا تو صرف انہی کے سر رہے گا بعض شعر یہ ہیں-

دو جگ جس اتم ہیرے کا مول ہے   وو ہیرا سو ہر اک مرا بول ہے
تن بے بدل یو مرے جاں بکائیں   وہاں (ووہ) چاند سورج ولائی نہ پائیں
بچن موتی یو دیک جنت (جہاں) لاجتے   سمد پانی گل کر ہوا لاج لے (سے)
جکوئی جوہری ہے (دیکھ کر) سو پچھان کر   منگے کارن کوں قدر سان کر
پرکہ (کوں) ایک توں کاچ ہور پاچ کون   برابر نہ کر دودھ ہور چھاچ کوں
بہا اک نین کاچ ہور پاچ کون   لذت دیک ناک دودھ ہور چھاچ کوں
جہان پاچ اچھے گا وہاں کاچ کیا   جہاں دود لچھے گا وہاں چھاچ کیا
نہ یو بات ہر ایک کے سات ہے   جکوئی عارف ہے اس سوں یو بات ہے
تو پہل چاک دیک ہور لذت کوں فام   نکر مول سب کا نکٹ تین دام
جو کرتا نکس کا ہنر دیک کر (سمجھ کر)   ہنروند اسے تین کہتے ہیں نہر
زا اول تے لیانا ہے مشکل کہت (دیکھ)   کہ آسان ہے (انہیں دیکھنے) دیک کر بولنا
جو کوئی یوں کرے اس میں کچ فام نین (کہنا)   ہنر دیک سکتا بڑا کام میں
ہنروند اسی کوں نا جانے گا (فہم مین)   جو کوئی اپنے دل تے (سے) تو الیا کیے گا (ڈالے)
فرق ہے اول اور اخیر میں   تفاوت اہے نیر ہور شیر میں

ہنرونک سکتا ہے استاد کا   فہم چور ہے آدمی زاد کا

اسی سلسلہ میں وہ اس کا بھی اظہار کر دیتے ہیں کہ میں اپنے کلام کو ناحق ترجیح نہیں دے رہا ہوں بلکہ میں اپنے ہنر کی باریکیاں اس لیے بیان کر رہا ہوں کہ لوگ انصاف سے کام لیں اور کسی کی تعریف یا مذمت داری خواہ مخواہ نہ کریں۔

ہنر یاں (کی باتیں) ہیں یو باریکیاں، لاف نین   دوادمی نہیں جس میں انصاف نین
کہ انصاف دیوے وہی راست ہتے (نہیں)   کہ انصاف طاعت تے بی زیاست ہے
نکر بات توں نا سمجھ آسان،   بہوت مشکل ہے بات کوں (بھی) ٹامت

اسی سلسلہ میں حسب ذیل شعر بھی آتے ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ شاعروں کی ذاتی کش مکش کہاں تک انھیں پریشان رکھتی تھیں نیز یہ کہ انھیں بعض وقت سرے سے شاعری ہی ترک کر دینے کا خیال پیدا ہوتا تھا وہ کہتے ہیں کہ

ہوا شعر کا اس وضیا (وضع) کام جب   تو اب شعر کہنا جھتی کیا سبب
منے جیو رہتا نین کہے باج یو   عجب سرکش ہے انجودی راج یو
شعر خوب کہہ کر جو (نہیں) لیا نا اہے   اپس پر بلا ایک لیانا اہے
ہنر میں ہنر کوی جو تا نین   ترک کرنے گئے تو بھی ہوتا نین
یو بولند بچن اس میں بل بہوت ہے   سمجھے تھوڑی لوگاں میں جہل بہوت ہے

وجہی نے غالباً کسی شاعر کی شاگردی نہیں کی۔ کیونکہ انھوں نے اپنے ہمعصروں پر جو چوٹ کی ہے اس سے کچھ اس امر پر بھی روشنی پڑتی ہے کہ وہ شاعری میں کسی کو استاد نہیں مانتے تھے۔ تاہم انھوں نے اپنے دیباچہ میں دو اردو شاعروں کے نام پیش کئے ہیں جو اس وقت زندہ نہیں تھے لیکن ان کی وہ عزت کرتے تھے اور انھیں اس قابل سمجھتے تھے کہ ان کے ذریعہ سے اردو شاعری کو بہت رواج ہوتا نیز یہ کہ صرف وہ دونو ہی ان کی نظروں میں اچھے شاعر تھے اور ان کے علاوہ جتنے شاعروں کو وہ جانتے تھے یا جو اس وقت موجود تھے وہ ان کے ہاں بالکل ہیچ تھے وہ کہتے ہیں۔

کہ فیروز محمود اچھتے جو آج   تو اس شعر کوں بہوت ہوتا رواج

کرنا رہتے دونوں کی اس کام میں   رکھیا ہیں کہنے پھول اپھول نام میں

فیروز اور محمود کی شہرت اور ان کے اردو ذوق ادب کی کیفیت ہمیں ایک اور دکھنی شاعر کے ذریعہ سے بھی علم حاصل ہوتا ہے۔ ابن نشاطی نے پھول بن کے خاتمہ میں جہاں چند متوفی اردو شاعروں اور قدر دانوں کا ذکر کیا ہے۔ ان دونوں کا نام سب سے پہلے آتا ہے پھول بن کے حسب ذیل شعروں سے فیروز اور محمود کے اوصاف کے متعلق ناظرین کی معلومات میں اضافہ کچھ اضافہ ہوگا۔

نہیں وو کیا کروں فیروز استاد   جو دیتے شاعری کا آج پر کی داد
ہے صد حیف جو نہیں سید محمود   کہتے پانی کوں پانی درد کوں درد

(مخطوطہ انڈیا آفس ورق ۱۴)

قطب مشتری میں وجہی نے ابراہیم قطب شاہ کی اس طرح تعریف کی ہے کہ گویا وہ تصنیف کے وقت زندہ تھا چنانچہ وہ کہتا ہے۔

ابراہیم قطب شاہ راجا دہراج   شہنشاہ سب شاہاں میں آج
عدل بخشش ہور داد اس تے اچھے   سدا خلق سب شاہ اس تے اچھے
جتے بادشاہاں ہیں سنسار کے   بھکاری ہیں سب اس کے دربار کے
سلیماں تے فاضل ہے اس بخت بل   پرے دیو جن سب ہیں اس حکم تل
اسی شاہ عادل کے غصے تے ڈر   لیا ہے گگن کوں پون اپنا پیٹ پر
تیا بل ہے اس عدل کے فن منے   کہ بجلیاں لکڑیاں کا پتیاں بن منے

لیکن اس کو دیکھ کر یہ سمجھ لینا فی الحال خلاف تحقیق ہوگا کہ وجہی نے ابراہیم کی زندگی ہی سے یہ مثنوی کہنی شروع کر دی تھی۔ تاہم اس میں شک نہیں کہ وہ محمد قلی قطب شاہ کی تخت نشینی کے ساتھ ہی چمکنے لگا ہوگا اور چونکہ بادشاہ خود دکھنی زبان کا شاعر تھا اس کی رسائی بھی دربار میں بہت جلد ہو گئی ہوگی۔ مثنوی قطب مشتری جس موضوع پر لکھی گئی ہے خود وہ بھی ظاہر کرتا ہے کہ کوئی شاعر خود بادشاہ سلامت کو ہیرو بنا کر اس وقت تک کوئی عشقیہ قصہ نہیں لکھ سکتا جب تک کہ بادشاہ اس کے ساتھ نہایت درجہ مانوس ہو گیا ہو۔

قطب مشتری کی تصنیف کے وقت وجہی کی شہرت اور مقبولیت یقیناً عروج حاصل کر چکی تھی اگرچہ

اُس وقت کئی شاعر موجود تھے، اُن میں سے بہت سوں نے متعدد قصّے بھی نظم کئے، لیکن ان سب کا وجہی جس حقارت سے ذکر کرتا ہے۔ وہ شاہد ہے کہ دربار میں کوئی اس کے پلّے کا نہ تھا اگر اس کے سوا ایک بھی بادشاہ کا منظور ہوتا تو وجہی تمام شاعروں کی اِس طرح بے دھڑک مذمت کرنے کی ہرگز جرارت نہ کرتا۔

اور غالباً یہی غیر معمولی قدر و منزلت اور احساس یکتائی ہوگا جس نے اسے ایک حد تک خود ستا اور مغرور بھی بنا دیا تھا۔ اگرچہ اکثر جگہ اس کی خود ستائی حق بجانب بھی معلوم ہوتی ہے لیکن اس قسم کے شعر قطب مشتری کے دیباچہ میں اس کثرت سے پائے جاتے ہیں کہ ایک سرسری مطالعہ کرنے والا ان کو پڑھ لینے کے بعد وجہی کے اخلاق کے متعلق اول اول کوئی اچھی رائے نہیں قائم کرسکیگا اس کی خود ستائیوں کے بعض نمونے یہ ہیں۔

(۱) نہ پہنچے نہ پہنچیا ہے گن گیاں میں   سو طوطی منج ایسا ہندوستاں میں
کہ باتاں یو سُن کر مرے گیان گیان   رہیاں تھک ہو قرباں خراسنگیاں
جتے شاعراں شاعر ہو آئیں گے   سو منج تے طرز شعر کا پائیں گے
(۲) نہ منج کچھ بڑائی نہ منج لاف ہے   ولے عارفاں پاس انصاف ہے
دکھن میں اتھا کئی طرح ہور ہیں   دیا یوں سلاست کو بھی زور میں
(۳) جتے عقل دوڑا ئے انداز سوں   کیا نیں کسنے بات اس ناز سوں
نہیں کسی نے
نہ کیں ویک کر کس تے پایا ہوں میں   تو تازا طرح دل تے لیایا ہوں میں
جکوی فہم میں ٹک فہیماں رہیں   سو دوسریاں کے وہ خوشہ چیناں ہیں
اگر ٹک جو دوڑون بلند دھانوں کوں   اڑون جگ کوں سب باندھ پانوں کوں
(۴) اگر کس تے تل خاص کچھ جانتا   اسے دل میں استاد کر مانتا
ہنر سے ہنر اس وضیا کس تے   نکرسے قدم کوئی آنگے اس تے
اگر کوئی گیانی چتر گیان ہے   یدنے پانچ گو پانچ میدان ہے
دکھن میں جو دکھنی مٹھی بات کا   ادا نیں کیا کوئی اس دھات کا
اوایوں اتال ہوے تو کیا عجب   کہ عالم سنیا ہے یو چو پھیر سب
جو عاقل ہے یو بات مانے وہی   قدر اِس ادا کی پچھانے وہی

دیوانہ ہوں میں اس رنگی بات کا — کہ ہر دل میں جیو ہو کرے ٹھار آ
کہاں بات دو چنچل ہوا چلبلی — کہ دل کوں نہوا اس سوں کرے گدگلی
مری بات سن بات اس دھات بول — کہ جیو کوں خوشی ہور دل کوں کلول
یو نہ مول ہے بات اسے بول نین — ہر یک بول ہے وحی یو بول نین
سخن گو وہی جس کی گفتار تھے — او چھل کر پڑے آدمی ٹھار تھے
یو بولیا ہوں سب گنج نا رنج ہے — اجھوں میرے دل میں بہت گنج ہے
جو لک برس کوئی سہ لیوے رنج کوں — نیاوے کدھیں اس چھپے گنج کوں

اظہار خودنمائی اور ہمعصر شاعروں کی عام تحقیر کے باوجود یہ ضرور ہے کہ وجہی غواصی کی بڑھتی ہوئی شہرت اور شاعری سے غافل نہ تھے وہ جانتے تھے کہ اس شخص کے مقابلہ میں زیادہ زمانہ تک ٹکے رہنا آسان کام نہیں ہے اگرچہ انھوں نے حتی الامکان اس بات کی کوشش کی کہ اپنے ملامتی تیروں کے اصل نشانہ غواصی ہی کو بنائیں لیکن ان کی ہمت نہ ہوئی کہ صاف صاف ان کا اور ان کے کارنامے کا (جو غالباً کسی فارسی قصہ کا منظوم ترجمہ ہوگا) مضحکہ اڑائیں انھوں نے غواصی کی نسبت جن اشعار میں اشارہ کیا ہے وہ پیش کیے جا چکے ہیں۔

معلوم ہوتا ہے کہ وجہی کی قدر و منزلت کی معراج اور ملک الشعرائی محمد قلی ہی کے دم کے ساتھ تھی محمد قطب شاہ (۱۰۲۰ھ تا ۱۰۳۵ھ) کے پندرہ سالہ زمانہ کی درباری قدر دانیاں ابھی تک نامعلوم ہیں لیکن عبداللہ قطب شاہ (۱۰۳۵ھ تا ۱۰۸۳ھ) کے عہد کے حالات ظاہر کرتے ہیں کہ اس وقت غواصی نے وجہی کو پیچھے ہٹا کر خود ان کی جگہ حاصل کر لی تھی اگرچہ وجہی بھی دربار میں موجود تھے تاریخی قطعے اور قصیدے لکھا کرتے تھے اور موقع بہ موقع بادشاہ کی عنایتوں سے سرفراز ہوا کرتے تھے لیکن ان کے کم عمر مقابل غواصی کی شہرت اور شاعری نے ان کی قدیم عظمت پر نقاب ڈال دیا تھا۔ اس کے ثبوت میں اس زمانہ کے مورخ نظام الدین احمد کا وہ بیان پیش کیا جا سکتا ہے جس میں ایک ہی جگہ وجہی اور غواصی دونوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ لیکن غواصی کی زیادہ تعریف کی گئی ہے اس بارے میں خود نظام الدین کے الفاظ پیش کیے جا چکے ہیں۔ اس امر کا ایک اور ثبوت نظام الدین احمد ہی کے بیان کردہ ایک دوسرے واقعہ سے ملتا ہے یہ واقعہ ملا غواصی کو بیجاپور کے دربار میں ۱۰۴۵ھ میں ایلچی بنا کر روانہ کرنے سے متعلق ہے اور جس کا خلاصہ یہ ہے کہ ۱۰۴۴ھ میں محمد عادل شاہ نے اپنے دربار کے ایک مشہور شاعر ملک خوشنود کو جس کی مثنوی کا میں نے مکتبہ ہی کے ایک مضمون میں

گولکنڈہ روانہ کیا تھا تاکہ عبداللہ قطب شاہ کی اس مدد کا محمد عادل شاہ کی جانب سے شکریہ ادا کرے جو خواص خاں و بیجاپور کی حکومت سے بے اقتدار کرنے کے لئے روانہ کی گئی تھی۔ ملک خوشنود کی عبداللہ نے خاصی قدر و منزلت کی اور جب وہ واپس ہونے لگا تو اُس کے ساتھ غواصی کو بھی بیجاپور تک روانہ کیا۔ جس کا ذکر خود مورخ کے الفاظ میں یہ ہے۔

”بعد از یک چندے ملا غواصی، شاعر دکنی را رفیق او ساختہ با تحفہ و یادگار روانہ بیجاپور ساختند و بعد از قتل خواص خاں . . . . . . حضرت عادل شاہ میرزین العابدین پسر شاہ ابوالحسن حاجب تعلیمی را ہمراہ ملا غواصی شاعر نمودہ، و زنجیر فیل بزرگ و شش راس اسپ عراقی و دو صندوق مقفل از تحف و ہدایا ارسال داشتند و مشارالیہما بشرف بساط بوسی مشرف و سرفراز شدند!“

(دیکھو حدیقۃ السلاطین مخطوطہ برٹش میوزیم ورق ۲۶۹ ب)

ان دونوں تاریخی بیانات سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ اس وقت غواصی کی زیادہ قدر و منزلت کی جاتی تھی حالانکہ وجہی زندہ تھا۔ یہ بہت ممکن ہے کہ غواصی کی ترقی اور وجہی کی کم قدری کرنے میں موخرالذکر کی طویل عمری نے بھی کوئی حصہ لیا ہو۔

وجہی کی شاعری

وجہی کئی باتوں کے لحاظ سے دکھن کا ایک واحد ادیب ہے اُس کا موضوع خود اُسی کی دماغی پیداوار ہے اس کو اس بات پر فخر تھا کہ اس نے اور شاعروں کی طرح دوسروں سے مضمون اخذ نہیں کیا۔ دوسری زبانوں سے ترجمہ کرنا یا دوسرے مضمون کو ماخذ قرار دینا اس کی نظروں میں چوری اور دغا بازی جیسا جرم تھا۔ چنانچہ اُس نے اپنے موضوع کے اپجی ہونے اور دوسروں کی تصنیفات کے ماخوذ ہونے کی نسبت جو خیالات ظاہر کئے ہیں ان کو اوپر نقل کر دیا گیا ہے

وجہی وہ خوش قسمت شاعر ہے جس کے کلام سے نثر اور نظم دونوں کا نمونہ اس وقت موجود ہے اور حسن اتفاق سے دونوں اس کی ادبی قوتوں کے بہترین ثبوت ہیں اُس کی نثر ”سب رس“ کی خوبیوں سے اہل ذوق ناواقف نہیں، اور اس نظم ”قطب مشتری“ کی خصوصیات کی نسبت اگرچہ یہاں کوئی تفصیلی بحث نہیں کی جا سکتی تاہم جو کچھ لکھا گیا ہے اور اس کے جتنے شعر پیش کئے گئے ہیں ان کے مطالعہ سے ایک حد تک ضرور اندازہ کیا جا سکتا ہے۔

وہ اس لحاظ سے بھی گولکنڈہ کا ایک واحد بڑے شاعر ہے کہ اقسام نظم میں سے اس کی صرف مثنوی ہی نہیں بلکہ غزل اور رباعیوں کے بھی چند نمونے قطب مشتری میں موجود ہیں جن کا مطالعہ واضح کرتا ہے کہ وہ در اصل دکھن کا ایک اعلیٰ درجہ کا شاعر تھا اس کی اکثر غزلیں شروع سے آخر تک ایک ہی مضمون پر لکھی گئی ہیں۔ جس کی وجہ سے اُن میں زیادہ دلچسپی پیدا ہوگئی ہے۔ ان میں بالعموم جذبات کی ترجمانی کی گئی ہے اور اُن کا اسلوب نہایت پاکیزہ اور فطری ہے۔ اُن میں تکلف اور رسمی خیالات کو کوئی دخل نہیں ان سے معلوم ہوتا ہے کہ اول اول اُردو شاعروں نے ہندی شاعری کی تقلید شروع کی تھی۔ اور یہ کہ اگر وہ اسی پر قائم رہتے تو شائد ان کی شاعری آج کسی دوسرے ہی رنگ میں ہوتی۔ وجہی کی غزلوں کے نمونے تو شہ پاروں کے سلسلہ میں پیش کی گئی ہیں یہاں انکی رباعیاں درج کی جاتی ہیں۔

رباعیوں کے نمونے

(۱) خوشحال ہو جیو آج خوشی پاتا نہیں   پیتا ہوں شراب ہور اثر آتا نہیں
کانٹیاں کے صب ڈستے ہیں پھول سب   تج باج سکی باغ منجے بھاتا نہیں

(۹۴-ل)

(۲) تج یاد بنا ہور منجے کام نہیں   نس جاگتے جاتی ہے دن آرام نہیں
میں تو تجے منگتی اوکہ جیو دے   توں کیوں منجے منگتا ہے سو کچ نام نہیں

(۱۰۸-ل)

دنیا کے سو لوگاں میں وفا دستا نیں   دھنڈ دیکھے جفا باج جفا دستا نیں
بے مہر بنی آدم ہے اس سوں اسکی   دل باندنے میں کچ نفا دستا نیں

(۱۱۱-ل)

وجہی کی شاعری کے نمونوں کے سلسلہ کیا دلچسپی سے خالی نہو گا اگر شعر و شاعری کے متعلق اس کے ذاتی خیالات بھی پیش کر دیئے جائیں۔ ذیل کے شعروں سے نہ صرف یہ معلوم ہوگا کہ وجہی کا معیار شاعری کیا تھا بلکہ یہ بھی کہ آج کے اور آج سے ساڑھے تین سو برس پہلے کے اُردو شاعروں کے ذوق میں متعدد سیاسی اور لسانی تبدیلیوں کے بعد بھی کوئی فرق نہیں پایا جاتا۔

کتا ہوں تجے پند کی ایک بات   کہ ہے فائدہ اس منے دھات دھات
جو بے ربط بولے تو بیتاں پچیس   بھلا ہے جو یک بیت بولے سلیس
سلاست نہیں جس گھڑی بات میں   پڑیا جانے کیوں جز لیکر ہات میں
جسے بات کے ربط کا فام نیں   اسے شعر کہنے سوں کچھ کام نیں
تکو کر توں لے بولنے کا ہوس   اگر خوب بولے تو یک بیت بس
دو کچ شعر کے فن میں مشکل اچھے   کہ لفظ ہور معنی یو سب مل اچھے
اسی لفظ کوں شعر میں لیائیں توں   کہ دیا یا ہے استاد جس لفظ کوں
اگر فام ہے شعر کا تج کوں چند   چنے لفظ لیا ہور معنی بلند
رکھیا ایک معنی اگر زور ہے   ولے بھی مزا بات کا اور ہے
اگر خوب محبوب جیوں سور ہے   سنوارے تو نورٌ علیٰ نور ہے
اگر لاکھ عیباں اچھے نا رہیں   ہنر ہو دسے خوب سنگار ہیں
ہنر مشکل اس شعر میں بوج ہے   کہ تھوڑے اچھیں حرف معنی سوکئے
دیوانا ہوں میں اس رنگی بات کا   کہ ہر دل میں جیو ہو کرے ٹھار آ
کہاں بات وہ چنچل ہور چلبلی   کہ دل کوں نغزاں سوں کرے گدگلی
سخن گو وہی جس کی گفتار تھے   اچھل کر پڑے آدمی ٹھار تھے
نکو بول مضموں توں ہور کا   کہ کالا ہے دو جگ میں موں چور کا
جتا چوری کر چور اپسے سادھوے   دغا باز اچکے کوں مانے نکوئے
پہ اکر چراتا نہ کہے چور کوئی   یو باتاں سمجھتے سو ہیں ہور کوئی

* "قطب مشتری" کا قلمی نسخہ انڈیا آفس لندن کے کتب خانہ میں موجود ہے۔ پاکیزہ نسخی قلم سے لکھا گیا۔ مثنوی تقریباً دو ہزار شعر پر ختم ہوئی ہے۔ اور اس کے آخری شعر جن میں تاریخ تصنیف اور اس کا نام وغیرہ بیا کیے گئے ہیں حسب ذیل ہیں۔

قطب مشتری میں جو بولیا کتاب   سو ہوی جگ میں روشن کہ جیوں آفتاب
لعل ہور آخر کے کاماں پچھان   دنیا میں رکھیا ہوں میں اپنا نشان

نشانی رکھے باج چارا ہیں   کہ دائم کوئی اپنے ہار انہیں
شمار ہو کے سنے کے نقطان گھڑیا   تن معنی چن چن ان پر جڑیا
جنے شعر بولیا اسے کیا ہے غم   کہ جیتا رہے نانوں اس جگ میں ہم
تمام اس کیا دیس بارہ سنے   سنہ یک ہزار ہور اتھارا سنے

(ورق ۱۲۱ ل)

مثنوی کے قصہ کا پلاٹ طوالت کے خوف سے یہاں نہیں بیان کیا جا سکتا۔ انڈیا آفس کے مرتب کٹلاگ نے جنہیں مثنوی اور اس کے مصنف کے ناموں کا پتہ نہیں چل سکا اس کا مختصر سا پلاٹ نقل کیا ہے جس کے دیکھنے سے اس ادبی شہ کار کی کم از کم نوعیت معلوم ہو سکتی ہے۔

آخر میں وہ چار شعر بھی لکھ دیے جاتے ہیں جو اپنے وطن مالوف کی تعریف میں وجہی کے قلم سے نکل پڑے ہیں۔

دکھن سا نہیں ٹھار سنسار میں   پنچ فاضلاں کا ہے اس ٹھار میں
دکھن ہے نگینا انگوٹھی ہے جگ   انگوٹھی کوں حرمت نگینا ہی لگ
دکھن ملک کوں دھن عجب ساج ہے   کہ سب ملک سر ہور دکھن تاج ہے
دکھن ملک بھوتیچ خاصا اہے   تلنگانہ اس کا خلاصہ اہے

(ورق ۱۱۲ ب)

احمد

سلطان محمد قلی کے زمانے کا یہ دوسرا مشہور شاعر ہے سب سے پہلے ابن نشاطی نے اپنی کتاب پھول بن میں اس کا ذکر کیا ہے۔ اور اس کو گولکنڈہ کے بہترین شاعروں کے طبقے میں شمار کیا ہے۔ اس کی زندگی اور کلام کے متعلق کوئی تفصیلی معلومات حاصل نہیں ہیں۔ بہر حال یہ یقینی ہے کہ وہ ایک درباری شاعر تھا اور اس نے محمد قلی کی فرمائش پر لیلیٰ مجنوں کو نظم کیا ہے احمد کے لیلیٰ مجنوں کا ایک نامکمل مخطوطہ پروفیسر محمود شیرانی، مصنف "پنجاب میں اردو" کے پاس محفوظ ہے۔

موجودہ حصہ صرف ۵۴۰ اشعار پر مشتمل ہے اور وہ بھی شکستہ خط نسخ میں تحریر ہے۔ تمہید سے کوئی مفید مطلب

حاصل نہیں ہوئیں سوائے اس کے کہ یہ کام بادشاہ کی خواہش پر شروع کیا گیا تھا۔ زبان کم و بیش وجہی سے مشابہت رکھتی ہے اور ہندی الفاظ اور جملوں سے مالا مال ہے۔

(۳) میراں جی خدانما

شاہ میراں جی حسن عام طور پر میراں صاحب اور خدانما کے نام سے مشہور تھے۔ پہلے پہل عبداللہ قطب شاہ کے دربار کے محکمۂ عالم روزگار میں ملازم تھے ایک مرتبہ جبکہ وہ کسی کام سے بیجاپور بھیجے گئے تھے تو ان کی ملاقات شاہ امین الدین اعلیٰ سے ہوی (جو زبان اردو کے ایک ادیب تھے) اور وہ ان کے مرید ہو گئے۔ حیدرآباد واپس ہونے پر صوفیانہ زندگی اختیار کی اور جب سنہ [illegible] ہجری میں وفات پائی تو وہ ایک ولی مانے گئے۔

میراں جی نے بہت سے مقالے اردو نثر میں لکھے ہیں جن میں سے ایک شرح شرح تمہید ہے جس کے دو مخطوطے اب تک موجود ہیں۔ اور جو ایک قدیم صوفیانہ فارسی تصنیف تمہیدات عین القضات مصنفہ عبداللہ بن محمد ہمدانی جو عام طور پر عین الغزالی کے نام سے مشہور ہے کی شرح ہے وہ شیخ احمد غزالی کے شاگرد تھے (جو مشہور امام غزالی رح کے بھائی تھے) اور انھوں نے بہت سی فارسی اور عربی تصانیف چھوڑی ہیں۔

میراں جی کی شرح کم و بیش اصل فارسی تصنیف کا ایک ترجمہ ہے اور دس ابواب پر منقسم ہے۔ اس کے مسودے انجمن ترقی اردو میں محفوظ ہیں۔

وہ اقتباسات جو "رسالہ اردو" (جلد ۵ شمارہ ۳۰) میں دیئے گئے ہیں بتلاتے ہیں کہ میراں جی کا اسلوب نہایت سادہ اور اعلیٰ تھا یہ کتاب بہ نسبت سب رس کے جو پینتیس ۳۵ سال بعد تصنیف ہوی زیادہ حقیقی اور سلیس ہے۔

محمد قطب شاہ

(سنہ ۱۰۲۰ تا سنہ ۱۰۳۵ھ)

محمد نے جو محمد قلی کا بھتیجا، داماد اور جانشین تھا، تیرہ سال تک حکومت کی۔ یہ اپنے چچا کا حقیقی پیرو اور سچا مقلد تھا۔ اس نے اپنے عہد میں نہایت شاندار عمارتیں بنوا کر چچا کے عہد کی شان و شوکت میں اور چار چاند لگا دیے۔ اس نے اپنے چچا کے پیدا کئے ہوئے امن و امان اور ادبی مذاق سے بھی بے حد استفادہ کیا۔ اور اُن تمام شاعروں اور ادیبوں کی جو دربار حیدرآباد سے تعلق رکھتے تھے سرپرستی کی وہ خود ایک اچھا شاعر تھا اور دو دیوان چھوڑے ہیں جن میں سے ایک دکنی زبان میں اور دوسرا زبان فارسی میں ہے۔ یہ دونوں دیوان نواب سالار جنگ بہادر کے کتب خانہ میں محفوظ ہیں اُردو دیوان آغا حیدر حسن صاحب کے کتب خانہ میں بھی نظر سے گذرا ہے۔ محمد قطب شاہ زبان دکنی میں "قطب شاہ" اور فارسی میں ظل اللہ تخلص کرتا تھا۔

محمد قطب شاہ کا کلام محمد قلی کے اشعار سے اسلوب کی خوبی اور سادگی میں کسی طرح کم نہیں ہے۔

اپنے چچا کی مانند محمد قطب شاہ نے بھی نظم کی مختلف شکلوں یعنی رباعی، غزل، ترکیب بند اور مرثیہ میں کمال حاصل کیا لیکن کسی شکل میں بھی وہ اپنے چچا کی برابری نہیں کر سکتا۔ اگرچہ اس میں بہت کم شبہ کی گنجائش ہے کہ اسکے گہری علمی معلومات کی وجہ سے اسکو چچا پر سبقت حاصل ہے۔

اپنے کتب خانہ کی کتابوں کے سادہ اوراق پر خود اپنے اس کے ہاتھ کی لکھی ہوئی یادداشتیں کتابوں اور ان کے مصنفوں کے متعلق نہایت مفید معلومات اور عمدہ تنقیدیں ہیں۔

ایک ہمعصر مورخ یہ رائے ظاہر کرتا ہے کہ اگر کوئی شخص ان تمام یادداشتوں کو جمع کرے تو وہ ادب کی ایک مفید تاریخ ہوگی

دکنی ادب اُس کے عہد میں

یہ دیکھکر تعجب ہوتا ہے کہ اگرچہ محمد خود شاعر اور ادب کا قدردان تھا، اگرچہ اُس کا عہد محمد قلی کے بعد ہی شروع ہوا لیکن اس کے عہد کی بہت کم دکنی نظمیں اس زمانہ میں موجود ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ مشہور شاعر وجہی اور اس کے دوسرے ہم عصر خصوصاً غواصی اُس کے درباری شاعر تھے اور قطبی، جنیدی اور ابن نشاطی وغیرہ شعرا جن کا کلام اس کی وفات کے بعد لکھا گیا جو اب بھی موجود ہے) اُسی کے عہد میں تھے اور یقیناً اُس وقت بھی اُنہوں نے بہت کچھ لکھا ہوگا۔ لیکن اس کے دربار کے ادبی کارناموں کے متعلق بہت ہی کم معلومات حاصل ہیں۔

یہ بہت ہی افسوسناک ہے کہ اس کے دربار کے مورخین جو اکثر اس کے مشاعروں، مبارکبادی کے قطعوں اور نظموں کا جو مختلف موقعوں پر لکھی گئی تھیں اور اس کی داد و دہش کا ذکر کرتے ہیں، کبھی نہ تو شاعر کا نام ہی بیان کرتے ہیں اور نہ اُن کی نظموں ہی کو نقل کرتے ہیں۔

وجہی، غواصی، جنیدی اور ابن نشاطی کے علاوہ جو یقیناً اس کے درباری شاعر تھے، اور جن کا ذکر بادشاہ عبداللہ کے عہد میں ہوگا، راقم نے تین اور شاعروں کا پتہ چلایا ہے جو اُس کے عہد سے تعلق رکھتے ہیں جن کے نام احمد، شوقی اور خیالی ہیں۔

ابن نشاطی نے اُن کا ذکر دوسرے مرحوم شعرا یعنی محمود اور فیروز کے ساتھ اپنی پھول بن میں کیا ہے۔ اپنی تالیف کے متعلق ذکر کرتے ہوئے ابن نشاطی افسوس ظاہر کرتا ہے کہ وہ اپنی کتاب اُن مرحوم شعرا کو نہ بتا سکا جنکی قابلیتوں کے متعلق بدقسمتی سے وہ سوائے اس کے اور کچھ نہیں لکھتا کہ (۱) احمد کا پورا نام شیخ احمد تھا اور اگر وہ زندہ ہوتا تو وہ اُسکی کتاب کی اعلیٰ اہمیت کا صحیح اندازہ لگاتا (۲) شوقی کا نام حسن تھا اور وہ ابن نشاطی کی کتاب کو نہایت پسندیدہ نظر سے دیکھتا۔ (۳) ملا خیالی اگر ہوتے تو وہ پھول بن کے کمال کو دیکھکر محظوظ ہوتے۔

حسن شوقی

یہ دکن کا ایک عجیب و غریب شاعر تھا۔ یہاں کی تقریباً ہر اسلامی سلطنت کے ساتھ اس کا تعلق رہا۔ کبھی وہ نظام شاہیوں کے دربار میں تھا تو کبھی عادل شاہیوں کے یہاں۔ کسی وقت محمد عادل شاہ نے سرفراز کیا تو کبھی قطب شاہیوں نے۔

اس کا نام حسن تھا۔ اور اپنی زندگی ہی میں کافی شہرت حاصل کر لی تھی۔ گولکنڈہ کے خوش مذاق شاعر ابن نشاطی نے اپنے قصہ پھولبن میں جہاں اور مشہور و معروف شاعروں کا ذکر کیا ہے اس کا بھی نام لیا ہے۔ اور متوقع ہے کہ اگر وہ زندہ ہوتا تو میرے کلام کی بہت داد دیتا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ شوقی ۱۰۶۶ (پھولبن کی تاریخ تصنیف) سے پہلے انتقال کر چکا تھا۔

شوقی کی تصنیفات ہی سے اس وقت دو مکمل کتابیں اور چند غزلیں محفوظ ہیں۔ پہلی کتاب ظفر نامۂ نظام شاہ اس مشہور جنگ کی ایک شاعرانہ تاریخ ہے۔ جو والی ویجیانگر رام راج اور دکن کے مسلمان حکمرانوں میں واقع ہوئی تھی۔ اور جس کی فتح کا سہرا مصنف نے نظام شاہ ہی کے سر باندھا ہے۔ حالانکہ اس میں دوسرے شرکاء کا بھی خاصہ حصہ تھا۔

اس کتاب سے نہ صرف اُس زمانہ کے تاریخی اور معاشرتی حالات پر روشنی پڑتی ہے بلکہ اُس دور کی ادبی ترقیوں کا خاصہ اندازہ قائم ہوتا ہے۔

شوقی کی دوسری مثنوی "میزبانی نامۂ سلطان محمد عادل شاہ" ہے۔ اس میں محمد عادل شاہ کی اسکے وزیر مصطفیٰ خان کی لڑکی سے شادی ہونے کا بڑا پر لطف اور ادبی بیان لکھا ہے۔ اس سے اصل تاریخی واقعات سے زیادہ معاشرتی حالات کے متعلق معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ عیش و عشرت کے جتنے لوازمے ہیں ان سب پر نہایت اُستادانہ طریقہ پر شاعری کی ہے یہی وجہ ہے کہ ابن نشاطی شوقی سے داد کا خواہاں تھا۔ اس نے بھی شادی کی دُھوم دَھام اور عیش و عشرت کے بیانات نہایت خوبی سے بیان کئے ہیں۔

بدقسمتی سے شوقی کے متعلق اسوقت زیادہ معلومات حاصل نہیں ہیں۔ حالانکہ وہ اُردو کا ایک اچھا شاعر ہے۔ اس کے کلام کے مخطوطے انجمن ترقی اُردو میں بھی محفوظ ہیں۔

عبداللہ قطب شاہ

(سنہ ۱۰۳۵ھ تا سنہ ۱۰۸۳ھ)

عبداللہ قطب شاہ اس خاندان کا ساتواں بادشاہ ہے۔ اُس نے تقریباً پچاس سال حکومت کی جو قطب شاہی تاریخ میں سب سے بڑا دورِ حکومت ہے۔ اگرچہ اس کو مغلوں کی وجہ سے بہت سی سیاسی مشکلات کا مقابلہ کرنا پڑا تاہم اس نے ادبی ذوق اور دار الخلافہ کی آرائش میں کوتاہی نہ کی۔

اس کے عہدِ حکومت میں گولکنڈہ کے اردو ادب کا سنہری دور کمال عروج کو پہنچ چکا تھا۔ بہت سے زبردست ادبی کارنامے اس کے عہد میں پائے جاتے ہیں جس سے پتہ چلتا ہے کہ دکنی ایک مستند زبان بن گئی تھی۔

عبداللہ عالم اور شاعر بھی تھا۔ اُس نے اپنے پیشرو کی مانند فارسی اور دکنی دونوں زبانوں میں دیوان چھوڑے۔ مصنف محبوب الزمن نے کئی ایک اشعار اس کے دکنی کلام سے نقل کئے ہیں۔ اسکا طرز محمد قطب شاہ کے طرز سے زیادہ صاف اور واضح ہے۔ اس کا تخلص عبداللہ تھا۔

عبداللہ کا عہدِ حکومت اس کے پیشرووں کی طرح گمنامی کا عہد نہیں ہے۔ اس کے دربار کے مورخ نظام الدین احمد نے تاجپوشی سے لیکر سنہ ۱۰۴۵ھ تک کے واقعات نہایت تفصیل کے ساتھ اُس کی سوانحمری حدیقۃ السلاطین میں بیان کئے ہیں جو اُس کے زمانہ کی معاشری زندگی پر کافی روشنی ڈالتی ہے۔ اور تبلاتی ہے کہ کس طرح اور کہاں دکنی اور فارسی زبان کے شعرا جمع ہوا کرتے تھے۔ بعض اوقات رات رات بھر محفل مشاعرہ گرم رہتی۔ عیدوں اور خوشیوں کے موقعوں پر بادشاہ کی خدمت میں تہنیت اور مبارکبادی کے اشعار پیش کئے جاتے اس میں بڑے مشاعروں کے بہت سے نام درج ہیں۔ مثلاً رونقی، قیصر، خلقی، عبدالجبار گیلانی وغیرہ وہ آگے چلکر تبلاتا

کہ بادشاہ اور اُس کے مصاحب محترم میں کس قسم کی گہری دلچسپی لیا کرتے تھے۔ جس سے اُس کے زمانے میں مرثیہ نویسی کی ترقی پر مفید روشنی پڑتی ہے۔

عبداللہ کی سوانح عمری اس لئے بھی مفید اور اہم ہے کہ اس سے ہمکو اُس کے عہد کے چند شعرا کے متعلق معتبر مواد حاصل ہوتا ہے جنکا ہم آگے ذکر کریں گے۔

غواصی

اسکے کلام، ہم عصر تاریخوں اور ادبی ذخیرہ کے معائنہ سے اس بڑے شاعر کے حالات کا پتہ چلتا ہے جو تمام دوسرے دکنی شاعروں کے مانند عوام کی نظروں میں اب تک گمنام ہے۔

یہ ابراہیم قطب شاہ کے عہد میں پیدا ہوا اور عمر میں وجہی سے چھوٹا تھا۔ محمد قلی کے عہد میں اس کی شاعری نے اسوقت جبکہ وہ وجہی کا حریف بن چکا تھا اُس کو مشہور کیا۔

چونکہ محمد قطب شاہ کے زمانے کے ادبی کارنامے ابتک معلوم نہو سکے اسلئے یہ کہنا مشکل ہے کہ دربار میں غواصی کا کیا رتبہ تھا لیکن یہ صاف ظاہر ہے کہ بادشاہ اس کی سرپرستی نہیں کرتا تھا کیونکہ جب اُس نے اپنی پہلی طویل مثنوی "سیف الملوک" عبداللہ قطب شاہ کی تاجپوشی کے بعد ہی لکھی تو وہ بہت غریب حالت میں تھا۔ اس مثنوی کے خاتمہ پر وہ اپنی امید کا اظہار کرتا ہے کہ اگر بادشاہ کو اسکا کلام پسند آجائے تو اس کی مصیبت زدہ حالت بدل جائیگی یہ ظاہر ہے کہ وہ اس وقت دربار میں ملازم تھا لیکن جیسا کہ وہ کہتا ہے کہ اگرچہ وہ ایک معمولی ملازم تھا لیکن سب سے بڑا شاعر تھا۔

وجہی کے مانند، باوجود غربت کے، غواصی بھی ایک مغرور شاعر تھا۔ خودستائی کے اظہار کے لحاظ سے اس کی پہلی مثنوی کسی طرح بھی قطب مشتری سے کم نہیں ہے اگرچہ وہ کسی خاص شاعر کی ہجو نہیں کرتا لیکن اُس کے حملے بہت زیادہ اور سخت ہیں۔ وہ خیال کرتا ہے کہ تمام دوسرے شاعروں کی شاعری کا انحصار اُسی پر ہے اور وہ اس کی شاعری سے مستفید ہوتے ہیں۔

یہ خاص طور پر قابل لحاظ ہے کہ یہی مغرور غواصی چودہ سال بعد اپنی دوسری مثنوی "طوطی نامہ" لکھتے وقت بالکل بدل گیا تھا۔

فی الحقیقت اس طویل مدت میں اُس میں خاصی تبدیلی ہوگئی تھی اسوقت اس کا کوئی مدمقابل نہ تھا، وجہی غالباً

مرچکا تھا اور درباری شعرا میں سب سے بڑا شاعر یہی تھا اور بادشاہ کی بھی اُس پر خاص نظرِ عنایت تھی جسکا ذکر خود اس نے اس نظم کے دیباچہ میں کیا ہے۔

طوطی نامہ لکھنے کے چار سال بعد یعنی سنہ ۱۰۴۵ھ میں جبکہ وجہی نے سب رس لکھی تھی۔ غواصی کی شہرت انتہائی بلندی پر پہونچ چکی تھی، عبداللہ کی سوانح عمری میں غواصی کا دلچسپ حال تحریر ہے جس کا ایک سرسری خاکہ ہم نے ملک خوشنود کے بیان میں بھی پیش کر دیا ہے۔ جو ظاہر کرتا ہے کہ کس طرح غواصی اپنے زمانہ میں تبدیل ہوگیا تھا۔ اس کو ایک معتبر درباری کی حیثیت حاصل ہوگئی تھی وہ بیجاپور کے دربار میں بحیثیت سفیر کے روانہ کیا گیا تھا۔ وہاں اس کی خاطر خواہ آؤ بھگت کی گئی تھی۔ اور جب وہ گولکنڈہ واپس ہونے لگا تو شاہ بیجاپور محمد عادل شاہ نے اس کے ساتھ ایک بڑا ہاتھی، پچھ عراقی گھوڑے اور دو بیش بہا اشیا سے بھرے ہوئے صندوق بطور تحفہ کے روانہ کئے تھے۔

غواصی کو بالعموم شیعہ مسلمان تصور کیا جاتا ہے مگر اندرونی شہادت اس کے سنی ہونے کا علانیہ طور پر اظہار کرتی ہے، مثنوی ”سیف الملوک“ میں اس نے نہایت ہی جوش کے ساتھ صحابہ رسول اللہؐ حضرت غوث اعظم عبدالقادر جیلانیؒ اور خواجہ بندہ نوازؒ کی مدح لکھی ہے۔

اس مخطوطہ میں شاعر کی بھی ایک تصویر کھنچی ہوئی ہے اِس طرح سے کہ ایک نوجوان آدمی مختصر مونچھ داڑھی کے ساتھ درباری لباس پہنے ہاتھ میں ایک چھوٹی سی بیاض لئے کھڑا ہوا ہے، اُس کے پیچھے ایک سیاہ فام لڑکا، شاید غلام ہوگا، بغل میں کتاب دبائے کھڑا ہے۔

غواصی کی پہلی نظم ”سیف الملوک و بدیع الجمال“ غالباً محمد قطب شاہ کے عہد میں شروع ہوئی لیکن عبداللہ کے عہد حکومت کے پہلے سال یعنی سنہ ۱۰۳۵ھ میں ختم ہوئی۔ اِس میں ... ۲شعر ہیں شاعر کے قول کے مطابق یہ اشعار بلا کسی رکاوٹ کے لکھے گئے۔ قصہ ایجی نہیں ہے بلکہ الف لیلیٰ کے قصے شاہ مصر سیف الملوک اور چین کی شہزادی بدیع الجمال سے ماخوذ ہے۔ اس مثنوی کا اسلوب بیان قطب مشتری کی طرح سادہ اور دلکش نہیں ہے اور نہ گلشن عشق کی طرح صاف اور پسندیدہ ہی ہے اگرچہ نہ تو اسمیں زیادہ پیچیدگیاں ہی ہیں اور نہ تصنع ہی پایا جاتا ہے، غواصی بالعموم ہندی ترکیبیں، خیالات اور محاورے استعمال کرتا ہے مگر اس کے ہمعصر نصرتی اور ابن نشاطی ایسا نہیں کرتے تھے۔

غواصی نے اپنی دوسری نظم طوطی نامہ کو پہلی نظم کے ختم ہونے کے چار سال بعد ہی لکھنا شروع کیا تھا لیکن

جب اس کے دوستوں اور پرستاروں نے مجبور کیا تو اس نے اس نظم کو آخر کار ۱۰۴۹ھ میں ختم کیا اس نے پورے قصہ کا ترجمہ نہیں کیا بلکہ چند واقعات کو چن کر انہیں چار ہزار اشعار میں نظم کیا ہے۔

انتہا میں اس نے اور سو اشعار کا اضافہ کیا ہے جس میں صوفیانہ خیالات ظاہر کئے گئے ہیں ان میں وہ اپنے آپکو دنیا دار ہونے کی حیثیت سے لعنت ملامت کرتا ہے اور تصفیہ کرلیتا ہے کہ آئندہ سے نظم نہ لکھا کریگا، اور اختتام پر دنیوی معاملات میں دخل دینے سے توبہ کرتا ہے۔

طوطی نامہ کا اسلوب بیان سادہ اور دلکش ہے، اس سے غواصی کی قادر الکلامی کا ثبوت ملتا ہے اظہار محبت اور جذبات کے لحاظ سے یہ سیف الملوک کے ہم پلہ ہے لیکن موخر الذکر شاعرانہ خصوصیات کے لحاظ سے مقابلتہً برتر ہے۔

قطبی

یہ بھی گولکنڈہ کا شاعر تھا، اس نے دہلی کے مشہور و معروف بزرگ خواجہ نصیر الدینؒ کے مرید شیخ یوسف دہلوی کی مذہبی کتاب تحفۃ النصائح کا ۱۰۴۵ھ میں زبان دکھنی ترجمہ کیا ہے۔

دکھنی تحفۃ النصائح میں ۸۰۰ کے قریب اشعار ہیں، قصیدہ کی طرز پر لکھی گئی ہے اور ردیف و قافیہ بالکل ایسا ہی ہے جیسا کہ فارسی میں، کتاب کو ۴۰ ابواب پر منقسم کیا گیا ہے، اور ہر باب میں ایک علیحدہ مذہبی موضوع سے بحث کی گئی ہے۔ مولوی یافعی صاحب کے کتب خانہ میں اس کا ایک قلمی نسخہ موجود ہے۔ اس کے علاوہ ایک اور نسخہ جو ۱۱۰۶ھ میں لکھا گیا ہے راقم کے ایک دوست کے یہاں ہے۔ ان دونو نسخوں کے آخری اشعار ادبی تحقیقات کرنے والوں میں مصنف اور اس کے ممدوح کے متعلق بعض غلط فہمیاں پیدا کر دیتے ہیں جن کی نسبت کسی اور جگہ بحث کی جائے گی۔

فی الحال قطبی کے متعلق زیادہ معلومات حاصل نہیں ہیں، شمالی ہند میں ایک اور شاعر تھا جس کا تخلص بھی قطبی تھا اس کی کتاب تیرہ ماسہ کا ایک نسخہ انڈیا آفس لائبریری میں محفوظ ہے اس کتب خانہ کے کیٹلاگ اور ان تمام تحریرات میں جو دکھنی مصنفات کے متعلق ہیں تیرہ ماسہ کو تحفۃ النصائح کے مصنف کی دماغی پیداوار تسلیم کیا جاتا ہے لیکن ان دونوں میں کچھ بھی تعلق نہیں۔

راقم نے قطبی کے اس مخطوطہ کا بھی شروع سے آخر تک مطالعہ کیا جو انڈیا آفس میں موجود ہے (نمبر ۵ ۴ا تا ۵ ۳۹ب) اور جس سے یہ نتیجہ نکالا کہ۔

۱۔ تحفۃ النصائح کے مصنف قطبی کا مصنفِ تیرہ ماسہ سے کوئی تعلق نہیں دونو بالکل علیحدہ شخصیتیں ہیں ایک شمالی ہند کا

باشندہ ہے اور دوسرا دکھن کا۔

۲۔ شمالی ہند کا قطبی دکھنی شاعر کی وفات سے ایک صدی بعد پیدا ہوا تھا۔

۴۔ شمالی ہند کا قطبی مرزا جان جاناں مظہر کا مرید تھا چنانچہ اُس نے اپنی کتاب بارہ ماسہ میں مظہر کے لئے صدق، تعریف اور اعتقاد کے الفاظ استعمال کئے ہیں۔ اس کتاب کے مطالعہ سے صوفی شاعر جان جاناں مظہر کے حالات پر کافی روشنی پڑتی ہے۔

جنیدی

"اُردوئے قدیم" کے مصنف کی نظروں سے جنیدی کی کتاب "ماہ پیکر" کا کوئی مخطوطہ نہیں گزرا ہے۔ انہوں نے صرف اسٹیوارٹ کی ذمہ داری پر جنیدی کا نام شیخ احمد بتلایا ہے۔ لیکن اسٹیوارٹ نے نہ تو ماہ پیکر کے مصنف کا نام لکھا ہے اور نہ اس کے متعلق کچھ حالات درج کئے ہیں، اس کے زمانہ کی لکھی ہوئی تاریخ یعنی شاہ عبداللہ کی سوانح عمری (دیکھو ضمیمہ) سے اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ اس کا نام علی اکبر جنیدی دکھنی تھا، اگرچہ مخطوطہ میں یہ نہیں لکھا ہے کہ عبداللہ قطب شاہ کا زیب و شوکت درباری جنیدی مہ پیکر کا مصنف تھا لیکن اتنا ضرور ہے کہ ماہ پیکر کا مصنف جنیدی، عبداللہ کے عہد حکومت کا شاعر تھا و نیز اس کے متعلق کوئی ثبوت اور سند نہیں ہے کہ اس کا نام شیخ احمد تھا پس اس صورت میں ہمیں اس کا نام علی اکبر تسلیم کرنے میں شبہ کی بہت کم گنجایش نظر آتی ہے۔

مثنوی ماہ پیکر کی نسبت بھی بہت کم معلومات اس وقت حاصل ہیں اتنا ضرور علم ہے کہ وہ عبداللہ قطب شاہ کے عہد میں ۱۰۶۱ھ میں لکھی گئی تھی اور یہ کہ اس کا ایک قلمی نسخہ ٹیپو سلطان کے کتب خانہ میں محفوظ تھا۔

ابن نشاطی

ابن نشاطی بھی سلطان عبداللہ قطب شاہ کے عہد کا شاعر ہے۔ رستمی بیجاپوری کی طرح یہ بھی دربار شاہی سے غالباً بحیثیت مصنف وابستہ تھا اور اس کی شخصیت کسی طرح گمنام نہیں تھی۔

وہ جیسا کہ اپنی واحد مثنوی پھول بن کی تمہید میں لکھتا ہے نثر نویس تھا اور اس سے قبل شعرگوئی کی کوشش نہیں کی تھی۔ وہ کہتا ہے "میں غزلیں نہیں کہتا لیکن یہ میری کامیابی میں کوئی رکاوٹ نہیں کیونکہ نظامی اور سعدی جیسے اکابر شعرا نے بھی غزل گوئی نہیں کی اور میں بھی ان کی طرح محض مثنوی ہی کی بدولت شہرت و مقبولیت حاصل کروں گا۔"

ایک اور جگہ وہ کہتا ہے "اگر میں بادشاہ کے درباریوں اور شاعروں میں ہوتا یا فکر معاش کے جھمیلوں سے بالکل فارغ ہوتا تو یقیناً نہایت عظیم الشان کارنامہ اپنی یادگار چھوڑ جاتا۔"

دوسرے شاعروں کے برخلاف وہ کسی شاعر پر اعتراض کرتا ہے نہ کسی کا شاکی ہے وہ اس سے خوش ہے کہ وہ بڑا آدمی نہیں تاہم سب لوگ اس کو مانتے ہیں اور اس کی قدر و منزلت کرتے ہیں وہ اپنی قسمت پر شاکر نظر آتا ہے اور اپنی تصنیف کی خلاف توقع کامیابی پر اس کو فخر و ناز ہے۔ وہ اپنے زمانہ کے زندہ شاعروں کی توصیف و تعریف کا خواہشمند نہیں وہ ان کا ذکر بھی نہیں کرتا۔ صرف فیروز، محمود، خیالی، احمد، اور شوقی کو پسند کرتا ہے کیونکہ اس کو یقین ہے کہ یہ لوگ اس کی شوقیہ تصنیف کو قدر و منزلت کی نگاہوں سے دیکھینگے۔ اُس نے مثنوی کے اختتام پر ایک غزل بھی لکھی ہے جس میں اپنی اس سعی کی بڑی تعریف کی ہے اور غالباً اس کا مقصد یہ بتانا بھی ہے کہ وہ چاہے تو غزل بھی لکھ سکتا ہے۔ تمہید میں وہ لکھتا ہے کہ اس کا ارادہ کسی اصل تصنیف و تالیف سے اپنا نام دنیا میں یادگار چھوڑ جانا تھا۔ "جب اس نے ایک فارسی قصہ موسوم بہ "بساتین" پڑھا تو اس کو ترجمہ کرنے کے قابل پایا۔ اس خیال کو اس لئے بھی تقویت ہوئی کہ اصل فارسی کتاب میں اس کو متعدد مشکلات نظر آئے اُس کو دکھنی میں منتقل کرنے اور الفاظ اور معنی کے تمام اشکال اور گنجلکوں کو دور کر کے سلیس و سادہ بنانے کے لئے اس نے اپنے آپ کو اہل پایا اور چنانچہ ۱۰۶۶ھ میں تین ماہ میں سترہ سو شعر لکھ کر اس کو مکمل کر دیا۔

پھول بن بلاشبہ ان چند نظموں میں سے ہے جو حقیقی معنوں میں سخت کد و کاوش کا نتیجہ ہیں۔ اس کے مصنف کا اصل مقصد ایک خالص ادبی اور دلچسپ کتاب تحریر کرنا تھا نہ کہ فارسی قصے کا خشک اور لفظی ترجمہ کرنا۔ جیسا کہ اُس نے خاتمہ پر بتایا ہے، اس امر کی کوشش کی ہے کہ علم معانی کے اصول و قواعد کے موافق انتالیس قسم کی مصنوعی خوبیاں پیدا کرے۔ اس پر بھی یہ نظم اس قسم کی محض مشق نہیں رہی۔

زبان و طرز بیان کے لحاظ سے یہ دکھنی کی بہترین مثنویوں میں سے ہے۔ اس کی بحر بھی خاص اور دلکش ہے مصنف اپنی طبیعت کی اپج اور اصلی جوش کو قدم قدم پر ظاہر کرنے کا خواہشمند نظر آتا ہے۔ تقاریب اور شادی کی رسومات کے جو بیانات اس میں پیش کئے گئے ہیں بالکل نیچرل اور حیات انسانی کے بالکل مطابق ہیں۔ وہ سلطنت قطب شاہیہ کی معاشرت اور رسم و رواج کی اعلیٰ تصویریں ہیں۔

پھول بن کا خاتمۃ البیان گولکنڈہ کی اردو شاعری اور مصنف کی زندگی کی نہایت اہم تاریخی دستاویزوں میں سے ہے۔ یہ اصل کتاب کی تکمیل کے کئی برس بعد شریک کیا گیا ہے کیونکہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مصنف کو اس

تصنیف کے بعد سے کیسی شہرت ومقبولیت حاصل ہوئی۔ ایک طرف بادشاہ نے اس کو شایان شان سرفراز کیا تو دوسری جانب موضوع کتاب کے ادیبانہ طرز بیان نے پبلک کو بھی اس کا گرویدہ بنا لیا۔

اس میں یہ بھی لکھا ہے کہ قلعہ سدھوٹ میں ایک دولتمند جاگیردارنی تھی جو معہ اپنے شوہر دوست اراکین خاندان کے (جن کا بڑی تفصیل سے ذکر کیا گیا ہے) ادبیات سے بیحد لگاؤ رکھتی تھی۔ وہ ابن نشاطی کی تصنیف سے بہت محظوظ ہوئی اور چاہا کہ اس کو عمدہ تصاویر کے ساتھ نقل کر دیا جائے۔ اس نے شادی کے بیان کو زیادہ تفصیل کے ساتھ لکھنے کا حکم دیا۔ یہ بتا دینا خالی از دلچسپی نہیں کہ انڈیا آفس کا مخطوطہ خوش قسمتی سے وہی نسخہ ہے جو اس خاتون کے لئے لکھا گیا تھا۔ اس میں متعدد خوشنما اور اعلیٰ درجہ کی تصاویر ہیں اور نفیس خط نسخ میں لکھا گیا ہے۔

خود مصنف کی بھی ایک پاکیزہ اور چھوٹی تصویر ہے جو غواصی کی تصویر سے جو اس کے سیف الملوک کے مخطوطے میں ہے زیادہ اصلی اور فنکارانہ ہے۔ اس میں ابن نشاطی ایک ادھیڑ شخص دکھایا گیا ہے جو اپنے دیوان خانے میں ہاتھ میں بیاض لئے بیٹھا ہے۔

عام طور پر مشہور ہے کہ ابن نشاطی ایک اور نظم طوطی نامہ کا بھی مصنف ہے مگر راقم الحروف کو اس کے ماننے میں تردد ہے اور کوئی ثبوت ایسا نہیں جس سے طوطی نامہ کو ابن نشاطی کی تصنیف تسلیم کیا جائے اس کے برخلاف مندرجہ ذیل وجوہ سے راقم الحروف کا یہ خیال ہے کہ ابن نشاطی نے ایسی کوئی نظم نہیں لکھی۔

۱۔ جن لوگوں نے طوطی نامہ کو ابن نشاطی کی تصنیف بتایا ہے وہ سب اپنا ماخذ اسٹیوارٹ کو بتاتے ہیں مگر خود اسٹیوارٹ نے ابن نشاطی کا نام نہیں لکھا ہے۔ اگرچہ اس میں کوئی شک نہیں کہ اس نے ایک ہی جگہ پھول بن اور طوطی نامہ دو کتابوں کا ذکر کیا ہے اور آخر میں یہ بھی لکھا ہے کہ اس کا مصنف آواری د ہے مگر اس سے کافی طور پر یہ ثابت نہیں ہو سکتا کہ آواری ہی ان دونوں نظموں کا مصنف ہے یا یہ کہ آواری ابن نشاطی کا تخلص ہے۔ یہ ہو سکتا ہے کہ اسٹیوارٹ پھول بن کے مصنف کا نام معلوم نہ کر سکا ہو اور طوطی نامہ کے مصنف کا نام اس کو مل گیا ہو اور چونکہ یہ دونوں نظمیں ایک ہی سلسلہ میں لکھی گئی تھیں اس نے یہ خیال کر لیا کہ یہ دونوں ایک ہی مصنف کی کتابیں ہیں اور یہ کہ آواری پھول بن کا مصنف ہے۔

۲۔ دوسرا مصنف جس نے ابن نشاطی کے طوطی نامہ کا ذکر کیا ہے وہ گارساں دتاسی ہے جس نے خود آواری کا طوطی نامہ دیکھا تھا مگر وہ کسی طرح یہ ثابت نہیں کرتا کہ ابن نشاطی اور آواری ایک ہی شخص کے نام ہیں۔

راقم الحروف نے پھول بن کے مخطوطے میں آزادی کا نام تلاش کرنے میں کافی کوشش کی مگر کہیں اس کا پتہ نہ چلا۔

۲۔ جیسا کہ ہم نے اوپر بتایا ہے یہ امر مسلمہ ہے کہ پھول بن ابن نشاطی کی پہلی نظم ہے۔ اس نے سنہ ۱۰۶۵ھ سے قبل کوئی نظم نہیں لکھی حالانکہ دی تاسی کا کہنا ہے کہ آزادی کا طوطی نامہ سنہ ۱۰۴۹ھ میں لکھا گیا۔ اس طرح واضح طور پر یہ ثابت ہوتا ہے کہ طوطی نامہ کو ابن نشاطی نے نہیں لکھا۔

۳۔ آزادی کے طوطی نامہ کی تاریخ تصنیف جو دی تاسی نے دی ہے وہی ہے جو غواصی کے طوطی نامہ کی ہے اور گمان ہو سکتا ہے کہ دی تاسی نے جو طوطی نامہ دیکھا تھا وہ غواصی ہی کا ہوگا لیکن دی تاسی نے دونوں کے طوطی نامے دیکھے تھے اور ایک دوسرے میں امتیاز بھی کیا ہے اس لیے یہ کہنا غلط نہیں کہ دوسرا طوطی نامہ کسی گمنام شاعر آزادی نے ترجمہ کیا ہو جس کو ابن نشاطی سے کوئی تعلق نہیں۔

میراں یعقوب

میراں یعقوب کی زندگی کے متعلق بہت کم علم ہے۔ ان کا کارنامہ قدیم دکھنی نثری کتابوں میں شمار کیا جا سکتا ہے۔ وہ ایک تصوف کی فارسی کتاب شمائل الاتقیا مصنفہ شیخ رکن الدین عماد کاشانی مرید شیخ برہان الدین کا ترجمہ ہے۔ رکن الدین نے اپنی کتاب میں اعلیٰ درجہ کی قابلیت کا اظہار کیا ہے اس کے مضامین سو سے زیادہ فارسی اور عربی کتابوں سے ماخوذ ہیں ایک ایسی کتاب کا اس خوبی سے ترجمہ کرنا ظاہر کرتا ہے کہ میراں یعقوب ایک معمولی درجہ کے انشاء پرداز نہیں تھے۔

میراں یعقوب نے اپنی کتاب سنہ ۱۰۸۰ھ کے قریب ختم کی۔ اس کا ایک مخطوطہ کتب خانہ آصفیہ میں موجود ہے۔ اسکی ترکیب بالکل فارسی کتاب کی طرح ہے۔ یہ کتاب اسلوب کے لحاظ سے ایک ٹھیٹ دکھنی ترجمہ کہلائی جا سکتی ہے۔

طبعی

طبعی کی "بہرام وگل اندام" کا ایک سرسری مطالعہ ظاہر کرتا ہے کہ یہ دکھنی زبان کے بہترین کارناموں میں سے ہے۔ اس کی زبان، اسلوب بیان، شاعرانہ نزاکتوں اور ادبی حلاوتوں پر اس مختصر سے تذکرہ میں تفصیلی نظر نہیں ڈالی جا سکتی۔

طبعی کی تصنیف ظاہر کرتی ہے کہ اس کا لکھنے والا نہ صرف ایک شاعر ہے بلکہ ایک سلیقہ مند مصنف بھی۔ اس نے اشعار کی تعداد اور عنوانات کی تقسیم اس قدر باضابطہ طریقے پر کی ہے۔ کہ یہ مثنوی بجائے ایک فسانہ کے

ایک علمی اور سائنٹفک کتاب معلوم ہوتی ہے۔ اور لطف یہ ہے کہ ساری کتاب یعنے ۱۳۴۰ شعر صرف چالیس ہی دن میں لکھ ڈالے۔

کیا ہوں میں چالیس دن میں کتاب ۔۔۔ بہوت فکر کر رات دن بے حساب
یو نامہ پڑیں گے تو بہ ہندا ۔۔۔ پڑو فاتحہ نام لے کر مرا
گنا بیت بیتاں کو میں ایک جو دل ۔۔۔ ہزار اور ہے تین سو پر چہل
اتھا سال تاریخ کا خوب نیک ۔۔۔ سنہ یک ہزار اور ہشتاد و ایک
یو نامے کو طبعی کیا ہے تمام ۔۔۔ بحق محمد علیہ السلام

زیر نظر مخطوطے میں تقریباً ۱۲۵۰ شعر ہیں۔ نہ معلوم ڈیڑھ ایک سو شعروں کا کیا حشر ہوا۔

طبعی قطب شاہیہ دور کا آخری بڑا شاعر معلوم ہوتا ہے۔ اس کو اپنی شاعری کی خوبیوں کا احساس بھی تھا۔ ملک خوشنود دولت اور ابن کے برخلاف اُس نے اپنے کارنامہ کی تعریف بھی کی ہے۔ اور اپنے مخالفوں اور معترضوں پر سخت سے سخت چوٹیں کی ہیں۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اسی موضوع پر لکھنے والے دوسرے شاعروں کی طرح محدود شہرت کا نہیں تھا۔ اُس کی شہرت پھیل چکی تھی اور اُس کی شاعری پر لوگوں کی نظریں اُٹھتی تھیں۔

اظہار خود اعتمادی کے ساتھ ہی طبعی دوسرے بڑے شاعروں کی عزت بھی کرتا تھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ اُس زمانہ میں وجہی بہت زیادہ مقبول ہو گیا تھا۔ چنانچہ طبعی خواب میں اُس سے اپنی اس مثنوی کی داد حاصل کرتا ہے اور اس خواب کو بھی اپنے کلام کے بہتر ہونے کا ایک ثبوت قرار دیتا ہے۔ بعض اشعار یہ ہیں۔

لگیا میں جو یو مثنوی بولنے ۔۔۔ یو موتیاں پچھال دھال یوں رولنے
یو وجہی میرے خواب میں آئے کر ۔۔۔ لچھ اپنا سورج نار دکھلائے کر
سرا سر سنیا جو میری مثنوی ۔۔۔ کیا بات طبعی ہے تیری نوی
ہو خوشحال سن کر یو باتاں مری ۔۔۔ اپس کے لیے ہاتاں میں ہاتاں میری
دئے پیار سوں اپنا پوشل دی ۔۔۔ سنیا سو پڑیا خواب سے میں اچھل

اتھے دانت کمہ بیچ ہیرے جڑے   دہن کے صدف بیچ موتی جڑے
جہاں وہ خوشی ساتھ ہنس بولتی   گلاں اور موتیاں گئی رولتی
سینہ پر دو پستان انار تھے   یا دو برج مشکیں تاتار تھے
شکم موج دریائے سیماب ہے   اگے ناف تس بیچ گرداب ہے
چمن دیکھ چنپا کھلا باغ باغ   وہ رخ دیکھ لالا ہوا داغ داغ

ب۔ مثنوی بہرام و گل اندام از طبعی۔
گل اندام کی تعریف میں چند شعر۔

او زنخان دلاں کو ہندوے اہیں   غلط میں کیا دو سپنوسے اہیں
بھنواں باگ نک ہور انکھیاں ہرن   کہ او موہنی ہے عجب من ہرن
او گالاں کی سرخی سو لالے میں نیں   او بالاں کی خوشبوی بالے میں نیں
دسے پھول دو سیوتی کے دو کان   چنپے کی کلی ناک ہے درمیان
عجایب او چاہ زنخدان ہے   کہ غرق تسمنے دین ایمان ہے
دو جوبن سو چولی کے دو ہات میں   جو امرت پھل چھپ رہے پات میں
اتھا پیٹ جوں آرسی نا و صاف   کہوں کیا جھمکتا اتھا جیوں شفاف

۳۔ ایک اور اختلاف یہ ہے کہ آئین کی مثنوی ۲۰ سال کی عمر سے بہرام کو پیش کرتی ہے اور طبعی اس کی پیدائش سے پہلے ہی قصہ کا آغاز کرتا ہے اور پیدائش تک کے واقعات بیان کرنے کے بعد جب بہرام گورخر کے پیچھے نکل پڑتا ہے وہاں سے ان دونوں کے قصوں میں اتحاد پیدا ہو جاتا ہے اگرچہ جزوی اختلافات کے ساتھ۔

۴۔ طبعی کی مثنوی زیادہ موافق فطرت باتوں کو پیش کرتی ہے فوق فطری باتیں آئین کے قصہ کو غیر دلچسپ بنا دیتی ہیں۔ گل اندام آئین کی بانو حسن کی طرح ایک پری نہیں ہے بلکہ بادشاہ چین کی بیٹی وغیرہ

اِس موقع پر اِس غلط فہمی کا ازالہ بھی مناسب معلوم ہوتا ہے کہ بعض دفعہ طبعی کی گل اندام کو بادشاہ ہندوستان



حضرت [illegible]

کی بیٹی بتایا گیا ہے حالانکہ زیر نظر مخطوطہ سے اس کا دختر شاہ چین ہونا ثابت ہوتا ہے۔ [۵]

ولایت منے چین کے شاہ تھا   وہ بہو تیچ مقبول جوں ماہ تھا
اُسے ایک بیٹی تھی جوں مشتری   نہیں آدمی زاد، تھی او پری   وغیرہ

مدح شاہ راجو

طبعی نے شاہ راجو کی مدح میں جو اشعار لکھے تھے ان کا انتخاب یہاں پیش کیا جاتا ہے۔

دلی تو بڑا ہے لکر شاہ راجو   چل آیا ہے شہ تیر دگھر شا راجو   فلک پر توں اڑتا ہی شہباز نمنے   کرامت کی لا شاہ اپر شاہ راجو
خبر تیری معلوم نیں بیخبر کون   خبردار جانے خبر شاہ راجو   توں مخدوم سید محمدی کھن کا   بہوت بے بدل ہے کہ شاہ راجو
کرامت ہوا سب کوں معلوم یو ظاہر   توں باطن میں کچ یک نظر شا راجو   دکن کا کیا بادشاہ بوالحسن کون   ترا تخت دیگر چھتر شاہ راجو
کھڑا ہو کو خدمت منے تیری سورج   اڑاتا کر نکی چنور شاہ راجو   کسی کا نہیں عیب چھپتا توں ہرگز   بڑا تجھ میں ہے یو ہنر شاہ راجو
تیرے عشق کا چوٹ کھایا سو جڑ کر   اترتا نہیں ہے اثر شاہ راجو   قدم تیرے پکڑیا ہوں امید لیکر   میرے بخت تیرے نظر شاہ راجو
خدا پاس اجابات کرتا ہے طبعی   دعا تجکوں شام و سحر شاہ راجو

امین

اگرچہ امین کی نظم قصہ ابو شحمہ تاناشاہ کے عہد کے کسی نامعلوم شاعر کے ہاتھوں تکمیل پائی تاہم یہ عبداللہ کے عہد کا شاعر تھا۔ اس کا آخری حصہ بہت اہم ہے اس لئے کہ اس کے ذریعہ سے ہمیں مختلف باتوں کے متعلق مواد ملتا ہے۔

اس کا حقیقی مصنف ایک درباری شاعر تھا چنانچہ وہ کہتا ہے "بادشاہ اس قصہ کو سنکر اگر خوش ہو جائے تو میری نظم بہت مقبول ہو جائیگی"۔ اس نے اصحاب رسولؐ اور حضرت خواجہ بندہ نوازؒ کی مدح لکھی ہے رمضان کے مہینہ میں اس نے یہ نظم لکھنی شروع کی تھی خاتمۃ البیان سے یہ صاف طور پر ظاہر ہو جاتا ہے کہ اس کا اصلی مصنف مشہور و معروف شاعر امینؔ تھا۔ اس نے سولہ سال کی عمر میں اس نظم کو لکھنا شروع کیا لیکن بدقسمتی سے اس کام کو پورا نہ کرسکا۔

ایک دوسرے شاعر نے یہ نظم پڑھی اور اس کی خصوصیات سے واقف ہو کر اس کو پورا کرنے کا ارادہ کر لیا، چنانچہ سنہ ۱۱۰۹ میں اس نے یہ کام ختم کیا اور اس پر وہ اپنے آپ کو ایک خوش قسمت آدمی تصور کرتا ہے۔ اس نظم میں کل ۱۰۰ اشعار ہیں، اسلوب بیان نہایت سادہ اور شاعرانہ خصوصیات سے مالامال ہے۔ نظم کو ردیف و قافیہ کی بندشوں میں نہیں جکڑا گیا بلکہ اکثر جگہ تو یہ نظم اچھی معلوم ہونے لگتی ہے۔

ابوالحسن تاناشاہ

(سنہ ۱۰۸۳ھ تا سنہ ۱۰۹۸ھ)

یہ بدبخت بادشاہ خاندان قطب شاہیہ کا آخری حکمران تھا بادشاہت سے زیادہ اس کے خیالات میں تصوف کی روح پہونچی ہوئی تھی چنانچہ اب تک حیدرآباد میں اس کو صاحب دل، صوفی اور نیک خلق بادشاہ کی حیثیت سے یاد کیا جاتا ہے۔

اس نے پندرہ سال حکومت کی، اس زمانہ میں اردو ابھی اور نشو و نما پا رہی تھی، ہمیں اس زمانہ کے چند شعرا کا پتہ ملتا ہے، وہ خود بھی ایک شاعر تھا، لیکن اس کی معزولی اور پھر قید کی تکالیف نے اس کی شاعری کو نہ تو ابھرنے ہی دیا اور نہ اس کی کچھ شہرت ہی ہوئی۔

چونکہ قید سخت تھی اس لئے یہ ممکن ہے کہ لوگوں کو اسکی نظموں کو ضبط تحریر میں لانے کا موقع نہ ملا ہو اسی لئے ہمیں اس کا کوئی منظوم مخطوطہ نہیں ملتا، البتہ کہیں کہیں تذکروں میں اس کے کچھ اشعار مل جاتے ہیں۔

فائز

دکھنی زبان کا بلند پایہ شاعر اور قطب شاہی دور کا آخری مصنف تھا، وہ اہل تشیع سے تھا چنانچہ اس نے اپنے دیباچہ میں "عید غدیر" کا ذکر کیا ہے جو ایک خالص شیعی تقریب ہے۔ اگرچہ وہ اکثر ثنائے اور نظمیں پڑھا کرتا اور مختلف کتابوں کا مطالعہ کرتا تھا لیکن وہ پیشہ ور شاعر نہ تھا بلکہ ادب سے اسے بے حد دلچسپی تھی یہی وہ ادبی ذوق تھا جس نے اس کے دل میں خود کچھ لکھنے کی تحریک دلائی۔



ابوالحسن بادشاہ

وہ موضوع کا متلاشی تھا، بالآخر ایک بڑی مدت کے بعد اُس نے ایک فارسی کہانی موسوم بہ رضوان شاہ و روح افزا کو منتخب کیا۔

اس کام کو اس نے خاندان قطب شاہیہ کے زوال سے چار سال قبل یعنی ۱۰۹۴ھ میں ختم کیا اور ۲۵۰۰ شعر نظم کئے فائز نے اپنے دیباچہ میں اس بات کا صاف طور پر اقرار کیا ہے کہ وہ نہ تو اچھا شاعر تھا اور نہ نظم لکھنے کی اسے مشق تھی، بنابریں وہ اپنے بچکانی کارنامے پر فخر کرتے ہوئے شرماتا ہے۔ یہ بھی بتلایا ہے کہ اُس نے نہ تو کسی کو خوش کرنے لکھا اور نہ اُسے شہرت کی خواہش تھی بلکہ اس کے طبعی ذوق اور چند احباب کی مسلسل فرمائشوں نے اسے اس نظم کے لکھنے پر مجبور کیا۔ اپنے روزگار کی تلاش سے وہ بالکل بے نیاز تھا اس لئے اُس نے کسی شخص کے خلاف ایک لفظ بھی نہیں لکھا۔

برٹش میوزیم میں اس مثنوی کا جو نسخہ ہے اس کے ساتھ دو مطبوعہ صفحات بھی ہیں، پہلا صفحہ کتاب کا سرِ ورق ہے جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس مثنوی کو مدراس اسٹاف کور کے میجر ایم، ڈبلیو کار نے سرسری اُردو لغت کے ساتھ اڈیٹ کیا ہے، طباعت ۱۸۸۰ء میں شروع ہوئی تھی لیکن میجر مذکور کے ۱۴ جنوری ۱۸۸۱ء کو گوا کے قریب ڈوب مرنے کی وجہ سے طباعت کا کام ملتوی رہ گیا اس کے پچھلے صفحہ پر تحریر ہے کہ ”ہندوستانی زبانوں میں دکھنی زبان کے متعلق بہت کم لکھا گیا ہے اگر ہمت افزائی کی جائے تو اڈیٹر کا خیال ہے کہ دکھنی شعرا کے کلام کو ایک سلسلہ کی شکل میں طبع کرا دے، ان میں سے ذیل کے چند نام پیش کئے جاتے ہیں۔

گلشن عشق ـــــ از نصرتی   پھول بن ـــــ از ابن نشاطی   قصہ بی بی مریم

اس کے علاوہ خود نظم کا کچھ حصہ بھی بطور نمونہ دیا گیا ہے میجر موصوف نے اس پر جو نوٹس لکھے ہیں اور جس انداز میں اسکا شروح لکھی ہے اس سے ان کی قابلیت اور جانفشانی کا پتہ چلتا ہے، افسوس کہ ان کی بے وقت موت نے اس اہم اور کارآمد کام کو ادھورا چھوڑ دیا۔

”رضوان شاہ و روح افزا“ اسلوب بیان کے لحاظ سے بے حد دلچسپ ہے، اس کا انداز بیان دوسری دکھنی نظموں سے بالکل جداگانہ ہے، بجائے ہندی کے اسمیں عربی اور فارسی الفاظ و ترکیبیں نہایت فیاضی کے ساتھ استعمال کی گئی ہیں اس کتاب کو پڑھتے وقت شبہ ہوتا ہے کہ یہ قطب شاہی دور کی پیداوار ہو نہیں سکتی لیکن اس کے اندر تاریخ منظوم موجود ہے اس لئے شبہ درست نہیں ہو سکتا ورنہ اس کو ضرور فتوحات مغلیہ کے زمانہ کی دکھنی پیداوار گردانا جاتا اِس سے یہ بات ضرور معلوم ہوتی ہے کہ تاناشاہ کے زمانہ میں فارسی الفاظ کو دکھنی زبان میں شامل کرنے کی خاص کوشش کی گئی اور اُسوقت غالباً وجہی اور غواصی کے اسلوب بیان کو پُرانی چیز تصور کیا جاتا ہوگا۔

لطیف

عبداللہ قطب شاہ کے زمانہ کا ایک تزلباشں میر تھا جس کو اپنے حیدرآبادی ہونے پر بے حد فخر تھا، یہ عجیب دلچسپ بات ہے کہ جس طرح دیگر شعرا نے اپنی شاعری کی آپ تعریف کرلی ہے یہ اپنی شرافت، امارت اور عام کردار کی تعریف میں رطب اللسان نظر آتا ہے۔

یہ پیشہ ور شاعر نہ تھا، اور دیگر شعرا کی طرح اس کو نہ تو کسی کی سرپرستی کی آرزو تھی اور نہ شہرت کی خواہش۔ وہ بہت مذہبی آدمی تھا اور اسی بنا پر اس نے ۳۰۰۵ اشعار کی اس قدر طویل اور خشک نظم لکھی ہے۔

اس نظم کا نام "ظفر نامہ" ہے، اس میں حضرت امام حسین علیہ السلام اور آپ کے دشمنوں کی لڑائیوں کا تذکرہ ہے، کتاب حسب دستور خدا کی اور آنحضرتؐ اور حضرت علی کی تعریف سے شروع ہوتی ہے اس کا خاتمۃ البیان بہت ہی طویل اور دلچسپ ہے۔ اس لئے کہ شاعر نے اسمیں اپنی نظم کو فردوسی کے شاہ نامہ پر ترجیح دی ہے کیونکہ وہ ایک بناوٹی قصہ ہے اور یہ کتاب حقیقی اور عمدہ واقعات پر مبنی ہے اور سب سے بڑی بات یہ کہ اس میں حضرت علی کے خاندانی کارنامے درج ہیں۔

ایک سال کی مستقل کوشش کے بعد لطیف نے اس نظم کو ۱۰۹۵ھ میں مکمل کیا۔ اس میں اس نے گیارہ مرثیوں کا اضافہ کیا ہے جو مثنوی کی شکل ہی میں لکھے ہوئے ہیں، یہ مرثیے حضرت امام حسینؓ، آپ کے خاندان اور رفقا کی شہادت پر لکھے گئے ہیں۔ لطیف کوئی اچھا شاعر نہیں تھا، اس کا اسلوب بیان نہ تو پسندیدہ ہے اور نہ صاف ستھرا۔ اس کے مخطوطہ کی کتابت بھونڈی ہے چنانچہ اس کے اشعار کو پڑھنا مشکل کام ہے۔ اس میں شک نہیں کہ مرثیے ضرور پڑھنے کے قابل ہیں لیکن ادبی حیثیت سے انہیں کوئی اہمیت حاصل نہیں ہے شاعر کا مقصد ایک خالص مذہبی نظم لکھنا تھا نہ کوئی ادبی شہ کار۔



قطعہ سوم — سدا گوہ

نوری

گذشتہ باب میں ہم نے اس بات کی طرف اشارہ کردیا ہے کہ اس شاعر کے متعلق چند اختلافات ہیں۔ فیضی کے دوست نوری سے اس کو کوئی تعلق نہیں ہے اور وہ بیجاپور کا شاعر بھی نہیں برخلاف اس کے اس نے ایک صدی بعد شہرت پائی اور اس کا نام شجاع الدین تھا، گجرات کے سید خاندان سے اس کا تعلق تھا اور دیگر گجراتی ادیبوں کی طرح یہ بھی اپنا وطن چھوڑ کر دکن پہونچا۔ حیدرآباد میں وہ وزیر اعظم سید مظفر کے لڑکوں کا اتالیق مقرر ہوا اور ایک طویل عرصہ تک خدمت انجام دی، حیدرآباد چھوڑنے کے بعد اس نے اورنگ آباد کے کسی گاؤں میں سکونت اختیار کی اور وہیں اچانک اس کا انتقال ہوگیا۔

اس نے اردو شاعری کی طرف اپنی توجہ ضرور کی ہوگی کیونکہ اس وقت گولکنڈہ میں اردو شاعری کا گھر گھر چرچا ہو چکا تھا اس کے بعض اشعار تذکروں میں دستیاب ہوتے ہیں جن کے مطالعہ سے اس بات کا علم ہوتا ہے کہ وہ اچھا شاعر تھا، جن مرثیوں کو نوری اول سے متعلق کیا جاتا ہے ان کی زبان کی ارتقائی صورت ہی یہ ماننے کیلئے دلائل پیش کرتی ہے کہ یہ اسی نوری کے لکھے ہوئے ہیں اور یہ کہ بعد میں چلکر ان کو ماقبل کے نوری ۱ سے متعلق کردیا گیا ہوگا۔

نوری کے اردو شاعر ہونے کا ثبوت اس امر سے بھی ملتا ہے کہ اس کا مربی سید مظفر خود ایک اردو شاعر تھا۔ چنانچہ اس کی مثنوی مہر و ماہ اور غزلوں اور رباعیوں کے نمونے راقم کی نظر سے گزرے ہیں۔

شاہی

شاہ قلی خاں، حیدرآباد کا باشندہ، اپنی اعلیٰ قابلیت اور علم کے باعث حد درجہ مشہور تھا، پہلے تو اس کو گولکنڈہ کی فوج میں جگہ ملی لیکن بہت جلد بادشاہ کا درباری ہو گیا اور زوال سلطنت تک اسی عہدہ پر مامور رہا۔

تانا شاہ نے اسے مرثیہ لکھنے کی فرمائش کی، اس کام کو اُس نے نہایت خوش اسلوبی سے انجام دیا۔ اس کے مرثیوں نے کافی شہرت حاصل کر لی چنانچہ اورنگ زیب کی فوج کے سپاہیوں نے ان کو زبانی یاد کر لیا تھا وہ شمالی ہند میں بھی پھیل گئے اور اٹھارویں صدی کے اوائل تک بھی وہ برابر پڑھے جاتے تھے۔

راقم نے شاہی کے دو مرثیوں کو جامعہ اڈنبرا کے کتب خانہ کی بیاض میں دیکھا ہے، اگرچہ ان میں تیس سے زیادہ شعر موجود نہیں ہیں تاہم ادبی خصوصیات کے لحاظ ان کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ ان سے اس بات کا بھی ثبوت ملتا ہے کہ شاہی ایک متعصب شاعر تھا اس نے بعض صحابہ کی شان میں بہت کچھ گستاخی کی ہے۔

ایک مرثیہ واقعی لاجواب ہے، اس میں اس سفر کا ذکر کیا ہے جب کہ حضرت حسین کے شہید ہونے کے بعد آپ کا خاندان قید ہو کر کربلا سے دمشق کو جاتا ہے اس میں حالات کی صحیح ترجمانی کی گئی ہے۔ اس کا طرز بیان اس واقعہ کی حد تک انیس کے انداز بیان کے مماثل ہے، زبان بھی اعلیٰ اور شاعرانہ ہے۔

مرزا

ابو القاسم مرزا، ابو الحسن تانا شاہ کا بہت ہی وفادار درباری تھا، چنانچہ اس کے نظربند ہونے کے بعد اسقدر رمردہ دل ہوگیا کہ اس نے حیدرآباد کے ایک کوچہ عبد اللہ گنج میں گمنامی کی زندگی گذاری اور وہیں بحیثیت ایک فقیر کے انتقال بھی کیا۔ وہ اُردو زبان کا شاعر تھا، اس کے چند اشعار بعض تذکروں میں پائے جاتے ہیں، اگرچہ اس کو مرثیہ گو نہیں کہا جاتا لیکن راقم اسکو مرثیہ گو تسلیم کرنے پر مجبور ہے۔

اڈنبرا کی بیاض میں جسکا آئندہ باب میں ذکر کیا جائیگا ہے مرزا کے ۱۵ مرثیے پائے جاتے ہیں جن میں ۲۰۰ سے زیادہ اشعار موجود ہیں، لیکن یہ یقین کے ساتھ نہیں کہا جا سکتا کہ تمام مرثیے اسی مرزا کے لکھے ہوئے ہونگے، اندرونی شہادت سے واضح ہوتا ہے کہ ان کا مصنف سنہ ۱۱۱۵ھ تک زندہ تھا اور یہ قرین قیاس نہیں ہو سکتا کہ تانا شاہ (سنہ ۱۰۸۳ھ تا سنہ ۱۰۹۸ھ) کا ایک درباری اتنے عرصہ تک زندہ رہا ہو بنا بریں یہ نہیں کہا جا سکتا کہ تمام مرثیے اسی مرزا کے لکھے ہوئے ہیں ہاں یہ ممکن ہے کہ ان میں سے چند اس مرزا کی دماغی پیداوار ہوں۔

غلام علی

یہ تانا شاہی دور کا شاعر ہے اُس نے ملک محمد جائسی کی ہندی نظم "پدماوت" کا اُردو میں ترجمہ کیا ہے۔ اس کے متعلق تفصیلی معلومات حاصل نہیں ہیں البتہ اس کی کتاب کے دیباچہ سے اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ وہ مذہبی آدمی ہوگا کیونکہ اکثر جگہوں پر اُس نے اصحابہؓ کی تعریف لکھی ہے، بادشاہ سے بھی اسے بہت قربت حاصل تھی کیونکہ اس نے اس کی بھی کافی مدح لکھی ہے۔ نظم میں اکثر جگہ اس کا نام "غلام علی" لکھا ہوا ہے۔

اختتام پر اُس نے پدماوت کو ترجمہ کرنے کے وجوہات بیان کئے ہیں۔ اس کا بیان ہے کہ یہ قصہ اس کے زمانہ میں بہت عام پسند اور مشہور تھا جس کی وجہ سے اس کو بھی اس کے ترجمہ کا شوق ہوا۔ اس کی کتاب کے موجودہ مخطوطہ میں تقریباً ۶۸۰ اشعار پائے جاتے ہیں۔ اس کے آخری اوراق گم ہیں اور یہ نسخہ ناکمل رہ گیا ہے۔

غلام علی ایک اچھا شاعر تھا، لیکن کوئی ایسا اچھا مترجم نہ تھا، ہر قصہ پر اُس نے اپنی ذاتی رائے کا اظہار کیا ہے جس سے اس کی شاعرانہ قابلیت کا پتہ چلتا ہے۔ اور یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ وہ خود بھی نظم اچھی طرح لکھ سکتا تھا اس کو غزل نما نظموں کے لکھنے کی کافی مشق تھی، بہر حال قطب شاہی شعراء میں اس کو اعلیٰ رتبہ تو نہیں دیا جا سکتا البتہ تانا شاہی دور کا بہترین شاعر کہا جا سکتا ہے۔

ترجمہ کی خاطر غلام علی نے بعض دفعہ اصل خیالات ہی کو سرے سے بدل دیا ہے لیکن اس کی مثنوی گولکنڈہ کی مثنویوں میں خاصی اہمیت رکھتی ہے صرف اس لئے کہ وہ فارسی کے برخلاف ایک دوسری زبان سے ترجمہ کی گئی ہے۔ اگرچہ یہ مثنوی ہندی کا ترجمہ ہے لیکن اس میں ہندی الفاظ بہت کم پائے جاتے ہیں، اس کے اور انکے ہمعصروں کے مستعملہ الفاظ میں بہت کم فرق پایا جاتا ہے۔

بابِ چہارم

اُردو ادب مغلوں کی حکومت میں

فہرست

ا۔ شمالی ہند میں

۱۔ افضل ۲۔ جیون ۳۔ جعفر

ب۔ دکن اور گجرات میں

۱۔ عاجز۔ ۲۔ ضعیفی۔ ۳۔ امین ۴۔ ذوقی ۵۔ بحری ۶۔ مجرمی۔
۷۔ احمد ۸۔ ولی ویلوری ۹۔ اشرف۔ ۱۰۔ عشرتی۔ ۱۱۔ ولی اورنگ آبادی
۱۲۔ شاہ محمد۔ ۱۳۔ وجدی۔

ج۔ مرثیہ نگار

۱۔ امامی۔ ۲۔ رضا ۳۔ سید ۴۔ غلامی ۵۔ قادر
۶۔ ہاشم علی۔

د۔ نثر نگار

۱۔ شاہ محمد قادری۔ ۲۔ شاہ میر۔

باب چہارم

اُردو ادب مغلوں کی حکومت میں

اِس باب میں وہ تمام اُردو انشا پرداز شامل ہیں جن کی نشو و نما دکن میں مغلوں کے قبضہ کے بعد یا شمالی ہند کے شہروں میں ہوئی۔ اور جنہیں مغل حکومت کی جانب سے کسی قسم کی مدد نہیں دی گئی۔

اِس باب کے دکھنی حصہ میں ان شاعروں اور مصنفوں کو پیش کیا گیا ہے جو ۱۰۹۸ھ (یعنے اورنگ زیب کی فتح دکن کی تکمیل کے وقت) سے آصفجاہی سلطنت کے قیام کے زمانہ تک گذرے۔ شمالی حصہ میں زیادہ شاعر نہیں ہیں اور اس لئے وہ بالکل مختصر ہوگیا ہے۔ ایک شاعر افضل اس دور سے بہت پہلے کا ہے اور اس لئے یہاں پیش کیا گیا ہے کہ گذشتہ ابواب میں ذکر کرنے کا کوئی موقع نہ تھا۔

افضل

اِس شاعر کی حیات اور اس کی تصنیفات کے متعلق بہت سے اختلافات ہیں، مصنف "پنجاب میں اُردو" نے اِن گتھیوں کو سلجھانے کی حتی الوسع کوشش کی ہے، یہ پہلا مصنف ہے جس نے افضل مصنف بارہ ماسہ کو شمالی ہند کا شاعر بتلایا ہے۔ لیکن مزید تحقیق کیئے بغیر ہم اس دلیل کو تسلیم نہیں کر سکتے اِس لیئے کہ انہوں نے صرف علی قلی خاں والا داغستانی کے واحد بیان پر اس بات کو تسلیم کرلیا ہے، والا نے فارسی شعراء کے تذکرہ ریاض الشعرا میں (دیکھو برٹش میوزیم کا مخطوطہ ایڈیشنل ۱۶۰۲۹ اوراق ۴۸، ۴۹) افضل نامی ایک شاعر کا ذکر کیا ہے جو ہندی میں بھی نظمیں لکھا کرتا تھا، یہ بات قابل غور ہے کہ والا نے اِس بات کا کہیں ذکر نہیں کیا ہے کہ افضل "بارہ ماسہ" یابکٹ کہانی کا بھی مصنف تھا۔ مزید برآں اُس نے افضل کی شاعری کے جو نمونے دیئے ہیں وہ سب فارسی ہیں، اُردو کا نام و نشان بھی نہیں، اور یہ بہت ممکن ہے کہ افضل، دیگر مسلم شعراء کی طرح جنکا ذکر آزاد بلگرامی نے کیا ہے، خالص برج بھاشا کا شاعر ہوگا نہ کہ اُردو کا۔

ایک اور طرح سے بھی اس موضوع پر خاصی روشنی پڑتی ہے، راقم نے انڈیا آفس لائبریری میں محمد افضل قادری کی ایک طویل نظم دیکھی ہے، یہ دکھنی شاعر تھا اور اُس نے یہ نظم ۱۱۰۳ھ سے قبل لکھی ہے موجودہ مخطوطہ پر بھی یہی ۱۱۰۳ھ تحریر ہے، نہ صرف یہی بلکہ مصنف نے جامعہ اڈنبرا کے کتب خانہ میں افضل کا ایک مرثیہ دیکھا ہے جس کا اسلوب بیان اِس "بارہ ماسہ" سے بالکل مشابہ ہے، جس کے دو قدیم مخطوطات انڈیا آفس لائبریری میں محفوظ ہیں۔

باوجود اِس کے راقم اِس معاملہ میں کوئی قطعی رائے نہیں دیسکتا اور اِسی لیئے افضل کو

فی الوقت شمالی ہند کے مصنفین کی فہرست ہی میں شامل کرلیا جاتا ہے انڈیا آفس لائبریری میں بارہ ما کا جو مخطوطہ ہے اس کی زبان دکھنی زبان کی اور دوسری کتابوں سے مختلف نہیں ہے مگر فعل ماضی کے استعمال کے لحاظ سے اُس کے دکھنی ہونے میں شُبہ ہوتا ہے، قدیم دکھنی مصنفین فعل کے ماضی میں حرف ی لگاتے ہیں جیسے دھریا (دھرا) سنیا (سنا)، چلیا (چلا) لکھیا (لکھا) وغیرہ وغیرہ برخلاف اِس کے بارہ ماسہ میں دھرا، سنا، چلا، لکھا تحریر ہے۔

نظم کا پلاٹ اور تخیل نہیں ہے۔ دیگر ہندی نظموں کی طرح اس میں بھی بیوی کی محبت کا حال بیان کیا گیا ہے شوہر کی سال بھر کی جدائی پر اس کی بیوی اپنے سہیلیوں سے اپنے فراق کی تکالیف کا حال بیان کرتی ہے۔ یہ نظم ہندی بارہ ماسہ کی تقلید میں لکھی گئی ہے، اس میں ۳۰۰ اشعار ہیں اور جابجا فارسی الفاظ اور محاورے استعمال کئے گئے ہیں، جامعہ ازہر کے کتب خانہ میں افضل کے جو مرثیے ہیں انکی بھی یہی خصوصیات ہیں۔

دوسری مثنوی جس کو افضل نامی ایک شاعر نے لکھا ہے انڈیا آفس لائبریری میں موجود ہے اس میں ۲۲۵ اشعار ہیں اور اُس کا موضوع، محبوب سبحانی کی حیات اور آپ کے معجزات ہے، اندرونی شہادت کی بنا پر کہا جاسکتا ہے کہ اِس کا مصنف محمد افضل قادری ہے جو میراں شاہ معروف کا مرید تھا دیباچہ میں اُس نے خواجہ بندہ نوازؒ کی مدح لکھی ہے۔ جس سے اس کے دکھنی ہونے کا پتہ چلتا ہے، یہ نظم چونکہ بہت ہی مذہبی ہے اِس لئے دلچسپ نہیں، البتہ اسکا اسلوب بیان سادہ ہے۔

شیخ جیون

محمود شیرانی مصنف "پنجاب میں اردو" نے اپنے اس بیان کی تائید میں کہ شمالی ہند میں اردو دلی سے پہلے لکھی گئی شیخ جیون کو بھی شمالی ہند کے اردو مصنفین کی فہرست میں داخل کرلیا ہے۔ ہم اس شاعر کی حد تک تو ان کے بیان کو غیر تشفی بخش سمجھتے ہیں۔ انہوں نے یہ ثابت نہیں کیا کہ شیخ جیون دکن کا باشندہ نہیں تھا اور بغیر اس کے انہوں نے اس کو شمالی ہند کے مصنفین کی فہرست میں داخل کرلیا ہے۔

اس شاعر کے متعلق معلومات کے صرف دو ذرائع ہیں۔

۱۔ اسپرنگر نے اپنے کیٹلاگ میں شیخ جیون نامی ایک شاعر کا ذکر کیا ہے۔

۲۔ شیرانی نے شاہ میراں بھیک چشتی کے مریدوں کی فہرست میں کسی جگہ شیخ جیون نامی ایک شخص کا نام دیکھا ہے۔

قبل اس کے کہ ہم اس پر کچھ بحث کریں یہ واضح کردینا بہتر معلوم ہوتا ہے کہ شیرانی نے شاہ میران بھیک اور اُن کے معتقدین کی فہرست کے متعلق کوئی حوالہ نہیں پیش کیا ہے اس لئے اس پر بحث کرنا مشکل ہے۔

مذکورہ بالا دو حوالوں میں جس شخص کا ذکر کیا گیا ہے اس کو محمود شیرانی نے شیخ جیون مصنف وردنامہ' ہی بتلایا ہے حالانکہ ہمیں اس میں شبہ پیدا ہوتا ہے کیونکہ انہوں نے اس بات کا

ثبوت نہیں دیا ہے کہ یہ دو حوالے ایک ہی شخص سے متعلق ہیں، پس اگر کوئی ان دونوں کو دو علیحدہ شخص تسلیم کرے تو کوئی بیجا بات نہیں ہے، مزید برآں اگر یہ دونوں حوالے ایک ہی شخص سے متعلق ہیں تو وہ شخص دکھنی ہو سکتا ہے، جب تک کہ یہ ثابت نہ ہو جائے کہ دردنامہ کا مصنف حقیقت میں شاہ میراں بھیک کا مرید تھا اور شاہ میراں بھیک شمالی ہند کے بزرگ تھے شیخ جیون کو دکھنی نہ کہنا کچھ ٹھیک بات نہیں معلوم ہوتی۔

شیرانی کا ایک اور قول قابل غور ہے، انہوں نے شیخ جیون کے لیے محبوب عالم کا نام استعمال کیا ہے لیکن یہ کہیں نہیں لکھا ہے کہ محبوب عالم اور شیخ جیون ایک ہی شخص کے دو نام ہیں، اس میں شک نہیں کہ انہوں نے محبوب عالم کے دو غزل نما دوہروں کو حوالہ کے طور پر لکھا ہے لیکن یہ کہیں ثابت نہیں ہوتا کہ یہ دوہرے شیخ جیون کے لکھے ہوئے ہیں یا شیخ جیون نے بجائے اپنے نام کے محبوب عالم لکھا ہے۔

شیرانی نے دردنامہ کے متعلق کوئی معلومات تحریر نہیں کیے ہیں کہ انہوں نے اسے کہاں دیکھا اور اس کا کیسے پتہ چلایا۔

میر جعفر زٹلی

اگرچہ اس کے ہمعصر اور بعد کے تذکرہ نویس اس کو شاعر نہیں مانتے لیکن اس کی موجودہ نظموں میں سے چند اشعار کو چھوڑ کر اگر غور کیا جائے تو شاعری کی حیثیت سے اُن کو اچھی جگہ دی جا سکتی ہے، اورنگ زیب کی تخت نشینی کے سال یعنی ۱۰۶۹ھ میں وہ پیدا ہوا، اپنے باپ کا تیسرا لڑکا تھا، اس کے باپ کا نام سید عباس تھا وہ نارنول میں دوکاندار تھا ابھی وہ بچہ ہی تھا کہ اس کے باپ کا انتقال ہو گیا اس کے بعد اپنے چچا میر سرور کی زیر نگرانی اس نے پرورش پائی اور مکتب میں تھوڑی بہت تعلیم پا کر نوکری کے لیے نکلا خوش قسمتی سے شہزادہ کام بخش کی فوج میں اسے جگہ مل گئی جو اپنے باپ اورنگ زیب کے ہمراہ دکھن آیا ہوا تھا، پس اس طرح سے میر جعفر کو کچھ عرصہ تک دکھن میں رہنے اور یہاں کے شعرا سے ملنے یا کم از کم اُن کے کلام کو پڑھنے کا موقع ملا۔

بلاشبہ اس اثر کی وجہ سے میر جعفر کو اُردو نظم لکھنے کا خیال پیدا ہو گیا لیکن جب وہ دہلی گیا تو کسی نے بھی اُس کے کلام کی طرف توجہ نہ کی اس پر اسے ایسی فضا پیدا کرنے کا خیال پیدا ہوا کم از کم اس کے کلام کو جس میں سننے والے پیدا ہو جائیں، اس خیال نے اس کی شاعری کے مستقبل کو امید افزا بنانے میں بڑی مدد دی۔ پہلے پہل اُس نے اُردو اشعار میں فارسی الفاظ اور محاورات استعمال کیے لیکن پھر بھی وہ مشہور نہ ہو سکا، اس کے بعد اُس نے ہجو لکھنا شروع کیا جس کی وجہ سے نوابوں اور سوداگروں سے اسے خوب روپیہ ملنے لگا اور سب اُس کی اُردو اور فارسی ہجو سے ڈرنے لگے۔ قدیم تذکروں میں ہمیں اس کی فارسی اور اُردو کی مخلوط نظموں کے کئی نمونے ملتے ہیں جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس نے ہجو نگاری کو کس طرح اپنا ذریعہ معاش بنایا تھا، برٹش میوزیم میں اس کی اکثر مخلوط نظموں کو اُردو مخطوطات کی فہرست میں داخل کیا گیا ہے۔

بیدل اور حزیں جیسی ادبی شخصیتیں بھی اس سے گھبراتی تھیں۔

باوجود ان تمام کامیابیوں کے اس ہجو نگاری اور معمولی کلام سے اسے بہت نقصان پہونچا، چنانچہ کئی ایک دفعہ اُسے ملازمت سے علیحدہ کردیا گیا اور بالآخر ۱۱۲۵ھ میں شاہ فرخ سیر کے حکم سے قتل کردیا گیا۔

میر جعفر کی شاعری کا مجموعہ فصیح اور غیر فصیح دونوں کا آمیزہ ہے، غیر فصیح شاعری کو علیحدہ کرکے اگر اس کے کلام کا اندازہ لگائیں تو اُس کو اُردو کا ایک اچھا شاعر کہا جاسکتا ہے انڈیا آفس کے کتب خانہ میں اس کی نظموں کا جو مخطوطہ ہے اس کو تین حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ پہلا "اخبارات سیاسیہ" ہے جس میں متفرق واقعات پر چار فارسی کہانیاں ہیں جو اورنگ زیب کے سامنے بیان کی گئی تھیں، اردو میں اس کا جواب بھی ہے، اگرچہ جواب صرف ۴ سطروں میں ہے لیکن وہ اس حیثیت سے بہت اہم ہے کہ شہنشاہ بھی اپنی خانگی گفتگو میں اُردو زبان استعمال کرتا تھا۔

دوسرا حصہ "اخبارات دربار معلیٰ" ہے جس میں پانچ قصے ہیں جن میں سے چار خود شاعر سے متعلق ہیں اس میں بتلایا ہے کہ وہ درباریوں سے کس طرح روپیہ کھینچتا تھا اور ان کو سُنکر بادشاہ نے کیا جواب دیا۔

تیسرا حصہ بہت طویل ہے۔ اس میں اردو اور فارسی کی مختلف موضوع پر لکھی ہوئی ۵۴ نظمیں ہیں، اُردو کے بہترین نمونوں کے طور پر ذیل کی نظموں کو پیش کیا جاسکتا ہے۔

۱۔ سلوک ۲۔ جوبن نامہ ۳۔ اختلاف زمان ۴۔ مرثیہ عالمگیر۔

فال نامہ کو چھوڑ کر سلوک اس کی ۱۰۰ شعر والی سب سے طویل نظم ہے، اس سے شاعر کی دلی کیفیت کا پتہ چلتا ہے کہ وہ اپنے دل میں اپنے غیر فصیح کلام پر کس قدر شرمندہ تھا، اس کا دل دکھتا تھا کہ اس نے کس قدر غلیظ فضا پیدا کردی اور اپنی تمام زندگی رائگاں کردی ہے۔ اُس نے وہی بحر استعمال کی ہے جو عام طور پر دکھنی شعراء استعمال کرتے تھے، اس کا کلام بڑی حد تک فارسی ترکیبوں سے معرا ہے اور دکھنی کلام سے اس قدر ملتا جلتا ہے کہ اگر اس کو میر جعفر کی تصنیفات سے علیحدہ رکھکر غور کریں تو اسکے دکھنی ہونے میں ذرہ برابر بھی شبہ نہیں ہوسکتا۔

اُس کی دوسری قابل ذکر نظم "مرثیہ عالمگیر" ہے جو اورنگ زیب کی وفات پر لکھی گئی تھی، یہ خاص طور پر غور کرنے کے قابل بات ہے کہ میر جعفر جس نے ہر امیر و غریب کی ہجو لکھی اورنگ زیب کے خلاف زبان تک نہیں ہلاتا حتیٰ کہ اُس کی موت کے بعد بھی وہ خاموش نظر آتا ہے برخلاف اس کے اس نے اسکی تعریف میں ایک لمبی چوڑی نظم لکھی ہے اسکی تمام مصنفات میں یہی ایک مدحیہ نظم ہے اُس سے نہ صرف اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ وہ شہنشاہ اورنگ زیب کی شخصیت سے مرعوب تھا بلکہ اسکا بھی کہ وہ بذات خود سنجیدہ اور شریف آدمی تھا، اس مدحیہ نظم میں اگرچہ چند غلط فارسی ترکیبیں موجود ہیں لیکن بحیثیت مجموعی اُس سے اسکے زاویہ نگاہ کی وسعت اور شاعرانہ قابلیت کا پتہ چلتا ہے۔ اس سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اشیا کی حقیقت سے واقف ہوتا تھا اور نہایت صحیح اندازی پیرایہ میں ادا کرتا تھا۔

دکھن اور گجرات میں

عاجز

دکھنی شعرا میں اکثروں کا تخلص عاجز ہے جس کی وجہ سے مصنفین بسا اوقات پیچیدگیوں میں پڑ جاتے ہیں۔ یہاں صرف "ملکہ مصر" کے مصنف عاجز کا ذکر کیا جائیگا اس شاعر کا نام سید محمد علی ہے اور یہ عاجز تخلص والے شعرا میں سب سے پہلا شاعر ہے۔

محمد علی عاجز کی مثنوی کا ایک مخطوطہ انڈیا آفس لائبریری میں محفوظ ہے۔ اس میں تقریباً ۴۰۰ شعر ہیں۔ یہ مثنوی جیسا کہ اس کے آخری حصہ سے ظاہر ہوتا ہے ۱۰۹۹ھ میں ختم ہوئی، یہ دراصل فارسی کا ترجمہ ہے۔ مصنف کا بیان ہے کہ فیروز شاہ ملک مصر کا بادشاہ تھا جس کے انتقال کے بعد اس کی بیوی تخت نشین ہوئی گیا۔ ۸ سال حکومت کرنے کے بعد اس نے یہ اعلان کیا کہ میں اس شخص سے شادی کروں گی جو میرے ۳۰ سوالوں کا ٹھیک ٹھیک جواب دیگا، بہت سے پرستاروں نے قسمت آزمائی کی لیکن کسی کو بھی کامیابی نصیب نہ ہوئی۔ اس پر سب کو یا تو قتل کرا دیا گیا یا سولی دیدی گئی، بالآخر ہندوستان سے عبد عالم نامی ایک عالم اس کے دربار میں آیا نظم کا بیشتر حصہ ملکہ کے سوالات کائنات کی تخلیق کے متعلق اسلامی اعتقاد، قرآن اور اس کے احکامات اور مذہبی فرائض وغیرہ پر مشتمل ہے، عبد عالم نے ان سوالات کا تشفی بخش جواب دیا جس پر ملکہ نے اس سے شادی کرلی اور وہ بادشاہ بن گیا،

رسمی طور پر خدا اور اُس کے پیغمبر کی حمد و ثنا کے بعد شاعر نے اپنے پیر سید اخوند میر شاہ کی تعریف کی ہے اور امید کرتا ہے کہ ان کے طفیل میں اُسے نجات ملیگی وہ اُن کی درازی عمر کی دعا کرتا ہے۔

عاجز نے جب اصل فارسی قصہ کو پڑھا تھا تو اس کا ترجمہ کرنے کے لئے اُس نے اپنے پیر سے اجازت چاہی کیونکہ اُس کا اعتقاد تھا کہ سوائے روحانی امداد کے یہ کام ختم نہ ہوگا۔

اسی اسکول کے دیگر مثنویوں کے مقابلہ میں یہ مثنوی بہت ہی سادہ ہے حتی کہ غلام علی کی مثنوی پدماوت سے بھی کہیں بہتر ہے۔

ضعیفی

اِس کا نام شیخ داؤد تھا، یہ عالم اور صوفی منش آدمی تھا، قطب شاہیوں کے دور میں اسکی پرورش ہوئی، اور اس کے سب سے زبردست کارنامہ "ہدایت ہندی" کی تکمیل اس خاندان کے زوال کے بالکل بعد ہی ہوئی۔

فی الوقت ضعیفی کی دو کتابیں دستیاب ہوتی ہیں۔ ایک تو انڈیا آفس لائبریری میں ہے جس پر نہ تو تاریخ ہی درج ہے اور نہ کتاب کا عنوان۔ اس میں ایک عورت کا قصہ ہے جو حضرت محمد صلعم کی محبت میں بیتاب ہو کر جل گئی۔ اِس میں ۳۶۰ شعر ہیں، نہ تو دیباچہ ہی ہے اور نہ خدا کی حمد۔

اس کا خاتمہ بھی کچھ ایسا اہم نہیں ہے البتہ شاعر نے یہ بتلایا ہے کہ اُس نے بڑی محنت سے اس کا دکنی میں ترجمہ کیا اِس لئے کہ اصل خیالات کے سمجھنے میں اسے بڑی دقت ہوئی اس تصنیف سے شاعر کا مقصد اپنے ہم مذہبوں کے دل میں آنحضرتؐ کی محبت پیدا کرنا تھا۔

یہ مثنوی اگرچہ مذہبی موضوع پر لکھی گئی ہے تاہم ادبی خوبیوں سے معرا نہیں ہے اس قصہ کی ہیروئین کو بہت ہی مذہبی عورت کی صورت میں پیش کیا گیا ہے، اِس میں باریک باریک اور چھوٹی چھوٹی باتیں تک بتلائی گئی ہیں، جس کی بنا پر یہ قصہ آنحضرت کے زمانہ کا حقیقی واقعہ معلوم ہونے لگتا ہے حالانکہ ایک بالکل خیالی قصہ ہے

قصہ کی ہیروئین کی زبان سے ہندی الفاظ اور محاورات کہلوائے گئے ہیں اس خصوصیت سے اس امر کا پتہ چلتا ہے کہ اس زمانہ میں عورتوں کی زبان مردوں سے مختلف تھی۔

ضعیفی کی دوسری مثنوی "ہدایت ہندی" مولوی ع۔ م۔ یافعی صاحب کے کتب خانہ میں محفوظ ہے، یہ بہت ضخیم اور ۲۲ ابواب پر منقسم ہے، سنہ ۱۰۹۶ھ میں اس کی تکمیل ہوئی۔ اسلام کے فرقہ حنفیہ کے مذہبی اعتقادات قوانین اور اصولوں کو بیان کیا گیا ہے۔

دیباچہ میں کوئی خاص، اور اہم بات نہیں ہے صرف رسمی طور پر خدا اور رسول کی حمد و ثنا کی گئی ہے خاتمہ کسیقدر اہم ہے، اس میں شاعر نے خود اپنا حال لکھا ہے اور اس زمانہ کے حکمران بادشا اورنگ زیب کی دل کھول کر تعریف کی ہے۔

یہ کارنامہ مذہبی رنگ کا ہے اور چونکہ راقم کو اس کے تحقیقی مطالعہ کا موقعہ نہیں ملا اِس لئے وہ اس پر اس سے زیادہ لکھنے سے قاصر ہے۔

امین

یہ گولکنڈہ کا دوسرا شاعر امین ہے (پہلا شاعر عبداللہ کے زمانہ کا ہے جس نے قصہ "ابوشحمہ" کو منظوم کیا اور جو نامکمل رہا) اس کا نام شیخ محمد امین تھا اس کی کتاب یوسف زلیخا، اورنگ زیب کے عہد میں ۱۱۰۹ھ میں ختم ہوئی۔

ڈاکٹر اسپرنگر نے ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال کے مخطوطہ کا ذکر کیا ہے جس میں ۳۰۰ صفحات اور ۴۵۰۰ شعار ہیں۔ راقم نے اس کتاب کا ایک نسخہ "بلیوتھک نیشنل" پیرس میں دیکھا ہے جس میں ۴۰۰۰ سے زیادہ اشعار نہیں ہیں اور غالباً اس کو ایک انگریز کپتان شرائیرد (؟) نے ۱۸۳۱ء میں نقل کیا ہے۔ یہ دراصل گارساں دتاسی کی ملک تھی جس کے انتقال کے بعد اس کو بلیوتھک میں بطور تحفہ داخل کر دیا گیا۔

امین نے حالانکہ ایک بہت بڑا کام کیا ہے لیکن وہ بڑا شاعر نہ تھا، غالباً یہ دراصل خسرو کی یوسف زلیخا کا ترجمہ ہے لیکن فارسی اثر سے بالکل آزاد ہے اور بالکل اوریجنل معلوم ہوتی ہے، اسلوب بیان بہت ہی سادہ ہے لیکن جب شاعر اپنے آپ کو ایک بہت بڑا صوفی بتلانے کی کوشش کرتا ہے تو انداز بیان پیچیدہ ہو جاتا ہے دیباچہ اور اختتام سے کسی قسم کی مفید معلومات حاصل نہیں ہوتیں۔ ان سے صرف اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ شاعر، شاعر نہیں بلکہ ایک مذہبی آدمی تھا۔

ذوقی

اس کا نام سید شاہ حسین ذوقی تھا، اس کے مرشد شاہ خان محمد نے اس کو بحر العرفان کا خطاب عطا کیا تھا۔ وہ ایک مذہبی آدمی تھا اگرچہ وہ پیشہ ور شاعر نہ تھا تاہم اُس نے یہ عذر پیش کیا ہے کہ دکھن میں کوئی اس کی سرپرستی کرنے والا بادشاہ نہ تھا، لیکن ساتھ ہی وہ خدا کا شکر ادا کرتا ہے کہ اس نے اُسے اورنگ زیب جیسے ولی صفت اور مذہبی بادشاہ کے عہد میں پیدا کیا۔

"وصال العاشقین" میں اُس نے تحریر کیا ہے کہ وہ ایسی دلچسپ نظم لکھنا چاہتا تھا جس سے اس کا نام ہمیشہ زندہ رہ سکے، اِس مقصد کے لئے اس کا ارادہ تھا کہ وجہی کی سب رس کو نظم کرے اگرچہ اُس نے وجہی کے کارنامے کو گرانے کی کوشش کی لیکن حقیقت حال یہ ہے کہ اُس کی نظم بھی سب رس جیسی دلچسپ اور اعلیٰ کتاب کے پلّہ کو نہیں پہونچ سکتی

ذوقی نے وصال العاشقین کی تصنیف سے قبل بھی کئی ایک نظمیں لکھی ہیں، یہ تمام کم و بیش مذہبی موضوع پر لکھی گئی ہیں۔ ان میں سے ایک کتاب "غوث اعظم محبوب سبحانیؓ کی شان میں لکھی گئی ہے دوسری نظم ایک مرثیہ ہے جو آنحضرتؐ کی وفات پر لکھا گیا ہے، تیسری مشہور و معروف صوفی منصور کی کہانی ہے اور آخری اور چوتھی نظم "ماں باپ نامہ" ہے جو نوجوانوں کے لئے لکھی گئی ہے اور والدین کی طرفداری میں ہے۔

علاوہ مثنویوں کے ذوقی نے غزلیں بھی لکھی ہیں چنانچہ انجمن ترقی اُردو کے سستہ کے پاس

اُس کی غزلوں کا مجموعہ موجود ہے جن کا حوالہ اُنہوں نے اپنے ایک مضمون مطبوعہ رسالہ اُردو میں دیا ہے انڈیا آفس کے مخطوطے میں چند فارسی اور اُردو غزلیں موجود ہیں (دیکھو فارسی نمبر ۲۱۰۵) جن سے پتہ چلتا ہے کہ شاعر کہنہ مشق تھا

راقم کو اس بات کا پتہ چلا ہے کہ ذوقی کا ایک دیوان حیدرآباد کے کسی خانگی کتب خانہ میں محفوظ ہے لیکن چونکہ اس کو دیکھنے کا موقع نہیں ملا اس لیے اس کے متعلق معلومات پیش کرنے سے مجبور ہے۔

بحری

اِس کا نام قاضی محمود تھا۔ بحرالدین کا بیٹا تھا جو گوگی کے قاضی دریا کے نام سے مشہور تھے گوگی سلطنت بیجاپور میں نصرت آباد کے قریب ایک گاؤں ہے، یہ وہاں کا قاضی اور ایک بڑے پایۂ کا صوفی تھا، ۱۰۹۵ھ میں اپنے وطن کو خیرآباد کہکر بیجاپور پہونچا، سکندر عادل شاہ اُس کا معتقد ہوگیا۔ اور اُسنے اپنے دربار میں ایک جگہ بھی عطا کی۔

۱۰۹۷ھ میں جب سلطنت فتح ہوگئی اور اورنگ زیب نے سکندر کو قید کرلیا تو بحری نے حیدرآباد کا راستہ لیا جو اس وقت علم وفضل کا مرکز بنا ہوا تھا، راستہ میں چوروں نے نہ صرف اس کے مال وزر ہی کو لوٹ لیا بلکہ اسکی ادبی دولت کو بھی غائب کردیا۔

حیدرآباد میں بھی اسے پھولنا پھلنا نصیب نہ ہوا کیونکہ دو سال بعد ہی مغلوں نے اس شہر کو فتح کرلیا اُن ناخوشگوار حالات کے تحت بھی بحری نے اپنے ادبی کام کو برابر جاری رکھا اور اورنگ زیب کی وفات سے سات سال قبل یعنی ۱۱۱۱ھ میں اس نے ایک صوفیانہ مثنوی بعنوان "من لگن" پیش کی اِس کے کچھ سال بعد یعنی ۱۱۱۵ھ میں اپنے مریدوں کی خواہش اور اصرار پر اس نے اس نظم کو فارسی زبان میں عروس عرفان کے نام سے منتقل کیا۔

موخرالذکر کتاب "عروس عرفان" سے ہم کو شاعر کے متعلق چند مفید معلومات حاصل ہوتی ہیں، اس کے آخری حصہ سے اس امر کا پتہ چلتا ہے کہ بحری نے مرثیے، غزل، رباعی، اور قصیدہ وغیرہ سب ملاکر کل . . . . ہ شعر لکھے تھے لیکن بیجاپور سے حیدرآباد جاتے وقت چوروں نے

سب لوٹ کر غارت کر دیا۔

غالباً وہ بہت اچھا شاعر تھا، بدقسمتی سے راقم کی نظر سے اس کی اردو نظم من لگن نہیں گذری یہ کئی بار مدراس اور بنگلور میں چھپ چکی ہے اور اب شاید کہیں بھی نہیں ملتی، اس لئے راقم اس کی خصوصیات بیان کرنے سے قاصر ہے۔

عشرتی

سید محمد خاں عشرتی کے والد کا نام سید یوسف حسینی بن سید حسین تھا۔ اس کا سلسلہ خاندان سید حسین بن امام زین العابدین تک پہونچتا ہے۔ عشرتی کا گھرانہ عام طور پر سادات درویش کے نام سے مشہور تھا۔ اس کے والد سید یوسف حسینی بصرہ کے راستہ سے دکن پہونچے۔ باپ کے انتقال کے وقت عشرتی کی عمر (۱۲) سال کی تھی۔ عادل شاہی دربار میں عشرتی کی خاصی قدر و منزلت کی گئی۔ انقراض سلطنت کے بعد عالم گیر نے بھی نجابت و لیاقت کے مد نظر اس کی سرپرستی اور ہمت افزائی کی۔ چنانچہ حضرت سید شاہ راجو کے جاگیرات وغیرہ سے متعلق اورنگ زیب اور سید محمد خان عشرتی کی مراسلت اس کی شاہد ہے۔ عشرتی کے پانچ بیٹے تھے۔ جو علمی ذوق سے بیگانہ نہ تھے۔ ان میں سے بعض تو صاحب تصنیف بھی تھے مثلاً۔ فدوی احمد خاں میر منشی ناصر جنگ شہید۔ اور سید محمد تقی خان منصبدار مصاحب شاہی دونوں کی تصنیفات موجود ہیں۔

عشرتی ایک پرگو شاعر تھا۔ اس کی مثنویوں سے دیپک پتنگ۔ چت لگن۔ نیہ درپن اور ایک دو ناقص مثنویاں راقم کی نظر سے گذر چکی ہیں۔ ان کا مطالعہ ظاہر کرتا ہے کہ عشرتی اس دور کا ایک بہت بڑا مصنف تھا۔ اس نے ابن نشاطی کے مقابلہ میں نہایت کامیابی کے ساتھ قلم اٹھایا ہے۔

عشرتی کی قبر حیدرآباد میں شاہ راجو حسینی کی گنبد (بیرون دروازہ غازی بنڈہ) میں شمال کی طرف واقع ہے۔ اس کا خاندان حیدرآباد میں موجود ہے۔ اور علم وفضل و شعر و شاعری کا ذوق اب تک قایم ہے۔

عشرتی اور اس کی تصنیفات کے متعلق راقم نے ایک طویل مقالہ لکھا ہے۔ جو رسالہ مجلہ مکتبہ میں بالاقساط شایع ہوا ہے۔

مجری

اس کا نام شاہ بیراللہ ہے اُس نے وجہی کی سب رس کو نظم کا جامہ پہنایا ہے، غالباً وہ بیجاپور کا باشندہ تھا کیونکہ وہ کہتا ہے کہ اس نے اپنی نظم حمید الدین سامانی کے روضہ میں ختم کی جو بیجاپور میں واقع ہے۔ مجری نے اپنی نظم "گلشن حسن و دل" سنہ ۱۱۱۳ھ میں ختم کی، اس کا اسلوب بیان سادہ ہے، اور روہ مثنوی جس میں اُس نے وجہی کے قصہ کا اختصار کیا ہے شاعرانہ نکات کے لحاظ سے معمولی ہے۔

اس شاعر کے متعلق اس سے زیادہ معلومات حاصل نہیں ہیں، اس کی مثنوی کا ایک نسخہ انجمن ترقی اردو اورنگ آباد کے کتب خانہ میں محفوظ ہے۔

احمد

اس شاعر کے نام کے متعلق تھوڑی سی پیچیدگی ہے میر حسن اور قائم نے احمد گجراتی لکھا ہے عمدہ منتخبہ اور عیار الشعراء میں اس کو برہان پور کا باشندہ بتلایا ہے اور اس کا نام غلام احمد علی لکھا ہے، لیکن شمالی ہند کے تذکرے دکنی شعراء اور دکنی ادب کے متعلق مستند معلومات بہم نہیں پہونچاتے اسی لئے ان بیانات کو بالکلیہ صحیح تصور نہیں کیا جا سکتا۔ مذکورہ بالا تذکروں میں احمد کی شاعری کے چند نمونے درج ہیں جو شاعرانہ نقطۂ نظر سے تو بے حد دلچسپ ہیں لیکن ان سے اس کے حالات زندگی پر کوئی روشنی نہیں پڑتی۔

راقم نے جامعہ اڈنبرا کے کتب خانہ میں اس کے سات مرثیوں کا ایک مخطوطہ دیکھا ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ اس کا نام یتیم احمد تھا اور وہ برہان پور کا باشندہ تھا یہ باتیں ہر مرثیہ کے آخری اشعار میں درج ہیں۔ اس نے اپنے مرثیوں میں وہی ردیف اور قافیے استعمال کئے ہیں جن کو برہان پور کے مشہور مرثیہ گو ہاشم علی نے استعمال کیا تھا۔

احمد کے مرثیوں میں ۱۶۰ اشعار ہیں، علاوہ مرثیہ ہونے کے ان میں اور بھی چند خصوصیات ہیں پہلا اور چھٹا مرثیہ حضرت حسین کی شان میں کم و بیش ایک قصیدہ ہے، اس میں آپ کی چند خصوصیات بیان کی گئی ہیں، دوسرے اور ساتویں مرثیہ میں آپ کی شہادت کا نوحہ ہے تیسرا اور چوتھا ٹھیٹ مرثیے ہیں۔ ان میں حضرت امام حسینؑ کے خاندان کی تکالیف اور بے سروسامانی

کا نقشہ کھینچا گیا ہے، پانچواں مرثیہ سب سے اچھا ہے اسمیں حضرت علی اصغر ابن حضرت حسینؑ کی وفات کا واقعہ آپ کی والدہ کی زبان سے کہلوایا گیا ہے، یہ مرثیہ جذبات اور احساسات سے مالامال ہے۔

ان مرثیوں کی زبان ہم عصروں کے مرثیوں کے مقابلہ میں سادہ اور سلیس نہیں ہے۔

ولی ویلور

دکھن میں دو شاعر گذرے ہیں جنکا تخلص ولی تھا جس کی وجہ سے اکثر غلط فہمیاں پیدا ہو جایا کرتی ہیں لیکن راقم نے حتی الوسع اس پیچیدگی کو سلجھانے کی کوشش کی ہے، اس میں شک نہیں کہ دکھن میں ایک ہی زمانہ میں دو شاعر ایسے گذرے ہیں جن کا تخلص ولی تھا لیکن ایک شاعر شمال مغربی حصہ یعنی صوبہ اورنگ آباد کا باشندہ تھا اور دوسرا جنوب مشرق میں بمقام ویلور رہتا تھا جو اب علاقہ مدراس میں شامل ہوگیا ہے، اگرچہ دونو کو ایک ہی زمانہ میں عروج ہوا لیکن خود وہ ایک دوسرے کے وجود سے ناواقف تھے، ویلور کا ولی بہت مذہبی آدمی تھا اور دوران زندگی میں بحیثیت شاعر کے اسے کوئی شہرت حاصل نہیں ہوئی۔ برخلاف اس کے اورنگ آباد کا ولی اپنے زمانہ میں مدراس اور حیدرآباد سے زیادہ گجرات اور شمالی ہند میں مشہور تھا اور یہ اورنگ آبادی کا ولی ہے جس نے دہلی تک سفر کیا اور جو بحیثیت ایک اُردو شاعر کے بہت مشہور رہے۔

ویلور کے ولی کا نام سید محمد فیاض ہے دکھن میں سات گڈہ کے نواب حراست خاں کا درباری تھا، اس کے بعد وہ یہ ملازمت ترک کرکے علاقہ مدراس میں کڑپا پہونچا اور وہاں کے صوبہ دار نواب عبدالحمید خان کا بے حد دوست ہوگیا، اس نے اس کی بے حد عزت کی اور سدھوٹ میں ایک عہدہ پر مامور کیا، سدھوٹ ایک قلعہ ہے جس کا ذکر ابن نشاطی کی پھول بن کے آخری حصہ میں کیا گیا ہے ولی پُر نویس شاعر معلوم ہوتا ہے اس لئے کہ اس کے موجودہ تین نسخوں میں سے دو بہت ہی

ضخیم ہیں۔

۱۔ رتن پدم۔ یہ مثنوی اب تک کہیں دستیاب نہیں ہوئی، اسپرنگر نے شاہ اودھ کے کتب خانہ میں اس کو دیکھا تھا چنانچہ اس نے اپنے کیٹلاگ میں اس کا ذکر کیا ہے، اس میں رانی پدماوت اور چتوڑ کے راجہ رتن سین کی محبت کی داستان ہے غالباً اس قصہ کے لکھنے میں ملک محمدؐ جائسی کے قصہ پدماوت سے مدد لی گئی ہے، اس نظم کو ۴۰۰ صفحات پر نقل کیا گیا جس میں ۴۰۰۰ شعر تھے۔

۲۔ روضۃ الشہدا۔ اس کی دوسری نظم ہے یہ کئی دفعہ طبع ہو چکی ہے، انڈیا آفس لائبریری میں اسکا ایک عمدہ مخطوطہ ہے مطبوعہ نسخوں میں سن تصنیف سنہ ۱۱۱۹ھ درج ہے لیکن انڈیا آفس لائبریری والے مخطوطہ میں سنہ ۱۱۳۴ھ ہے، فی الوقت یہ تصفیہ کرنا کہ فلاں صحیح ہے فلاں غلط قدرے مشکل ہے۔

ولی کی روضۃ الشہدا کا تعلق ملا حسین واعظ کاشفی کی اسی نام کی کتاب سے ہے جس کو "دہ مجلس" بھی کہا جاتا ہے۔ بوڈلین لائبریری کے مخطوطہ (دیکھو کیٹلاگ ورق ۴، ل) سے اس بات کا پتہ چلتا ہے، ترجمہ میں ہر باب کے عنوان کو "مجلس" قرار دیا گیا ہے اور چونکہ اس میں دس ابواب ہیں اسی لئے اس کا نام "دہ مجلس" بالکل درست ہے، اسکو ولی اورنگ آباد کی تصنیف خیال کیا جاتا ہے، لیکن راقم کی رائے میں دہ مجلس اس مشہور و معروف ولی کی تصنیف نہیں بلکہ یہی روضۃ الشہدا ہے جس کا نام "دہ مجلس" بھی ہے اور اورنگ آباد کے ولی نے اس نام کی کوئی کتاب نہیں لکھی ہے، حال ہی میں ولی کا "جو کلیات" طبع ہوا ہے اس میں "دہ مجلس" کے جو چند اشعار درج ہیں وہ فی الحقیقت ویلور کے ولی کے ہیں۔ کہ اس مشہور و معروف ولی کے موخرالذکر فطری شاعر تھا اور وہ کسی مذہبی کتاب کا ترجمہ کرکے اپنی وقعت کو گھٹانا نہیں چاہتا تھا وہ مذہبی آدمی بھی نہ تھا اس لئے اس سے یہ توقع رکھنا کہ اس نے حضرت علی کے خاندان کے متعلق مدحیہ قصیدے لکھے ہونگے قطعاً قرین قیاس نہیں ہوسکتا، بہرحال اسی غلط فہمی کی وجہ سے بلوم ہارٹ نے انڈیا آفس کا کیٹلاگ تیار کرتے وقت روضۃ الشہدا کے مصنف کے سلسلہ میں اورنگ آباد کے ولی کی سوانح عمری لکھدی ہے۔

دکھنی ترجمہ میں فارسی ترتیب کو برقرار نہیں رکھا گیا ہے بلکہ پہلے دو ابواب اور آخری حصہ میں سے چند باتیں چھوٹ گئیں ہیں کتاب دس ابواب پر اس طرح سے منقسم ہے۔

۱۔ وفات حضرت محمدؐ۔ ۲۔ وفات حضرت فاطمہؓ۔ ۳۔ حضرت علیؑ کی شہادت۔ ۴۔ حضرت حسنؑ کی شہادت
(۵) حضرت حسینؓ کے چچا زاد بھائی مسلمؑ بن عقیل کی شہادت اور ہانی بن عروہ۔

اور محمد بن انس اور ان کے صاحبزادے کی شہادت کا حال درج ہے (۶) مسلمؑ کے لڑکوں کی شہادت (۷) حضرت حسینؑ کا سفر مکہ سے میدان کربلا تک اور حرؓ کی شہادت (۸) حضرت حسینؑ کے رفقا اور ساتھیوں کی شہادت (۹) حضرت حسینؑ آپ کے فرزند و اقارب کی شہادت (۱۰) جنگ کربلا سے متعلق چند واقعات۔

بعض مصنفین کے خیال میں یہ کتاب مرثیوں کا مجموعہ ہے لیکن اس کے عنوانات کو دیکھنے سے اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ یہ کتاب خاندان رسولؐ کی جنگوں اور شہادتوں کی ایک تاریخ ہے، دیگر دکھنی مرثیوں کی طرح اگرچہ یہ کتاب بالکل مذہبی رنگ میں لکھی گئی ہے تاہم شاعرانہ نکات اور خصوصیات سے معرا نہیں ہے۔ ساتھ ہی ایک یہ اسقدر دلچسپ کتاب نہیں ہے، اسکے ۵۰۰ اشعار کے مطالعہ کے لئے صبر اور استقلال کی ضرورت ہے ایک دوسری کتاب ۵۰ شعر کی مناجات ہے جس کو ولی سے متعلق کیا جاتا ہے، اردو کے قدیم کے مصنف نے اس کا حوالہ دیا ہے لیکن اپنے بیان کے ثبوت میں کوئی سند نہیں پیش کی اس لئے شبہ ہے کہ آیا وہ ہے بھی یا نہیں اور اگر ہے تو ولی کی ہے یا کسی اور شاعر کی۔

اشرف

سید اشرف کو اس دور کے اچھے شعرا میں شمار کیا جاتا ہے، وہ حضرت علیؑ اور آپ کے خاندان کا پرستار تھا جس سے اسکے شیعہ ہونے کا پتہ چلتا ہے، اس کی تصانیف کے مخطوطات برٹش میوزیم اور اڈنبرا یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ ہیں۔ لیکن بدقسمتی سے اس کی تصانیف سے اس کی حیات پر روشنی نہیں پڑتی، البتہ اس کے مرثیوں میں چند اشارے ملتے ہیں جس سے پتہ چلتا ہے کہ وہ بہت ہی مقبول اور استاد فن شاعر تھا، اسپرنگر کے کیٹلاگ میں ذکا کے تذکرہ کے سلسلہ میں اس کو ولی کا ہمعصر بتلایا گیا ہے اور کچھ نہیں؛ اسی قسم کے بیانات شفیق اور قائم کے تذکروں میں بھی پائے جاتے ہیں، موخرالذکر کا بیان ہے کہ وہ حاتم کے زمانہ میں بھی زندہ تھا اور اورنگ آباد والے ولی نے بھی اشرف کے ایک ؎ شعر کو تضمین کیا ہے اور کہتا ہے کہ وہ اسے بہت پسند تھا۔

برٹش میوزیم میں اشرف کی مثنوی کا جو مخطوطہ (ایڈیشنل ۱۵۹۰) ہے اس میں ۴۹۲ اشعار ہیں لیکن شاعر نے خود کتاب میں ۶۰۰ شعر کا ذکر کیا ہے، اس کا نام "جنگ نامہ" ہے اور اس میں حضرت علی اور بالخصوص سحل ؟ سے جو جنگ ہوئی اس کا ذکر ہے، یہ اوریجی تصنیف نہیں ہے بلکہ کسی فارسی مثنوی کا ترجمہ ہے جسکا ذکر خود مصنف نے (ورق ۴) پر کیا ہے۔

مثنوی میں جو واقعات بیان کئے گئے ہیں تاریخی حیثیت سے صحیح نہیں ہیں بلکہ خود شاعر کی تخیلی پیداوار ہیں۔

اشرف نے دوران نظم میں کئی جگہ اپنا نام لکھا ہے (ملاحظہ ہو اوراق ۱۳، ۱۹، ۳۵ ب، وغیرہ) اختتام پر بھی اس نے سن تصنیف ۱۱۲۵ھ مطابق ۱۷۱۳ء کے ساتھ اپنا نام درج کیا ہے، اس نے ہم عصر بادشاہوں کا بھی ذکر کیا ہے مثلاً بہادر، جہاندار، اور فرخ سیر۔

نظم رسمی طور پر خدا، رسولؐ، حضرت علیؓ حضرت فاطمہؓ حضرت حسنؓ، حسینؓ، وحنیف کی مدح اور ثنا سے شروع ہوتی ہے۔ بہت کم مصنفین نے حضرت حنیف کا ذکر کیا ہے۔

دیباچہ میں اس نے فارسی "جنگ نامہ" کو ترجمہ کرنیکی وجوہات بیان کی ہیں اور کہتا ہے کہ اگرچہ اُس نے اس کام کا بیڑا اُٹھایا ہے لیکن اُس کو پورا کرنے کی اس میں قابلیت موجود نہیں ہے حالانکہ دراصل وہ ایک اچھا شاعر تھا، اس کے مذہبی جوش نے دکنی زبان میں ایک اہم کارنامہ پیش کرنے میں، اس کی بڑی مدد کی۔

باوجود ایک مذہبی نظم ہونے کے اس میں شاعری کے دلچسپ نمونے پائے جاتے ہیں، اسلوب بیان غیر دلچسپ نہیں ہے، شاعرانہ حیثیت سے زبان بہت عمدہ ہے۔

اس کے مرثیوں کی تعداد ۱۲ ہے جو ادنبرا یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ ہیں، ان میں ۱۴۰ اشعار ہیں، اسلوب بیان کے لحاظ سے اس کے مرثیے اسکے ہمعصر احمد کے مرثیوں سے بہتر ہیں خصوصاً حضرت علیؓ پر جو مرثیہ لکھا گیا تھا بہت ہی لاجواب ہے مرثیوں کے اکثر اشعار غزل کے شعروں کی طرح ہیں اور یہ بہت ممکن ہے کہ اشرف اچھا غزل گو شاعر ہو۔

ولی اورنگ آبادی

اس ولی کے نام کے متعلق ابتک کوئی قطعی تصفیہ نہیں ہوا اور بہتر یہی ہے کہ اسکو اورنگ آبادی ولی کے نام سے یاد کیا جائے۔ وہ اورنگ آباد کا باشندہ تھا نہ کہ احمد آباد یا گجرات کا۔ البتہ اس نے ان مقامات کا سفر کیا ہے اور تعلیم بھی وہیں پائی۔

یہ قیاس کیا جاتا ہے کہ ولی ۱۰۹۳ھ میں پیدا ہوا اور ۱۱۵۵ھ احمد آباد میں انتقال کیا، جہاں اس وقت وہ دفن ہے، لیکن راقم کو اس کے سن وفات سے اتفاق نہیں ہے اس لئے کہ "وہ مجلس" کے سن تصنیف کی بنا پر یہ کہا جاتا ہے اور راقم نے پہلے ہی یہ ظاہر کیا ہے کہ "وہ مجلس ولی کی تصنیف نہیں ہے"۔ اس کا انتقال ۱۱۴۳ھ سے قبل ہوا ہوگا۔ حکیم شمس اللہ قادری کا بیان اس کی تائید کرتا ہے جنہوں نے اس کے دیوان کا ایک مخطوطہ دیکھا ہے جس کا سن تصنیف ۱۱۴۳ھ ہے اور جس کے اختتام پر یہ جملہ لکھا ہوا ہے "تمام دیوان ولی رحمۃ اللہ علیہ"

ولی کے سفر دہلی کے متعلق بھی چند شبہات ہیں۔ اردوے قدیم کے مصنف نے یہ ثابت نہیں کیا کہ ولی محمد شاہ کے عہد میں دہلی آیا تھا۔ ان کی رائے میں ولی نے اورنگ زیب کے زمانہ میں سفر کیا ہے کسی اور وقت ہم اس کے متعلق تفصیل وار بحث کرینگے۔ یہاں صرف یہ کہنا کافی ہوگا کہ ولی اورنگ زیب اور محمد شاہ دونو کے عہد میں دہلی گیا تھا۔ اندرونی شہادت اس بات کی تائید کرتی ہے کہ ولی ایک بڑا سیاح تھا، اس نے گجرات اور سورت پر جو دلچسپ اشعار اور نظمیں لکھی ہیں اور ان مقامات کے متعلق جن اثرات اور احساسات کو بیان کیا ہے وہ اس کے یادگار سفروں کی یاد کو ہمیشہ زندہ رکھینگے۔

مختلف مصنفین اور خاص طور پر اس کے دیوان (جو سال ہی میں انجمن ترقی اُردو سے شائع ہوا ہے) کے ایڈیٹر نے ولی کے مذہب پر غیر معمولی توجہ دی ہے۔ راقم نے ویلور کے ولی کے سلسلے میں اس بات کا ذکر کر دیا ہے کہ یہ اورنگ آبادی ولی مذہبی آدمی نہیں تھا، مشہور و معروف غزل گو حافظ اور غالب کی طرح اس کا کلام بھی ادنیٰ ادنیٰ تعصبات سے پاک ہے اور نیز اس نے انتہائی عاشقانہ زندگی گذاری ہے۔ ظاہر ہے کہ ایک شخص جس نے خاص طور پر خوبصورت لڑکوں اور شراب خواری کی آرزو کے متعلق غزلیں لکھی ہوں کس طرح مذہب کا پرستار تصور کیا جا سکتا ہے؟ وہ ایک دنیا دار آدمی اور شاعر تھا اور کبھی کبھی غالب کی طرح اس کے کلام میں صوفیانہ رنگ جھلکتا ہے، یہ بالکل ایک فطری چیز تھی کیونکہ وہ مسلمان جو آزادانہ زندگی گذارنا چاہتے ہیں اور اپنے ہم مذہبوں کے طعنے تشنے سننا نہیں چاہتے اپنے آپ کو صوفی ظاہر کرتے ہیں اور اُن لوگوں کو روزمرہ کے مذہبی فرائض کا پابند نہیں گردانا جاتا۔ اس سے ہمارا مقصد یہ نہیں ہے کہ ولی دہریا تھا مسلمانوں کے دونو بڑے فرقے یعنی سنی اور شیعہ دونو میں سے ہر ایک ولی کو اپنے فرقہ کا گنتا ہے، ممکن ہو کہ ولی کا تعلق سنی فرقہ سے ہو لیکن یہ کسی طرح ثابت نہیں ہوتا کہ وہ کسی خاص فرقہ کا سختی کے ساتھ پابند تھا۔

ولی کی قابلیت کے متعلق موافقت اور مخالفت میں بعض عجیب و غریب دلائل پیش کئے گئے ہیں، یہ خیال کیا جاتا ہے کہ اس کی عربی اور فارسی معلومات بہت ہی محدود تھیں اور اسی وجہ سے اس کی شاعری میں غیر صحیح عربی اور فارسی الفاظ پائے جاتے ہیں، فی الحقیقت یہ اعتراض درست نہیں ہے۔ ولی اپنے عہد کا حقیقی نمائندہ تھا، اس سے یہ توقع کرنا کہ وہ الفاظ اسی طرح استعمال کرے جیسا کہ آج کئے جاتے ہیں لغو ہے۔ لکھنؤ کے شاعروں نے اردو شاعری میں عربی اور فارسی کے الفاظ استعمال کرنے کے لئے جو غیر عالمانہ اصول بنائے تھے ولی کے زمانہ میں رائج نہیں تھے، ولی سے پہلے کے اور اس کے ہمعصر شاعر فطری شاعر تھے جو صرف شاعری سے لطف اندوز ہونے کے لئے شعر کہا کرتے تھے اُن کا مقصد الفاظ اور محاورات کو استعمال کر کے اپنی شاعری کو عربی اور فارسی لفظیات کی کتاب بنانا یا لغت پیش کرنا ہرگز نہیں تھا۔

مزید برآں وہ جو زبان استعمال کرتے تھے وہ اُنکے ہمعصروں کی بول چال کی زبان تھی، وہ عربی اور فارسی لغت سے الفاظ نہیں لیتے تھے بلکہ روزمرہ عام طور پر بول چال میں جو الفاظ استعمال کئے جاتے ہیں انہیں کو استعمال کرتے تھے۔

غیر زبان کے الفاظ کے استعمال سے قطع نظر، بعض نقّاد ولی کی معمولی اُردو پر بھی اعتراض کرتے ہیں کہ اُس کی زبان بالکل متروک ہے اور وہ ایسے الفاظ اور محاورات استعمال کرتا ہے جن کو لوگ سمجھ نہیں سکتے، لیکن کسی قدیم شاعر سے موجودہ زبان میں لکھنے کی توقع کرنا کس حد تک انصاف پر مبنی ہے؟ ولی کی شاعری اور اس کا اسلوب بیان

اس کے زمانے میں اُسی قدر عام پسند خالص اور دلچسپ تھا جیسے آج کل حالیؔ اکبر اور اقبال کا ہے۔

ولی کے دیوان میں کئی قسم کی شاعری کے نمونے ہیں ۴۵۰ غزلیں مختلف قسم کے ۲۵ ترکیب بند ۶ قصیدے، ۲ مثنویاں اور ۲۵ رباعیاں ہیں لیکن میرؔ اور غالبؔ کی طرح اس کی شہرت کا دارومدار غزلوں ہی پر ہے، ان میں شاعری کی اعلیٰ خصوصیات موجود ہیں۔ ادبی نقطۂ نظر سے اس کی مثنویوں اور قصیدوں کو جو مقابلتہً بہت تھوڑے ہیں کسی طرح نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ ولی نے کوئی طویل نظم نہیں لکھی۔

اس کی شاعری کی خصوصیات میں علاوہ سادگی کے تسلسل، لطافت زبان، اظہار عشق، وسعت نگاہ اور حسن پرستی داخل ہیں۔ عشق و محبت میں اس کی غزلیں میرؔ اور دردؔ، آزاد خیالی میں غالبؔ اور حافظؔ اور جمالیاتی رنگ میں نظیرؔ کی غزلوں سے ملتی جلتی ہیں۔

دکھنی مرثیے ایڈنبرا میں

کتب خانہ ایڈنبرا یونیورسٹی کے شعبہ مشرقی کے کتلاگ میں "مراثی ہاشم علی" کے عنوان کے تحت ان کی دو جلدوں کا ذکر کیا گیا ہے لیکن دراصل ان میں سے ایک تو ہاشم علی کے تقریباً ڈھائی سو مرثیوں کا مجموعہ ہے، جس کو مصنف نے "دیوان حسینی" کے نام سے موسوم کیا ہے، اور جس کے متعلق چند معلومات اس مضمون میں پیش کی جائیں گی۔ اور دوسری جلد ایک "بیاض" ہے جس میں قریب اسی (۸۰) شاعروں کے تین سو مرثیے ہیں۔ افسوس ہے کہ یہ بیاض ابتدائی اور آخری صفحوں کے لحاظ سے نامکمل ہے۔ یہ نہیں معلوم ہو سکتا کہ حقیقت میں اس کا کیا حجم تھا۔ اور اس وقت اس میں اول اور آخر سے کتنے کتنے صفحے غائب ہیں۔

دکھنی مرثیوں کی ابتدا کے متعلق فی الحال کوئی تحقیقی بات نہیں کہی جا سکتی۔ لیکن اس میں کوئی شبہ نہیں کہ وہاں بہت قدیم زمانے ہی سے مرثیہ گوئی کا آغاز ہو چکا ہوگا، کیونکہ بیجاپور اور گولکنڈہ دونوں حکومتیں تقریباً شروع ہی سے شیعہ مذہب کی پیرو تھیں۔

ہمارے زیر نظر مخطوطوں کو اُردو مرثیہ گوئی کے آغاز سے کوئی تعلق نہیں یہ اس زمانے کے مرثیے ہیں جب دکھنی مرثیہ گوئی کمال کو پہنچ چکی تھی۔ وہ ثابت کرتے ہیں کہ دکھن کی شیعہ سلطنتوں کے زوال کے ساتھ ہی اس کو بھی زوال نہیں شروع ہوا بلکہ اس کا سلسلہ باقی تھا۔ یہاں تک کہ بعد میں شمالی شاعروں نے اس کو اپنے ہاتھ میں لیکر اس میں اور بھی ترقی دی، اور آخر کار انیسؔ اور دبیرؔ جیسے استادوں نے تو اس کو اوج کمال پر پہنچا دیا۔

یہ کچھ کم تعجب کی بات نہیں کہ دکھن میں، اس گئے گذرے زمانے میں بھی، مرثیہ گوئی برابر جاری رہی اور اس طرح ہاشمی، اور مرزا، اور انیسؔ اور دبیرؔ کے درمیانی زمانے میں مرثیوں کی زمین بالکل بنجر نہیں پڑی رہی

زیرِ نظر مرثیوں کے مطالعہ کے بعد یہ خیال دور ہو جاتا ہے کہ اردو مرثیہ گوئی دکن میں شروع ہو کر بالکل ختم بھی ہو گئی اور یہ کہ شمالی شاعروں کو از سر نو مرثیہ گوئی کا آغاز کرنا پڑا۔

دکنی مرثیوں کی سب سے نمایاں خصوصیت ان کا مرثیہ پن ہے اور اس حیثیت سے وہ شمال کے مرثیوں سے متفرق ہیں۔ وہ مرثیہ گوئی کے اصلی مقصد کو مدِ نظر رکھ کر لکھے گئے ہیں۔ ان کا مقصد رونے رلانے کے سوا کچھ نہیں شمال میں بھی ابتدا میں یہی رجحان تھا، لیکن انیسؔ اور دبیرؔ نے اس کے رخ کو بالکل بدل دیا اور اُن کے یہاں مرثیے اُردو شاعری کے اہم ترجزو بن گئے۔ اس میں بہت کم شبہ کی گنجایش ہے کہ دکن میں بھی اس طرح کا رجحان شروع ہو چکا تھا کہ مرثیہ نگاروں میں رونے رُلانے کے علاوہ شعریت کا بھی لحاظ رکھا جائے، جیسا کہ روحیؔ، رضیؔ، قادرؔ، ندیمؔ، اور نظرؔ وغیرہ کے مرثیوں سے ظاہر ہوتا ہے لیکن یہ بات عام طور پر مقبول نہیں ہوئی تھی۔ ایک دفعہ عزلتؔ نے اپنے مرثیے کے آخر میں اشارہ کیا تھا کہ:۔

خام مضمون مرثیہ کہنے سوں چپ رہنا بھلا
پختہ درد آمیز عزلت نت توں احوالات بول

مگر اس کے ایک بڑے ہمعصر رضاؔ نے مرثیے کے اصطلاحی معنوں اور مقصد کو دلیل بنا کر اس طرح اس کا جواب پڑھا کہ:۔

اے عزیزاں گرچہ عزلتؔ مرثیہ میں یوں کہیا
خام مضمون مرثیے کہنے سوں چوپہ (کذا) رہنا بھلا
لیکن اس مظلوم بے سر کا بیاں کرنا روا
تا کہ سن کر یو بیاں ہو دیں محباں اشک بار

اگرچہ شمالی مرثیوں کی طرح دکنی مرثیے موضوع کے لحاظ سے زیادہ مضمون خیز نہیں ہیں تاہم ان میں بھی امام زادہ علی اصغر کی شہادت اور امام قاسم اور بی بی سکینہ کی شادی اور پھر ہمیشہ کی جدائی پر بہت کچھ توجہ صرف کی گئی ہے خصوصاً علی اصغر کی شہادت پر دکن کے قریب قریب ہر مرثیہ گو نے نئے نئے طریقہ سے ماتم کیا ہے۔

اس امر کا اظہار بھی شمال اور جنوب کے اردو مرثیوں کا تقابلی مطالعہ کرنے والوں کے لئے شاید غیر ضروری نہ ہو گا کہ دکنی مرثیے بالعموم مربع بندوں کی شکل میں لکھے گئے ہیں ہر مرثیے کے پہلے بند کے چار مصرعے ہم قافیہ

و ہم ردیف ہوتے ہیں۔ لیکن ہر بند کا چوتھا مصرعہ اسی ردیف اور قافیہ میں لکھا جاتا ہے جو ابتدائی بند کا ہوتا ہے۔ چند مرثیے مخمس کی شکل میں بھی ہیں اور سلام، درود، اور فاتحہ وغیرہ کے موضوع کے لئے عموماً غزل کی شکل استعمال کی گئی ہے۔

دکھنی مرثیوں کی ایک اور خصوصیت ان کی تاریخی معلومات ہیں اس بارے میں وہ شمالی مرثیوں سے زیادہ اہم ہیں۔ ان سے شاعروں کے نام ان کی زندگی، ان کے وطن، اور زمانے وغیرہ کے متعلق بھی معلومات ہوتے ہیں اور یہ باتیں اس لئے زیادہ اہم ہیں کہ ان مرثیہ نگاروں پر اس وقت کسی اور ذریعے سے کوئی روشنی نہیں پڑتی۔

ہاشم علی

اس ہاشم علی کو نصرتی کے ہم عصر ہاشمی سے کوئی تعلق نہیں۔ یہ بات یہاں ضرور ملحوظ رہے کہ ہاشم علی کبھی مرثیے میں خود کو ہاشم یا ہاشمی نہیں لکھتا اس کے دیوان (یعنے مجموعہ مراثی) کے مطالعہ کے وقت میں نے حتی الامکان کوشش کی کہ کہیں صرف لفظ ہاشمی کا استعمال دیکھوں مگر جہاں تک مجھے یاد پڑتا ہے میں نے کسی مرثیے کے آخر میں ہاشم علی کے سوا کوئی اور تخلص نہین پایا۔ یہی وجہ ہے کہ جب بیاض مراثی میں مجھے ایک ایسا مرثیہ ملا جس کے آخری شعر یہ ہیں۔

تھا اسے ہاشم مجھ کوں عظمت (عزم؟) ترک اشغال جد
بس کے ہے دل میں ہجوم درد حسین شہید
اشک کے طفلاں ہو دامن گیر ماتم کر مزید
لوح دل سیں یو سطر غم کی مٹانے نیں دیئے

تو میں نے اس کو ہاشم علی کے مرثیوں کی فہرست میں نہیں داخل کیا بلکہ جیسا کہ اس مضمون کے آخر میں فہرست ملاحظہ کرنے سے واضح ہوگا۔

ہاشم اور ہاشم علی دو علیحدہ علیحدہ نام لکھے ہیں۔ تاہم ہاشم پر استفہامیہ لگا دیا ہے۔ ممکن ہے کہ خرق عادت کے طور پر ہاشم علی نے ایک دفعہ ہاشم تخلص بھی استعمال کر دیا ہو!

ہاشم علی، عادل شاہی ہاشمی سے تقریباً ایک صدی بعد کا شاعر ہے۔ وہ ولی اورنگ آبادی کا ہم عصر تھا۔ اس کے موجودہ دیوان میں ایک دو تاریخیں ایسی ملتی ہیں جن سے اس کے زمانے کا صحیح تعین ہو سکتا ہے۔

۱۔ مرثیہ نمبر ۲۰ کے عنوان کے طور پر اس نے حسب ذیل عبارت لکھی ہے۔

" از جملہ تفضلات امام شہید کہ برین عاصی شدہ آنست کہ برادر ایمانی حافظ فضل الدین در عالم رویا بتاریخ بیستم ماہ مبارک رمضان سنہ ۱۱۴۸ھ یک ہزار (؟) و چہل ہشت مشاہدہ نمود کہ گویا پائے علاوہ دالاوہ۔ موجودہ) آنحضرت نشستہ و محبان جمع شدہ اند کہ یکایک از شکل ضریح سوز (؟) صدائے برآمد حاضران مجلس ہمگی بہ تعظیم آن برخاستہ، دست ہائے ادب بر سینہ نہادہ، بجہتہ استماع ندائے روح افزا عینی سراپا گوش گشتند، کہ بار دیگر آواز برآمد، و نام قایل بیان غم برزبان راندند کہ کجاست چوں این کمینہ را نیز درآن محفل حاضر دید کہ با نیز تمام سر را قدم ساختہ نزدیک ضریح مقدس آمدہ ایستاد بار سوم حکم عالی صادر شد کہ آن مرثیہ وا ویلا را بخوان۔ حسب فرمان وحی ترجمان شروع بخواندن نمود کہ از ان خواب بہ زبید رشدہ این پائے ملحیٰ آنست کہ در بارگاہ سلیمانی وصول شدہ۔"

اس سے جہاں مصنف کے مذہبی معتقدات پر روشنی پڑتی ہے، جس پر آیندہ نظر ڈالی جائے گی، یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ ہاشم علی سنہ ۱۱۴۸ھ میں خاصا مشہور مرثیہ گو ہو چکا تھا۔ اور اس کے مرثیے اس قدر پر اثر سمجھے جا چکے تھے کہ اُن کی داد دینے اور سننے کے لئے اس کے اعتقاد کے مطابق حضرت امام حسین بھی اس کے ایک دوست کے خواب میں تشریف لائے تھے۔

۲۔ ایک جگہ (یعنی مرثیہ نمبر ہ، اکے آخر میں) مرثیے کی تاریخ تصنیف یوں بیان کی ہے۔

جب منجم نے کیا اس دردنامہ کا حساب غین و قاف و سین و طا آیا رقم اندر کتاب
سُن کے یو تاریخ کوں سینے میں دل ہوتا کباب ختم کر ہاشم علی قاسم کی شادی کے بین

گویا یہ مرثیہ سنہ ۱۱۶۹ھ میں لکھا گیا ہے۔

ان دونوں شہادتوں سے یہی ثابت ہوتا ہے کہ ہاشم علی گیارہویں صدی ہجری کے آخر یا بارہویں کے اوائل میں پیدا ہوا ہوگا۔ اور یہ کہ بارہویں کے آخر میں انتقال کیا۔

ایک اور طرح سے بھی ہاشم علی کے زمانہ پر روشنی پڑتی ہے اور وہ یہ ہے کہ ہاشم علی نے اپنے مرثیوں میں دکن کے مشہور شاعر "قادر" کا دو دفعہ ذکر کیا ہے۔ اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ایک دفعہ تو قادر کی زندگی میں اس کی طرف اشارہ کیا اور دوسری دفعہ اس کی وفات کے بعد۔

قادر، دکن کے بہترین مرثیہ گویوں میں سے ہے۔ گجرات اس کا وطن نہیں تھا بلکہ دکن کا کوئی حصہ۔ ایڈیٹر

اس کے ،۱۱ اعلیٰ درجہ کے مرثیے موجود ہیں اس میں کل ۳۰۵ شعر ہیں اور بلحاظ مقدار خود ہاشم علی اور غلامی کے سوا یہاں سب سے زیادہ اسی کے مرثیے ہیں۔ اگرچہ خوبی کلام کے مدنظر فی الحال اس کا فیصلہ کرنا دشوار ہے کہ آیا غلامی بہتر ہے یا قادر؟

قادر، ہاشم علی کا ہم عصر تھا۔ اس کے مرثیوں میں سے ایک میں عجیب طرح سے تاریخ تصنیف کا ذکر آیا ہے۔ وہ لکھتا ہے۔

سن اگیارہ سو اوپر اونچاس سال　　سبز بانا قادر کا لہو میں لال
ختم کر یو مرثیہ پایا وصال‘!’　　ہائے کیا غم، غم پہ غم ہے مستقیم

اِس سے ظاہر ہوتا ہے کہ قادر ۱۱۴۹ھ میں زندہ تھا۔ اور چنانچہ جب ہاشم علی نے یہ شعر لکھا۔

ہاشم علی عجب نیں یو مرثیے کوں سُن کر　　تجھ پر خلیفہ قادر تحسین کرے دکھن میں

وہ بقید حیات تھا لیکن اس کے بعد ہی (اور بہت ممکن ہے کہ ۱۱۶۹ھ سے پہلے) اس کا انتقال ہوگیا۔ کیوں کہ ایک دوسرے مرثیے میں ہاشم علی کہتا ہے۔

ہزار حیف نیں شاعران دکھن　　سو، روحی، و مرزا، و قادر نہیں

ظاہر ہوتا ہے کہ یہ تینوں اس کے سامنے مرگئے تھے اور ان کی وفات پر ہاشم علی کو افسوس بھی ہوا تھا۔

اِس تمام تفصیل سے یہ ثابت کرنا بھی مقصود تھا کہ ۱۱۴۲ھ اور ۱۱۶۹ھ سے متعلق اس کی ذاتی شہادتوں کے علاوہ ۱۱۴۹ھ کی بھی اس کے زمانہ کے متعلق ایک بالواسطہ شہادت موجود ہے۔

اِسی سلسلے میں ان شاعروں کی نسبت بھی کچھ لکھنا دلچسپی سے خالی نہیں جن کا ہاشم علی نے ذکر کیا ہے اور جس سے اس کا ماحول بھی معلوم ہوتا ہے۔

قادر کے ساتھ ایک ہی مصرعہ میں ’روحی‘ اور ’مرزا‘ کا تذکرہ کرنا ضرور قابل توجہ ہے، بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہاں مرزا سے دکن کے ان دو شاعروں سے کوئی ایک مراد ہے جن میں سے ایک کا تعلق بیجاپور سے تھا اور دوسرے کا گولکنڈے سے بیجاپور کے مرزا کو انتقال کئے ہوئے اِس وقت تک غالباً بہت زمانہ گذر گیا ہوگا کیونکہ موجودہ معلومات کی بنا پر اس کا انتقال علی عادل شاہ ثانی ہی کے زمانہ میں یعنے ۱۰۸۳ھ سے پہلے ہو چکا تھا۔ اور یہ ظاہر ہے کہ ہاشم علی جس مرزا کا ذکر کر رہے ہیں وہ یقیناً وہ مرزا ہے جو یا تو اس کا ہم عصر تھا یا جس نے اس کے قریبی زمانے میں انتقال کیا تھا۔

گولکنڈے کا مرزا ممکن ہے ہاشم علی کے زمانے تک زندہ ہو۔ کیونکہ سنہ ۱۰۸۱ھ کے بعد اس کا بقید حیات ہونا مسلّم ہے۔ بہت ممکن ہے کہ وہ پچیس تیس سال اور بھی زندہ رہا ہو۔ لیکن یہاں جو بات غور طلب ہے وہ یہ ہے کہ گولکنڈے کے مرزا سے عام طور پر مرثیے نہیں منسوب کئے جاتے۔ سمجھا یہ جاتا ہے کہ صرف بیجاپور کا مرزا مرثیہ گو بھی تھا۔

یہ بحث اس لئے بھی زیادہ قابل توجہ ہے کہ اسی پر ان پندرہ مرثیوں کی قسمت کا فیصلہ منحصر ہے جو یہاں "بیاض" میں مرزا کے نام سے موجود ہیں اور جن میں تقریباً ۲۱۵ شعر ہیں۔ اگر یہ مان لیا جائے کہ ان مرثیوں کا مصنف گولکنڈے ہی کا مرزا ہے تو یہ بھی ماننا پڑتا ہے کہ وہ سنہ ۱۱۵۰ھ تک زندہ بھی تھا۔ کیونکہ مرزا کے جو مرثیے یہاں موجود ہیں اُن میں ایک جگہ قادر کا اس طرح ذکر کیا گیا ہے کہ گویا وہ اس وقت مرچکا تھا۔ مرزا لکھتا ہے:۔

یہ مرثیہ بوتراب سیتے قبول پاوے تو کچھ عجب نیں   کہ روح قادر کی زار رووے جو مرزا دکھن میں غم تھیں

یاد رہے کہ مرزا جیسا کہ اُس کے ایک تذکرہ شعر سے ظاہر ہوتا ہے سنہ ۱۱۴۹ھ تک زندہ تھا۔

اس میں بہت کم شک کی گنجائش ہے کہ 'مرزا'، 'قادر' کی طرح دکن ہی کے شاعر تھے۔ وہ ایک جگہ کہتے ہیں۔

در ملک ہند، پورب پچھم ہے سوگ میں   سب سے ادہک عزا ہے یہ دکھن جین کا

اس کے علاوہ یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ مرزا کے مرثیے اس مجموعے کے بہترین مرثیوں میں سے ہیں۔ اُن کا مصنف یقیناً ایک اعلیٰ درجے کا اور پختہ شاعر ہوگا۔

پس یا تو یہ ماننا پڑے گا کہ ہاشم علی نے جس مرزا کا ذکر کیا ہے وہ گولکنڈے کا مرزا ہے جس نے مرثیے بھی لکھے اور جو سنہ ۱۱۵۰ھ تک زندہ بھی تھا۔ یا یہ کہ وہ دکن کا کوئی اور بڑا مرثیہ گو شاعر تھا، جو ولی، ہاشم علی، اور قادر کا ہم عصر تھا اور جس نے قادر کے بعد اور ہاشم علی سے پہلے انتقال کیا۔

اس بحث کو بند کرتے وقت میں اپنا یہ اندیشہ بھی ظاہر کر دینا چاہتا ہوں کہ کیا یہ ضروری ہے کہ یہ سب مرثیے ایک ہی مرزا کے ہوں؟ کیا یہ ممکن نہیں کہ بیاض جمع کرنے والے نے (جس طرح بعض قدیم شاعروں مثلاً ہاشمی اور شاہی کے مرثیوں کے نمونے دیئے ہیں، یا بعضوں مثلاً بسمل اور ہادی کے فارسی مرثیے بھی شامل کر لئے) قطب شاہی مرزا اور عادل شاہی مرزا دونوں کے مرثیے نقل کر لئے ہوں، اور پھر ہماری بدقسمتی سے اس کا خیال نہ رکھا ہو کہ ہر مرثیے پر اس کے خاص مصنف کی طرف اشارہ کیا جائے۔

اگر واقعی یہ مرثیے دو مختلف شاعروں کی پیداوار ہیں تو نہ معلوم آئندہ ایسا موقع بھی آسکے گا کہ کوئی خدا کا بندہ دو شاعروں کے مرثیے علیحدہ علیحدہ کر کے ہر حقدار کو اس کا صحیح حق پہنچائے۔

ہاشم علی کے متذکرہ شاعروں میں تیسرا نمبر روحی کا ہے۔ بیاض میں اُس کے زیادہ مرثیے موجود نہیں ہیں۔ تاہم جس قدر بھی ہیں اپنی خصوصیتوں کے لحاظ سے ممتاز ہیں۔ روحی کے مرثیوں میں شعریت اور تغزل کا جتنا رنگ غالب ہے کسی اور دکھنی مرثیہ گو کے یہاں نہیں۔ یہاں اُس کے کل پانچ مرثیے ہیں جن میں پچاس سے بھی کم شعر ہیں۔

روحی ایک اچھا شاعر ہوگا۔ اس کے مرثیے اس کی خوبیٔ کلام کا پتہ دیتے ہیں۔ ان سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ وہ صرف مرثیہ گو نہیں تھا، غزل گوئی میں خاصی مشق کی ہوگی۔ ایک مرثیے سے چند شعر یہاں نقل کئے جاتے ہیں تاکہ اس کا اندازہ ہو کہ روحی جیسا کامیاب شاعر بھی عزلت کا ہم خیال تھا۔

آج غم ناک ہیں چمن کے گل   بلکہ دل چاک ہیں سمن کے گل
غم زدہ سینہ داغ حیران ہیں   نرگس، لالہ، یاسمن کے گل
یوں نہ لالے شفق کے دستے ہیں   لہو میں ڈوبے ہیں سب گگن کے گل
جب سنے شہ کی بات مجلس میں   جل بجھے شمع انجمن کے گل
نقش پا دیکھ دل ہوس رکھتا   سر پہ رکھنے کوں تجھ چرن کے گل
خوش لگے تجھ طبع سیں اے روحی   دل کے باغاں منے سخن کے گل

نہ معلوم اس طرح کے مرثیوں کو دیکھنے کے بعد 'رضا' کا کیا حال ہوا ہو۔

روحی کی زندگی کی نسبت فی الحال کوئی معلومات نہیں۔ 'قائم' نے اپنے تذکرے میں البتہ ایک روحی کا ذکر کیا ہے جو حیدرآباد کا پیرزادہ تھا۔ مگر نہ معلوم وہ بزرگ یہی روحی ہیں یا کوئی اور؟ یہ ظاہر ہے کہ اس روحی کا ہاشم علی کی زندگی میں انتقال ہو چکا تھا۔

ہاشم علی کے دیوان میں ایک اور شاعر کا بھی ذکر آتا ہے۔ وہ اپنے مرثیے نمبر ۱۰ کے عنوان میں لکھتے ہیں:-

"تضمین غزل خواجہ حافظ شیرازی کہ حافظ رضی نامی شاعر نیز کردہ بود"

اس سے یہ پتہ چلتا ہے کہ حافظ رضی جس کے نو مرثیے بیاض میں موجود ہیں، اور جو اچھے مرثیہ گویوں میں سے ہے، ہاشم علی کے زمانے سے پہلے گذرا تھا یا اُس کے زمانے میں تھا۔ رضی غالباً گجرات کا شاعر تھا۔ خود اس نے حافظ کی مشہور غزل "دل می رود ز دستم صاحبدلاں خدا را" کی تضمین ایک اور شاعر 'بے خبر' کی تقلید میں کی ہوگی۔ "بیاض" میں 'بے خبر' کی تضمین کے بعد ہی حافظ 'رضی' کی تضمین نقل کی گئی ہے۔ لیکن 'حافظ'

"رضی" کا یہ مرثیہ "بے خبر" اور ہاشم علی دونو کے مرثیوں سے بہتر ہے"۔

ہاشم علی کے زمانے اور اس کے قریبی شاعروں پر چند نوٹ لکھنے کے بعد مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس کے وطن کی نسبت اس کے کلام سے جو روشنی پڑتی ہے اس کو بھی ظاہر کر دیا جائے۔

کیٹلاگ کے مرتب نے اسے برہان پوری لکھا ہے، اگرچہ اس کے مرثیوں سے اس کا کوئی پتہ نہیں چلتا۔ اس سے صرف اس قدر علم ہوتا ہے کہ وہ گجرات کا شاعر تھا، اور غالباً اس شہر میں رہتا تھا جس کو وہاں کے باشندے شاید "نگر" کہتے ہوں۔ کیونکہ اپنے مرثیوں میں اس نے دو دفعہ نگر کا اس طرح ذکر کیا ہے۔

(۱) شہ کے غم میں آج اے ہاشم علی　　زینہار ہرگز نہ کر توں بے دلی
سن نگر میں شور محشر ہر گلی　　ہے شب قتل شہیداں آج رات

(مرثیہ نمبر ۴۳ کے آخری شعر)

(۲) یو نگر میں شورش کے بن ہے　　اس الم کا نالہ گھر گھر آج ہے

(مرثیہ نمبر ۴۵ کا آخری شعر)

یہاں لفظ "نگر" برہان پور کے لئے ممکن ہے بالکل اسی طرح استعمال کیا گیا ہو جس طرح شہر حیدرآباد دکن کو وہاں کے لوگ اختصار کے لئے بالعموم "بلدہ" یا "شہر" کے لفظوں سے یاد کرتے ہیں۔

رہا اس کا ثبوت کہ یہ نگر گجرات کا کوئی شہر ہوگا، یوں ملتا ہے کہ ہاشم علی نے چند مرثیوں میں دکن کو اس طرح یاد کیا ہے کہ گویا وہ وہاں نہیں رہتے۔ اس کے برخلاف گجرات میں رہنا حسب ذیل شعروں سے ثابت ہوتا ہے۔

ہاشم علی لکھا توں بیکس دولہن کی باتاں　　اس غم سے ہے جگر خوں، اور چشم اشک ریزاں
گجرات میں پڑے جب یہ مرثیے کو یاراں　　سنکر چلے ہیں روتے دکھنی دکھن کوں اپنے

(مرثیہ نمبر ۲۲۷)

معلوم یہ ہوتا ہے کہ اُس زمانے میں دکھنی گجرات کو اکثر جایا کرتے اور وہاں کے شاعروں سے مستفید ہوتے تھے یہ بات صرف ولی اورنگ آبادی ہی تک محدود نہیں تھی۔ ہاشم علی کے علاوہ ایک اور مشہور شاعر رضا نے بھی دکھیوں کا اس بارے میں ذکر کیا ہے وہ اپنے ایک مشہور مرثیے کے آخر میں لکھتا ہے۔

نہیں ہے طاقت تا کروں غم کا سوں سارا بیان　　تم کرو زاری شہاں کی آج اے پیرو جواں
آفریں مجھ کوں کہو اے شاعران و ذاکراں　　کرتا ہوں اب بس سخن کوں آج ہے قاسم کا بیا (بیاہ)

اے 'رضا' قاسم کے جلوہ کا بیاں کر توں تمام   تجہ کوں محشر میں شفیع ہو کر چھڑا دیں گے امام
مرثیہ تجہ کن لکھا کر لے گئے ہیں ہر کدام   لے گئے دکھنی دکھن کوں، آج ہے قاسم کا بھیا

کیا تعجب ہے کہ 'ولی' نے اپنے انہی گجراتی دوست شاعروں کی یاد میں وہ نظم لکھی ہو جو اُس کے جدید مطبوعہ کلیات میں موجود ہے اور جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ واقعی 'ولی' کے دل پر گجراتیوں نے اچھے نقوش تاثر چھوڑے تھے۔ ہاشم علی کی حسب ذیل شعر سے بھی یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ اُس کے شعر دکھن پہنچتے تھے۔

ہاشم علی نے آئے محبان نے یو خبر   دکھن سے ہو کے تیرے سخن کربلا چلے

اور نہ صرف یہی، دکن کے شاعروں سے ہاشم علی کو داد تحسین حاصل کرنے کی بھی توقع رہتی تھی۔ وہ کہتا ہے۔

ہاشم علی عجب نیں یہ مرثیے کوں سُنکر   تجہ پر خلیفہ قادر تحسین کرے دکھن میں

اِس کے ساتھ ہی یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ گجرات اور دکھن کے شاعروں میں تعلقات بھی قایم تھے اور ایک جگہ کی خبریں دوسری جگہ پہنچ جایا کرتی تھیں۔ چنانچہ ہاشم علی نے اپنے مرحوم دکھنی دوستوں کو جس طرح یاد کیا ہے اس کا ذکر پہلے آچکا ہے، وہ کہتا ہے۔

عجب نیں ہے ہاشم علی بے سخن   یہ غم کا بیاں سُن کے لرزے گگن
ہزار حیف نیں شاعران دکھن   سوروحی، مرزا او قادر نہیں (مرثیہ ۱۶۵)

ہاشم علی صرف مرثیہ گو شاعر تھا، اور غالباً پیشہ ور۔ اُس نے سوائے مرثیوں کے کسی اور صنف شاعری میں قلم نہیں اُٹھایا۔ اور جس طرح دوسرے شاعر اپنی مختلف نظموں کو ایک جا کر کے انہیں ایک دیوان کی شکل میں حروف تہجی کے لحاظ سے ردیف وار مرتب کرتے ہیں ہاشم علی کو بھی اس کا شوق ہوتا ہے۔ چنانچہ وہ اپنے قسم قسم کے مرثیوں کو ردیف وار جمع کر کے ایک جلد میں نقل کرتا ہے، اور اس مجموعے کا نام "دیوان حسینی" رکھتا ہے کیوں کہ وہ امام حسین اور اُن کے ساتھیوں کے غم و الم پر مبنی ہے۔

"وسمی شدن این اوراق به دیوان حسینی"

کے تحت اُس نے جو ۹ شعر لکھے ہیں اُن کے آخری شعر یہ ہیں۔

شاعران نے شعر بولے گرچہ رنگیں دلکشا   اے عزیزاں یو سخن ہے اس دل بریان کا

توں لکھا ہے کربلا کا یو بیاں ہاشم علی   ہے یو دیوان حسینی نام اِس دیوان کا (مرثیہ نمبر۱)

اِس کے علاوہ اپنے صرف مرثیہ گو ہونے کی نسبت اُس نے صاف صاف کئی جگہ اعلان کر دیا ہے۔ چنانچہ بعض شعر ملاحظہ ہوں۔

(۱) ہاشم علی ہمیشہ ثنا خوانِ شاہ کا   جز مدح و منقبت سخن اُس نے لکھا نہیں (مرثیہ نمبر ۱۳۹)
(۲) بجز مدح نیں شعر ہاشم علی   کہو راستی کے سخن پر سلام (مرثیہ نمبر ۱۱۴)
(۳) شاعری میں یو مقرر ہے تجھے ہاشم علی   جز ثنا و مرثیہ شعر دگر کہنا غلط (مرثیہ نمبر ۸۴)

اور نہ صرف یہی، اسے اپنے خالی مرثیہ گو ہونے پر فخر بھی تھا۔ اُس کا خیال تھا چونکہ وہ مرثیوں کے سوا کسی اور صنف شاعری سے اپنے قلم کو گندہ نہیں کرتا۔ اس لئے شعر بھی اچھے نکلتے ہیں۔ وہ کہتا ہے۔

(۱) ہے سخن کوں مدح آلِ مصطفےٰ میں برتری   یو سبب دُرریز ہے ہاشم علی کی شاعری
قدرِ جوہر کوئی نجانے گا سوائے جوہری   اے صبا بے بہا گوہر اوپر صلوات بول (مرثیہ نمبر۹۱)
(۲) بول توں لطیف [illegible] صفت ہاشم علی   جیسے ہم [illegible] مدح اولادِ علی
(۳) جب تلک شہ دیکھے گلستانِ جہاں   ہاشم علی کے شعر جو مدح امام ہے (مرثیہ نمبر۱۲۱)
برائے ثنا و اوس کی فصاحت کوں ہے درود (مرثیہ نمبر۳۰)

لیکن اگر کبھی اسے اندیشہ ہوتا ہے کہ کہیں میرے شعروں میں کوئی نقص تو نہیں تو وہ یہ کہکر اس کی مدافعت کرنا چاہتا ہے کہ میرا مقصد شعر و شاعری تو ہے نہیں، میں صرف مرثیہ گو ہوں، بھلا مجھے نکتہ چینیوں کی کیا پروا! چنانچہ لکھتا ہے۔

(۱) ہوس نیں شاعری یاراں مجھے ہر مدعا زاری   سخن میں گر خطا دیکھو کرم سیتی گنا و مت (مرثیہ نمبر۱۴۶)
(۲) شعر ہاشم علی کے تئیں یاراں   مدح مولا سنے دیکھو خالص (مرثیہ نمبر۱۵۰)

یہاں یہ نہیں سمجھنا چاہیئے کہ ہاشم علی نے اپنے مرثیہ گو ہونے پر فخر اور نکتہ چینیوں سے بے پروائی کا ذکر صرف اِس لئے کیا کہ وہ اس ذریعے سے اپنے عیب چھپانا چاہتا تھا۔ واقعہ یہ ہے کہ اس کا اعتقاد ہی اس طرح کا تھا۔ وہ ایک ادنیٰ درجے کا پیشہ ور مرثیہ گو نہیں تھا وہ جو کچھ لکھتا تھا اس کی اہمیت اور حقیقت پہ اسے اعتماد تھا۔ وہ اُس کو اپنے مذہبی فرائض کا ایک جز سمجھتا تھا اور اس سے اُسے صرف دنیاوی منافع ہی کی امید نہیں تھی اسے یقین تھا کہ اس کے مرثیہ اسے آلِ نبی کی نظروں میں عزیز کر دیں گے اور اُن کے ذریعہ

وہ اپنی دینی زندگی میں سرخرو رہے گا۔

یہ صرف نری توقعات ہی نہ تھیں۔ اسے ان کوششوں کے پھل بھی ملنے لگے تھے۔ اُسے یقین ہوتا جا رہا تھا کہ شہدائے کربلا علیہم السلام اس کے مرثیوں سے خوش ہیں اور یہ کہ اُن بزرگوں نے اپنی خوشنودی کا اظہار بھی کر دیا ہے اس کے برادر ایمانی حافظ فضل الدین نے سنہ ۱۱۳ھ میں جو خواب دیکھا تھا اس کو خود ہاشم علی ہی کے لفظوں میں ہم نے اوپر نقل کر دیا ہے۔ لیکن اس طرح کے خوابوں کا ذکر ہاشم علی نے ایک سے زیادہ موقعوں پر کیا ہے۔ چنانچہ دیوان میں ردیف "کاف" کو اس نے ایک سلام سے شروع کیا ہے جس کی سرخی یہ لکھی ہے۔

"سلام الا (کذا) جناب سید المرسلین و اشارہ باین کہ چوں سابق در عالم رویا جمال باکمال آنحضرت را دیدہ و آن خوابی است بسیار طولانی۔ درین سلام تمنائے بار دیگر نمودہ۔ و قسم حضرت شاہ کربلا دادہ، چنانچہ از فضل و کرم این آرزو برآمدہ، و بار دیگر باحسن وجہی مشاہدہ جناب اقدس نبوی نمودہ"

ایک اور سلام کی سرخی یہ ہے۔ اس میں ایک سے زیادہ خواب بیان کئے ہیں۔

"سلام الی جناب سید الشہدا، و دراں اشارہ است بسہ خواب۔

اول خواب است کہ جناب اقدس نبوی صلی اللہ علیہ و آلہ راچنانچہ در سلام ردیف الف اشارہ بآں باشد۔

دوم خوابی ست کہ جناب ولایت مآب علی مرتضیٰ، و حضرت علی بن موسیٰ الرضا علیہ التحیہ و اشارہ مشاہدہ نمودہ قدمبوس و مصافحہ بجا آوردہ حضرت امیر بدست مبارک فکر بادشاہ و بزبان می فرمودن کہ علی بن موسیٰ۔

و سوم خوابی است کہ محب یکرنگ آل نبی امجد حاجی احمد درویش حضرت سید الشہدا را دیدہ، و گریا این کمینہ نیز نزد حاضر بودہ و ارشاد و بعملی شدہ کہ بجا آوردہ شد"

(مرثیہ نمبر ۸۹)

(اس میں بعض جگہ عبارت غلط ہے۔ میں نے حتی الامکان بعینہ نقل کر دینے کی کوشش کی ہے)۔

ان خوابوں کے علاوہ خود مرثیوں میں کئی شعر ایسے ہیں جو ظاہر کرتے ہیں کہ ہاشم علی کس قدر خلوص اور اعتقاد کے ساتھ مرثیے لکھتا تھا جب ذیل شعر ظاہر کرتے ہیں کہ وہ خود متاثر رہتا ہے۔

کہاں تک میں لکھوں اس غم کی باتاں   کہ دل کے جوش سوں پرخوں ہیں انکھیاں (مرثیہ نمبر، ۲۳)
آج ہاشم علی لکھا غم سوں   بھر کے انجھو لوہو سیں سارے نین (مرثیہ نمبر ۱۵۲)

ہاشم علی کے سچے اعتقاد کا ثبوت اُن آرزوؤں سے بھی ملتا ہے جو اُس نے اپنے متعدد شعروں میں بیان کی ہیں مثلاً ایک جگہ وہ چاہتا ہے کہ کربلا جا کر خود مرقد امام علیہ السلام پر اپنے مرثیے سنائے اور اس کی اُس کو اس قدر تمنا تھی کہ وہ اپنے کلام کا کربلا جانا انتہائے عروج و قبولیت سمجھتا ہے۔ کہتا ہے۔

بولاؤ ہاشم علی کوں سرور نجاوے دل میں یہ آرزو لے   کہ سارے جیتے یو مرثیے ہیں پڑے تمارے وطن میں غم تہیں
جتنے   تے
(مرثیہ نمبر ۱۵۴)

ہاشم علی لے آئے محباں نے یو خبر   دکن سے ہو کے تیرے سخن کربلا چلے (مرثیہ ۲۲۵)

اُس کی بعض دعاؤں اور خواہشوں کی نوعیت اور سنجیدگی ملاحظہ ہو۔

اے محباں التماس آمین کی   تم سوں رکھتا یہ گنہ گار روسیا
یا حسین اے خامس آل عبا   عرض ہیں گے پانچ مطلب اے شہا
اول ہے تو آرزو دل میں مدام   لطف سوں اپنے زیارت کوں بلا
دوسرا جب تئیں حیات مستعار   رکھ مجھے بے منت خلق خدا
تیسرا ہونا قبول ور گہت   یو سخن لکھنا مرا تیری ثنا
چار میں یہ حاضران و ذاکراں   تم سوں پاویں اپنے دل کی مدعا
ہے تجے منصب شفاعت کا نصیب   پانچواں مج کوں قیامت میں چھوڑا
وغیرہ (مرثیہ نمبر ۱۹)

اس کو امید تھی کہ قیامت کے دن امام حسین اس کی شفاعت کر کے اسے جنت دلائیں گے۔

حشر کے دیوان سیں جب نور چشم مصطفےٰ   روضۂ رضواں کوں بھیجیں گے محباں کوں چھوڑا
یاد کر ہاشم علی تجہ کوں کہیں روز جزا   وہ ہمارا کمتریں مداح شاعر کاں گیا (مرثیہ ۳۱)

ایک اور شعر ملاحظہ ہو۔

ہاشم علی کوں سرور گر لطف سے نوازیں   نیں ہے عجب عزیزاں، ہے خاندان کرم کا (مرثیہ ۷)

ہاشم علی کے پیشہ ور مرثیہ گو ہونے کی بحث کے متعلق چند اور معلومات بھی حاصل ہوتی ہیں۔ ایک تو یہ کہ

اس کے چند شعروں سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ہر سال باضابطہ طور پر مرثیے لکھا کرتا تھا چنانچہ کہتا ہے۔

تجھ کوں ہاشم علی حسین سرور   ہر برس مرثیہ لکھاتے ہیں (مرثیہ ۱۴۹)
لکھوں کہاں تلک میں بیان تم   مجھے ہر برس دے کے تیر قلم
لگا تار ہا ہے کمان دار غم   جگر پر مرے تیر آخر نہیں (مرثیہ ۱۶۵)

آخری مصرعہ ظاہر کرتا ہے کہ وہ مدت سے مرثیے لکھتا آیا ہے اور یہ کہ جب تک زندہ رہے گا اسے ہر سال غم کرتے رہنا پڑیگا۔ ایک اور جگہ بھی اس کی طرف اشارہ کیا ہے۔

شاعراں نے ہر کدا ایں نوبت اِس غم کی بھرے   ہے تجھے ہاشم علی اِس درد کی باری ہنوز

اِس سے یہ مطلب بھی نکالا جا سکتا ہے کہ ہم عصر مرثیہ گو مرثیے لکھتے لکھتے مرگئے لیکن ہاشم علی کی باری ابھی ختم نہیں ہوئی۔

پیشہ ور مرثیہ گوئی سے متعلقہ دوسری قسم کی معلومات بعض مرثیوں کے درمیانی اشاروں سے ہوتی ہیں۔ ان سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ ہاشم علی نے صرف منبر پر بیٹھ کر پڑھنے ہی کے لئے مرثیے نہیں لکھے بلکہ اسے ماہ محرم کے عام رسم و رواج کا بھی لحاظ رکھنا پڑا۔ زیارت اور چالیسویں کے نیز الوداعی مرثیوں کے علاوہ (جو علموں اور تعزیوں کو ٹھنڈا کر کے واپس ہوتے وقت پڑھے جاتے ہیں) تابوت لے جاتے وقت راستہ سے پڑھتے ہوئے جانے کے لئے بھی اس نے علیحدہ مرثیے لکھے۔ چنانچہ مرثیہ نمبر ۱۵۵ اور ۱۷۹، دونوں میں پچاس پچاس شعر لکھنے کے بعد یہ اشارہ کرتا ہے کہ:۔

"ازیں جا روبروے تابوت ایستادہ شدہ بخوانند و آہستہ روانہ شوند"

زیارت اور چالیسویں کے مرثیوں کی ابتدا میں حسب ذیل نوٹ لکھے ہیں:۔

۱۔ "در بیان روز سیوم کہ در اصطلاح روز پھول و روز زیارت گویند و این مرثیہ مخصوص آں روز است"

۲۔ مرثیہ چہلم کہ باصطلاح اہل ہند چالیسواں گویند و مناسب است کہ دراں روز یا شب خواندہ شود"

ہاشم علی کے مجموعہ مراثی، یعنے دیوان حسینی میں کل ۲۳۰ مرثیے ہیں یہ اس کا مکمل دیوان نہیں ہے کیونکہ کتاب میں اکثر جگہ (خصوصاً ہر ردیف کے آخر میں) بہت سے صفحے خالی چھوڑ دے گئے ہیں جن سے

معلوم ہوتا ہے کہ مصنف اور مرثیے نقل کرنا چاہتا تھا بدقسمتی سے کتابت کی کوئی تاریخ نہیں ملتی۔ بہ ظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس کی زندگی ہی میں یہ بیاض لکھی گئی ہوگی۔

ہاشم علی ایک اچھا مرثیہ گو تھا۔ اگرچہ مرزا، غلامی اور قادر کے بعض مرثیوں کے مقابلے کا، دیوان حسینی میں کوئی مرثیہ موجود نہیں ہے، تاہم ہاشم علی کی استادی اور اعلیٰ درجے کے شاعر ہونے میں شبہ نہیں کیا جا سکتا۔ اور بقول ان کے۔

شعر ہاشم علی ہوئے مشہور　　　نیں ہے دیوان کی کتاب ہنوز　(مرثیہ ۶۲)

کوئی تعجب نہیں اگر وہ دیوان حسینی کے جمع ہونے سے پہلے ہی خاصہ مشہور ہو چکا ہو

اُس کی زندگی کی تفصیلات پردۂ خفا میں ہے۔ اور ان مرثیوں سے کوئی روشنی نہیں پڑتی۔ ایک دو جگہ ایسے شعر ضرور مل جاتے ہیں جن میں مصنف کے خیالات کی کچھ جھلک یقیناً نظر آتی ہے لیکن وہ کوئی زیادہ اہم نہیں۔ ذیل کے چند شعر ثابت کرتے ہیں کہ ہاشم علی کی زندگی عام انسانوں کی زندگی کی طرح صدموں سے آزاد نہیں تھی۔ ایک غیر معمولی بات ہوتی اگر رستے ٹھوکریں نہ لگتیں اور دنیا کی سرد مہریوں اور نیرنگیوں کی شکایت کرنے کا موقعہ نہ ملتا

۱۔ ہاشم علی زمانے میں مہر و وفا نہیں　　　دنیائے پر نفاق میں صدق و صفا نہیں
ہرگز نہیں مروت و شرم و حیا نہیں　　　اس درد کے دوا کوں بغیر از خدا نہیں
فریاد یا محمدؐ یا مرتضیٰ علی　　　(مرثیہ ۴۴)
۲۔ زندگی دنیا کی ہے ہاشم علی خواب خیال　　　جو رہا سویا وہ چوکا، جاگنا ہے کا کمال
بے حد کی نیند بھاری آج توں اس کوں سنبھال　　　تا جگاویں صبح محشر تج کو آساں نیند سوں
(مرثیہ ۶۵ بیاض)

امامی

سوائے اندرونی شہادت کے اِس مرثیہ گو کے متعلق مزید معلومات حاصل نہیں، اس کے تخلص سے اس کے مذہبی ہونے کا پتہ چلتا ہے، ہر مرثیہ کے انتتام پر اس نے اپنا یہ اعتقاد پیش کیا ہے کہ امام حسین اور آپ کے خاندان کا مداح اور پیرو ہونے کے باعث اس کے سب گناہ دُہل جائینگے۔

امامی معمولی مرثیہ گو نہیں تھا۔ اس کا اسلوب بیان دلچسپ اور دلکش ہے، وہ اکثر گفتگو کے طور پر لکھتا اور اپنے مرثیوں میں ڈرامائی اثر پیدا کرتا ہے، بحریں بہت دلچسپ استعمال کی ہیں۔ جن کی وجہ سے پڑھنے والا شوق سے پڑھتا ہے۔

اِس وقت اس کے صرف ۵ مرثیے دستیاب ہوتے ہیں ان میں ، اشعار ہیں اور مثلث کے ۵۳ مصرعے ہیں اکثروں میں کربلا کے واقعات بیان کئے گئے ہیں پہلا مرثیہ جس میں حضرت امام حسین کا ذکر ہے اسلوب بیان کے لحاظ سے بہت بہتر ہے۔ چوتھا ماہ محرم کے شروع ہونے کے غم میں ہے اور اچھا تمہیدی مرثیہ ہے۔

رضا

رضا، گجرات کے پایہ کے مرثیہ نویسوں میں سے ہے، اگرچہ اس نے صاف طور پر اپنے گجراتی ہونے کا اظہار نہیں کیا ہے لیکن ایک دو جگہ، جیسا کہ آگے چل کر معلوم ہوگا، یہ بتلایا ہے کہ وہ دکھنی بھی نہیں تھا مزید برآں گجرات کا شاعر رضا جس کا ذکر ہاشم علی نے کیا ہے اور جس کے ۹ مرثیے اڈنبرا میں محفوظ ہیں اس کو اپنا ہمعصر بتلاتا ہے۔

رضا اپنے زمانہ کا بہترین شاعر تھا، اسے بہت سے شاعروں سے مقابلہ کرنا پڑتا تھا، اکثر مقامات کے متعدد مرثیہ نویسوں کا وہ استاد بھی تھا، اس کی شہرت کا اندازہ اس بیان سے ظاہر ہوتا ہے جو ایک مرثیہ کے اختتام پر تحریر ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ لوگ مرثیہ لکھنے کے لئے خوشامد کرتے تھے اور اس کے مرثیے اپنے گھروں کو لیجاتے تھے بعض اہل ذوق اس کے مرثیے دکن میں بھی لے گئے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ دکھنی نہیں تھا۔

مرثیہ گوئی کے اصول کا سختی کے ساتھ پابند تھا، اس کے خیال میں مرثیہ کا مقصد صرف یہی تھا کہ امام حسینؓ کے خاندان کی مصیبت کو بیان کیا جائے۔

بیاض میں ۱۵ مرثیے ہیں جن میں ۲۶۰ اشعار ہیں، اس پر اس کا نام بھی لکھا ہوا ہے ان میں سے اکثر شاعرانہ نقطۂ نظر سے اعلیٰ معیار رکھتے ہیں۔

پہلے مرثیہ میں حضرت حسین کی شہادت پر حضرتہ فاطمہ کے غم کا حال درج ہے اگرچہ مرثیہ کچھ ایسا زیادہ اہم نہیں ہے تاہم اس سے شاعر کی زندگی کے متعلق بہت سی باتوں کا پتہ چلتا ہے اس مرثیہ کی آخری سطروں میں اس نے زیارت کربلا کی خواہش ظاہر کی ہے اور کہتا ہے کہ مرثیہ گوئی کے مقدس کام نے اسے بہت مشہور اور کامیاب شاعر بنا دیا۔

چوتھے مرثیہ میں اس کے مرثیوں کی شہرت کا حال درج ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کا کلام لوگ دور دور مقامات پر لیجایا کرتے تھے، اس کی تمام نظموں میں یہ سب سے بہتر ہے، اس میں امام قاسم اور حضرت سکینہ کی شادی کا حال درج ہے اور اس زمانہ کے رسم ورواج کا حقیقی نقشہ کھینچا ہے چند معمولی اشعار کے علاوہ باقی پورا کلام شاعرانہ خوبیوں اور پُر ترنم انداز بیان سے مالا مال ہے۔

ساتویں مرثیے کے اختتام پر اس نے شاعرانہ مرثیے لکھنے کے متعلق عزلت کا جواب دیا ہے، امام حسین کی شہادت کے متعلق رضا کا یہ خاص مرثیہ ہے۔ حضرت امام حسین کا مرثیہ لکھنے میں اس کو بے حد کمال حاصل ہے اور یوں تو بحیثیت مجموعی ہر موضوع پر وہ خاص انداز میں قلم اٹھاتا ہے مثلاً اگر ایک مرثیہ امام حسین کی بیوی کی زبان سے کہلوایا جاتا ہے تو دوسرا آپ کی دختر کی زبانی اور آپ کی ہمشیر کی زبانی وغیرہ وغیرہ۔ ہر وقت نئے انداز میں متناقت جذبات کے تحت مرثیہ کہنے میں ایک گونہ دلچسپی پیدا ہو جاتی ہے۔

سید

ایک فارسی مرثیہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ شاید اس کا نام سید غلام محمد تھا، غالباً وہ گجرات کا باشندہ ہوگا کیونکہ ایک شعر میں اس نے انگریزوں کا ذکر کیا ہے جنھوں نے سب سے پہلے گجرات ہی کے ساحلی مقامات پر ڈیرے ڈالے تھے۔ اس شعر کے علاوہ شاعر نے اپنی مصنفات میں اپنے متعلق کسی قسم کی مفید معلومات تحریر نہیں کئے ہیں۔ البتہ ایک شعر سے اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ جب وقت وہ مرثیہ لکھ رہا تھا اس کے باپ کا انتقال ہو رہا تھا۔

سید یا تو طبیب تھا یا فن طب میں کچھ دخل رکھتا تھا، اور شاید نجوم سے بھی اسے دلبستگی تھی کیونکہ ایک مرثیہ میں اُس نے نجوم اور طب کی بیشمار اصطلاحات استعمال کی ہیں۔ بیاض میں اس کے دس مرثیے ہیں جن میں دو فارسی ہیں۔ بلاشبہ وہ ایک قابل آدمی اور اچھا شاعر تھا، اس کی زبان سادہ اور موثر ہے اسلوب بیان بلند باقی خصوصیات کے لحاظ سے بلند پایہ ہے۔

غلامی

اگرچہ کسی شاعر نے اس کا ذکر نہیں کیا ہے اور نہ اندرونی شہادت ہی سے اس کے متعلق کوئی مواد فراہم ہوتا ہے تاہم وہ بڑا شاعر معلوم ہوتا ہے اُس کی تاریخ پیدائش کا ہمیں علم نہیں اور نہ اس کے نام کا یقین ہے، البتہ دوسرے اور چھٹے مرثیے کی آخری سطور سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس کا نام یا تو غلام حیدر تھا یا غلام مرتضیٰ۔ پانچویں مرثیہ میں اسکے وطن کا پتہ چلتا ہے کیونکہ اس میں اُس نے گجرات چھوڑ کر کربلا جانے کی خواہش ظاہر کی ہے لیکن وہ کس خاص شہر میں پیدا ہوا اس کا علم نہیں ہے ساتویں مرثیے سے اس امر کا پتہ چلتا ہے کہ یہ جس مقام پر مرثیے لکھتا تھا وہاں اور بہت سے مرثیہ گو بھی رہا کرتے تھے جن کی وہ تعریف کرتا ہے اور دوستانہ تعلقات کی بنا پر ان کو اپنے پر فوقیت دیتا ہے اس کے بعض مخالفین بھی تھے چنانچہ آٹھویں مرثیے میں اس نے ان کی اچھی طرح خبر لی ہے۔

اڈنبرا کی بیاض میں جن شعراء کا ذکر ہے ان کی طرح یہ بھی صرف ایک مرثیہ گو تھا لیکن وہ ان سب میں مشہور تھا کیونکہ بیاض ن ۱ میں اس کے کافی مرثیے موجود ہیں اس کے سترا مرثیوں میں ۲۷۵ اشعار ہیں۔ ان معلومات کے علاوہ ساتویں مرثیے سے ایک اور بات معلوم ہوتی ہے جو اگرچہ اس وقت کارآمد نہیں ہے لیکن ممکن ہے کہ آئندہ اس سے کچھ فائدہ اٹھایا جا سکے

وجہ یہ ہے کہ اس خاص مرثیے کے لکھنے کے زمانہ میں اس کے والد کا انتقال ہوچکا تھا اور اس کی ماں بھی مرض میں مبتلا تھی شاعر اسکی صحت یابی کا متمنی تھا۔

اپنے ہمعصروں ہاشم علی اور رضا اور دیگر ساتھیوں کے مقابلہ میں حقیقت نگاری کے لحاظ سے وہ بہت اچھا شاعر تھا اس کے خیالات بہت اعلیٰ تھے، کربلا کے دلشکن واقعات کو اس نے اس انداز میں بیان کیا ہے کہ پڑھنے والا ان کو حقیقی تاریخی واقعات سمجھنے لگتا ہے، بعض دفعہ وہ ولی کی طرح ترقی یافتہ اور میٹھی زبان استعمال کرتا ہے۔ غالباً یہ پہلا شاعر ہے جس نے نظم میں صاف ستھری اور فطری مکالموں کا اضافہ کیا۔ اس کے دلفریب اسلوب بیان اور پرواز تخیل کی وجہ سے اسے قدیم دکھنی شعرا کی صف اول میں جگہ ملتی ہے۔

قادر

اس کے بعض اشعار (مرثیہ ۵، ۶) سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اس کا نام غلام قادر تھا لیکن قائم نے اپنے تذکرہ (ملاحظہ ہو مخزن نکات۔ انڈیا آفس لائبریری کا مخطوطہ صفحہ ۱۳) میں یہ تحریر کیا ہے کہ اس کا نام عبدالقادر تھا اور بڑھاپے میں اس نے زندگی گذاری۔ غلامی کی طرح وہ بھی بہت بڑا شاعر تھا لیکن اسکی عظمت ایک دوسری شاعرانہ خصوصیت پر مبنی ہے اسکے زمانہ اور وطن کا حال ہمیں اچھی طرح معلوم ہے، اس نے ساتویں مرثیے کا سن تصنیف درج کیا ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ سنہ [illegible] میں زندہ تھا، مزید برآں اس کے ہمعصروں نے بھی اپنی تصنیفات میں اس کا ذکر کیا ہے۔

ہاشم علی کے دیوان میں دو دفعہ اسکا نام آتا ہے، ایک دفعہ جب کہ وہ زندہ تھا اور دوسری دفعہ جب کہ وہ مرچکا تھا گولکنڈہ کے شاعر مرزا نے بھی اس کو مرحوم کی حیثیت سے پیش کیا ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ سنہ [illegible] سے قبل اسکا انتقال ہوچکا تھا۔ ہاشم علی کے شعر سے اس کے دکھنی ہونے کا ثبوت ملتا ہے کیونکہ وہ اس کو دکھن کا بڑا شاعر مانتا ہے۔ لیکن غلامی کی طرح قادر کے بھی وطن کا حال معلوم نہیں، شاید اس کا وطن حیدرآباد تھا۔

پندرہویں مرثیے سے قادر کی قابلیت کا ثبوت ملتا ہے، اس میں اُس نے اپنی علم نجوم اور علم ہندسہ کی قابلیت کا ثبوت دیا ہے، بہت سی علمی اصطلاحات استعمال کی گئی ہیں اور واقعات کو ایک نجومی کے زبان سے کہلوایا گیا ہے۔ اسمیں شک نہیں کہ وہ اپنے زمانہ کا ایک مشہور و مقبول مصنف تھا، اڈنبرا کی بیاض میں اسکے ۱۲ مرثیے موجود ہیں جن میں ۳۰۰ اشعار ہیں، تسلسل، تازگی، سادگی اور انسانی جذبات کی ترجمانی کے لحاظ سے وہ بہت اہم ہیں۔ موثر اور جذباتی اسلوب بیان اسکی خاص خصوصیت ہے باوجود حقیقی اور فنی مرثیے ہونے کے اُس کے کلام میں شاعرانہ خصوصیات کا فقدان نہیں ہے۔

نثر نگار

یورپ کے کتب خانوں میں قدیم اردو نثر کی بہت کم کتابیں محفوظ ہیں اس مجموعہ کے دور سے متعلق چند کتابیں ضرور ملتی ہیں لیکن وہ اس قدر ناقص اور غیر مکمل ہیں کہ ان کے سن تصنیف اور مصنفوں وغیرہ کا پتہ چلانا بہت مشکل ہے۔

چنانچہ شہ پاروں کے سلسلے میں دو تین ایسی کتابوں کے انتخاب ملیں گے جن کے مصنف کے نام معلوم نہیں۔

حیدرآباد آنے کے بعد بھی اس دور کی کئی اردو نثری کتابوں کے مطالعہ کا موقعہ ملا لیکن ان میں سے اکثر خشک مذہبی موضوع پر تھیں اور بہت سوں کے متعلق کسی قسم کی معلومات حاصل نہ ہو سکیں۔

حکیم شمس اللہ قادری نے دو مصنفوں کے حالات اپنی کتاب میں پیش کیے ہیں لیکن چونکہ راقم کی نظر سے دو کتابیں نہیں گذریں اس لیے انھیں کی معلومات کا خلاصہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے:۔

۱۔ شاہ محمدؒ

پورا نام سید شاہ محمد قادری ہے، یہ مصنف رائچور کے خاندان نور دریا کا بانی ہے وہ بیجاپور کے مشہور انشا پرداز اور صوفی شیخ امین الدین اعلیٰ کے مرید اور خلیفہ تھے۔ قادری نے دکھنی زبان میں بہت سے مذہبی خیالات لکھے ہیں جن کا موضوع بالعموم

صوفیانہ ہے۔ اردوے قدیم کے مصنف نے اس کی دو کتابیں دیکھی ہیں جن میں وحدۃ الوجود اور قضا و قدر کے مسایل سے بحث کی گئی ہے۔

۲۔ سید شاہ میر

اسی دور کا دوسرا نثر نگار سید شاہ میر ہے جس کا تعلق قصبہ راچوتی سے ہے۔ اس کی کتاب کا نام اسرار التوحید ہے جس میں مسایل توحید پر بحث کی گئی ہے۔ غالباً رسالہ تاج (حیدرآباد) کے مدیر کے خانگی مجموعہ میں یہ کتاب محفوظ ہے۔

اُردُو شہ پارے

فہرست بلحاظ مضامین

نمبر	نام مضمون	نام مصنف	صفحہ	نمبر	نام مضمون	نام مصنف	صفحہ
۱	آغاز محبت	دجہی	۱۸۹	۱۵	چیت کا مہینہ	افضل	۲۰۰
۲	مجلس عیش وطرب	،،	۱۹۰	۱۶	جیٹھ کی گرمی	،،	۲۰۲
۳	غزلیں	،،	۱۹۱	۱۷	شہزادوں کی ذہانت	خوشنود	۲۰۳
			،،	۱۸	دنیا کی بیوفائی	،،	۲۰۴
۴	مصنف کی سالگرہ	محمد قلی قطب شاہ	۱۹۳	۱۹	پہلی ملاقات	امین	۲۱۱
۵	باغ محمد شاہی	،،	۱۹۴	۲۰	شادی	دولت	۲۱۸
۶	ننھی سانولی	،،	۱۹۵	۲۱	بیوی کا انتخاب	قطبی	۲۱۶
۷	غزلیں	،،	،،	۲۲	صبر وشکر	،،	۲۱۷
۸	ساجن کی یاد	محمد قطب شاہ	۱۹۶	۲۳	پریوں اور دیووں کی لڑائی	صنعتی	۲۱۹
۹	خداداد محل	،،	۱۹۷	۲۴	باغ کا سماں	،،	۲۱۵
۱۰	ٹھنڈ کالا	،،	،،	۲۵	جہاز کا سفر	،،	،،
۱۱	غزل	،،	۱۹۸	۲۶	دواجنی	رستمی	۲۱۹
۱۲	شبخون	غواصی	،،	۲۷	ایک مشرقی سبب تصنیف	،،	۲۲۰
۱۳	ایک بدصورت شہزادی	،،	۱۹۹	۲۸	وفادار عورت	غواصی	۲۲۳
۱۴	عذر دوست	مقیمی	۲۰۰	۲۹	غزلیں	سلطان	۲۲۵

نمبر	نام مضمون	نام مصنف	صفحہ
۳۰	عشق غائبانہ	ابن نشاطی	۲۲۷
۳۱	احسان مندی	نصرتی	۲۲۸
۳۲	سکالی دہوپ	״	۲۳۳
۳۳	موسم سرما	״	۲۳۴
۳۴	بادشاہ کی فتح	״	۲۳۵
۳۵	دکھنیوں ومغلوں کا	״	۲۳۹
۳۶	ایک معرکہ		
۳۷	برسوں کا کام لمحوں میں	״	۲۴۴
۳۸	نماز ٹوٹنا	شاہ ملک	۲۴۵
۳۹	حب وطن	طبعی	
۴۰	سوال وجواب	״	۲۴۶
۴۱	غور وشورد	״	۲۴۷
۴۲	قابل دوستی	״	״
۴۳	عشرت محل	عبداللہ قطب شاہ	۲۴۸
۴۴	سوال وجواب	״	״
۴۵	انتخاب یار	״	۲۴۹
۴۶	سخن	امین	۲۴۹
۴۷	روح افزا اور پیام یار	فائز	۲۵۰
۴۸	بات چیت	״	۲۵۳
۴۹	ایک قدیم خط	لطیف	״
۵۰	شعری نیتجے	غلام علی	۲۵۴
۵۱	سلوک	جعفر	
۵۲	مدح اورنگ زیب	״	۲۵۷
۵۳	مرثیہ اورنگ زیب	״	۲۵۸
۵۴	ہجو خدا یار	״	״
۷۸	ریختی	ہاشمی	۲۵۹
۵۶	ایک جانور کا ایفائے عہد	ضعیفی	۲۶۱
۵۷	امام حسین کی تیاری جنگ	شاہ محمد	۲۶۳
۵۸	حکایت راجہ	وجدی	۲۶۵
۵۹	حکایت عاشق	״	۲۶۷
۶۰	ایک غلام کا فخر	اشرف	۲۶۸
۶۱	شہید کربلاے غم	״	۲۶۹
۶۲	حضرت شہید بانو کا بین	״	״
۶۳	فراق گجرات	ولی اورنگ آبادی	۲۷۰
۶۴	شہر سورت	״	۲۷۱
۶۵	عرس شاہ وجیہہ الدین	״	۲۰۳
۶۶	ایک مسافر کا عشق	״	۱۷۵
۶۷	عاشق کی اہم آرزو		۲۷۶
۶۸	غزلیں		۲۷۷
۶۹	امام حسین کی شہادت	ولی ویلوری	۲۷۸
۷۰	قیامت	شاہ محمد	
۷۱	نیکی وبدی	״	
۷۲	ایک محبت آمیز خط	عشرتی	
۷۳	ایک سیاسی راجہ	״	۲۸۲
۷۴	نہانے کی دعوت	״	۲۸۴
۷۵	میدان خیال	״	۲۸۵
۷۶	دعوت	״	۲۸۶
۷۷	موم کا بچہ	قیاسی	۲۹۰
۷۸	ایک دولہا دلہن	ہاشم علی	۱۹۳
۷۹	بچے کا غم	״	۲۹۴

نمبر	نام مضمون	نام مصنف	صفحہ
۸۰	اصغر کا ماتم	ہاشم علی	۲۹۵
۸۱	بی بی فاطمہ کا بین	”	۲۹۶
۸۲	غم کے بادل	”	”
۸۳	ابن عم کی جدائی	غلامی	۲۹۷
۸۴	شہر بانو کا الم	”	۲۹۹
۸۵	لڑکی کی ضد	”	”
۸۶	الوداع	مرزا	۳۰۲
۸۷	دنیائے غم	”	۳۰۳
۸۸	ایک مسافر قیدی	کاظم	۳۰۴
۸۹	خبر بوعلی ولی	”	۳۰۵
۹۰	مرثیہ	ذوقی	۳۰۶
۹۱	امام حسین اور شہر بانو	”	
۹۲	ظلم دشت کربلا	رضی	۳۰۷
۹۳	میرا دل	”	۳۰۸
۹۴	ماتم امام زادہ اصغر	ندیم	۳۰۹
۹۵	بی بی فاطمہ غم میں	”	۳۱۱
۹۶	اصغر کی ماں	شرف	۳۱۰
۹۷	نئی طرح کی شادی	سیدن	۳۱۲
۹۸	مرثیہ	امامی	۳۱۳

	نام مضمون	نام مصنف	صفحہ
۹۹	پژمردہ پھول	روحی	۳۱۴
۱۰۰	مرثیہ	نظر	۳۱۵
۱۰۱	غم شاہ عالی	قادر	۳۱۶

نثر

	نام مضمون	نام مصنف	صفحہ
۱۰۲	معرفت کے پردے	خواجہ بندہ نواز	۳۱۹
۱۰۳	ایمان	”	۳۲۰
۱۰۴	لوازم عشق	شاہ میراں جی	۳۲۱
۱۰۵	نبی اور ولی	وجہی	۳۲۲
۱۰۶	. . . . . .	”	۳۲۳
۱۰۷	طالب تحقیق	شاہ امین الدین اعلےٰ	۳۲۴
۱۰۸	مصنوعی عورت	طوطی نامہ	۳۲۵
۱۰۵	موسیقی	”	۳۲۷
۱۱۰	مرد اور عورت	”	۳۲۹
۱۱۱	نماز ٹوٹنا	ترجمہ شریعت نامہ	۳۳۱
۱۱۲	آدمی اور لباس	اخلاق ہندی	۳۳۳
۱۱۳	دو مصور	”	۳۳۵

تفصیلی فہرست بلحاظ مصنفین

۱۔ وجہی گولکنڈہ

۱	آغاز محبت	۴۵ شعر	قطب مشتری	مخطوطہ انڈیا آفس نمبر فارسی ۱۳۲۲ ۱۲۲/ب	۱۰۱۶ھ
۲	مجلس عیش و طرب	۲۲ شعر	”	” ” ” ”	”
۳	تین غزلیں	۱۵ ”	”	اوراق ۵۳، [illegible] ” ” ”	”

۲۔ محمد قلی قطب شاہ گولکنڈہ

۱	مصنف کی سالگرہ	۱۴ شعر	کلیات	محبوب الزمن صفحہ ۵۳،	۱۰۱۵ھ
۲	باغ محمد شاہ	۱۵ ”	”	رسالہ اردو جلد ۲ حصہ ۲ صفحہ ۲۶-۲۷	”
۳	ننھی سانولی	۶ ”	”	محبوب الزمن صفحہ ۵۹،	”
۴	تین غزلیں	۱۷ ”	”	رسالہ اردو جلد ۲ حصہ ۵ صفحہ ۲۲-۲۴	”

۳۔ محمد قطب شاہ گولکنڈہ

۱	ساجن کی یاد	۵ شعر	دیوان	محبوب الزمن صفحہ ۳۵،	۱۰۳۴ھ

۲	خدا داد محل	۴ شعر	دیوان	محبوب الزمن	صفحہ ۷۴۰	۱۰۲۴ھ
۳	ٹھنڈ کالا	۵ "	"	"	" ۷۳۴	"
۴	غـزل	۷ "	"	"	" ۷۳۳	"

۴۔ غواصی۔ گولکنڈہ

۱	کشت و خون	۱۵ شعر	سیف الملوک و بدیع الجمال	برٹش میوزیم اوریئنٹل مخطوطہ ۶۹	اوراق ۸۶-۱۲۰	۱۰۳۵ھ
۲	ایک بدصورت شہزادی	۵ "	"	" " ۸۶	ورق ۴۶-۱ب	"

۵۔ مقیمی۔ بیجاپور

۱	عذر دوست	۹ شعر	چندر بدن و مہیار	انڈیا آفس مخطوطہ نمبر فارسی ۱۰۰ب	ورق ۸ب-۹ا	۱۰۳۵-۳۹ھ
				" " ۱۲۴۴	ورق ۱۵-۱۶-	

۶۔ افضل

۱	چیت کا مہینہ	۲۱ شعر	بارہ ماسہ	انڈیا آفس مخطوطہ نمبر فارسی ۱۲۴۴ ۱۴۰۲	ورق ۱۵-۱۶	۱۰۳۶ھ
۲	جیٹھ کی گرمی	۱۱ "	"	" "	ورق ۹-ب	
			"	" ۱۲۴۴	ورق ۱۷ ب	

۷۔ ملک خوشنود۔ بیجاپور

۱	شہزادوں کی ذہانت	۱۰۰ شعر	ہشت بہشت	برٹش میوزیم ایڈیشنل مخطوطہ نمبر ۱۰۵۹	اوراق ۹۰ تا ۹۴ ب درمیان	۱۰۳۷-۴۰ھ

اردو شہ پارے

۲ دنیا کی بیوفائی ۷۰ شعر ہشت بہشت برٹش میوزیم، اورینٹل مخطوطہ ۱۰۵۹۰ ورق ۱۷۶ ۶۷-۱۰۳۶

۸۔ امین بیجاپور

۱ پہلی ملاقات ۵۰ شعر بہرام و بانو حسن برٹش میوزیم، اورینٹل مخطوطہ ۲۶۵۲۸ اوراق ۱۱۱ ب تا ۱۱۳ الف قبل ۱۰۴۴ھ

۹۔ مقیمی بیجاپور

۱ پریوں اور دیووں کی لڑائی ۷۱ شعر قصۂ مقیم انصاری کتب خانہ کلیہ جامعہ عثمانیہ اوراق ۳۵-۳۷ ۱۰۵۱ھ

۲ جہاز کا سفر ۹ 〃 〃 〃 〃 ۵۰ الف ب 〃

۳ باغ کا سماں ۶ 〃 〃 〃 〃 ۴۶-۴۷ 〃

۱۰۔ قطبی گولکنڈہ

۱ بیوی کا انتخاب ۱۰ شعر تحفۃ النصائح کتب خانہ مولوی عبد الغنی صاحب ۱۰۴۴ھ

۲ صبر و شکر ۸ 〃 〃 〃 〃 〃

۱۱۔ دولت بیجاپور

۱ شادی ۱۷ شعر بہرام و بانو حسن برٹش میوزیم اورینٹل ۲۶۵۲۸ ورق ۳۴ ب ۱۰۴۴ھ

۱۲۔ رستمی بیجاپور

۱	دو اجنبی شہسوار	۲۵ شعر	خاور نامہ	انڈیا آفس مخطوطہ	اوراق ۹ب تا ۱۰الف	۱۰۵۹ھ
۲	ایک مشرقی سبب تصنیف	۵۴ "	"	"	" ۲ب تا ۴ب	"

۱۳۔ غواصی۔ گولکنڈہ

۱	وفادار عورت	۱۰۷ شعر	طوطی نامہ	برٹش میوزیم۔ اڈیشنل	اوراق ۵۰ب تا ۵۴ب	۱۰۵۹ھ

۱۴۔ سلطان۔ گولکنڈہ

۱	غزلیں	۲۹ شعر	دیوان	کتب خانہ آغا حیدر حسن صاحب	تاریخ نامعلوم

۱۵۔ ابن نشاطی۔ گولکنڈہ

۱	عشق غائبانہ	۳۲ شعر	پھول بن	انڈیا آفس	اوراق ۲۹ب تا ۳۲ا	۱۰۶۶ھ

۱۶۔ نصرتی۔ بیجاپور

۱	احسان مندی	۶۶ شعر	گلشن عشق	برٹش میوزیم۔ اورینٹل ۱۰۵۹	اوراق ۱۲۹ب تا ۱۳۵ب	۱۰۶۷ھ
۲	کالی دھوپ	۱۵ "	"	"	"	"
۳	موسم سرما	۱۸ "	قصیدہ علی نامہ	برٹش میوزیم اورینٹل ۲۶۵۲۰	اوراق ۳۲-۳۴	۱۰۶۴ھ
۴	بادشاہ کی فتح	۹۰ "	"	"	"	"
۵	دکھنیوں اور مغلوں کا ایک معرکہ	۱۰۰ "	"	"	"	۱۰۶۶ھ

۶	برسوں کا کام لمحوں کا	۱۰ شعر	قصیدۂ علی نامہ	برٹش میوزیم اڈیشنل ۲۶۵۲۷	ورق ۱۳۱ ا/۱۳۲ ب	۱۰۷۶ھ

۱۷۔ شاہ ملک۔ بیجاپور

۱	نماز ٹوٹنا	۲۰ شعر	شریعت نامہ	انڈیا آفس فارسی ۱۲۳۶ ا ب ۳	اوراق ۳۴۳/۱۸۶ ا	۱۰۷۷

۱۸۔ طبعی۔ گولکنڈہ

۱	حب وطن	۴۰ شعر	بہرام و گل اندام	برٹش میوزیم۔ اڈیشنل ۱۰۵۹۰	ورق ۱۲	۱۰۸۱ھ
۲	سوال و جواب	۱۰ ״	״	״ ״ ״	اوراق ۵۹ - ۶۰	״
۳	غرور و مشورہ	۵ ״	״	״ ״ ״	ورق ۳۳ - ب	״
۴	قابل دوستی	۵ ״	״	״ ״ ״	ورق ۳۴	״

۱۹۔ عبداللہ قطب شاہ۔ گولکنڈہ

۱	عشرت محل	۷ شعر	دیوان	محبوب الزمن	صفحہ ۷۸۲	۱۰۸۲ھ
۲	سوال و جواب	۵ ״	״	״	״	۱۰۸۲ھ
۳	انتخاب یار	۶ ״	״	״	صفحہ ۷۸۳	״

۲۰۔ امین۔ گولکنڈہ

۱	سخن	۵ شعر	قصہ ابوشحمہ	مخطوطہ انڈیا آفس	۱۰۹۱ھ

۲۱۔ فائز۔ گولکنڈہ

۱ روح افزا اور پیام یار ۵۸ شعر رضوان شاہ و روح افزا برٹش میوزیم۔ اورینٹل ۲۷۱۹۔ اوراق ۷اب تا ۱۲ ۱۰۹۳ھ
۲ بات چیت " " " " " ورق ۲۰ الف "

۲۲۔ لطیف۔ گولکنڈہ

۱ ایک قدیم خط ۱۳ شعر ظفرنامہ انڈیا آفس فارسی ۳۰۴۶۔ ۳۰ب ۱۰۹۔ ۱۰۹۵ھ
اوراق ۹۵ب تا ۹۶الف

۲۳۔ غلام علی۔ گولکنڈہ

۱ شعری نتیجے ۱۴ شعر پدماوت انڈیا آفس فارسی ۲۷۲۷ ب ۷۳ ۱۰۹۵ھ

۲۴۔ جعفر علی

۱ حال دل (ملوک) ۳۲ شعر کلیات انڈیا آفس ۲۷۴۶
۲ مدح اورنگ زیب ۷ شعر " " "
۳ مرثیہ اورنگ زیب ۶ شعر " " "
۴ ہجو مرزا خدایار ۵ شعر " " "

۲۵۔ ہاشمی

۱ ریختی ۳۱ شعر دیوان ریختی کتب خانہ آغا حیدر حسن صاحب قریب ۱۱۰۰ھ

٢٦۔ ضعیفی

١	ایک جانور کا اپنے عہد	٧٣ شعر	حکایت ہندی	کتب خانہ نواب عنایت جنگ بہادر		١١٠١ھ

٢٧۔ شاہ ذوق محمد

١	امام حسین کی تیاری جنگ	٢٠ شعر	جنگ نامہ	کتب خانہ مولوی عمر یافعی صاحب		١١٠٣ھ

٢٨۔ وجدی

١	حکایت زاہد	٣٠ شعر	پنچھی باچھا	کتب خانہ نواب عنایت جنگ بہادر	ورق ٣/٤ب	١١١١ھ
٢	حکایت عاشقی	١٠ شعر	"	"	ورق ١١٣	"

٢٩ اشرف، گولکنڈہ

١	ایک غلام کا فخر	١٨ شعر	جنگ نامہ حیدر	برٹش میوزیم۔ اورینٹل ١٠٥٩٠	ورق ٨	١١٢٣ھ
٢	شہید کربلا کے غم	١٨ "	بیاض مراثی	ایڈنبرا یونیورسٹی	مرثیہ نمبر ١٣٥	"
٣	شہر بانو کا بین	١٠ "	"	"	مرثیہ نمبر ٢١٦	"

٣٠۔ ولی اورنگ آبادی

١	فراق گجرات	١٤ شعر	دیوان مطبوعہ انجمن ترقی اردو اورنگ آباد		صفحہ ٣٠٤	١١٥٠ھ

۲	شہر سورت	۴۰ شعر	دیوان مطبوعہ انجمن ترقی اردو	صفحہ ۳۷۹	۱۱۵۰ھ
۳	عرس شاہ وجیہ الدین	۵۴ 〃	〃	〃 ۳۷۱	〃
۴	ایک مسافر کا عشق	۴ 〃	〃	〃 ۳۱۱	〃
۵	عاشق کی ایک اہم آرزو	۲۵ مصرعہ	〃	〃 ۳۲۰	〃
۶	غزلیں	۱۶ شعر	〃	صفحات ۳۳-۲۶-۱۷	

۳۱۔ ولی ویلوری

۱	امام حسین کی شہادت	روضۃ الشہدا	کتب خانہ نواب عنایت جنگ بہادر	۱۱۳۰ھ

۳۲۔ عشرتی

۱	ایک محبت آمیز خط	شعر	چیت لگن	کتب خانہ نواب عنایت جنگ بہادر	
۲	ایک سنیاسی راجہ	۲۰۰ شعر	دیپک پتنگ	〃	
۳	نہانے کی دعوت	شعر	〃	〃	
۴	میدان جنگ	۱۷ شعر	نینہ درپن	〃	۱۱۴۴ھ
۵	دعوت	شعر	〃	〃	〃

۳۳۔ قیاسی

۱	موم کا بچہ	زوجہ تاجر (۹) برٹش میوزیم	اوراق ۴-۶	۱۱۶۴ھ

۳۴۔ ہاشم علی۔ برہان پوری

۱	ایک دولہا دولہن	۱۲ شعر	دیوان حسینی	ایڈنبرا یونیورسٹی نمبر ۳۲	۱۱۵۰ھ
۲	بچے کا غم	۱۳ 〃	〃	〃	〃
۳	اصغر کا ماتم	۱۶ 〃	〃	〃	〃
۴	بی بی فاطمہ کا بین	۸ 〃	〃	〃	〃
۵	غم کے بادل	۶ 〃	〃	〃	〃

۳۵۔ غلامی

۱	ابن عم کی جدائی	۳۵ شعر	بیاض مراثی	ایڈنبرا یونیورسٹی نمبر ۳۲ مرثیہ نمبر ۱۰

۲	شہر بانو کا الم	۵۔ شعر	بیاض مراثی	اڈنبرا یونیورسٹی نمبر ۲۳۱	مرثیہ نمبر ۱۵۵	۱۱۵۰ھ
۳	لڑکی کی ضد	۴۵ 〃	〃	〃	مرثیہ نمبر ۹۹	〃

۳۶۔ مرزا

۱	الوداع	۹ شعر	بیاض مراثی	اڈنبرا یونیورسٹی نمبر ۲۳۱	مرثیہ نمبر ۱۶۴	۱۱۵۰ھ
۲	دنیائے غم	۷ 〃	〃	〃	مرثیہ نمبر ۲۱۴	〃

۳۷۔ کاظم

۱	ایک مسافر قیدی	۱۰ شعر	بیاض مراثی	اڈنبرا یونیورسٹی نمبر ۲۳۱	مرثیہ نمبر ۶۶	۱۱۵۰ھ
۲	خبر لو علی ولی	۱۴ 〃	〃	〃	مرثیہ ۷۷	〃

۳۸۔ ذوقی

۱	مرثیہ	۶ شعر	بیاض مراثی	اڈنبرا یونیورسٹی نمبر ۲۳۱	مرثیہ ۲۱۳	۱۱۵۰ھ
۲	امام حسین اور شہر بانو	۷ 〃	〃	〃	مرثیہ ۲۲۳	〃

۳۹۔ رضی

۱	ظلم دشت کربلا	۱۰ شعر	بیاض مراثی	اڈنبرا یونیورسٹی نمبر ۲۳۱	مرثیہ ۲۳	۱۱۵۰ھ
۲	میرا دل	۴۰ 〃	〃	〃	مرثیہ ۱۹۴	〃

⁂

۴۰۔ ندیم

۱	ماتم امام زادہ اصغر	۱۲ شعر	بیاض مراثی	ایڈنبرا یونیورسٹی ۲۳۱	مرثیہ ۱۴۳	۱۱۵۰ھ
۲	بی بی فاطمہ غم میں	۱۰ "	"	"	مرثیہ ۵۲	"

۴۱۔ شرف

۱	اصغر کی ماں	۱۲ شعر	بیاض مراثی	ایڈنبرا یونیورسٹی ۲۳۱	۱۱۵۰ھ

۴۲۔ سیدن

۱	نئی طرح کی شادی	۹ شعر	بیاض مراثی	ایڈنبرا یونیورسٹی ۲۳۱	مرثیہ ۱۲۲	۱۱۵۰ھ

۴۳۔ امامی

۱	مرثیہ	۸۔ شعر	بیاض مراثی	ایڈنبرا یونیورسٹی ۲۳۱	مرثیہ ۱۲	۱۱۵۰ھ

۴۴۔ روحی

۱	پژمردہ پھول	۶۔ شعر	بیاض مراثی	ایڈنبرا یونیورسٹی ۲۳۱	مرثیہ ۱۹۰	۱۱۵۰ھ

۴۵۔ نظر

۱	مرثیہ	۶ شعر	بیاض مراثی	ایڈنبرا یونیورسٹی ۲۳۱	مرثیہ ۳۲	۱۱۵۰ھ

۴۶۔ قادر حیدرآباد

۱ نظم شاہ عالی ۵۰ شعر بیاض مراثی ایڈنبرا یونیورسٹی مرثیہ ۱۲۷ ۱۵۰ آ

نثر

۴۷۔ خواجہ بندہ نواز رح

۱

۱ معرفت کے پردے ۴۱ سطر معراج نامہ مطبوعہ رسالہ تاج حیدرآباد
۲ ایمان ۷ سطر رسالہ بارہ مخطوطہ کتب خانہ نواب عنایت جنگ بہادر

۴۸۔ شاہ میراں جی

۱ لوازم عشق ۱۵ سطر سب رس مخطوطہ کتب خانہ آغا حیدر حسن صاحب

۴۹۔ وجہی

۱ نبی اور ولی ۱۰ سطر سب رس کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد تصوف اردو ۱۹۵/۹۳۳
۲ دنیا جھوٹ ہے ۱۲ سطر 〃 〃 〃

۵۰۔ شاہ امین الدین

۱ طالب تحقیق ۹ سطر رسائل کتب خانہ کلیہ جامعہ عثمانیہ

۵۱۔ میراں یعقوب

۱ پچاسواں بیان ۱۰ سطر شمائل الاتقیا کتب خانہ آصفیہ حیدرآباد (ورق الثلہ)

آغازِ محبت

از مثنوی قطب مشتری مصنفہ وجہی

ایک نوجوان شہزادہ پہلی دفعہ محبت میں گرفتار ہوتا ہے۔ شاہی زندگی کے آرام و آسائش کے باوجود دنیا اُس کی نظروں میں تنگ و تاریک ہو جاتی ہے۔ ارباب نشاط اور مصاحبین کے جگھٹے میں بھی وہ خود کو تنہا پاتا ہے۔ اس کے بچپن کے دوست اور ہمراز اب اسے بیگانے اور اجنبی نظر آنے لگے ہیں۔ اس کو اندیشہ ہے کہ کہیں اس کا راز فاش ہو جائے اور اس کے عشق و عاشقی کی خبر اُس کے باپ تک نہ پہنچ جائے۔ دن تمام وہ تنہا اپنے مطلوب ہی کے خیال میں محو رہتا ہے اور اس کی کوئی رات ایسی نہیں گزرتی جب کہ وہ اپنے دوست سے عالم خواب میں ملاقات نہ کرتا ہو اور نہ صرف رات ہی کے وقت بلکہ اپنے دوست کو دیکھنے کی خاطر وہ اب دن کو بھی سونے کا خواہشمند رہتا ہے۔

عشق کے ابتدائی مرحلوں پر اکثر شاعروں نے طبع آزمائی کی کوشش کی ہے جن کی فہرست میں وجہی کا یہ شہ پارہ اسلوب کی پاکیزگی، صحت خیال اور باریک بینی کے لحاظ سے ضرور ایک اچھی جگہ حاصل کر سکے گا۔ اس ٹکڑے کی اہمیت اس وجہ سے اور بھی زیادہ ہو جاتی ہے کہ یہ اردو کے ان قدیم ترین ادبی کارناموں میں سے ہے جو اس وقت محفوظ ہیں۔

نہ بھویں پر دسے وہ نہ آسمان میں   رہیا سٹ اسی نار کے دھیان میں
لگیا تلملانے بھوت دھات سوں   کہیا جائے نا بات دو بات سوں
نہ یو بات ہر ایک کون فام ہوے   وہی جانے جس پر جو یو کام ہوے
کدہیں چکہ ہنسے ہور کدہیں چکہ روئے   کدہیں سُٹ پاوے کدہیں سُد کھوے
اسی دھات دن رات رہتا اچھے   اپس میں اپے یوں وہ کہتا اچھے
بھلائی پچھل دھن دو یوں شاہ کون   کہ لبدائے جیوں کہربا کاہ کون

اٹھے ہور پھر سوے شاہ جائے کر   کہ وو نار بھی خواب میں آنے کر
جو ہر بار یوں خواب میں یار آئے   تو عاشق کوں بن خواب بھی کچ بھاے
پریشان حیران بے تاب تھا   نہ کچ اس کوں آرام تا خواب تھا
لگیا شاہ اُساساں بھرن آہ مار   کہ نزدیک نیں ہے وو کنونٹ نار
کدھیں بے خبر ہوے کدھیں ہوے ہشیار   کدھیں پیو پیو کہے کدھیں یار یار
یو سن مطرباں سب خبردار ہوتے   جو مستان تھے دوں سو ہشیار ہوے
بھوت دھات سوں بات سمجھائے کر   کہے شہ کوں نزدیک یوں آئے کر
کہ اے شہ توں جم شاہ خرم ہو اچ   نہیں غم تجے کچ توں بے غم ہو اچ
بجھے تج کوں ہونا سو حاضر ہے سب   اُساساں جو بھرتا سو توں کیا سبب
کھیا شاہ دل منیچ دھرنا بھلا   کس پاس ظاہر نہ کرنا بھلا
کسے کوں کہ منج عشق اُس کا اہے   وہی جانے منج عشق جس کا اہے
جکوئی راز (کھوں) یو باب کن کھولے گا   دیوانا ہوا کر منجے بولے گا
نہیں بات کہنے کی یو کھول کر   کہ سمجھاؤں اب کس کوں میں بول کر
اچھوں سیج پر، موج جیوں آب میں   کہ جھپکا لگا گئی سکی خواب میں
جتا مطرباں شہ کوں سمجھا کہے   تغافل کیے شاہ، ہور چپ رہے
کتے کے کہ مستی کے چالے ہیں یو   کتے کے پرت کے الالے ہیں یو
کتے کے اُسے کچ اوچھٹ ہوا   کتے کے اُسے عشق کا پیٹ ہوا

چھپی رات اُجالا ہوا دیس کا   لگیا جگ کرن سیو پرمیس کا
شفق صبح کا نیں ہے آسمان میں   کہ لالے کھلے سنبلستان میں
جو آیا جھکتا سورج واٹ کر   اندھارا جو تھا سو گیا نھاٹ کر
سورج یوں ہے رنگ آسمانی منے   کہ کھلیا کمل پھول پانی منے
ہر ایکس کوں ہر ایک کچ کام تھا   نول شہ کوں اس ناز کا کام تھا
کھیا شاہ اب حال نیں منج منے   بھلا ہے جو گنج ہو اچھے گنج منے

ایس میں اپے فکر کچھ گوند کر   رہیا غنچے کے نمنے مکھ موند کر
کہ دھرتا ہوں دل میں جکچ بات میں   کروں جا کے وو بات کس سات میں
نکوئی یار دلسوز محرم ہے منج   نکوئی ہم نفس ہور ہمدم ہے منج
ایس سوں اپچ آج محرم ہوں میں   ایس سوں اپچ آج ہمدم ہوں میں
جتے اس زمانے منے یار ہیں   دغاباز عیباں چنن ہار ہیں
اُنن کوں پتیا بات بولیا نجانے   انو کے کنے دل کوں کھولیا نہ جائے
پتیاتا انو کوں کہو کیوں ککر   کہ دل میں بُرے، خوب ہیں موں اپر
یو یاری ہیں کس دھات کا تھر اچھے   جو موں میں شکر، دل منے زہر اچھے
جکوئی یار یاراں منے نیک ہے   زباں ہور دل وہ تو اُس ایک ہے
نہیں بھائی میں ہوں نہیں مائی میں   کہ طالب کوں ہے لاف تنہائی میں
جکوئی گھر میں مشغول اچھے یار سوں   نہیں کام کچ اس کوں بازار سوں
جسے یار کا دھیان نت یار ہے   دو عالم کی صحبت تے بیزار ہے
کیا لوگ نزدیک کے دور سب   ندیم ہور مطرب پور لے سب عجب
انجھو لال مد، نین پیالا ہوا   ندیم آہ، مطرب (مجھے) سونالا ہوا

مجلس عیش و طرب

از مثنوی قطب مشتری مصنّفۂ وجہی

نشہ کے عالم میں ایک نوجوان مجلس کا جو نقشہ ہوتا ہے اس کو ہو بہو پیش کر دینا ایک معمولی شاعر کا کام نہیں۔ زبان کی نفاست اور حقیقت نگاری کے لحاظ سے وجہی کا یہ ٹکڑا (خصوصاً اس کا آخری حصہ) اردو کے بہترین شہ پاروں میں جگہ حاصل کریگا۔ ان اشعار کے موضوع کی نسبت صرف اسقدر اشارہ کر دینا کافی ہوگا کہ ان میں گولکنڈہ کے ولی عہد سلطنت محمد قلی کے زمانہ شہزادگی میں سے چند پرلطف لمحے دکھلائے گئے ہیں۔

شہنشہ مجالس کیئے ایک رات   وزیراں کے فرزند تے سب سنگات
ہریک خوبصورت، ہر ایک خوش لقا   سو ہر ایک دلکش، ہر ایک دل ربا
وجاہت کے کاماں میں جم جم ہے جیوں   شجاعت کے کاماں میں رستم ہے جیوں
ندیم، ہور مطرب، سگھڑ، ہنردار   اتھے شہ سوں ملکر یو سب ایک ٹھار

صراحی پیالے لے ہاتاں منے   ندیماں تے مشغول باتاں منے
لگے مطرباں گانے یوں ساز سوں   کہ دھرتی ہلے مست آواز سوں
جو مطرب وو صحرا میں اس دھات گاے   تو پتھران کون اس شوق تے حال آئے
جو گاون دو شہ کوں کماتے اتھے   سو راگاں پہ راگاں جماتے اتھے
ندیماں لطافت میں جو چکہ آئیں   تو روتیاں کو خوش کر گھڑی میں ہنسائیں
شراب ہور صراحی، نقل ہور جام   ہوے مست مجلس کے لوگاں تمام
جو ہوئی رات آدھی، نبھی دو پہر   خبردار یاراں ہوے بے خبر
بسر گئے ندیماں طرز بات کا   گنوائے خبر مطرباں ذات کا
لگے ملتے نہ خوبی جھگڑتے کہیں   یکس کے اُپر ایک پڑتے کہیں
لگے مست ہو سٹنے مستی سنگات   یکس کے سو پاواں اُپر ایک ہات
سو یوں کچ وہ یاراں ہوے بے خبر   کہ پانی پیتے تھے شراب ہے کر
یکس کوں بلا ایک ازمانوں سوں   گلے لگتے تھے مست ہو چھانوں سوں
بجاؤ جو کیں تو اُٹھیں گاے کر   سٹے مطرباں ہوش خوشی پاے کر
صراحی پیالے سوں ہم مست ہو   کراں پھرتے تھے دو دونو مست ہو
قیامت ساقی ہوا سُدھ گنوائے   کہ پیالا منگے تو صراحی کون لیائے
(ورق ۷۸)

غزلیں

از مثنوی قطب مشتری مصنفۂ وجہی

پیو اپنے کوں ٹک آج میں نس سپنے دیکھی سو یکر
جب پیو چلیا سٹ سیج منج تب سو کے اٹھی رو یکر
ہاتھ بڑھا اپنا سارنے منج چل چل لاگیا مارنے
ناجاؤں سائیں کارنے بھی اجھوں کیا کیا ہو یکر
نا پوچھوں بہن جو ئے کب ملنا پیو سوں ہوئے
غم برہا سب میں سو تے نا جانے دکھ پیو کو یکر
کیوں ٹالوں برہا جنجال سکی نیں سکتی ہوں سنبھال سکی
اس کیونکر پاؤں لال سکی جو بیٹھی ہت تے کھو یکر
بکتا ہیں سب سہیلی ہر نا دل دوجے پر نا دھرنا
اس پیو کوں اپنا کرنا اس جاپی جیو کوں کھو یکر

طاقت نہیں دوری کی اب توں بیگی آمل رے پیا
تج بن منجے جینا بہوت ہوتا ہے مشکل رے پیا
کھانا برہ کیتی ہوں میں پانی انجھو پیتی ہوں میں
تج تے بچھڑ جیتی ہوں میں کیا سخت ہے دل رے پیا
ہردم توں یاد آتا منجے کچ عیش نیں بھاتا منجے
برہا ستاتا منجے تج باج تل تل رے پیا
منج تیں تپش جلنے تہیں منج ٹھار جولانے تہیں
منج دل مندھر میانے تہیں کیتا ہے منزل رے پیا
تو جیو میرا ہیں سو دل تج سات ہے نا کیوں خجل
دن رات میں یک تل نہیں تج تے غافل رے پیا



سلطان محمد قلی قطب شاہ

مصنّف کی سالگرہ

از دیوان محمدؐ قلی قطب شاہ

اردو زبان میں ایسی شاعری کی واقعی کمی ہے ۔ جس کے ذریعہ سے مصنف اپنے صحیح دلی جذبات اور روزمرہ کے تاثرات کو عالم پر منکشف کرتا ہے ۔ اس طریقہ کار سے اکثر اوقات نہایت اعلیٰ درجہ کی شاعری کی تخلیق ہوتی رہی ہے ۔ اردو میں ۔ سودا ، نظیر ، اور محمد قلی کے کارناموں میں اس کی چند اچھی نظیریں ملتی ہیں ۔

محمد قلی کے حسب ذیل نظمیں اسی صنف شاعری سے متعلق ہیں پہلی نظم کا موضوع اس کے عنوان سے ظاہر ہے ۔ اور اس کی خصوصیات کوئی زیادہ اہم نہیں ۔ مصنف کی مذہبیت اور احسان مندی تقریباً ہر شعر سے مترشح ہے ۔

نبی کی دعا تے برس گانٹھ پایا
خوشیاں کی خبر کے دمامے بجایا
پیا ہوں میں حضرت کے ہت آب کوثر
تو شاہاں اپر مجھ کلس کر بنایا
مرا قطب تارا ہے تاریاں میں ۔ نجل (؟)
تو مجھ پر فلک رنگ کا چتر چھایا
سورج چندر پی تال ہو کر بجیں تب
منڈل ہو فلک ٹمٹمایاں بجایا
کرے مشتری رقص مج بزم میں نت
برس گانٹھ میں زہرہ کلیاں گایا
مرا گلستاں تازہ اس لئے[2] ہوا ہے
مجھ اس باغ تھے میوہ دم دم کھلایا
دندے دشمناں کو سو یک جا ملا کر
سو اسپند کے پاتراں کر ناچایا
خدایا معانی کی امید بر لیا
کہ جیوں سانت کی میہوں نے جگ سب اگھایا
خدا کی رضا سوں برس گانٹھ آیا
سہی شکر کرلوں برس گانٹھ پایا
دعائے اماماں تے مج راج قایم
خدا زندگانی کا پانی پلایا
گل مصطفےٰ سیتے سہرا[3] گندا کر
مجھ اس گل کا سہرا حمایل بنایا

محبوب الزمن صہ ۱۵۲

۱ ۲ سے ۳ سہرا

باغ محمد شاہی

از دیوان محمد قلی قطب شاہ

ذیل میں ایک طویل نظم کا مختصر سا انتخاب پیش کیا جاتا ہے۔ اگرچہ مصنف کی قادر الکلامی اور باریک بینی بغیر پوری نظم کے مطالعہ کے ظاہر نہیں ہو سکتی۔ تاہم ان چند شعروں سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ ایک بڑا شاعر چھوٹی چھوٹی چیزوں پر بھی کیسی خوبی کے ساتھ شاعری کر سکتا ہے۔

محمد ناوں تھے بستا محمد کا اے بن سارا
سو طوبان سوں سہاتا ہے جنت نمنے چمن سارا
دستے فانوس کے درمیانے تھے جوں جوت دیویکا
سوتیوں دستا دو(۱) لاں میں تھے میویاں کا بن سارا
ہے دم عیسوی دایم چمن میں گل لگانے تیں
ہرے نہالاں کے جلوے تیں نشاطا ہو یون سارا
سٹرک سے باغ کوں دیکھت کھلے منج باغ کے غنچے
سو اس غنچے کے باساں تھے لگیا جگ گلگن سارا
چمن کے پھول کھلتے دیکھ سکیاں کا مکہ یاد آیا
سہاتا تھا محمد پھل نمن ان (کا) نین سارا
دستے نا سک کلی چنپا بھواں دو بات ہیں تس کے
بھنور تل دیکھ اس جا گا ہوا حیران من سارا
سو خوشے داکھ لاکھاں کے ثریا سنبلاتے جیوں
ہے اس راکھ منڈوا سو جیسا سبز گہن جارا
اناراں میں ہے دانے سو جوں یاقوت تبلیاں تیں
ہر ایک پھل اس اناراں پر ہے سکے تمن سارا
کھجوراں کے دسیں جھونکے کہ جوں مرجان کے پنجے
سیاریاں لعل خوشے جوں دسیں دن ہور رین سارا
دسیں ناریل کے پھل یوں زمرد مرتبانان جوں
ہور اس کے تاج کوں کہتا ہے پیالا کر دکھن سارا
دسیں جاموں کے پھل بن میں نیلم کے نمن سالم
نظر لاگے بتوں میویاں کوں رکھیا ہے جتن سارا
صفت کرنے کوں سوسن بی کھلیا ہے دس زباں سے
دکھن سب سندریاں کے تیں کھلیا نرگس نین سارا
چمن آواز سن بلبل اپس میں آپ الاپیں ہیں
سو تس آواز سوں موراں کریں رقصاں اپن سارا
دکھت رنگ مست ہو دستک بجاویں پات تاناں ری
سو ڈالیاں ڈولتے ہو متوالے میں پھولی برہن سارا
انگاں آپ منگاں سوں اپس میں آپ مل ناچیں
تتنہا کا تتن نا چیں ہوئے تن تن تتن سارا

---

(۱) رسالہ اردو جلد (۲) حصہ (۵) ص ۲۲۶-۲۷

نھنی سانولی

از دیوان محمد قلی قطب شاہ

ایک بادشاہ اپنی محبت کا اظہار شاعری کے ذریعہ سے کرتا ہے۔ مصنف کی آپ بیتی ہونیکی وجہ سے یہ نظم زیادہ قابل لحاظ ہے۔

نھنی سانولی پر کیا ہوں نظر   خبر سب گنوا کر ہوا بے خبر
ترا قد سرو نکلے جب چھند سوں   دسن جوت منج کوں دسن جیوں قمر
یوں سیتی ہت رالکی ہے آپ کر   سورج چند نن جھمکے دو زر کمر
ہیں اس نور سوں لبدیا ہوں کیا عجب   دو جگ روشنی پایا کس نین خبر
تو دوری ڈراوے منجے دور تھے   دو کیا بوجھے مو دل میں ہے تو نگر
معانی کے باتاں سے تھے جھڑتا نمک   جی چاکھے کہے ہے نمک سوں شکر

محبوب الزمن صـ ۷۵۹

تین غزلیں

از دیوان محمد قلی قطب شاہ

محمد قلی کی غزلیں خصوصیات کے لحاظ سے زیادہ تر وجہی کی غزلوں سے مشابہ ہیں۔ گو انھوں نے فارسی طرز کی غزلیں بھی لکھیں لیکن ان کے حقیقی شہ پارے ان کی ہندی طرز کی غزلوں ہی میں ملتے ہیں۔

غزل (۱)

گرجا ہے میگہ سر تھے تازہ ہوا ہے بستان   پھولاں کی باس پایا بلبل ہزار دستاں
اے خوش خبر صبا توں لے جا جوان قداں کن   چھناں کی آرزو میں بیٹھے ہیں مے پرستاں
او نونہال پھولاں ہے جام خورے سو بادن   نرگس ایس پلک سوں جھاڑ دکرے شبستان
مکھ نور پر دسے یوں بج خط عنبریں او   جوں سور پر ہے بادل ریحان سوں گلستان
بے ہوش میرے دل کوں میٹھے او ہر جلائے   گلزار ہے عجب او دو لعل شکرستان

مج عشق کے گدا کوں اورنگ شاہی دیتا سب عاشقاں منج انگے ہیں طفل جوں دبستاں
روزی ہوا قطب شہ تج عشق کا پیالہ پھرلے ہیں ہر طرف توں جم شوق کے خمستان

اردو جلد (۲) حصہ (۵) صفحہ ۳ تا ۲۴

غزل (۲)

پیا باج پیالا پیا جائے نا پیا باج یک تل جیا جائے نا
کہے تھے پیا بن صبوری کروں کہیا جائے اما کیا جائے نا
نہیں عشق جس وہ بڑا کور ہے کدھیں اس سے مل بیسیا جائے نا
قطب شہ نہ دے مج دوانے کو پند دوانے کوں کچ پند دیا جائے نا

اردو جلد (۲) حصہ (۵) صفحہ (۲۲)

غزل (۳)

اب مست اچھے دایم ہمیں مست اچھنے کا ہنگام ہے ساقی صراحی نقل ہور پیالے سوہنا کام ہے
عاشق اول تھے ہیں ہمیں سرمست ازل تھے ہیں ہمیں نا آج کل تھے ہیں ہمیں زاہد کو نیں یہ فام ہے
روزید کے عید آنے میں ٹک شیر خرماں کھائیں صوفی چلے میخانے نیں تسبیح ہات اب جام ہے
منگتا ہے مدمستاں کنے مدباج نین سکنا رہنے میخانے کے کوچے منے تو متقی بدنام ہے
ساقی پیالا منج پلا پیالا پینے ہوتا دلا اس پیو کوں تو لیا کر ملا جس پیو تھے مج آرام ہے
قطبا نبی کے آدھار تھے۔ رحمت ہے نت کرتار تھے تو تج علی کے پیار تھے بلبل نوا انعام ہے

اردو جلد (۲) حصہ (۵) صفحہ (۲۳)

ساجن کی یاد

از دیوان سلطان محمد قطب شاہ

سلطان محمد گو محمد قلی کی ٹکر کا شاعر نہیں۔ لیکن ان دونوں کی خصوصیات شعری بالکل ایک ہی ہیں گو بھتیجے کی دماغی قوتیں اتنی وسیع نہیں تھیں۔ لیکن معلوم ہوتا ہے کہ چچا کی بعینہ تقلید کرنا سلطان محمد نے

اپنا شیوہ بنالیا تھا۔ ان کے کلام کے حسب ذیل چار انتخاب انہی صفتوں کو ظاہر کرتے ہیں۔ جو محمد قلی کی شاعری سے متعلق بیان کی گئیں۔

چھبیلی سوں لگیا ہے من ہمارا   کہ اس بن نیں ہمیں یک تل قرارا
صبوری کو نہیں ہے ٹھار دل میں   صبوری کیوں کرے سو کر تہارا
میا کرنا کرے معشوق اپلے ہو   کہونا کیا کرے عاشق بچیارا
بسنت کھیلیں عشق کے آ پیارا   تمیں ہیں چاند میں ہوں جوں ستارا
بسنت کھیلے ہمیں ہور سا جنا یوں   کہ اساں رنگ شفق پایا ہے سارا

محبوب الزمن ورق (۷۳۵)

خداداد محل

از دیوان سلطان محمد قطب شاہ

خداداد محل کوں محمد سنوارے   تو اس میں جنت کے نگاراں نگارے
بلندی محل کا ہے اسمان جیا   سورج چاند تارے سوں اس تھے سنگارے
نہ اس جگ میں دیکھے کوئی ایسے محل کوں   گر دہرت پر قدسیاں لیا کے ٹھارے

محبوب الزمن و۔ق (۷۴۰)

ٹھنڈ کالا

از دیوان سلطان محمد قطب شاہ

ہوا آئی ہے لیکے بھی ٹھنڈ کالا   پیا بن سنتاتا مدن بالی بالا
رہن نا سکے من پیا باج دیکھے   ہووے تن کوں ٹھنکہ جب ملے پیو بالا
سجن کہ شمع باج او جالا نہ بھاوے   بھلایا ہے منج جیو کوں او اجالا
جو رات آدے چندنی کے منج کوں ستاوے   کہ چند نا منجے نیں نین سوز لالا
نبی صدقے قطبا انندان سوں مل کر   ایس سائیں سوں پیوے جم مد پیالا

محبوب الزمن ورق (۷۴۴)

غزل

چلے چندنی میں جب لنک پیو ہمارا   اونن عکس دیپے چندر تھے اپارا
بسے جس ہیا میں پرت ہم سجن کے   بن اس کی پرت کچ نہیں اس پیارا
جنے سائیں کے عشق کا مد پیا ہے   نکرسی ادے ہور مستی اوتارا
جکوئی ماتے ہے سائیں کے حسن جھب تھے   اسے مانیں نہ بھنتہ میں جگ سارا
پیا نور بستا ہے منج دل جھمک میں   کہ جیوں نور تھے ہے سورج آشکارا
سکی پیو چنتا لگیا ہے ہمن کو   سجن بن نکرسے لے ہور کوئی نوارا
نبی صدقے قطبا کا من تجہ سوں لاگیا   کہ اپ جیو میں تیرا کیتا ہے ٹھارا

محبوب الزمن ورق (۴۳۳)

کشت و خون

یعنے شاہ دریائے قلزم اور شہ پال کی لڑائی

از

سیف الملوک و بدیع الکمال مصنفہ غواصی گولکنڈہ

کشت و خون کے بعد رزم گاہ میں جو خوفناک سماں پیش ہو جاتا ہے۔ اس کی ایک اعلیٰ درجہ کی شاعرانہ تصویر اس انتخاب کے مطالعہ سے ہماری آنکھوں میں پھر جاتی ہے ۔

ہوئے جمع جنگی ہنر براں تمام   قوی ہور خونخوار امیراں تمام
یک یک جان یک کوہ یا برج جیوں   لے ہاتاں میں فتنے بھرے گرز جیوں
غضب ناک ہو جیوں انگے دل ہوئے   کلیجے پہاڑاں کے پھوٹ جل ہوئے
سلح پوش پولاد کے کوٹ جیوں   پر آشوب سمدور کی لوٹ جیوں
اوتاولے ہو آفت بھرے عزم سوں   کھڑے آکے میدان میں رزم سوں
بھیا باد جیوں قہر کا شور سات   شلت کی اگن سلگ اٹھی زور سات
کئے قصد لڑنے کوں دو دہیر تھے   زمانا ہوا تل اوپر سیر تھے
اوٹھیا غل جدہر کا ادہر مار مار   قیامت زمین پر ہوا آشکار

جھلک دیک بجلیاں سی تروار کی
اوڑی فاختی سخت سینسار کی
سٹے دہرت پریوں منڈیاں کاٹ کاٹ
سو کس کوں سمجھتا نہ تھا باٹ گھاٹ
جو دریا لہو کا ابلنے لگیا
گگن اس پو کشتی ہو چلنے لگیا
سراں تیر اس لہو کے سمندور تھے
جو دستے تھے جیوں بڑ بڑے دور تھے
دھڑاں سب نپٹ موج کی لوٹ مار
تھے ڈبتے نکلتے نہنگاں کے سار
بلایاں کی باناں کوں جیوں آگ لائے
زمین ہور زمانے کوں دیتاگ لائے
غضب پر غضب کا جو مارا ہوا
سو ایسا بڑا بھج دھو لارا ہوا
دنیا غیب ہوئی اس دہو لارے تلیں
گنواں تا گیا دیس اندھارے تلیں
لیا گرد جا ڈھانپ اسماں کوں
دھنواں سانپ ہو ننگلیا بھان کو
بڑا رن پڑیا سخت رگڑا ہوا
کہیں نیں سنا سو یو جھگڑا ہوا

اوراق (۱۱۶ تا ۱۲۰)

ایک بدصورت شہزادی

از

سیف الملوک و بدیع الجمال مصنفہ غواصی گولکنڈہ

ہمارے شاعروں نے صنف نازک کے حسن و ادا کی اس کثرت کے ساتھ داد دی ہے ۔ اور ہم ان کی بعض مناسب اور اکثر غیر فطری مدح سرائیوں سے اس قدر مانوس ہو گئے ہیں کہ اگر اب کوئی کسی بدوضع عورت کی خصوصیات پر ایک نظم لکھے تو ہم میں سے بہت سے لوگ اس کو صحیح شاعری ماننے ہی کے لئے تیار نہ ہوں گے ۔

ذیل کے چند شعروں میں ایک ایسی شاہزادی کے اوصاف بیان کئے گئے ہیں جس سے ہیرو نفرت کرتا ہے ۔ اور جس کی خصوصیات اردو شاعروں کی پیش کردہ بہت کم شہزادیوں میں پائی جائینگی ۔

کرتم بڑ تھا اس کا سو جیوں فیل کا
سر اس کا سو کالا رنجن نیل کا
انکھیاں ڈو لگیاں دو کھنڈے غار کے
دو دیدے بھتر جیوں پھتر گار کے
نکل پیٹ لنگے ٹینک اجیوں گھڑا
اسے پیٹ تے سخت پیڑو بڑا

یونہی گھول جاری کی جیوں اوکھلی   مسل ہوکے دوڑی نکھی رو مالی
نلکی جو چھپتراں پہ چوٹی دسے   سو جیوں جھاڑ کی پیڑ موٹی دسے
سڑے خوی بغلاں میں سکے یوں جھڑے   گندا ینر مہوریاں میں ستے جیوں پڑے
لون سارا اس کے جو ناک پاس جائے   تو لیا حلق میں انتریاں نھاس جائے
اگر لائیں جس ٹھار مشعل ہزار   ان آوے تو بترے پڑے آنہ کار

(ورق ۴۶ ا-ب)

عذر دوست

از چندر بدن ماہیار مصنفہ مقیمی

ذیل کے انتخاب سے جہاں بین قومی مناکحت کی نسبت ہمیں آج سے دو صدی پہلے کے خیالات ظاہر ہوتے ہیں یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اسقدر قدیم زمانہ میں بھی شاعر روزمرہ کی زبان اور محاورہ کو کس خوبی سے استعمال کیا کرتے تھے ۔

نزیک جا کو بولیا کہ سن اے پری   منجے تجہ لطافت دیوانہ کری
دیوانہ ہوں تیرا دیوانے کے تئیں   اپس تے نکو دور جانے کے تئیں
سو تجہ بن منجے کوئی ہونا نہیں   کہ بن جل مچھی کا سو جینا نہیں
کتا ہوں تجے ہیں کہ اے گن بھری   توں کرنا ہیتا کچھ مری دلبری
سوں یوں کہ ادب سوں نوڑ کر اونے   دھریا سیس اس کے قدم پر اونے
گلا اس سنا کر اٹھی بول یوں   سمجھ کچھ اپس کوں اے بیڈول توں
ہندو میں کہاں اور ترک توں کہاں   کہاں رام سیتا مورک توں کہاں
کہاں میں چندر مان کہاں توں دیوا   کتا کیا موے توں دیوانا ہوا
جھڑک بول اس کوں وہیں پھر چلی   اوٹھا دل میں عاشق کے ویں گدگلی

ورق (۱۰۸ ب ۱۰۹

چیت کا مہینہ

از بارہ ماسہ مصنفہ افضل

ذیل کے انتخابوں سے جہاں ایک وفادار عورت کا اپنی پیا کے فراق میں رنج والم ظاہر ہوتا ہے اس کا بھی اندازہ لگتا ہے کہ ایک ہی زمانہ میں دکہن اور شمال کی اردو شاعری کے لفظی

خزانے اور محاوروں اور اسلوب میں کس قدر فرق تھا۔ اس نظم سے ایک طرف تو درد مند طبیعتیں متاثر ہو سکتی ہیں۔ اور دوسری طرف اردو پر لسانی حیثیت سے نظر ڈالنے والونکو خاص خاص سبق حاصل ہوتے ہیں۔

سکھی رے چیت رت آئی سوہائی
اجھوں امید میری بر نہ آئی
بعالم پھولیاں پھلواریاں سب
کریں سیراں پیا سنگ ناریاں سب
رہے ہیں بھنور پھولوں کے گلے لاگ
میرے سینہ جدائی کا لگا آگ
نہایت درد دکھ ہم نے سہے رے
غم ہجراں مجھے ہر دم دہے رے
سکھی دن رین مج ناگن ڈست ہے
پھروں دوری تمامی جگ ہنت ہے
میرے گل موں پڑی ہے پرم پالنی
بھیا مرنا مجھے اور لوگ ہالنی
ارے یہ عشق سوں ڈرتی پھروں رے
نصیحت اپنے کوں آپی کروں رے
کہ ہنجی سوں لگن ہرگز نہ کیجے
ارے دل دے ہزاران غم نہ لیجے
برس دن بھی پھر جلتا رہے گا
سدا غم موں جگر جلتا رہے گا
جنھوں نے دل مسافر سوں لگایا
انھوں نے سب جنم روتے گنوایا
ارے اے نین پر جین نا رہے رہے
مجھے سنگ لے پرائی بس پڑے رے
اگر میں جانتی یہ بے وفائی
خدا کی سوں نکرتی آشنائی
ارے اس اگ نے رسوا کیا رے
پیا کے عشق میں یہ جیو دیا رے
بہ ہین حالم صبا بہر خدا ری
پیا کوں جا سنا باتے ہماری
کہ تجھ کو لاج جگ کی کچھ نہ آئی
کرے دل لے ہمن سین بیوفائی
ارنعت انجان کھائی میں دغا رے
کہ تج سین سنگدں کوں دل دیا رے
سجن اب گرکہی ؟ کی لاج کرے
مروں ہوں در غمت ٹک آدگھر رے
ارے بل بدہ تن موں نا رہے رے
تمامی دیہہ خاکستر بہے رے
مرے جیو کا بھروسا دم نہ کیجو
سویرے آئے کر دیدار دیجو
ارے یہ چیت رت جلتی رہے گی
تمن بن برہ بتی جلتی رہے گی

ارے بھادوں کہاں ساون کہاں رے   ملوٹکہ آئے کے فانی جہاں رے
(ورق ۸ ب ۹

جیٹھ کی گرمی

از بارہ ماسہ مصنفہ افضل

دیکھوں اب جیٹھ سوں دھوپاں پڑت ہیں   ہمیں حیران و سرگردان پھرت ہیں
جنھوں کے ہیں سکھی اس رت پیا گھر   اونھوں کوں سرد خانے ہیں میسر
ہمارے پانو ننگے دھوپ سر پر   پھروں ہوں دوڑتے پیو باج گھر گھر
وو بپھری ایکلی کیا دکھ بھرت ہوں   پیا کی جستجو۔ بن بن کرت ہوں
بھبھولے سر اوپر چھائے گگن سوں   پھپھولے ہو چلے سارے بدن سوں
اوٹھن بیٹھن کی طاقت نا رہی رے   سنجالوں جان تن کب لگ رہی رہے
سکھی ری، ہی کہے جا دلربا سوں   ستمگر پر جفای و بے وفا سوں
کہ بارہ مانس بھی تم بن بہائے   ارے ظالم کہو تم کیوں نہ آئے
ترے غم نے نپٹ مجھ کوں دہارے   یہ مکسے جیوں لبوں پر آرہا رے
غمت سوں جان زتن باہر پڑے گا   کہو یہ خون کس کے پر پڑے گا
جو اپنی عاقبت کی خیر چاہو   رخ جان بخش کوں اپنے دکھاؤ

(ورق ۹ ب۔ انڈیا آفس فارسی (۱۲۴۳ ا
(ورق ۱۷ اب " " " (۱۲۴۴)

دنیا کی بے وفائی

از ہشت بہشت مصنفہ ملک خوشنود

تنوطی طبیعت رکھنے والوں کے لئے یہ نظم یقیناً دلچسپی کا باعث ہوگی۔ اور اخلاقی نتیجوں کے مدنظر بھی اس کا مطالعہ فائدہ سے خالی نہیں۔

عجب بے مہر دنیا بے وفا ہے
محبت عین اس کا سب جفا ہے
سجتے ہیں دوستان فرزند ساتی
سکل ہے گور لگ او سب سنگاتی
نچھل نیکی کے گھر کا ڈال بنیاد
ترے بعد از کرے سب خلق تجہ یاد
نکر ایسا بدی جو سر دھناوے
موے پیچھے ترا کوئی غم نہ کھاوے
ملے ہے باپ بھائی سب مرائی
ولے کوئی گور میں ہرگز نہ آسی
کہاں دارا۔ سکندر شاہ کیانی
کہاں جمشید جم۔ حاتم دورانی
کہاں خسرو کہاں اور رستم زال
سنیا نوشیراں کا کیا ہوا حال
جداں لگ ہے سکت ہاتا سے زور
تداں لگ سب اچاتے دوستاں شور
چلے جوں نیک مرداں چل تو خوشنود
خدا حاصل کریں گا۔ دل کا مقصود

(ورق – ۱۷۶ ۹)

شہزادوں کی ذہانت

از ہشت بہشت ملک خوشنود

ذرا ذرا سی باتوں سے بڑے بڑے نتیجوں تک پہنچنا ہر آدمی کا کام نہیں۔ اکثر تو ایسا ہوتا ہے کہ ایک غیر معمولی ذہانت کی تخلیقیں عام انسانوں کے لئے اس وقت تک ناقابل وثوق رہتی ہیں جب تک کہ ان کی اصلیت کے ثبوت چاند اور سورج کی طرح ظاہر نہ ہو جائیں۔ ذیل کے قصہ میں شاعر چند ایسی ہی ذہانتوں کو پیش کرتا ہے۔ اس قسم کے ایک دو قصے ہماری آج کل کی انگریزی نصابی کتابوں میں بھی نقل کئے گئے ہیں لیکن یہاں جو تفصیل شعری حلاوت اور فسانوی کیفیت پیدا ہو گئی ہے اس سے اس طرز کے جدید قصے محروم ہیں۔

اول کے دور میں یک بادشاہ تھا
اتھا مشہور او جوں سور مہ تھا
اتھا عاقل چتر پر دیستہ گیانی
نہ تھا دنیاں میں اس کا کوئی ثانی
گن ایک جس میں وسے دانش وری کا
اسے منصب دلاوے سروری کا
عجب خوبی کا دل میں رنگ رس تھا
بزرگان سات ملنے کا ہوس تھا

اتھے اس شاہ کوں سب تین فرزند   کلس تے ایک عاقل ہور خردمند
تونگر علم ہور تھے مال وہن میں   نہ تھے عاجز ہر یک حکمت کے فن میں
سکل عاقل ان کے جیوں قلی تھے   کہ جیوں دانا فلاطون بوعلی تھے
بجا نو کیا نول شہ دل میں لایا   جدا ہر یک جوان کوں شہ بولایا
کھیا ہر یک جوان کوں آزمانا   جو ہے کل جگ کا یو کھوٹا زمانا
دہروں گا کون کہتا ہے سپاہی   کروں گا کون کہتا بادشاہی
بڑے فرزند کوں بولیا خردمند   کہ توں عاقل سخی عادل ہنرمند
جوانی سے دیا حق منج کوں بیری   خدا تج کوں کیا ہے دستگیری
بہت عاقل ہے کر توں بادشاہی   سکل خوبی سوں رکھ توں مرغ و ماہی
جو راضی جم اچھے معبود تجہ سوں   جہاں کا خلق سب خوشنود تجہ سوں
ضعیفاں کوں بہت کر دستگیری   جکوئی دانا ہے اس کو دے وزیری
دہریا سربھین کیا دانا خردمند   بہادر پادشہ کا نیک فرزند
جداں لگ ہے گگن پر چاند تارے   جداں لگ ہیں عرش کرسی چہارے
تداں لگ کر توں جگ میں بادشاہی   اچھے تجہ شاہ کا عالم سپاہی
عجب یو تخت افسر بخت ہشیار   بغیر از تجہ نہیں کس کوں سزاوار
تونگر کوئی نہ کہے بے نوا کوں   ندے ہے بادشاہی کوئی گدا کوں
اگر ناداں کوں جینے سوں کام ہے   بغیر دانا اسے جینا حرام ہے
جھلکتا ہے جہاں تجہ سار کا سور   ستارے تیوں جس میں دستے ہیں نور
بہت جگ راج کر ہور شادمانی   خضر کا تجہ اچھو جسم زندگانی

صرا سر آزمایا شاہ گفتار   کیا دل میں کہ ہے یو نیک کردار
کیا دل میں خوشی جب آزمایا   ولے ظاہر غضب کر بھار کھایا

[1] پھر کہا

دوسرا فرزند

اتھا فرزند دوجا تس بلایا
کنک دل کا خوشی سوں آزمایا
بہت افسوں گری سوں دل بھولایا
ولے ذرہ خطا اس میں نہ پایا
سوالاں جو کیا شاہ خردمند
جواباں سوں کیا فرزند زبان بند
کھیا جو توں کہے سو میں کروں گا
ترا فرمان میں سر پر دھروں گا
ولے یوں بادشاہی تجہ روا ہے
جکوئی دوجا منگے او ناسزا ہے
اتا کال زور ہے بندے کے دم کوں
دھرے گا تخت پر جیو کے قدم کوں
فلک بے مہر گر تج سوں پھرے گا
کیا دسریاں سوں دون تج سوں کرے گا
کیا نیں کوئی ابد لگ زندگانی
وفا کس کوں کیا دنیائے فانی
اگر ہووے کدہیں تو شاہ راضی
کرے دے تخت جگ میں سرفرازی
بڑے فرزند کوں دے تخت گیانی
ترے بعد از کریں گا جگ نورانی
بڑا ہن نا چڑے معراج پر کوئی
نہ تھا موتی نہ رکھے تاج پر کوئی
بندیا سہ کانت دے دو چاند یک سور
حضوری تھا نظر سو اس کیا دور

تیسرا فرزند

کیا شہ رخ جدہر تھا خورد دانا
کیا جن عقل میں جگ کوں دوانا
للیا شہ بھوت چھند سوں آزمانے
کنک جیو کا کسوٹی پر لگانے
دیا جواب اے شاہ سبحانی
کہ طفلاں سوں نہ ہوسے کاردانی
جب اس فرزند کوں شہ آزمایا
بہت کچ شادمانی دل میں پایا

بادشاہ کا عتاب

کھیا شہ تین گوہر ہے شرفناک
رتن جوں کہاں ان کے گوہر سوں پاک
ہوا خوش حال اپنے تخت پر سوں
کیا سجدا خدا کوں تخت پر سوں
دے فرمان دیا تینو رتن کوں
نکل جا دو تمیں ہر یک پٹن کوں

بہاں لک ہے مرا سب مرغ و ماہی
جہاں پھرتا ہے منج شہ کا دورائی
رہیں گے واں تو ماروں خوار کر ہیں
سیاست کر دہروں گا دار پر میں

شہزادوں کی صحرا نوردی

کہے جب بات اس شہ کی پیادے
سیاہ پوش ہو چلے او شاہزادے
بندے توشہ چلے سٹ طمع گھر کا
تماشا دیکھنے سب بحر و بر کا
گئے جب شاہزادے شہر سوں بہار
بغیر جنگل پہاڑ ان کوئی نہ تھا ٹھار
پنچے ہر شہر میں آوے سو سیتے
خرابے میں کدہیں جوں شیر سوتے
اتھا سب مغز سر میں سروری کا
ولے پکڑے ہنر سوداگری کا
ہر یک شہ کے نگر میں یو دلیراں
چلیں بکری اوپر جوں مست شیراں
ہوا ایک دن قضائے آسمانی
چلے یک ٹھار مل یو یار جانی
جو مل یک شہر کے نزدیک آئے
بندے گھوڑے وہاں آرام پائے
اتھا اس شہر کے نزدیک جنگل
رہے اس بن میں یوں جوں مست منگل
یکایک ایک زنگی دوڑ آیا
کہ جوں شیطان اپنا مکھ دکھایا
ہنسے سب تھا ستے سن اس کے ہانکاں
رتن زنگی کے جوں گاڑی کے چاکاں
لھوے کی کان میں یک باذلی تھی
مسل سی پیٹ پر روما دلی تھی
ہندیا تھا جھاڑ کے جو گرد پاتاں
ہتی کے دانت سوں کچ کم کتے داتاں
اتھا بدشکل کالا جوں سیاہی
دیکھت شیطاں ڈرے ہور مرغ و ماہی
کیا اے سور بیٹھے سور زادے
ہر یک جوں چاند ہے یا شاہزادے
میرا یک اونٹ اس باٹوں گیا ہے
نشان دیو تو منج پر لک میا ہے
گیا ہے کاں اگر بولے تو جانوں
جھینے کا خبر یک پل میں لاؤں

شہزادوں کا جواب

کیا اس تین میں کا یک خردمند
جو تھے عادل، ہنرمند شہ کے فرزند

کیا دانا ستھر ور زور ہے او   کیا یک آنک اس کا کور ہے او
کیا دوسرا چستر کینا دہرم ہے   جو اس کے موں سے یک دانت کم ہے
کیا تسرا جو عارف رنگ رنگ اہے   ولے اس اونٹ کا ایک پانوں لنگ اہے
دیے ہر ایک جواب اس بات دہاتوں   گیا ہے اونٹ تیرا بیگ جا توں
ہر ایک عارف بچن جب یو سنایا   ڈھونڈ نہارے کوں جا نو جیو آیا
یوں تینوں میں دکیتا کام توں او   چلیا یوں شاطر اپنے کام کوں او
بلوں دل تے چل جانا سو بن میں   یون سوں جوں سرو دلیا چمن میں
چرن کے او ترنگ کرتے نہ تھے گرم   قدم پر دہر قدم چلتے اچھے نرم
چلے آئے وہاں یو تین گیانی   اتھا یک باغ نادر صاف پانی
ولیا یک جھاڑ اونچا جوں گگن تھا   ہوا ہور چھانوں جیو ندہر پھول بن تھا
بیک طوبا مگر تھا نام اس کا   جو یک یک کوس دوڑیا چھانوں اسکا
کچ یک کھائے پیے ملہ ہات دھوئے   بندے گھوڑے وہاں ٹک سکہ سوں سوئے
ہوئے ہشیار سوں بھی بات کرتے   خوشی کوں یاد کر غم کوں بسرتے

زنگی کی واپسی

گیا سو ساربان پھر پھر کر آیا   بہت کچھ شور ہور غوغا اچایا
غضب کی آگ کوں روشن کرا کر   زبان کی تیغ کوں پانی دلا کر
کیا دو کوس دوڑیا ہوں ادہر میں   جہاں بولے تمہیں دیکھا اودہر میں
نہیں دیکھیا ہوں بچھو سانپ جھاڑاں   نہیں دیکھیا ہوں کانٹے سخت ٹھاراں
ولے دیکھیا نہیں میں گرد اس کا   بھریا ہر بال میں سب درد اس کا
یون یتوں میں بھوت جلدی سوں دھایا   اوڑیا کیا کہن اوپر یا تھیں چھپایا
کیا جانا میں کا یک جوان دانا   جلچ سمجھیا ہوں میں سونا چھپانا
گھڑا گھیو کا بھریا ہے اس طرف جان   شہد کا اس طرف لا دیا مرتبان

کیا دو جا کہ اس پر استری ہے
چپتر باغ ارم کی ستر پری ہے
کیا اترا جو ہے او پیٹ سوں نار
شکم کے بھار سوں ہوتا ہے آزار

چوری کا شبہ

نشانیاں تھے جتے پایا او زنگی
کیا ثابت اونن پر او کرن کی
نہیں سمجا اونن میں ہے امیری
ہلوں آکر کیا او خوردہ گیری
کیا یو چور ہیں دستے بھلے یو
بشر کے کاٹتے پھرتے گلے یو
ترنگ مانک رتن کس کا جو پاویں
او جوں سُرما نین میانے چھپاویں
میٹھے باتاں کرتے دلنوازی
ٹھرپتی نمن دیتے ہیں بازی
حرامیں کاں چھاٹے ہو سیناسی
جنگل میں خلق کوں دیتے ہیں پانسی
بڑے ساحر برے ہیں چور سرزور
چرا مردہ کفن خالی کریں گور
زباں کا کر ڈھنڈورا سوڑا وچایا
تماشا دیکھنے سب خلق دھایا
ملے ہالے نمن سب خلق سارے
اتھے جیوں چاند میانے او بچارے
کنک کہتے اتے ' ہیں شاہزادے،
کنک کہتے کہ ہیں یو چور پیادے
کہے سب مل کہ تینو کوں جکڑ کر
لیجا توں شہ کنے سب کوں پکڑ کر
جب آئے شاہ کن تینو جواناں
نظر کر خوب دیکھیا شاہ دانا
کیا تو ساربان سب کن کے دھاتاں
نشانیاں اونٹ کے بولے سو باتاں
سکل باتاں لول شہ کن گیا او
جتا کہنا اتھا کہ چپ رہیا او
کیا تینو کوں شہ یو حال کیا ہے
کہو اس بات کا احوال کیا ہے

شہزادوں کا جواب

دعا اول کئے او تین یاران
جو اپنے ملک کے تھے تاجداران
جداں لگ رات دن ہے مرغ ماہی
تداں لگ کر لتوں جگ میں بادشاہی
جداں لگ ہے دہرت ہور سور کا نور
اچھو تج شاہ کا یو ملک معمور

ہمین تینو مسافر ہیں غریباں
جہاں کے فیض سوں ہیں بے نصیباں
بہت برساں کے پھرتے ہیں اداسی
ریاضت کی گلے میں کہاں پھانسی
ہمیں دیکھے تماشا سب نگر کا
عجائب ہور غرائب بحر و بر کا
ہنیں ہمنا کوں بھاتا شہر گوشہ
طمع کا نین ہمارے پاس توشہ
خدا کا ہے بہت ہمنا پوسایا
جو شہ کے شہر کے نزدیک لایا
اول آیا یو زنگی جوں سپاہی
ڈرے جنگل کے سارے مرغ و ماہی
کیا دیکھے تو میرا اونٹ بولو
درتیچے راستی کے خوب کھولو
ظرافت کا اوڑائے یاں سوں زاغ
کہے ہنستے، لگیا بدنام کا داغ
گسنہ کی تو لگی ہمنا کوں جھولی
نہیں دیکھے سو باتاں جھوٹ بولی

بادشاہ کا حکم۔

غضب میں آ گیا تو شاہ گیانی
نہیں دیکھے سو بولے کیوں نشانی
کہو یک بار قصہ دھیاں سوں ہیں
سنوں گا جیو کے دو کان سوں ہیں
جو کوئی صورت نہیں دیکھے ہرن کا
نشانی کیوں کہے اس کے برن کا

شہزادوں کا جواب

کئے سجدہ دکھائے خاص اخلاص
کہے بندے ہمیں ہیں شاہ کے خاص
ان میں کا چتر یک مرد ہشیار
کیا میٹھے بچن سوں نیک گفتار
بہت جگ راج کر چھتر سے سوں
ترنگ جم وان گھر ملتے ہیٹے توں
کیا یک بات پھر انڈھلا سو میں ہوں
سمج اس اونٹ کے اس دھات پرسوں
جتا و گشت جنگل میں کریا ہے
جہاں تاں یک طرف اکثر چریا ہے
بندیا میں نقش اکثر اونٹ ہے کوہ
جو چرتا یک طرف کا سخت ہے زور

دوسرے کا جواب

کیا دوجا کہ سن اے نیک فرہنگ
کیا ہیں اونٹ کا یک پاؤں ہی لنگ

شہ پر عہ کہا عہ کہا عہ جتنا شہ کہا۔

چلیا تھا پاؤں گھوڑا اتا سجانی
دیا منج ریت پر اس کا نشانی
سمج اس بات پرسوں میں جو بولیا
کہ جیوں نمایب چتر شطرنج کھولیا

تیسرے شہزادے کا جواب

جو تھا تیسرا چتر عاقل خردمند
کیا[1] تھا دانت یک کم ہے ہنرمند
کیا[1] او شاہ کا سن خوشش زبانی
کیا عرفان سوں گوہر فشانی
دسیا منج ایک ٹھارا او اونٹ آیا
وہاں کے شاخ پات او توڑ کھایا
جو گال اس کا پڑیا تھا ایک کنارے
بہت پاتا ذرے[2] ہے تھے اس میں سارے
کیا[1] میں یو سمج توں شاہ جم ہے
جو اس کے موں منے یک دانت کم ہے

سنیا سب بات بولیا شاہ دلدار
سکیے ہیں یوں سمج یو تین گفتار
ولے بولے تمہیں بھی تین باتاں
کرو اظہار اس باتاں کی دھاتاں

کیا اول جو قصہ شہد گھیو کا
سمج بولیا چھپیا سو راز جیو کا
اتھا او یوں زمین کے خاک اوپر
پڑیا تھا سمج شکل خاشاک اوپر
مکھیاں بھی یک طرف تے شور چاٹے
زرہ پوشاں بنن جوں دل پو دھاٹے
اتھا و جے طرف چیٹیاں کا تو ندل
پون کوں تل نہ تھا جانے وہاں بل
جدھر چیٹیاں اتھیاں سمجا کہ گھیو ہے
جو اکثر گھیو چیٹیاں کا سو جیو ہے
جدھر مکھیاں اتھے بولیا شہد جو ہی (؟)
جو مکھیاں لفل شہد اس کا سو جیو ہی

کیا[1] دو جا جو بولیا مہ پری ہے
چترا سوار اس پر استری ہے
دسیا منج یو جو بیٹھا اونٹ کنانی
دہریا کر کا گکر پایا نشانی (؟)
جہاں بیٹھا اتھا سند اونٹ بھاری
آرافت واں کمر کیتے تھے اوتاری (؟)

---

[1] کہا [2] جھڑے

پرن ناسک میں اس کا باس لایا　　میرے روم روم میں سب شوق ٹھایا
کیا میں حکم اس میں شہتری ہے　　نہیں اسوار مرد او استری ہے

کیا تیرا جو بولیا بیٹ سوں نار　　ہوا معلوم یو سن شاہ گفتار
اوٹھی تھیں پر سوں جب اسوار ہونے　　لگی تب فکر کے موتی پرونے
جہاں تھا نقش دو پگ و سنبھالی (؟)　　انگے دو ہات کے تھے نقش کیالی
چرن دیکھ چار اس کے راز کھولیا　　اسے او بیٹ سوں کر بات بولیا

(برٹش میوزیم مخطوطہ۔ نمبر ۱۰۵۹ ورق ۹۱ تا ۹۴ ب)

پہلی ملاقات

از بہرام بانو حسن مصنفہ۔ امین

بہرام باغ میں محو تفریح ہے۔ شہزادی حسن بانو اور اس کی تین سہلیاں تالاب میں نہا رہی ہیں۔ اور بہرام ہی کا ذکر چل رہا ہے۔ بہرام حسن بانو کو دیکھ پاتا ہے اور تقریب بہر ملاقات کی خاطر نہانے والیوں کے کپڑے چھپا دیتا ہے۔

نہانے کے بعد جب حسن بانو اور اس کی سہیلیاں کپڑے پہننے کے لئے کنارے آتی ہیں۔ اور انہیں کپڑے نظر نہیں آتے اس وقت کی نفسی کیفیت اور پھر عالم بے چارگی میں ان کی شوخیانہ خود غرضی امین نے نہایت پر لطف طریقہ سے ظاہر کی ہے۔

سہیلیاں جو تھیاں تین اس کے سنگات　　انوں بلنے لگے یہ اس وقت بات
سنا شہر فارس کا ہے بادشاہ　　ہے خوبی منیں خوب جیوں مہر و ماہ
کہتے ہیں بہوت خوبصورت ہے او　　فرنگ چین کی خوب مورت ہی او

سلہ کہا

اگرچہ وہی آدمی زاد ہے
چندا اس کے آگھیں[1] سوبی[2] مہات[3] ہے،

پے آیا اسے دیو عاشق ہوکر
رکھا ہے لیا کر اپس ٹھار پر

کبوتر ہو اسکوں چلو دیکھ آئیں
بچھوں اپنے گھر کوں اپن سب ائین

اوٹھی بول بالوحسن تب شتاب
میں دیکھا (ہے) امشب پریشان خواب

نہیں کچھ نفا آج اس بات کا
مرے دل میں دھوکا ہے کچھ گھات کا

کہ واللہ اعلم لگے کچھ بلا
اپن سب اس اوپر ہویں مبتلا

میرے دل کوں دہشت بڑی آج ہے
نگھبان اپناں خدا آج ہے

دکھیں (لگے) کیسی اور دن اے کر
اچھی نیک ساعت اپن پائے کر

اپس میں وہ کر آپ اپنا قرار
نہا کرکے پانی سین آیاں بہار

ندیکھا اپس رخت کوں ٹھار پر
اوٹھیاں وہ ترت سینہ (پر) بار کر

وہ رونے لگیاں وہاں نپٹ زار زار
صبر کر گریبان کے تیئں پھاڑ پھاڑ

لگیاں دل میں کرنے اپس کے بچار
ہویاں غم سوں رو رو بہوت بے قرار

خبردیو (ہ) ہے کون ایسا بشر
جنے اس جگہ آ کیا ہے گذر

لگیاں ڈھونڈنے باغ بھیتر تمام
ہریک ٹھار گذریاں وہ ہر ایک مقام

وہاں ڈھونڈیا (ں) بہوت بیزار ہو
اپس میں وہ سب آپ لاچار ہو

کھڑیاں ہو اسی ٹھار کیتا اواز
کہ اے ذرو چھندی وحیلہ دراز

توں ہے آدمی یا فرشتہ مگر
کہ ہے جن پری دیو بیدادگر

تو ہوئے، اپس کی کہے آ مراد
قسم ہے خدا کی کریں اس کوں شاد

وہ سن شاہ وان سیتے آیا بہار
دیکھت شہ کی خوبی گیاں سدہ بسار

ترت سیتی ملکر یوں کیتی عرض
کہوں تم کوں ہم ساتھ کیا ہے غرض

جو کپڑے ہمارے رکھیں ہیں چھپا
جو پچ کچ دل میں ہو وے سو ولو تم بتا

انوں ساتھ تب شہ اوٹھا بول کر
چھپے راز دل کے سبھی کھول کر

[1] آگے [2] بھی [3] ات

تمارے جو ہے ساتھ بانو حسن
میرا جیو اس پر ہوا ہے فدا
یہ سن کر پریوں نیں(نے) دیا تب جواب
توں ہے بادشاہ جگ میں انسان کا
توں ہے شہ خردمند روشن ضمیر
ہماری زبان سیں کہیں کیا تجھے
عبث تم نے ہم سوں کیا ہے خیال
کہاں ہم پریزاد کہاں آدمی
دیو کپڑے ہمارے اپنے دیو رضا
کہا شہ نے ہرگز نہ ہوئے یہ بات
مرے تئیں اسی ساتھ اب کام ہے
اگر تم کرو فند ہزاران ہزار
دیکھا تب پریوں نیں یہ اٹکا ہے اب
کریں کیا اپن اب اسے کا علاج
کہا اس کوں اپنوں میں سمجھائے کر
ولیکن نہ سمجھا یہی شہ جوان
یہ سب پر کہیوں تم تو عاشق نہیں
ہمارے دیو کپڑے ہمن ہات میں
کہا شہ نے نور علےٰ نور ہے
دئیے کپڑے ان کے سو ہو کر خوشحال
لے کپڑے سہیلیاں گیاں گھر طرف
خجل ہو سر و پا ڈوبی آب میں

اپنے دل میں میرے کیا ہے وطن
خدا اس سیں مجکوں نہ راکھے جدا
اوٹھا شرم کا مکھ سوں اپنا نقاب
تجھے ہے مراتب سلیمان کا
توں ہے جگ کے انسان میں بینظیر
یو (ہے) سب حقیقت ہویدا تجھے
یہی بات ہونی نپٹ ہے محال
کہاں آسمان اور کہاں ہے زمین
خدا اس کا دیوے گا تم کوں جزا
مراجی لگیا ہے اسی کے سنگات
مرے دل میں اب یہ دل آرام ہے
نہ دیوں گا میں کپڑے تمہیں ایک بار
اسے دیکھ شہ دل میں ہٹکا ہے اب
کٹھن سر پہ مشکل پڑی آکے آج
بہوت حکمتاں سیتے بہلائے کر
چلا چھوڑ اس کو اپن ہو یں رواں
سہلیاں ہیں ہم تیرے لائق نہیں
تجھے ہے نفا دیکھ اس بات میں
یہی بات مجکوں سوں منظور ہے
رکھا رخت بانو کا شہ نیں سنبھال
ہوا ہوش اس کا سبھی برطرف
پڑی غم سوں حیرت کے گرداب میں

(صفحات ۱۱ب تا ۱۳ ا)

۱؎ نے ۲؎ نے

پریوں اور دیوؤں کی لڑائی

از قصہ تمیم انصاری مصنفہ صنعتی بیجاپوری

تمیم انصاری کو دیو یا بجوین طبق کے صحرا میں لیجا کر پھینکدیتا ہے وہاں پریوں کی شہزادی ان پر عاشق ہو جاتی ہے اور جب دیو انہیں لیجانے آتے ہیں تو پریوں اور دیوؤں میں لڑائی ہوتی ہے

سو کرنے کوں دیوان اوپر مار مار   چلیا دل پریانکا ہزاراں ہزار
پریاں کی ترنک جب ہولتے اوٹھے   کہے تو گگن سے شہاباں چھوٹے
ہوا پر سوں پریاں کی فوجاں چلیاں   توں بولے کہ دریا کیاں موجاں چلیاں
ہویاں روبرو جب صفاں بے شمار   ہتیاراں سنبھالے سو مارے ہنکار
پکڑتے تھے میدان لڑنے جو تیز　　لگے ڈر سوں ڈہنڈنے کوں راہ گریز
کیا سالھا کا گھڑی یک میں کام　　رٹیا کھود فتنے کا پایہ تمام
ادک پایہ مردی سوں یو شیر مرد　　اوڑایا کھنڈل کر غنیماں کی گرد

(صفحات ۳۱۱ تا ۳۲۰)

نماز ٹٹنے کا بیان

از

شریعت نامہ مصنفہ شاہ ملک

یہ نظم ادبی نہیں۔ لیکن اس لئے شامل کرلی گئی ہے کہ اس کے پڑھنے سے یہ معلوم ہو سکتا ہے کہ دو سو سال پہلے اردو میں خشک موضوعوں پر بھی کس سادگی کے ساتھ نظمیں لکھی جاتی تھیں۔

نماز کے تٹنے کے ہیں بیست و پنج　　نمازی نے کرنا ہے یو یاد گنج
نماز میں کرے بات یا کھائے توں　　پھراوے جو قبلے تے سینا و موں
بھی کرنا سلام یا توں اُس جواب　　دیے تو بی تٹتا ہے سن اے شہاب
نماز میں پکارے دیا آہ کہے　　تٹیگا اگر اوہ ہور واہ کہے
بھی تٹتا درد کے رونے منے　　کرے گا عمل یک کثیر اجنے
کھنکارے اگر بے عذر کوئی یار　　تو جائے گا نماز اس تے سن اے ہشیار
پڑھے گا غلط کوئی قرآن کوں　　بھی تٹتا پھرے دیک فرقان کوں
طلب بھی کرے یوں خدا تے جنے　　جو کرتے طلب جوں کہ ادمیاں منے
بھی دینا جواب چھینک کا در نماز　　ہنسیگا جو قہقہے ستے یا اواز
تٹیگا فرض ترک کرنے منے　　بجس پر بی سجدہ کرے گا جنے

امام مقتدی غیر بھی لیوے بول   تٹے گا بی اس تے کتا ہوں سو کھول
بھی بولے خطا اپنی غیر از امام   نماز ہووے فاسد بی اس کا تمام
بھی اچھنا برابر مرد زن اگر   موافق روا تحریمہ یک دگر
زمین تے اچاوے تو سجدے میتے   بھی تٹتا اگر ہردو پاوان کنے
بھی صاحب ترتیب اچھیگا جو کوں   وقت بی نماز کا اسے تنگ ہوئے
تٹے گا نماز اس تے سن نیک رائے   نماز میں قضا گر اسے یاد آئے
امام تے اگیں مقتدا ہوے کھڑا   تٹے گا سو جا نو کھنا تا بڑا
خبر نیک بد یا عجائب جو کوئی   اگر چہ بقران حدیث سیتے ہوئے
نماز میں جو اس کا دیوے جاب گر   تو جائیگا نماز اس تے سن کان دہر

(اوراق ۱۴۳-۱۴۶)

سوال و جواب

از

بہرام و گل اندام مصنفہ طبعیؔ

ان دو نظموں کی خصوصیت یہ ہے کہ غزل کی شکل میں شاعر نے دو مسلسل مضمونوں کو ادا کیا ہے اس قسم کے غزلوں کی اردو میں قابل افسوس کمی ہے ۔

بہرام کا سوال

غزل

ہوا مجنون بردتے سدہ گنوا میں   اتھا دانا سو دیوانا ہوا میں
تجے دل میں چھپایا ہوں ایس کے   خرابے میں لگایا ہوں دیوا میں

اچایاں ہوں تمہے غم کے پہاڑاں عجب ہے نین سنیا پھنکر موا میں
صنم تیرے بدل ہوکر برہمن گلے میں اپنے بھایا جانوا میں
منجے کیا دیکھتی از مان گل اندام پرانا ہوں نہیں عاشق نوا میں

(صفحہ (۵۹)

گل اندام کا جواب

غزل تجے حاصل نہیں ہے مجہ تے بن غم نکو کر غم میں اپنا پانو محکم
تیرا دل ہو گیا پھوڑا دکھوں تے نہیں اس زخم کا منج پاس مرہم
مرا پا لعل پو سر تیرا نہ اپڑے کرے کھن کی نمن گر تو کمر غم
کدہاں لگ غم توں کھانگا بول بار منجے توں چھوڑ دے آج بھوت خورم
نیا گا اس چمن میں تے توں میو ہوا کوتہ سخن واللہ اعلم

(صفحہ ۶۰)

حبِّ وطن

از بہرام و گل اندام مصنفہ طبعی

طبعی کے یہ تین چھوٹے چھوٹے پارے اخلاقی شاعری میں ایک اچھی جگہ حاصل کر سکتے ہیں۔

جکوئی یاد کرتا نین اپنا وطن۔ ادمرد اہے پیرن ہے اصل کا کفن
اگر کوئی غربت میں شاہی کرے اگر مال ہور ملک لاکھاں دہرے
اپس کوں دیکھے کھول کر جو آنکھیاں دیسے خاک تن کا وطن کا نشان
وطن سب کوں دنیا میں پیارا اہے سفر یہ سوجوں باد باران اہے

(صفحہ (۷۳)

قابل دوستی

نکو دے (توں) مجلس میں ناکس کوں راہ
کہ سہل آدمی تے خدا سے [illegible]
نھنے آدمی تے توں ہرگز نہ مل
نہ ہنس ہر کسی دیکھ کر کھل کھل
ہمیشہ توں اچ عاقلاں کے حضور
یو صحبت ستے جاہلان کے ہو دور
توں مجلس تے نادان کوں دور کر
گھر اپنا بزرگان تے معمور کر
ہمیشہ ہنرمند سیوں یار ہو
توں صورت تے جاہل کی بیزار ہو

(صفحہ ورق ۳۴)

غور و مشورہ

توں اندیشہ ہر کام میں بھوت کر
کہ اندیشہ ہے بھوت عالی گوہر
نکر کام ہرگز توں اندیشہ باج
کہ اندیشہ ہے کام کے سر او تاج
کر اندیشہ ہر کام میں بے حساب
کہ اندیشہ بن کام ہوتا خراب
ہمیشہ توں مل بیٹھ عاقل ستے
توں اندیشہ کر مرد کامل ستے
نہ کر توں اندیشے بغیر کام کچ
بد اندیشہ کرتا اہے کام ہیچ

(ورق (۳۳) ب)

سوال و جواب

از دیوان عبداللہ قطب شاہ

عبداللہ قطب شاہ کی شاعری محمد قلی کی شاعری کے نہ تو ہم پلہ معلوم ہوتی ہے اور نہ اس کی طرز پر کی گئی ہے زمانے کے فرق کی وجہ سے ان کے خصوصیات میں بھی اختلاف پیدا ہو گیا تھا۔ اگرچہ لفظی شان و شکوہ اور زبان کی سلاست عبداللہ کے یہاں ضرور قابل ذکر ہیں لیکن خیالات کی بلندی اور اسلوب کی گھلاوٹ صرف محمد قلی ہی کا حصہ تھا۔ ذیل کی تینوں نظمیں عبداللہ کی قوت شاعری کا بہترین مظہر ہیں۔



سلطان عبداللہ قطب شاہ

سوال و جواب

گفتم کہ اے پری توں ہے فتنۂ زمانا گفتا کہ راست گفتی اے گھن بھرے سجانا
گفتم کہ در جہاں یا لیلیٰ ہو آئی ہے توں گفتا کہ من چو مجنون پائی ہوں تجہ دوانا
گفتم کہ خال و زلفت کیا ہے سو بول منج کوں گفتا کہ زلف راحت ہور خال سو ہے دانا
گفتم کہ در ہوایت پھرتا ہوں ذرہ ہو میں گفتا کہ در دل تو کی ہوں ازل تھے خانا
گفتم کہ خانۂ تو کاں ہے نشان دے منج گفتا کہ ذرہ پرور سورج ہوں میں توانا
گفتم کہ در دہانت امرت کا ہے چشمہ گفتا کہ خضر ہو توں اس چشمے پاس دھانا
گفتم کہ کیست ایں جا تیرا پران پیارا گفتا کہ شاہ عبداللہ ہے ترا پرانا

(صفحہ ۷۸۲)

(۲)

عشرت محل

بول دل کشا عشرت محل مطبوع اوتارا ہوا جوتی زمین کی پیٹ جیوں مشتری مارا ہوا
ہر طاق یاں خوش طرح کا دستا دریچا فرح کا عاجز ہوا اس کی شرح کا حیوان سینارا ہوا
انکھیاں سوں چندر سور کے دیکھ آسمانا ان دور کے عاشق ہیں اس کے نو کے کیا خوب لیے ٹھارا ہو
دیویں صفا دیوار سو لک نقش ٹھارے ٹھار سو خوش تان یاں عطار سو فردوس کا ہارا ہوا
نازک اچھنبا بے بدل کہیں بھر پا ایسا محل باندیا نہ کوئی آخر اول جمشید یا دارا ہوا
جیوں پھول تازا بن منے جیوں پوتلی یو جن منے تیوں آج اس دکھن منے یو محل اتم سارا ہوا
صدقے نبی کے پا اماں اس محل میانے ہر زماں جم عبدلاشہ ترکماں بھوگی گنہارا ہوا

(صفحہ ۷۸۲)

(۳)

انتخاب یار

اے پری پیکر ترا کمہ آفتاب دیکھتا ہوں تو ہے نا منج میں تاب
یاد ایسا تا دکھاتا ہے ہنوز دیکھ تیری زلف کا پیچ و تاب

میں تجے بلقیس کوں تو کیا عجب
ساج ہے بلقیس کا تج کوں خطاب
قند ہو نا بات گلتا ہے ابھوں
دے نہ سکے ترے میٹھے لب کا جواب
تجہ بہشتی حور نوں دیکھیا ہے جن
ہم حرام اس پہ ہے دوزخ کا عذاب
شاہ عبداللہ نبی صدقے تجے
خوب رویاں میں کیا ہے انتخاب
(صفحہ ۲۰۳)

سخن

از

قصہ ابوشحمہ مصنفہ امین

شاعری کی فضیلت اور اس کے مادی فائدے ان چند شعروں میں نہایت خوبی کے بیان کیے گئے ہیں ۔

دنیاں میں بزرگی سخن کوں اہے
سخن تے بزرگی بشر کوں اہے
سخن تے ہوے او جو نا اہل بشر
سخن جس میں ہے سو او کامل بشر
سخن ہات سوں دیں بڑا اعتبار
سخن تج دنیا اہے برقرار
دلاتا ہے سب کوں سخن دولتاں
پناتا ہے سب کوں سخن کسوتاں
سخن خوب ہے سب جواہر ستے
سخن کے جواہر اہے سب کنے

روح افزا اور پیامبر

از

رضوان شاہ و روح افزا مصنفہ فائز

روح افزا اور شاہزادہ رضوان شاہ پر عاشق ہو جاتی ہے ۔ اور اس کی محبت دل میں طرح طرح کے شبہ پیدا کر دیتی ہے ۔ اسے یقین نہیں آتا کہ رضوان شاہ بھی اس کی محبت میں گرفتار ہو گیا ہے ۔ چنانچہ جب وہ ایک پیامبر کو روح افزا کے یہاں بھیجتا ہے تو وہ اپنے درد دل کو بے اختیار بیان کرنے لگتی ہے یہ شہ پارہ جذبات کی ترجمانی میں میر حسن کے اس شہ پارے کی ٹکر کا ہے جس میں بدر منیر کی حالت پیش کی گئی ہے ۔

وے شاہ کا دیکھ دیدار میں   پلک زد منے ہوی گرفتار میں
مرے دل منے سوز پیدا ہوا   درد عشق کا دیں ہویدا ہوا
ہوا باد بارا مرا جیو سب   مرے دل میں بھوکلاٹ بیٹھا عجب
میں باتاں منے گڑبڑانے لگی   مری جیب بھی لٹ پٹانے لگی
مرے موں پو کی لالی شابی گئی   مری بھوک بھو تیج شتابی گئی
کیتیک دن کوں اکلا ہوا مجہ او چاٹ   کیا برہ دل کوں مرے چار باٹ
اگر سچ کہوں اب بھی بے سدہ ہوں میں   مجھے اپنے گھر میں بھی آرام نیں
میری نین کوں نیند ہوی ہے حرام   بغیر شاہ کا یاد نیں مجہ کوں کام
نہ کس سوں یو گفتار کہنے سکوں   نہ یو دو کہ اپس دل میں سہنے سکوں
نہ اس درد میں کوئی سنگاتی مجھے   نہ کس کی رفاقت بھی بھاتی مجھے
ولے جو بھی کرتی تھی میں یو تلاش   کہ جگ میں نہ ہووے مرا راز فاش
اوپر خوش ہوں پکتی ہوں باطن میں میں   بہوت دوکہ دیکھی اس نھنے سن میں میں
مجے وقت گمتا نہیں ایک ٹھار   پکڑتا نہیں ٹک مرا دل قرار
دیکھیا نین ہے اجنوں مرا روپ وو   سمجھتا نہیں مجہ کوں اپروپ وو
اگر خوب دیکھے مرا حسن وو   تو پکڑے جنگل پھاڑ مجنون ہو
اگر ٹک دکھاوں مرے سور کوں   تو باطل کروں سور کے نور کوں
پھرے چاند ہر نس مرے آس پاس   کرے نور مکہ سوں مرے اقتباس
وجاہت منے مجہ کوں جوڑا نہیں   مرا حسن دنیا میں تھوڑا نہیں
ولے جب جو دیکھی ہوں شہ کا جمال   مرا حسن بسری ہوں میں مجہ میں حال
بغیر وصل دل نا پکڑے قرار   کری نین ہوں یو بات کیں آشکار
تجے جان محرم کہی ہوں یو راز   قصہ بول شہ کا توں نا آکو باز
کہ وو شاہ فرزند ہے کس شاہ کا   وو شہ جان ہے نور کس ماہ کا
اوسے عشق پنچا کہ یا نین ہنوز   وو بیدرد ہے یا کہ ہے دل میں سوز

اسے کون محرم ہے اس بات کا   ارادا ہے اس دل میں کس دھات کا
ترے شاہزادے کی سوں ہے تجھے   کہ ہے تیوں یوسب بولنا ہی مجھے
یو سنکر بوڈی ہوا دل سوں خوشحال   کہی سن کہ ہے تیو بچہ کہتی ہوں حال
وہ شہ زادہ ہے ناؤ رضوان شاہ   اوسے بی نہایت ملک ہور سپاہ
بلائی ہوں دو داس کوں نھن پن منے   دو پالے گیا میرے دامن منے
اوسے باپ لاڑاں سوں پالا بہوت   درد ہور دوکھ میں سنبھالا بہوت
وہ سمجھا کہ لادوں تجھے صید میں   پڑیا دوچ آخر تری قید میں
آتا بھی کہتا دیکھ کر ہر کسی   - - - - - - - - - - - - - - -
جو کچھ عاشقی میں ہے محنت کروں   لگاؤں دل اس سوں محبت کروں
کروں عشق بازی جوانی منے   یہی نفع ہے زندگانی منے
علم عاشقی کا اوچاؤں بلند   کروں آپنے دل کوں یک ٹھار بند
یکس کا ہوا ہوں گرفتار میں   اکیس کا پچ ہو کر اچھوں یار میں
حکایات مجنوں کی تازہ کروں   یو دیوانگی بے اندازہ کروں
ہوں خسرو محبت کی آئین کا   دیکھاؤں پھکا عشق شیرین کا
پرت کی بدیع سوں کروں یوں سلوک   جو بسرے ایس دو کہہ کوں سیف الملوک
کروں عشق میں اس وضع زندگی   کہ عشاق کوں ہوے شرمندگی
مری عاشقی کی روایت کہیں   مرے بعد میری حکایت کہیں
دوہی رات دن پیچ من میں بسے   اوسی غم سوں دل کھول کرنا ہنسے
برس سوں دیوانا ہے اس بات کا   نہیں آرام ہے اس کوں یک سات کا
اوسی خیال میں دیس گذرانتا   اچھوں دو ترا ناؤں نیں جانتا
ایکس کوں تپانا بھی یوں خوب نیں   نہیں مہر جس میں سو محبوب نیں
آنا رحم کرشہ کی جوانی اوپر   جفا بس ہے، آ مہربانی اوپر

(اوراق ۱۷ا تا ۲۰ا)

بات چیت

از

رضوان شاہ و روح افزا مصنفہ فائز

اس چھوٹی سی نظم میں اس حقیقت حال کو بیان کیا گیا ہے۔ کہ طریقہ گفتگو ہی کسی آدمی کا رعب قایم کرنے یا اثر بنانے کا سب سے بڑا ذمہ دار ہے۔ اور یہ کہ آدمی بات چیت ہی سے جانچا جاتا ہے۔

سمجھ آدمی کا دسے بات میں　　پڑے عیب سب بھار اسی سات میں
زباں سوں صدارت اچھے گیان کا　　زبان سوں ہے تصدیق ایمان کا
زبان سوں اچھے دوستی دشمنی　　زبان سوں ہی غم زباں سو ہی لاڑ
زبان سوں فصاحت ہے ہور شاعری　　زباں سوں کرامت ہے ہور ساحری
بڑی بست ہے آدمی میں زباں　　کہ سارا ہنر عیب کرتی عیاں
بندے علم منطق میں لوگاں کتاب　　کہ بولیں سمجھ سوں سوال و جواب
سمجھ بات کرنا بھی آسان نیں　　سمجھ گیان نیں جس میں انسان نیں

(ورق (۲۶) الف)

ایک خط

از

ظفر نامہ مصنفہ لطیف

ماہیار کا خط عمر علی کے نام جب کہ اول الذکر قید ہو گیا تھا وہ اپنی مجبوری کا ذکر اپنے آقا سے کرتا ہے

مضمون نامہ

سیادت پناہ صاحب و قبلہ گاہ　　مددگار تمنا اچھوں نت الٰہ
کہ مخفی نماند کہ تم پر یو راز　　کتا ہوں سنو سر بسر کھول باز
ازیں جانب اے فدوی ماہیار　　دعائے فراوان اکل استوار

کہ میں وہ محب ہوں تمارا سدا   یوں بولیا ستا یزید تیں ایندا
محمدؐ حنیفہ نہ تنہا اہے   ہنوز ان کی کے بھائی پنہا اہے
علی کے سپوتاں سو خونخوار ہیں   انن دل سے ان کے سکل یار ہیں
یو سب متفق ہوے کر ایک ٹھار   تج آخر سو ماریں گے کر خوار و زار

یو سن کر صلابت ولرزیا اٹھا   گیا تھا لسے ہیبتی یوں بتا
کروں کیا کہ دنیا بدل ہو اسیر   یو مردود کن ہو رہیا ہوں وزیر
ولیکن محب دین و ایمان تے   شریک ہوں تمارا دل و جان لے
کہ فی الجملہ کر بولیا ہوں بیاں   تمن پر سو مخفی ہووے یتوں عیاں
یو مطلب سو اتناچ تھا جان لیو   سو کر مشورت سیتے پچھان لیو
لکھیا ہوں کر اظہار مخفی کلام   زیادہ یہ کیا لیکھنا والسلام
(ورق ۹۵ب ۹۶ا)

شعری نتیجے

از

پدماوت مصنفہ غلام علی

غلام علی نے اپنی مثنوی میں ایک طرح کی جدت سے کام لیا ہے۔ وہ ہر بیان کے آخر میں اس کا ایک اخلاقی نتیجہ نکالتا ہے۔ جو اردو کی اخلاقی شاعری کا ایک اچھا جزو قرار پا سکتا ہے مثلاً حسب ذیل انتخابوں میں قسمت، دنیا کی بیوفائی اور نیکی وغیرہ کے متعلق اچھے اشعار پیش کیے گئے ہیں۔

غلام علی جس کے تیں ہے حیات   جسے حق کی توفیق سوں کوئی دعات
اگر جاوے گا باگ کن دھیٹ کر   کھڑا موں پھرا اس طرف پیٹ کر

پڑے جا اگر آگ میں ناگہاں   ہو وے اواگن اس اوپر گلستان

(۵۷)

غلام علی نین دنیاں میں وفا   کدہیں ہے خوشی ہور کدہیں ہے جفا
کہ جوں کاندکا ہے چونا زندگی   تو ہرگز نہیں کس کوں پا بندگی
دنیا کا لیوے کام کوئی سراوپر   پھرے او کتے کے نمن در بدر
دو دن کا سو جینا نکر پائمال   توں سٹ حرص کوں جو رہے خوشحال

(۷۰)

غلام علی کہہ بھلا ہر کسے   برا کہنے سوں جگ میں دشمن دسے
بھلائی ستے توں بھلا پائے گا   برائی سوں سر پہ بلا لیائے گا
ہو وے کوئی براتوں بھلائی نچھوڑ   برا بول کس کوں اپس موں نہ توڑ

(۶۰)

غلام علی جس سوں دل لائیے   بچھڑنے سوں بہتر جو جیو جائیے
کتے خون دل سوں سو دل لاؤنا   تو یک تل منے توڑ کر جاؤنا
جفا ور کے جالنے سے دک پائیے   تو انسان خاطر نہ غم کھائیے

(۵۵)

حالِ دل

از کلیات میر جعفر علی زٹلی

میر جعفر علی کو بالعموم ایک ہزل گو شاعر تصور کیا جاتا ہے ۔ اس کی حسب ذیل نظم ظاہر کرتی ہے کہ سنجیدہ مضمونوں پر بھی وہ قادر الکلامی سے لکھ سکتا تھا ۔ اس نظم میں جو عجز و انکسار اور انسانی فطرت کی حقیقی جھلکیں نظر آتی ہیں ان سے پتہ چلتا ہے کہ کس طرح ایک شاعر مجبوریوں کی بنا پر ٹیڑھا راستہ اختیار کر لیتا ہے ۔

دریغا از چہل بگذشت سالم   بجا باشد ازیں غم گر بنالم
کرے اب ڈھول راجا لے چڑھائی   ستی (؟) اب سیام ٹھاکر کی دھائی
ہوا جوبن نگر جب سب لنڈورا   پھرا جب ڈھول راجا کا ڈھنڈورا
ارے من باورے اب سو ناکیا   رسیلے نینواں) بن دن کھوناں کیا
بوڑھاپا آگیا جوبن گیا بھاگ   اندھیری ہو رہیں لٹکن لگے ناگ
ارے جعفر نکر اب سوچ آتنا   محمدؐ کے قدم سے لا و چیتا
محمدؐ بار اوتارن ہار سب کا   محمدؐ سرور سالار سب کا
محی الدینؒ صاحب پیر میرا   ملا دیں اب محمدؐ سے سویرا
خدا سیں رات دن ہت سیں بتا کر   محمدؐ یا علیؑ ہت سیں جبا کر
نہ تو رہے گی نہ یہ پنجرا رہے گا   بولا کر لال تجھ سے کیا کہے گا
جو پوچھے بات تجھ کوں لال پیارا   کہ پنجرے بیچ تیں کیا کیا سنوارا
چہ خواہی گفت اے طوطی جوابش   بکن امروز فکر دین خطابش
دریغ اے طوطی روحانی من   کہ گر در پنجرۂ جسمانی تن
نگفتی یک سخن از راہ وحدت   نماندی یک نفس با دشاہ وحدت
زبان بر ہزل گوئی ہا کشودی   دریغ اوقات خود ضایع نمودی
بآب و دانہ مشغولی دریغا   برنگ خانہ مشغولی دریغا

بآب و دانہ تومت بھول طوطی   بخوش الحان تومت بھول طوطی
نہ ایں الحان (و) آب و دانہ ماند   نہ ایں خانہ نہ صاحب خانہ ماند
نمیدانی کہ یہ پنجرہ جتن کا   کشد آخر بہ برحلہ کفن کا
کہے سب کی رہے کا خاک میں جا (؟)   نکالوں تو کہاں اڑ جائے گی ہائے
اری طوطی کہوں میں بات کس کی   لگی کہنے برہ ہیرنگ سسکی (؟)
تجے جب آ پکڑ بلی دبوچے   پکڑ کر گردن پر اور ماس نوچے
تجے تب کون اے طوطی چھڑاوے   پکڑ بلی کے پنجے سے بچاوے
بھیانی رات تجہ کو سو دلی تہے   بھیاناں دن تجے دکھ روتی ہی
پیارے لال سے قیہا نہ جوڑا   ہوا اور حرص سے ٹک مکہ نہ موڑا
سجن سے آج توں رلیاں منالے   نگیلے سیج پر کلیاں بچھالے
وگرنہ کیا بھروسہ اس پون کا   یکایک آئے پہنچا دن مرن کا
نمی والے کے تب سو چپے نفع کیا   پلک دو چار کے دم کو وفا کیا
اندہیری گور میں دیا نہ باتی   یکایک چل بسے سنکھی سنگھاتی
کہتا سوچ یہ من میں بہا ہے   کہ تجہ کو سوتے دن ڈھل گیا ہی
پڑی ہے دور منزل وقت تھوڑا   نہ توشہ راہ کا اور لنگ گھوڑا
بیا جعفر توکل پر قدم رکھ   خدا کی یاد دل میں دم بدم رکھ

مدح اورنگ زیب

از

کلیات میر جعفر علی زٹلی

اورنگ زیب کے ہمعصر شعرائے جو اس کی مدح کی ہے اس میں یہ نظم اس لئے خاص اہمیت رکھتی ہی کہ یہ ایک ایسے شخص کا نتیجۂ قلم ہے۔ جو بہت کم کسی کی مدح کرتا تھا۔ ذیل کی نظموں میں جعفر نے واقعات پر ایک خاص نقطۂ نظر سے روشنی ڈالی ہے۔

زہے دھاک اورنگ شاہ ولی   دراقلیم دکھن پڑی کھلبلی
دریں پیر سال وضعیف بدن   مچائی دھما چوکڑی در دکھن
برآورد عسکر بسا دھوم دھام   کہل چل پڑی بر سر روم و شام
زہے شاہ شاہان کہ گاہ وغاے   نہ ہلد نہ ٹلد نہ جنبد زجاے
جہاسور چو دھابلی بے بدل   چو البرز قایم چو پربت اٹل
کمربستہ ہشیار میدان پر   شب و روز طیار گھمسان پر
بڑے ڈنڈ والے دکن بیچ آئے   سکندر حسن کوں کیا ریچ آئے

۲

مرثیہ اورنگ زیب

بنال اے عندلیب گلشن ہوش   بکن الحان خود از غم فراموش
اکل بے کل ہوا سنسار سارا   بخوں طیار شد مریخ تارا
کہاں اب پایئے ایسا شہنشاہ   مکمل اکمل و کامل دل آگاہ
رکت کی انجھوں جگ روتا ہی   نہ میٹھی نیند کوئی سوتا ہے
صدائے توپ و بندوق است ہر سو   چھٹا چھٹ و پھٹا پھٹ است ہر سو
بہر سو مار مار و دھاڑ دھاڑ است   اچھل چال و تبر خنجر گذار است

۳

ہجو مرزا خدایار

کروں اب خبر شہر بازار کوں   لگے آہ میری خدا یار کوں
خدا یار پر صبر میرا پڑا   کہ تالاب پر یہ بکھیڑا پڑا
تڑاترٹ تڑاترٹ لگی لاگنے   ٹمک چال مرزا لگے بھاگنے
مصاحب نہ کیجے کفن چور کوں   کہ پھوڑے پدر پیر کی گور کوں
مجہ اور جو کوئی شفقت رکھے   جگت بیچ اس کی خدایت رکھے

ریختی

از

دیوان ہاشمی

دوسرے بہت سے خیالوں کی طرح اب یہ خیال بھی غلط ہو گیا کہ ریختی کی ابتدا شمال ہی میں کی گئی۔ ہاشمی کی ریختی اگرچہ اس نوع کی شاعری کی ابتدائی کوششوں سے ہے لیکن اسقدر اعلی درجہ کی ہے کہ کوئی اس کو پہلی کوشش نہیں سمجھ سکتا اس کے ذریعہ سے قدیم دکن کی عورتوں کی زبان محفوظ کر لی گئی ہے۔ آخری غزل شاید نسائی فطرت کی بہترین ترجمان ہے۔

بہوت روزوں سوں جتیا ہیں چلے دھن کس کنارے میں
کہا کیا چٹ لگانے کی بوری ہر چٹ تمہارے میں
چنچل توں ہات پکڑی سو ہوئے ہیں بخت مجھ غالب
عجب جھلکاٹ دستا ہے میرے جیں کے ستارے میں
او جسدن گول کنڈی میں گئی ہو یاد ہیں باتاں
ہمیں تم مل کو بیٹھے تھے سکی جس دن دولارے میں
او بار اگھر میں ہوتا گر پلنگ لیا لمبار لیا نا سو
انگن سے تب ہلوں آکر میں جب سوبارے میں
اے دو دن دل برا کر توں یو اجڑیا چاندنی جیندنا
کہ میں تحقیق آتی ہوں تجھے ملنے اندھارے میں
سکیاں پھر کہی سنے گیاں ہور کہی گیاں ہاشمی منجکوں
کہ اوے شوخ کیسی خون رکھی ہو جیو نظارے میں

لالن کوں جا سہیلی میرا سلام بولو
یو عرض ہے ہمارا دل کا تمام بولو
پیچان اے سنگاتی تجھ تے بچھڑ رہی ہوں
ان پانی سب تجی ہوں سونا حرام بولو
فاقہ درس کا پیارے نینوں اوپر پڑیا ہے
بھوکیاں کوں دے صوابی درس الطعام بولو
مجھ تن نگر کوں قابض برہے نے آ کیا ہے
پھرتی ہوں جوں مسافر نئیں مجھ مقام بولو
بسندن زبان میں میری جا گا کیا ہے آکر
شہد و شکر سوں میٹھا تیرا چ نام بولو
پھرتا سو آس نیں یو تجھ موں چہ دیکھ بچھڑا
ہو ہو برات غم سوں روتا ج شام بولو
عرفان کیاں کتاباں پڑناکھی ہوں تجھ تے
جب تے لگی ہوں پڑنے تیرا کلام بولو
کیسی پرت پیارے سی دن چھپا رکھی ہوں
کہتی ہوں دن رہے نا اب خاص و عام بولو

ان سوں کرو وفائی اب بیوفا کوانا   لائق نہیں تمہارا یو کون کام بولو

سچ بول ہاشمی توں عارف سمجھ کو بوجھے
لائق کہ ان ملیں گے سو مجھ منگام بولو

مجھے کہتے ہیں کی چھوڑ وا دیکھو ہانک مارونگی   خدائی سوں میں عنتی ہوں بڑی بو کو یو کارونگی
جنے جھوٹ موٹ باتاں کر بولا کر لیائے ہیں تمنا   میری پیزار پرتے سے سواس کٹنی کوں وارونگی
اسے کٹنی میں تو سمجھی منجھے کئی آڈ واری میں   کنگھی کرتی ہوں چوٹی بھا بنا پستان سنوارونگی
اونے ہنگے تو میں یوں کئی آیا تو ناچ ملسوں میں   صباح ملکر سہیلیاں کن یو باتاں سب بچارونگی
تمنا ہوئے ہانک مارے پراتا اوس تجھ جیب ہی ہوں   صباح کٹنی کا سر مونڈ کر میرا یو دند سارونگی
او جڑ گئے کیا ظلم کرتا پڑوسی کوئی دیکھیں گے   منجھے ٹک چھوڑ دے بارے جو پردا جا اوتارونگی

نکل جا ہاشمی توں تو خدا ستا ہے میرا
اگرچہ کوئی دیکھیں تو میں سوگند کھا چپا رونگی

سجن آویں تو پردے کے نکل کر بھار بیٹھونگی   بہانا کرکے موتیاں کا پروتی ہار بیٹھوں گی
او نو یہاں آ دکھیں گے تو کہوں گی کام کرتی ہوں   اٹھلتی ہور سنبھلتی چپ گھڑی دو چار بیٹھوں گی
نزیک میں ان کے جانے کو خوشی سوں شاد ہو دلمیں   وے لوگاں میں دکھلانے کوں ہو بیزار بیٹھوں گی
پکڑ کر ہات پردے میں لیجاویں گے تو میں کونگی   گھونگٹ میں مکہ چھپا کر یک میں ترکا مار بیٹھوں گی
بلا یا جیو کا لے جیو میں پڑونگی پانوں دلسوں میں   وے ظاہر میں دیکھلانے کوں ہو اغیار بیٹھوں گی
کرونگی ظاہر اچپ میں غصہ ہو زبان ہٹ لیکن   سیر سجن پرتے جیو اپنا یہ جیو میں وار بیٹھوں گی
سولا دیں گے تو نا سو سو اوٹھونگی وانتے یوں کہہ کر   جیو خون دا خوشی میری میں ہو ہوشیار بیٹھوں گی

کنے کوں چپ کتی ہوں تیں وے میں دل میں گہٹ کی ہوں
نزیک ہو ہاشمی سوں ملکو آلوٹ پیار بیٹھوں گی

ایک جانور کا ایفائے عہد

از

ہدایت ہندی مصنفہ ضعیفی

یہ ایک عام اور مشہور قصہ ہے۔ ایک جانور کا آنحضرت کی خاطر قید میں واپس ہونا عمدگی سے ظاہر کیا گیا ہے۔ اگرچہ مخطوط کی خرابی کی وجہ سے اس نظم کے بعض لفظ سمجھ میں نہیں آتے تاہم مطلب صاف ہے۔

بہی ایک روز پیغمبر راہ پر   گئے تھے جو اطراف کنن گذر
سو دیکھے یہودی کوں آتا ہے   مگر ایک ہرن کوں لاتا اہے
یکایک ہرن نے زبان کھول کر   نبی سات وہ رمزوا بول کر
کہی یوں کہ اے خاص خیر البشر   میرا بند چھوڑ آنکہ اے بول کر
تمیں تک میرے واسطے ہو زبان   زبان ہو پنجی تک دلاؤ اماں
کہ تا جاؤں اپنے بچوں پاس میں   کروں دور دل کا سو وسواس میں
کہ آیا ہے میرے چو چیاں نچ دود   جو ٹک پاؤں تو جا کہ میں آؤں زود
بچوں کوں پلا دود آتی ہوں پھیر   تمیں ٹک میرے حق میں ہو دستگیر
نپچے میرے رات سوں ہے بھوکے   ہوئے ہونگے ان کے سینے سوکے
کہوں سخن تصدیق کے قول سوں   سنے بات ہرگز نہ جھوٹ بول سوں
ٹھنڈا کر میرے دود کا دیک میں   بدی میاک آتی ہوں پھر بیگ میں
چھوڑاؤ مجھے اے رسول امین   جو پاؤں تمہاری سوں میں بے غمی
جو حیوان کی منہ تے سنے جب رسول   سو بولی ہو میرے سوں یوں تب رسول
کہے چھوڑ دے ٹک اسے جان دے   بچوں کوں پلا دود پھر آن دے
سو سن کر یہودی نے بولا یہ بات   کہ حیوان چھوٹے پہ کب آئے ہات

تیس اسے تھد چھوڑا ہے تے اوسے   بہی پھر کر نہ آوے تو پوچھوں کیسے
نہیں ہیں زماں اس کا دی چھوڑ توں   میری انتی فرمود کے مان توں
خلاف ایں نہ ہرگز کرے مجھ سوں بات   آنا جا کو آوگی پھر تیرے بات
نہ اندیش کر چھوڑ دے چھوڑ توں   یو میرا کہا پچ نکو توڑ توں
بہت وہ یہودی نے ہو کر عجب   بارے وہ نبی کا کہا مان تب
بہت خوب کر کر دیا چھوڑ بند   سو ہرنی چلی خوش ہو کرتی انند
خوشی سوں وہ اپنے ہتکا تے چلی   سو جا اپنی وہ بچوں سوں ملی
پلا دو دا اپنے بچوں کوں اونے   سو ہلکی کر اپنے چھتیاں کوں اے نے
بزان پھر اسے راہ دھرانیا یک   بنی اس جگہ جا کھڑی ہیں ملک
او یک تبارگی سوں وہ لینے انے   سو لیکر بچوں کوں شکل آپ لے نے
خوشی سوں پھر آئی ویسا دوڑتی   نبی سامنے دیں تھکاں پھورتی
جو دیکھا ہوئی نیں ہے ہرنیکو دیر   نبی کو سو وعدے کو لی آتی ہے پھر
سچا قول کہنے نبی سات وہ   سو آئی یہو دیکھے ہر بات وہ
دیکھا معجزہ وہ نبی کا عجب   فدا ہو یہودی نے فی الحال تب
اکے او نبی کے قدم پاس او   دی بوسہ کہی آپنا راس وہ
کہا صدق سوں اے رسول امین   سچی ہے سچائی تمہارا سو دین
آنا مجکوں تم دین کی بیچ لاؤ   مجھے دین اسلام کے راہ دکھاؤ
کرو مجھ اپہ یہ شہادت بیان   جو ایمان لایا نہاں اور عیاں
جو دیکھے نبی اعتقاد اس کا راست   کہ دھرتا ہے ایمان لانیکا خواست
تب اس وقت وہ رحمت عالمین   دیکھائی اسے راہ ایمان دیں
شہادت زبان سون بولائے اسے   اس دیں میں تب ملائے اسے
جدا ہو کر تب وہ راہ ہیں سوں   ملا آکر ایمان اور دین سوں

امام حسینؓ کی تیاری جنگ

از

جنگ نامہ شاہ محمدؒ

یہ بحر دکھنی شاعروں کے یہاں غالباً کم استعمال کی گئی ہے۔ شاہ محمد نے ادب پیدا کرنے سے زیادہ واقعہ نگاری کو ملحوظ رکھا ہے۔

اگرچہ زبان صاف ہے۔ لیکن ادبیت کے فقدان کی وجہ سے دلچسپ ہیں۔

بزاں حسین دیکھی ویں   کوئی نرینہ رہیا نین
بر اُن آپیں آئے ہیں   قصد غزا پر لیائے ہیں
نفر چاکر ناہیں کیں   تیزی اوپر بھائی زین
شہر بانو وہیں اُٹھ آ   اپنی ہاتوں زین اُچا
بھاتی کتی جوں تیزی پر   دیکھی حسین شہ سرور
دل میں افسوس ہور غم لیا   پوچھی تم یو کرتی کیا
بزاں بانو اتنا سن   بولی ایسا لکھیا ان
کوئی دن ایسی کتی اے شاہ   تمن خاطر تخت بچھا
آج کے دن ہی کیا آہ   دندیاں میں توں جاتے شاہ
تم پر ایسا وقت کٹھن   تیزی پر میں بھاتی زین
اتنا کہتی نعرا مار   روتی سب مل ہاک پکار
بھی یوں بولی سن اے شاہ   رات میں دیکھی خواب بچھا
جوں ستی ٹک تکیہ کر   روکر ہاتاں سرانے دہر
تو لگ اس میں سہنا دیک   جانو سپیں ایکا ایک
آئی بی بیاں کی بی بی   نبی محمدؐ کیری دہی

حسین کیری سگی ماں   خاتون جنت شمع جہان
فاطمہ زہرا جس کا ناؤں   سرسوں اتری آئے پاؤں
جانو فاطمہ مادر آ   کربل میں ایک جا گا جا
چادر سیتی باند کمر   دستی تھی بی غمگین پر
جانو اٹھکر اپنا ہات   دامن کیری پلو سات
جھاڑی وانگی بھین سرور   کنکر پتھر کیتی دور
میں ہو پوچھی اے مادر   دو جگ بی بیاں کی رہبر
بولو منجھ دہیر کھول تمام   اے بھین جھاڑیں سو کیا کام
بڑاں یوں کر میری دہیر   بولی ہیں او پاک ضمیر
پھر کر بولی سن ری ہاں   میں ہوں حسین کیری ماں
دن صبا کی ایسی ٹہار   فرزند میرا اشتر سوار
سرور غازی شاہ حسین   جس پگ دیکھی روشن نین
سوان پر کر ایسی ٹہار   شہید ہوگا کر تر وار
کنکر تن میں چو ہیں مت   تو میں جھاڑی یہ ہی گت
مت ای چو ہیں اس کی انگ   کیت کانٹی کنکر سنگ
یوں روکہے فاطمہ بات   سپنا دیکھی ہوں میں رات
اتنا دیکھی خواب اے شاہ   تعبیر اس کا دستا آہ
بولی بانو ایسا خواب   سرور بولو منجہ جواب
ایسا خواب میں دیکھی نیں   رات کوں دیکھی ویسا میں
میں بھی دیکھی خواب لوا   مظلومی کا حال ہوا
دشمناں کی خوش وقتی   ہنا اوپر یو سختی ہے
کیوں کر رہوں جینا گھٹ   رونی لاگے یوں نیٹ
غم یو کرتی شہربانو   یوں بلاتی او بانو

ایسا منجھ پر عال کھڑیا   اصغر بالک او مریا
تس پر داماد او قاسم   رن پر گذریا او خاتم
داماد قاسم نیک جوان   شہید ہوے کربل میان
اس کی شادی کا احوال   لہو میں احمر کسوت لال
بیوہ بیٹی مسری ہے   رو رو کہہ او دھوتی ہے
پھوڑ کر چوڑیاں ننگی ہات   ملتی بیٹی دونوں ہات
نت کوں کاری توڑ بیسر   غم سوں روتی سینا بھر
مہندی جو دیکھو ہات   لہو میں بھر کر دونو ہات
ایسی شادی نین دیکھی   جیسی دیکھی بیٹی کی
جلوے کے دن ہو جدا   دولا اس کا کر ددا
رن پر جاتے بارا باٹ   اس کے خاوند کا سر کاٹ
ایسی دکھیاں کوں اے شاہ   چھوڑ کر جاتے تم ایتا
بودک ابلیا ساریاں کا   رونے لاگے ہیبت کہا
غم پر غم ہے ساریان پر   اہل زنا کی ناریاں پر

حکایت راجہ

از

پنجھی باجھا مترجمہ وجدی

نظموں کی زبان سلیس اور ادبی ہے اگرچہ محض واقعات بیان کئے گئے ہیں لیکن ادبی حلاوت سے خالی نہیں ۔ ایک راجہ کا قید ہو کر مسلمان ہونا اور پھر اسلام کی خوبیوں سے واقف ہو کر اس خیال سے پچتانا کہ کاش میں پہلے ہی مسلمان کیوں نہ ہو گیا ۔ نہایت خوبی سے قلم بند کیا گیا ہے ۔

ہند واں میں کوئی راجہ تھا گنبھیر   کیں ہوا محمود سلطان کا اسیر
لیک آئے جیوں اسے محمود پاس   دین سوں کیتے نبی کے روشناس
جب ہوا اسلام سوں او آشنا   دل دو عالم سوں کیا اپنے جدا
ایکلا جا بیس گوشے کی جھار   رات دن رونے لگیا جب زار زار
کچھ نہ تھا کام اسکوں غیر از سوز و آہ   روز اس کا رات سوں بدتر سیاہ
سوز و زاری جب گئے حد سوں گذر   ہوئی یزاں محمود سلطاں کو خبر
پس بولا راجا کوں شاہ نامدار   مہربانی سوں کیا توں کیوں ہے زار
میں تجی دیونگا تیا کچہ ملک و مال   جی توں یک ساعت میں ہوجائے نہال
اون کو رسبھانت ای راجہ گھنبیر   دکھ منے اپنا نکو گالوں سر پر
پس لگیا کہنے کوں راجا شاہ سوں   میں روتا نیں جو ملک و مال سوں
سوز و زاری ہے منجے اس کے سبب   جی قیامت میں کہیگا یونچہ رب
ای میرے بدعہد بندے بے وفا   کسو ضا کیتا ہے توں ایسا جفا
نیں کیا توں یاد میرا تو لگوں   تجہ نہیں سلطان آیا جو لگوں
جب کیا لشکر کشی تیرے پہ او   آسرا میرا لیا اے زشت خو
نیں کیا توں یاد لشکر میں منجی   دوست سمجھوں یا کہ دشمن کر تجی
کر لگوں تجسوں جفا منجہ سوں وفا   یوں وفاداری منے ہے کیوں روا
شرمساری ہے منجی اسبات کی   سوز دن کا ہور زاری رات کی
تو بھی اے درویش دلریشی پہ آ   راہ انصاف و وفا درپیش لیا
جی وفا تجکوں تو عزم راہ کر   نیں تو بات اسبات سوں کوتاہ کر
کوئی اچھے راہ وفاداری سوں دور   ہے جوان مردی منے اسکے قصور

(ورق ۱۳ب تا ۱۴ب)

حکایت عاشق

از

پنچھی باچھا مصنفہ وجدی

ایک عاشق تھا دیوانہ بے خبر
سو رہیا تھا نیند میں یک گور پر
از قضا معشوق نکلیا اک وہاں
نیند میں عاشق کوں دیکھیا ناگہاں
پس یک لکھ کو اس کے بند سوں
باندکر جاتا رہیا آنند سوں
عاشق اوٹھکر او چٹھی دیکھیا جو کھول
یار کے خط سوں دسے اسمیں یو بول
اے دیوانے اسوضا سوتا ہے کیا
اوٹھ جو سوداگر ہے تو دوکان پہ جا
ہور اگر زاہد ہے تو بیدار رہ
بندگی میں سب اپس ہشیار اہ
بھی جو عاشق ہے تو آتا ہے عجب
نیند جک میں عاشقاں کے آئے کب
مرد عاشق تو سدا بیدار اچھے
دن کوں حیران رات کوں ہشیار اچھے
تجکوں نا یو ہے نہ آئے مرد خام
لاف میری عشق کا ہے تجہ حرام
عشق میں سونا تجے گر سہل ہے
عاشقی کے کسب میں نا اہل ہے

(ورق ۱۱۳)

ایک غلام کا فخر

از

جنگ نامہ حیدر مصنفہ اشرف

اس نظم کا اسلوب نہایت رواں ہے۔ لڑائی کا نقشہ آنکھوں میں پھر جاتا ہے کسی غلام کو اپنے آقا کی قوت اور خیال انتقام پر اس سے زیادہ اعتماد نہیں ہو سکتا۔

قنبر نے سو یک وار بد کر دیا
سحل نے سو او وار رد کر دیا
پیاپے کیا وار تیسرا قنبر
سحل نے لیا تازیانے اوپر
بھی جو تھا ضرب دے ہو گھونکر
قنبر کی سو تلوار گئی ٹوٹ کر
قنبر کا نچلتا ضرب ہات کا
سحل تھا کتا کفر کی ذات کا
سحل بعد ازاں گرز اسمان کر
سو مارا قنبر (کے) اوپر تان کر
حیالی قنبر کی اتھی پور پور
سو گھوڑا قنبر کا ہوا چور چور
قنبر سو ہوا (پا) پیادہ دسلے
سحل نے کمند کھول ڈالیا گلے
پڑیا جب کمند میں قنبر ہوا تنگ
سحل بھی پیادہ ہوا بے درنگ
قنبر کوں بندھا ہات سوں استوار
ہو سر کاٹنے کوں سینے پر سوار
سو اس میں قنبر کوں تبسم ہوا
سحل نے کہا کیا رسم ہے ترا
"مگر ہے دیوانہ یا خفتی مگر"
مرا جیو جاتا ترا کیا فکر
سنیا نیں ہے تو خواجہ میرا علی
وو شیر خدا پہلوان نبی
پچھوڑے تجھے کیں زمانے میں جا ر
اگر باد ہو توں تو او شہسوار
پچھوڑے تجھے ساتھ اسمان میں
پچھوڑے جنگل ہور بیابان میں
پچھوڑے تجھے سات دریا کے پار
پچھوڑے تجھے کیں زمین کے تلار
نکالے ترا جیو یک لات سوں
امید وار دوزخ ترے ذات سوں

سحل نے کہیا اے تو خفتی گر   سحل کی شجاعت سنیا نہیں گر
دل ماروں خواجہ کوں تیرے حضور   ہزاں بار تجکوں کروں چور چور

صفحات ۸ ۹۰۰ ب)

شہید کربلائے غم

از

مراثی اشرف

دونو مرثیوں میں حضرت شہربانو کا غم بیان کیا گیا ہے۔ ایک بیوی اور ماں کے جذبات، رنج و الم کے بیان کرنے میں فطرت نگاری اور ادبیت دونو کو عروج کمال پر پہنچا دیا ہے۔

کہاں ہے وہ ولی والی حیدر حسن میرا   کہاں ہے وہ حسین ابن علی صفدر شکن میرا
اگن سوں ماتم شہ کے جلا ہے تن بدن میرا   برنگ برق خرمن سوز دل ہے ہر سخن میرا
لگا ہے بسکہ تیر ماتم شہ دل منے کاری   شہید کربلائے غم ہوا ہے جگ میں من میرا
ہوس گلگشت رضوان کی کرے کیوں عندلیب دل   محبت کی گلی میں شاہ دیں کے ہے وطن میرا
ہوا ہے بسکہ زخمی خنجر داغ غم شہ سوں   برنگ لالہ ہے لبریز خون دل کا چمن میرا
مہ و خورشید کے جھلکار سوں بس دن ہیں روشن تر   ضیائے حب آل مصطفےٰ سوں انجمن میرا
کیا ہوں بے بدل یو مرثیہ حب اماموں کا   ہوا مشتاق ہر یک شاعر طلب دکھن میرا
جو کوئی ہے صدق دل سوں دوستدار آل پیغمبر   اے اشرف اس کے پگ کی خاک ہے کحل نین میرا

(بیاض مرثیہ نمبر ۱۳۲)

۳

حضرت شہربانو کا بانو

بانو کہیں اصغر نہیں اب میں جھولاؤں کس کے تئیں   سونا ہوا ہے پالنا اب میں سولاؤں کس کے تئیں

نہلا کے تیں کپڑے بنا اس کوں بناتی گل منن   وہ پھول سوکھا نیر بن اب میں نہاؤں کس کے تئیں
سوتا تھا وہ جب نیند بھر پینے اوٹھاتی دو دو کول   بیدم ہے دیکھو آج وہ اب میں جگاؤں کس کے تئیں
جب مسکراتا وہ بچا میں شاد ہوتی دل منے   بے جان پڑا ہے گود میں اب میں ہنساؤں کس کے تئیں
جب شہ کو غم گیں دیکھتی لیجا کے دیتی گود میں   سوتا کفن وہ اوڑ کر اب میں لیجاؤں کس کے تئیں
جاتے تھے شہ جب رن منے اصغر کو میں چھاتی لگا   دکھ میں بھلاتی اس کھلا اب میں کھلاؤں کس کے تئیں
اوٹھتا دہ زور رو دود بن اب یوں جو پی لیکر رہا   تیس دھاراں دود کی اب میں پلاؤں کس کے تئیں
آتش کے شعلے دل منے اوٹھتے ہیں تجہ بن اے بچے   اس کے بجھانے کوں گلے اپنے لگاؤں کس کے تئیں
یک تل نہیں ہے چین مجہ غم کا بیاں کیوں کر کروں   رو رو کے میں بیہوش ہوں اب میں رلاؤں کس کے تئیں
اشرف نہیں محرم کوئی اس درد کا دنیاں منے   تجہ بن اے احمد ماجرا غم کا سناؤں کس کے تئیں

(بیاض - مرثیہ نمبر (۲۱۶))

فراق گجرات

از

کلیات ولی اورنگ آبادی

اس نظم میں شاعر اس ملک کی یاد میں اپنی بے قراری دکھاتا ہے ۔ جس نے اس پر بہترین نقوش تاثر چھوڑے ہیں ۔

گجرات کے فراق سوں ہے خار خار دل   بے تاب ہے سنے منیں آتش بہار دل
مرہم نہیں ہے اس کے زخم کا جہاں منیں   شمشیر ہجر سوں جو ہوا ہے فگار دل
اول سوں تھا ضعیف یہ پابستہ سوز میں   جیوں بال ہے اگن کے اپر بے قرار دل
اس سیر کے نشے سوں اول تر دماغ تھا   آخر کوں اس فراق میں کھینچا خمار دل
میرے سنے میں آ کے چمن دیکھ عشق کا   ہے جوش خوں سوں تن میں میرے لالہ زار دل
حاصل کیا ہوں جگ میں سراپا شکستگی   دیکھا ہے مجہ شکیب سوں صبح بہار دل
ہجرت سوں دوستاں کے ہوا جی مرا گذرا   عشرت کے پیرہن کوں کیا کیا تار تار دل

ہر آشنا کی یاد کی گرمی سوں تن منیں   ہر دم میں بے قرار ہے مثل شرار دل
سب عاشقان حضور، اچھے پاک سرخرو   اپنا اپس لہو سوں کیا ہے فگار دل
حاصل ہوا ہے مجہ کوں ثمر مجہ شکست سوں   پایا ہے چاک چاک ہو شکل انار دل
مجمر نمن ہوا ہے بدن سوز ہجر سوں   اسپند کے مثال ہے آتش سوار دل
افسوس ہے تمام کہ آخر کو دوستاں   اس مے کدے سوں اٹھ کے چلا سْد بیال
لیکن ہزار شکر ولی حق کے فیض سوں   پھر اس کے دیکھنے کا ہے امیدوار دل

(۳۸۵ - ۳۸۴)

شہر سورت

از

کلیات ولی اورنگ آبادی

شہر صورت۔ یورپی تہذیب و تمدن کا وہ واحد مظہر ہے جہاں اردو کے کسی بڑے شاعر کا اس زمانہ میں گذر ہوا تھا۔ ایک ایسا شہر کسی قدیم شاعر پر جو اثر بٹھا سکتا تھا اس کا اس سے بہتر نقشہ شاید ہی دستیاب ہوسکے۔

عجب شہراں میں ہے پر نور یک شہر   بلا شک وہ ہے جگ میں مقصد دہر
اسے مشہور اس کا نام سورت   کہ جاوے جس کے دیکھے سب کدورت
جگت کی آنکھ کا گویا ہے یہ نور   اچھو اس نور سوں ہر چشم بد دور
شہر جیوں منتخب دیوان ہے سب   ملاحت کی وہ گویا کھان ہے سب
سبج سن آگ اس کی جگ میں کانپیا   سمندر موج زن رگ رگ میں کانپیا
کنارے اس کے ایک دریائے تپتی   کہ دنیا دیکھنے کوں اس کے بہتی
کیا سب تن خجالت سوں یہ جیوں عرق   ہوا دریا اپس کے عرق میں غرق
شہر سوں ہے وہ ہم بازو ہمیشہ   دریا سوں ہے وہ ہم پہلو ہمیشہ
کہ آب خضر کی ہے اس میں تاثیر   ہوا دیتی ہے اس کی یاد کشمیر

عجب قلعہ ہے وہاں اک باقرینہ   انگوٹھی میں دنیا کے جیوں نگینہ
نزک قلعے کے باڑا گھاٹ ہے وہاں   کہ دایم گلرخاں کی ہاٹ ہے وہاں
اہے اس تماشے پہ جائے آرام   طلسمی باغ وہاں ہوتا ہے ہر شام
اے بلبل پاک بینی سوں نظر کر   کثافت کی نظر سوں بس حذر کر
کھلے ہیں ہر طرف رخسار کے گل   ہر اک گل کے نزک وہاں پہ ہے بل
جو کئی دیکھا ہے ان کا باغ رخسار   ہوا اک دید میں وہ محو دیدار
جو ہیں وہ محض تصویرات اخلاص   سو عاشق پروری میں بیچ ہیں خاص
کہاں ہے ساقی اخلاص انگیز   محبت کی کرے مجھ اپر ریز
صفائی سوں کھلے مجھ جیو کا باغ   کروں اس دردے کوں مرہم داغ
اہے سورت حقیقت کی نشانی   کہ ہیں معمور وہاں اہل معانی
شرافت میں یہ ہے جیوں باب مکہ   تو ہے سب ملک پر اس کا جو سکہ
اگر دیکھے ہیں ملوکاں شام و تبریز   نہ دیکھا کوئی ایسا ملک زرخیز
کہ اس بھتر کتے اسے ہیں تجار   کہ تاروں کوں نہیں ان کے نزک بار
اتے آتش پرستاں کی ہے بستی   سکھے نمرود واں آتش پرستی
فرنگی اس میں اتے ہیں کلہ پوش   عدد وہاں جن کی گنتی میں ہیں بیہوش
وہاں ساکن اتے ہیں اہل مذہب   کہ گنتی میں نہ آویں ان کے مشرب
اگرچہ سب ہیں وہ ابنائے آدم   ولے جنبش میں رنگارنگ عالم
بھری ہے سیرت و صورت سوں مستور   ہر اک صورت ہے وہاں تصویر منشور
ختم ہے امرداں پر او صفائی   ولے ہے بیشتر حسن بنائی
سبھا اندر کی ہے ہر اک قدم میں   چھپا اندر سبھا کو لے عدم میں
کشن کی گوپیاں کی خوب ہے یہ نقل   رہیں سب گوپیاں وہ نقل اصل
ہزاراں اس سبب شیدا ہیں بلبل   کہ ہیں وہاں غنچہ لب وانما گل
نہ کئی رقت سوں کھینچے شوخ چنچل   وہ مکھ کے باغ کن دیوار انچل

نظر بھر کر دکھو ہر گلبدن کوں — سکے ہے پہ دسے ہے بے پروا اُن کوں
رہے وہاں عاشقاں کوں عام آواز — کہ نہیں پردہ بغیر از پردۂ ناز
کسی کوں نہیں نظر بازی بنا چین — کھلے ہیں رات دن سب غرفۂ عین
شہر بھیتر جو آوے محتان کا دن — ہندو کی قوم کے اشنان کا دن
ہر اک جانب دکھوں میں فوج در فوج — تجلی کے سمندر کی اٹھے موج

صفحات (۳۷۹ تا ۳۸۴)

عرس شاہ وجیہہ الدین

کلیات ولی اورنگ آبادی

یہ قصیدہ کئی باتوں میں خاقانی کے قصیدوں کے مشابہ ہے۔ اوج تخیل، وسعت مضامین۔ اور پاکیزگی زبان اس کی سب سے نمایاں خصوصیتیں ہیں۔

اردو شاعروں میں نصرتی کے بعد اس شان کا قصیدہ غالباً ولی جیسا شاعر ہی لکھ سکتا تھا۔

ہوا ہے خلق اوپر پھر کے فصل ربانی — کیا ہے ابر نے رحمت سوں گوہر افشانی
یہ آب صاف ہیں گوہر کوں دیکھ خجلت سوں — صدف کی بیت میں گل کو ہوا ہے جیوں پانی
تمام پات "یسبح بحمدہ" کے بحکم — زبان حال سوں کرتے ہیں ذکر سبحانی
قطار قطرۂ شبنم سوں آج سبزۂ خضر — لے سجہ ہات میں کرتا ہے ادعیہ خوانی
ہر اک طرف جو ہوئی بسکہ ریزش باراں — کیا ہے آج تفرج نے جوش طوفانی
اس آب روح فزا کے کمال لطف کوں دیکھ — چھپا ہے پردۂ ظلمت میں آب حیوانی
ہر ایک قطرۂ شبنم ہے غیرت گوہر — ہر ایک پات پہ برسا جو ابر نیسانی
اب سوں حضرت حق کے زبسکہ میٹھے ہے — ہر اک کلی ہے سو جیوں کودک دیشانی
چمن میں اس کے کرم نے دیا ہے حکمت سوں — ہر ایک پھول کی پکھڑی کوں رنگ مرجانی
یہ لطف دیکھ ہوا ہے دماغ بسکہ محال — بدل ہوئی ہے اتی حافظے سوں نسیانی

تمام ملک ہوا حق کے فضل سوں آباد
رہا نہیں ہے جگت میں نشان ویرانی
جو اس کے بھید کے پیاسے تھے وہ یہ پانی دیکھ
پیئے ہیں آب نمط راز ہائے پنہانی
زہے بہار حلاوت، زہے بہار طرب
کہ بلبلاں نے لیا شیوۂ غزل خوانی
سو اس بہار میں آیا ہے عرس حضرت کا
ہوی ہے پھر کے عیاں حشمت سلیمانی
چراغ گرد میں روضے کے جو ہوے روشن
ہر اک چراغ ہے جیوں آفتاب نورانی
ہوا ہے بسکہ طراوت سوں یہ مکان سرسبز
ہر اک سفال یہ دستا ہے رنگ ریحانی
چراغ یہاں کے ستارے نمن ہیں گردان تت
دیے ہیں چرخ کوں تعلیم سبحہ گردانی
ہوا ہے گنبد پرنور آج طبلۂ مشک
زبسکہ عود و عنبر کی ہوی فراوانی
قبر ہے آج لطافت سوں غیرت گلزار
کیا ہے خلق نے اس پر جو بس گل افشانی
وہ جسم روح اور اس کا ہے جسم مرقد پاک
کہ جس کے گرد ملائک کریں سبق خوانی
یو دین پاک میں بے شک ہے تو وحید الدین
عدم ہے آج زمیں کے اپر ترا ثانی
تری طبع کوں دیا حق نے فہم پر مقصد
تری زباں کوں سزاوار ہے سخن دانی
ہے ملک دیں میں تری ذات کو شہنشاہی
ہے نقد علم ترا ار سکۂ مسلمانی
ہر اک کوں اس سوں خبر نیں ہے جگ کے صفحہ
تجھے جو کشف ہوئے راز ہائے پنہانی
دیا ہے حق نے تجھے جامع الکمالاتی
عطا کیا ہے تری ذات کوں ہمہ دانی
عجب نہیں جو دوے عقل کوں وہ آج سبق
جو اس جناب میں آ کر کیا سبق خوانی
تجہ آفتاب سوں جھلکی کیا ہے کسب شرف
وہ سرخ رو ہے سو جیوں جوہر بدخشانی
خدا کی یاد میں ازبسکہ محویت ہے تجھے
ہوئی ہے ختم تری ذات پر خدا دانی
تو وہ ہے فیض رساں جگ میں اے مبارک ذات
کہ تجھ سوں فیض لیئے عالمان ربانی
تجہ آستان پہ صبح تاکہ آ کرے سجدہ
ہوا ہے سر سوں قدم تک تمام پیشانی
تری جناب سوں ہے فیض طالبان کو مدام
ترے کرم سوں ہے اکثر کوں قرب حقانی
تری ہے ذات سراپا حقیقت انسان
اگرچہ حق نے دیا سب کوں شکل انسانی
ترے کرم سوں ہوا دل خوشی سوں آج بدل
وہ غم کہ طول میں تھا جیوں شب زمستانی

تجھ آستان مبارک پہ مثل نقش قدم
رکھے ہیں سیس چہ ایرانی و چہ تورانی
تری جناب کا وہ صحن ہے سراپا نور
کہ جس کی خاک ہے از سرمہ صفاہانی
وہ آب خضر سوں دل سرد کیوں نہو دائم
یہ حوض پاک سوں جو کئی کہ آپیا پانی
نزیک حوض کے کنواں ہے آبروے یمن
کہ جس کی چاہ میں دائم ہے ماہ کنعانی
فلک پہ فخر زمین گر کرے تو نہیں ہے عجب
کہ اس کے سر پہ یہ گنبد ہے تاج خاقانی
ہے آرسی کے نمط مدرسہ یہ روشن و صاف
نگاہ کوں ہے تماشے سوں اس کے حیرانی
ترے جو ذکر میں رہتے ہیں ذاکران قائم
ہے ان کوں حضرت داؤد کی خوش الحانی
کئے ہیں وصف ترے گرچہ صد ہزار اتے
ولے ولی نے کیا مدح میں گلستانی
نئے قلم ہے مرا نیشکر سے شیریں تر
کیا ہوں بسکہ حلاوت سیں شکر افشانی
لکھا ہوں دل کوں ولی یہ مصرع عرفی
کہ ایں قصیدہ بیاضی بود نہ دیوانی

(۳۷۱ - ۳۷۶)

ایک مسافر کا عشق

مستزاد

از کلیات ولی اورنگ آبادی

ایک دکنی شاعر شمالی ہند کے سفر کے لیے نکلتا ہے۔ وہاں کسی بانکے سے اس کی آنکھیں دو چار ہوجاتی ہے۔ اور پھر اس کا جی نہیں چاہتا کہ اپنے وطن کو واپس جائے۔

لاگی ہے لگن تم سوں چھڑا کون سکے گا ؟
ہے کس میں یہ قدرت
اب مجھ کوں وطن اپنے لجا کون سکے گا ؟
کر دل ہوں رفاقت
ہے نقش کناری کا ترے جامے کے اوپر ،
اے ہند کے بانکے
دامن کوں ترے ہاتھ لگا کون سکے گا ؟
نہیں زور نہ طاقت
ہوں خاک تمھاری ہی گلی کا اے سریجن
نہیں کام کفن سوں
اب مجھ کوں جنازے میں اٹھا کون سکے گا ؟
یوں گر ہے حقیقت

مت مار دلی کوں میں یہ کہتا ہوں کہتا کر — سن بات ہماری
اس ہجر کے طومار کوں پا کون سکے گا ؟ — بن غمزہ ظرافت

صفحہ (۳۱۱)

عاشق کی ایک اہم آرزو

از

کلیات ولی اورنگ آبادی

نکو کر آشنائی غیر سوں اے سیم تن ہرگز — نہو اے شمع رو ہر انجمن میں شعلہ زن ہرگز
نہ مل مائل ہو ہر طوطی سوں اے شکر شکن ہرگز — نہ مل ہر بلبل مشتاق سوں اے گلبدن ہرگز
ہر ایک گلشن میں جیوں نرگس نہ کھول اپنے نین ہرگز

فصیحان خلق کے سارے تجے شیریں بچن کہتے — پیشانی روز روشن اور زلف کالی رین کہتے
مبصر ہو جواہر کے تجے در عدن کہتے — جہاں کے گلرخاں سارے تجے نازک بدن کہتے
تو ہر پلکاں کے کانٹاں پر نہ رکھ اپنے چرن ہرگز

سدا مشتاق ہے طوبیٰ ترے قد جیوں صنوبر کا — تجلی میں ترا یہ مکھ اہے خرشید محشر کا
دہن تیرا سو خیر انجام ہے یہ جام کوثر کا — تو بے شک روح ہے جگ میں خلاصہ چار عنصر کا
بجز تجھ روح کے قایم نہو جگ کا بدن ہرگز

دو رخسارے ترے روشن یہ دو انور ستارے ہیں — ترے چنچل نین آگے چکارے کیا بچارے ہیں
عزیزان مصر کے سارے تری خاطر سنوارے ہیں — زلیخا سے کتے عاشق ترے پرجیو وارے ہیں
نہ کر مسکن ہر اک یوسف کا یہ چاہ ذقن ہرگز

تو ہے محبوب عالم کا ولے عالم سوں ہو یکسو — تو محبوباں میں عنقا ہے نکو دکھلا کسی کو رو
جو آتش دان کیا دل کوں بی لیجا واں اے غیرت ہو — بغیر از عید مت دکھلا کسی کوں تو ہلال ابرو
نہ مل مہتاب میں بھی کس سوں اے چندر بدن ہرگز

دو غزلیں

از

کلیات ولی اورنگ آبادی

مت غصے کے شعلے سوں جلتے کوں جلاتی جا ٹک مہر کے پانی سوں یہ آگ بجھاتی جا
تجھ چال کی قیمت سوں نئیں دل ہے مرا واقف اے ناز بھری چنچل ٹک بھاؤ بتاتی جا
اس رین اندھیری میں مت بھول پڑوں تس سوں ٹک پاؤں کی بچھوؤں کی آواز سناتی جا
مجھ دل کے کبوتر کوں پکڑا ہے تری لٹ نے یہ کام دھرم کا ہے ٹک اس کوں چھڑاتی جا
تجھ مکھ کی پرستش میں گئی عمر مری ساری اے بت کی پجن ہاری اس بت کوں پجاتی جا
تجھ عشق میں دل جل کر جوگی کی لیا صورت یکبار ارے موہن چھاتی سوں لگاتی جا
تجھ گھر کی طرف سندر آتا ہے ولی دائم مشتاق ہے درشن کا ٹک درس دکھاتی جا

(صفحہ ۲۳)

وہ صنم جب سوں بسا دیدۂ حیران میں آ آتش عشق پڑی عقل کے سامان میں آ
ناز دیتا نہیں گر رخصت گلگشت چمن اے چمن زار حیا دل کے گلستان میں آ
عیش ہے عیش کہ اس مہ کا خیال روشن شمع روشن کیا مجھ دل کے شبستان میں آ
یاد آتا ہے مجھے جب وہ گل باغ وفا اشک کرتے ہیں مکان گوشۂ دامان میں آ
نالہ و آہ کی تفصیل نہ پوچھو مجھ سون دفتر درد بسا عشق کے دیوان میں آ
پنجۂ عشق نے بے تاب کیا جب سوں مجھے چاک دل تب سوں بسا چاک گریبان میں آ
حسن تھا پردۂ تجرید میں سب سوں آزاد طالب عشق ہوا صورت انسان میں آ
شیخ یہاں بات تری پیش نہ جائے گی کبھو زہد کی چھوڑ کے مت مجلس رندان میں آ
غم سوں تیرے ہے ترحم کا محل حال ولی ظلم کو چھوڑ سجن شیوۂ احسان میں آ

(صفحہ ۳۲-۳۳)

امام حسینؑ کی شہادت

از

روضۃ الشہدا مولفہٗ ولی ویلوری

خالص مذہبی موضوع ہے اور مصنف بھی ٹھیٹ مذہبی آدمی۔ لیکن نظم دلچسپی اور ادبیت سے خالی نہیں۔ گو ولی اورنگ آبادی کا مقابلہ نہیں کیا جا سکتا۔

ولی ہو روضۃ الشہدا کا مالی   نہ یکدم فکر کر مجلس سوں خالی
تو اگل مدح کے گلشن سوں لاکر   کرے بھی شاہ کی مجلس معطر
شکاری تھا عقیدے کا سچا ایک   نبی کوں لا دیا آہو بچہ ایک
قبول اس کوں شہ عالم نے فرمائے   جو اتنے میں حسن مسجد میں آئے
دیکھے آہو بچہ حضرت کنے وو   حسن کوں خوش کیا ہے دل منے وو
اسی ساعت نبی نے اس ہرن کوں   کرم فرما کے بخشے ہیں حسن کوں
یکایک آ حسین ذوالکرامات   حسن کوں کھیلتے دیکھے ہرن سات
پوچھے اے بھائی یہاں تم کاں سوں لائے   ہرن کا یو بچا تم کاں سوں لائے
حسن نے کہے ہرن کر پیار منجہ کوں   دیئے ہیں جد بزرگ وار منجہ کوں
نبی سوں گئے حسین آ دوڑ کر دیں   ہرن ان کوں دئے تم مجکوں کو نیں
یہی جھنڈے کریں تکرار پھر پھر   نبی کے ہات اوپر پاؤں پو پڑکر
تسلی شاہزادے کوں کئی دہات   کریں حضرت رکھ اس کے سر اوپر ہات
ہو نزدیک جو شہزادہ رویں   ہرن نیں ہات کہ دیگر ہوئیں
جو یک ہرنی نے بچہ لیکے ہمراہ   پوکاری اور مسجد پو ناگاہ
دیے نے بچہ کوں ان کی ڈال   دیکھنے لائی حضرت پاس فی الحال

سلام آکر فصاحت کی زبان سوں
لگی کہنے رسول انس جان سوں
نبی تے تھی ان میں ایک دہرکر
شکاری چھین لیں یا قید کرکر
رہا تھا ایک دن میں ایک خوشنود
جنگل میں میں پلاتی تھی اسے دودہ
ندا اتنے میں آیا آسمان سوں
پیغمبر پاس لیجا اس بچے کوں
کہ شہزادہ ہرن منگتا کھڑا ہے
ہرن کے ساتھ شوق اسکوں بڑا ہے
مبادا گر ہوئیں اس کی نین نم
فرشتیاں پر ہویگا عرش کے غم
ندا کر اضطرابی اضطرابی
بجا لائی ہوں خدمت میں شتابی
ہنوز اس کے آنکھیاں سوں حمد اللہ
انجو رخسار پایا ہے نہیں راہ
یو سن سب دل میں غم کا بیج بوئے
جتے حضار مجلس تھے سو روئے
دعا ہرنی کوں حضرت نے کئے، تو
بچا لے شاہ زادی کوں دئے تو
دو ہرنی نے دعا سوں پاکھ پھرا
دوا کر کر گئے ہیں رو صحرا
عزیزاں سب فرشتے ہور پیغمبر
نچا ہے جس انجو بہنے کوں لکہ پر
جلوئی کر اس کی سر پر زخم کاری
گئے ہیں لہو کوں رخساروں پو جاری
وو روشن موں جنوں کی کر کے سرخوں
رگ خورشید کوں کہتے ہیں گلگوں
الوں پر کیا اچھے رخ روسیاہی
اچھے گا کس وضع قہر دوں الہی
روا ہے یو پیارا مصطفےٰ کا
ہوئے حیران دشت کربلا کا
کہ جس کا باپ اچھے ساقی کوثر
روا ہے وو پتے پانی نہ پاکر
صفت اس کا ہے سب عالم یہ معلوم
زمانے کی ہے دو دفتر پو معلوم
تو لد مدح سوں شہ کا قلم میں
لے آیا اب کروں کچھ بات غم میں

ورق ۴۳ ا ۹۲ ا -

ایک محبت آمیز خط

از

چت لگن مولفۂ عشرتی

ایک عاشق غمناک کی طرف سے بے پرواہ دوست کی خدمت میں نہایت ہی دردناک التجا ہے زبان کی قدامت اور مخطوطہ کی خرابی کی وجہ سے بعض جگہ الفاظ سمجھ میں نہیں آئیں گے تاہم مضمون کا تسلسل اور خوبی دلچسپی کو برقرار رکھتی ہے۔

لکھیا دل کے لہو سوں یو نامہ تجے　　جو تج بن دسیا دن قیامت مجے
تیری زلف مشکین کی سوگند ہے　　کھبی کھب میں جس جیو کا یک بند ہے
کہ جب تے انکھیاں لہو بھریاں ناجھور　　رہیاں ہیں تیری موکے بہول بن سو دور
تدہاں تے ڈدبیا لہو میں لانے نین　　جو از بس سٹی لہو کی انجواں نین
لکیا اس روشن سوں بہنی لہو کا نین　　کہ عزت لیجاتا ہے اس بر کہیں
یوں شاہد ہے ہور ستارے گواہ　　کہ تج دل کی تنگی پہ کر یک نگاہ
گگی گل کی دہر بول ہنسی نین سو نین　　ہوا ان میں منج بن زدی نین سو نین
دہونڈن ہار سنسار کے راز کے　　وو مجنوں ہور بیر دین شہباز کے
جنتی برہ ہور عشق کی سب حکات　　کہیں کہیں کی دفتر سوں دہند لیس تا
مقابل کرے لینگے جو منج حال سوں　　تو اپچ دس آئی کا خیال سوں
کہ ان بے دلاں کے درد کا کتھا　　ہے میرے برہ سوں وو سب یک قضا
سچ سچ تو وو دن کے بچھڑے گا درک　　منج عاشق اوپر جن سٹیا پیاس بھوک
کہریا یوں کہ مجنوں ہور فرہاد تی　　اول آخر یک عمر میں ایلی
جو دستیا ہے سورج اگن کا کنواں　　ہے میرے کلیجے کی اگ کا دہواں
اگر اس غصے کا سبب ہے یو کاج　　جی ظاہر ہوا نین وو تقدیر بلج
پرت کوں خلل کیا ہے اس بات سوں　　جو منج دل کی درپن میں سورات گل

بٹیا جا نو تیری پرت کا خیال   بہی کس حب کا نقش اس میں پڑنا محال
ملک دل کا تجہ سوں پایا ہے رو ج   کسی کا حکم نا چلے اس میں کو ج
تیرا برہ لین سر سری ہور نبل   کہ جاوے میری سر سوں بہی کیں نکل
بنا عاجزی نین جو عاشق کوں لاب   تو اب بات کو نا بڑھا بے حساب
نہ چو کیا جو اس کوں بہی چوک ہسکیہ جان   پشیمان ہوں میرا عذر ٹک مان
اپس کی خطا ہور خودی کا حرف   نین جل سوں دہو کر کیا بر طرف
بہلا ہے جواب پڑ یو نامی کوں بیگ   کہ جیوں پر نپنکی لک حرفان کون سیک
سپند ہو جلے منج اگن سوں نقط   دہواں عود کا یتوں نکلتا فقط
چندر بتوں یو سورج سوں نا مکہ پھرا   نہ ہر جیب پر کوچ بہلا ہور برا
گلے ہور جھگڑے کوں سب چھوڑ کر   سرو قد اپس کا ادہر موڑ کر
تماشا میری جگ کے چشمے کا دیک   کہ کیوں کر بہتا ہے تیرا برہ سیک
دو دن کیچ بچھڑے مین بس دیس جھوک   رہیا کیوں ہوں کاری ہو نج دوک سوک
تیرا مو کہ دیکہیں موک ابجواں سوں ہو   ہوا تا نت تن کیوں نپٹ چہر مو
اگر مکڑی منج تن پہ جالا تنے   کہی یتوں میں نا ہل سکوں اسینن
چلے جیتی منج بند پالو اپر   جہوڑا نا سکوں ہل اپن ٹھاؤں سوں
بجن بن پرن سوں میرا تن ایتا   نیا وے کدہی کوئی ڈہوندے جیتا
میری دہڑ کوں ملنے بجز تا کسوں   نہ کوئی فام سکتا ہے اور اک سوں
اتا جو یکی نا نو پہنچ رہیا ہے گگر   نین تو نہوے کوچ میرا اثر دل
خدا نا بن جیوں توں اپچ لول   کہ اس کت سوں کیوں کر جیوں میرا ہول
الہی نرم کر توں وہ سنگ دل   دیوے مو میانی میاں کی وو پل
بہر اس کی غصی کی اگن کی بلا   کہ جالی ہے جن میرے جیو کا کہلا
بو جہا وصل کا جل جہنک آس پاس   بجر اس کے نین کوچ منج دل کا اس
قلم دو زبان ہوی یو کہا وا ان ستی   ہوا اس کا میری دوک کی الیں ستی
بہا کالا جیوں تیری مشکین انگ   تو یو دوک انگے کی لگ سکے کالا ناگ

ایک سیناسی راجہ
اور مان کی محبت

از

مثنوی دیپک پتنگ مصنفہ عشرتی

ماں کو بیٹے سے جو بے لاگ محبت ہوتی ہے اس کا نہایت اعلیٰ درجے کا خاکہ پیش کیا ہے اور پھر بیٹے کی غرضی محبت بھی ساتھ ہی واضع کر دی ہے ادبیت اور خوبی مضمون دونو کے لحاظ سے یہ عشرتی کی ایک اچھی نظم کہلائی جا سکتی ہے۔

بچاری ہو رہی تب بچاری وو مائی
بچار مایں نمن وو کسوں روہائے ہائی
لہو گھوٹ پی بھر کے سینے میں خار
کلی کے نمن دل رکھی لہوں تلار
چندر گھر کے گہن کی ہٹیلی وو نار
نکل راج کے غم سوں آئی بہار
سنا مار سرپیٹ کی ہائے وائے
چندر مین پیر دھرا انجواحل نہوائی
کہ اے گل مجھے آگ تجھ بن ہے بن
کہ گھر تجھ سجن بن دسی جیوں سجن
جگت میں تجھسوں میرا نام ہے
کہ تجھ سور بن دن میرا شام ہے
تسوں کھائے حسرت میرے لالہ زار
بغیر تجھ ہے منج سیج میں پھول خار
اسے تجھسوں میرے حوض میں نیر ہے
تیرے باج نت خاک منجہ سیر ہے
ای تجھسوں میرا حاصل ہر مدعا
اگن تجھ بنا مجکوں باد صبا
تسوں بخت ہیں زیر مجہ زور میں
ہے تجھ باج آرام مجہ گور میں
اے تجھ شمع تے بزم انوار ہے
بغیر تجھ میرے دل منے نار ہے
اے تجھسو پنج ہے مجکوں راز ہور نیاز
نہ تج بن بغیر سوز دستا ہے ساز
نہو بیکہ سٹ کہ مجہ دل بوخار
جدائی کی پردے کا ناجیستہ تار

نکو بیوفائی وفادار ہو میری دیک زاری نہ بیزار ہو
ہوس اس سفر کی توں سٹ دے ایتال نہیں تو لے چل مجکوں اپنے دنیال
مینجی ذبح کرنیں توکیں موند کر اگرچہ ہنوے تن لہو بوند بھر
تیرا سن ہری تجہ کرے یاد جب دی اس یو بشارت ہوی شاد تب
کیا راج اے چھند بھری نازنین ڈوبایا انجو جل میں اپ گھر کتیں
نکو مجہ جیتا سر لے تے اپنے ہنر جدائی میں حسرت بھرے دل کوں دہر
سحر بھی ادچا دل کرے کوڑ تے لگا آگ پانی کتیں دور تے
جہلوں سوں تیرا دل دہکایا انگار جلیا تس تے تن من تیرا گھر کے سار
ایتا میں ہوں ہور برہ دل سوز کا توں ہور گھر بھی جہکنا شب و روز کا
ہو بلبل اوڑوں میں سو بن کے کدہن توں کانٹیاں میں اچہ ملکے گل کی تن
پھروں میں جنگل میں پون کی مثال توں اچہ دکہ سوں ماٹی تن پایمال
جلوں میں چمن دہیر پانی کی دھات توں نت جلتی اچہ آگ ہوں بن سنگات
جلوں میں پتنگ ہو کہ ہر شمع پر توں اس گھر میں اچہ غم تے شمع سحر
ہوں جیوتا جلگ جیوتی گلتی اچہ مروں تو اگن میں جسم جلتی اچہ
پدم سوں لگیا خیال میرا آنال میرے خیال سوں توں نیدا اپنا خیال
توں دہلیز گھر کی نہوے ہم سفر میرا جیت چورا یا سو دوی ہم سفر
جلے جیب اس جب لیوی پیو کا نام دہر مہ لب لو آگ جیوں شمع وقت شام

نہانے کی دعوت

از

دیپک پتنگ مصنفہ عشرتی

نوجوان سہیلیاں غمزدہ اور مہجور شہزادی کا غم غلط کرنے کی کوشش کرتی ہیں اس نظم میں شاعر نے ایک پر لطف اشارہ اس امر کی طرف بھی کیا ہے کہ شہزادی کو نہانے کی طرف مائل کرکے سہیلیاں خود اپنی خواہش پوری کرنا چاہتی ہیں۔

اول سب جنیاں جاکے پدمن کے دھیر   ادب سوں رکھیاں اسکے پاواں پو سر
جوبن سے کے مہر سوں تھی من میں امنگ   دریا جوش دل کا جوانی ترنگ
کیاں تج تے اے شہ پری نیک نام   رسکیا ہنس جلن ہور صنوبر قیام
یو دو دن کی دنیا میں دکھ سب بسیار   انند کرلے سٹ فکر غم تے بھار
کہ کل پرسوں کی آس ہے چپ ہوس   خوشی جگ میں ہنسناہی دم ہی بس
کسے کیا خبر ہے کہ یو آسماں   رچیا کیا ہے پردے میں بازی نہاں
ہو غم تے مکٹ کر لیویں کوچ آج   صبا کن دکھیا ہے دہریں روح آج
صبا سا ہو رے جائے گی تیہ جوڑ   چلے جب سگے ہور ماں باپ چھوڑ
ہمیں تو تجھے غم میں رہنا چ ہے   بدل گل کے سو خار کھانا چ ہے
وہ اپ بل چنچل نار سدھ گیان دہر   سہلیاں کی سن دو بچن کان دہر
نزاکت سوں دل بین کا نیر کر   قدم سرو کا جک یو پانی کے دہر
سورج کے نمن جل میں ڈوب شہ پری   صدف تیو نج جلد موتیاں سوں ہری
ڈوبیاں جل میں گم کے سکل حور زاد   ہویاں شاد پایاں جو اپنی مراد
ڈوب اس حوض میں شوق سوں کھیلتیاں   اگن تن یو پانی ٹھنڈا میلتیاں
کلولاں اچا جل پکس یک پو سیل   ایس دل کی آتش پوٹتیاں تیاں تیل

میدانِ جنگ

از

نیہ درپن مصنفہ عشرتی

لڑائی کے آغاز اور اختتام کا ایک نہایت واضح اور دلچسپ سماں پیش کیا ہے ۔

طبل بجتے تھے ہور رنسنگ و برغنسم   دمامے ہر کدہن بجتے تھے دہم دہم
گھتر ہووے تلگ دو دہر کے رن سور   اپلتے تھے غضب سوں جیونکہ سمدور
اٹھے یوں منتظر جو ہووے گھتر   نکالیں میان سوں کینے کا خنجر
کھرگ لے ہات میانی ایک بارا   کریں جوہر اپس کا آشکارا
بری ہر حال وو آخر ہوی رین   چھپیا کولے میں جا آرام ہور چین
دکھایا سور اپس خنجر کا جھلکاٹ   ستاریاں کا سکل لشکر گیا نھاٹ
ہوئی دو دہر ستے مستید دو دل   دسیں جیوں بھیں پوباڑ ہور گھن بوبادل
دلیران لے صفاں آراستہ کر   دئے تھے مردمی کے داد یک سر
پڑے ہر تن اوپر واران ستے غار   بدل پانی کے نکلیا لہو کا انگار
لگا چھاتی سوں چھاتی ہو کو گل جوڑ   ستے سر ہور سینا ہور ہات یک توڑ
کرے گرزاں کے ایسے دہات سوں مار   پڑے تھے دہرت کوں پاتاں لگ غار
زرہ پوشاں پڑے ہور رن میں پامال   پڑے جیوں میں بھیں اپرال بے حال
کریا یوں چھوڑ ہر یک ہات کا تیر   کہ جو میا ہات ہر اکیس کا زنگیر
دہنک جب کھینچتا ہر یک کمان دار   چلا کھتا نہ بازہ اسکوں سو بار
دسی یوں پاکھران سوں ہست کا دل   کہ جیسا تیر بھر بادل دیا جھیل
دسی زخمیاں کا عکس اس میں رگت سوں   دکھایا جیوں شفق بادل منے موں
لڑے دلسوز گر پڑ بوکر اس دہات   دیوانیاں کوں ہوا جیسا کہ سنپات

دعوت

از

نیہ درپن مُصنفہ عشرتی

قدیم تمدن کے لحاظ سے ایک شادی یا کسی اور خوشی کے موقع پر جس ٹھاٹھ اور تکلف کی دعوت دی جاتی تھی اس کا اس نظم میں عشرتی نے ایک مکمل اور یادگار نقشہ ہمیشہ کے لیے پیش کر دیا ہے۔

بچھائے چاندنی کا فرش زبل　　کہ جیسا چاندنی میانے صفا جل
بچھائے سوزنیاں زرباف کے صاف　　ہے اس گل پر سورج بلبل کو انصاف
روپیری اور سنہری مسنداں پر　　صدر مہری رکھے جیوں سور و چندر
اچھے بردار تکیئے برنیاں پاٹ　　پریاں کے گال جیسی نازک ہور صاف
سرنگ اسمان گیریاں تھی شفق سی　　اچھے گلدار جیوں گھنکے طبق سی
لطافت کا ہوا گلشن وہ مندیر　　دیوار گیریاں کے جھنپے باڑ جیوں گھیر
رکھے پھولاں سوں بھر اس ٹھار گلدان　　رکھے تھے پان بیتے بھر تنبول دان
جڑت کے شمع داں میں شمع کا نور　　نوی چند تیوں لگن میں گھن کے پرنور
محانی تھے چراغاں سات پرنور　　دسے تھی نین میں ہورین کی، سور
قندیلاں کی دکھت جھونکے سہانے　　انگوراں کے جھڑے خوشیاں کے دانے
دیویاں سوں کنگراں ایسے سنوارے　　کہ جیوں قوس قزح میانی ستارے
دسے حوضاں میں اڑتے سو پھنیارے　　نکٹ ماکاں سوں بالیاں کو سنوارے
جو ایاقوت کی پیالیاں ہیں گھالے　　سرنگ رنگ سوں دسی مانند لالے
طبق بلور کی خوشبوے سوں بھر　　ہزاراں چاند تھے جیوں بھیں کے اوپر
دھرے تھے منڈ خان پہ چوند ہیر لیں رات　　کہ کھن اس جھل جیوں بادل کیا بات
قمر کا دور جو دسنے ہیں نا آئے　　وہ پیالے بدر سے بھر بھر کو دکھلائے

حریفان جھیلتے جو جام ادہنتر کریں چوگان بازی جیوں ہوا پر
ہوس کے جو ترنگ کوں خوب دوڑائے گرم ہو لال کر موں خوئے بھر لائے
دسیں رخ لال پر بند خوی کے سارے شفق ہے چاند پر تس پر ستارے
ہوی جب می سوں دلکوں شادمانی تماشے کی منگے دل کامرانی
سید شیریں ستے ہووے بہوت سکر پری رخ دلربا سوں ہوئی بھنجن سکر
طرب سازی کے مطرب تان لگائی بہت کچ خوب گائے ہور بجائے
انن آواز کے شعلے پہ رکھ دل پتنگ ہوئی گھن پور ہرہ بن میں کوئل
بلند آواز پر ان کے رکھیا دھیان چندر ہور سور سوں گھن کے کھلے کان
بجنتر تا پڑان جب نلچنے آئے عجائب دلربائی کے گتاں لائے
دو زلفان مکھ اپر اپنے جو کھولے تھے دل عشاق کے ڈستے سپنولے
نین مٹکائی جو ہر یک مدن مست ستارے گھن تے اس دیکھت ہوئے پست
انچل گردان کر جب بھاؤ بتلائے طلب داران کی دل جوندی دی بجائے
چھبیلیاں چھپت ستے جب چرخ میں آئے بھنور تس چھل سوں غوطے چل منے کھائے
ڈہلکتیاں رقص میں آکر سلک جامیں گتاں سیماب کے چھند وسوں دکھلائیں
کریاں رقاص ہو عاشق دل باغ دھریاں مہوراں کے تن پر رشک کا داغ
تماشا دیکھ جب نیناں اگھائے کندوری بار کر کھانا کھلائے
جو کچ کھانے کی ہووے چیز بہتر چنے تھے سب چتر گیانی بچپتر
دکھت خوش رنگ پاکیزہ مزعفر تسر الناظرین آوے زبان پر
رکابیاں بھر رکھے تھے سو قبولی طبیعت نے اسے اول قبولی
تمنجن کا اتھا سے خوب مہکار کھلیا تھا بن میں گویا ہار سنگار
جو جھنیاں بیچ خشکہ صاف بھر لائے ہے گل چینی دو اچلی کو کھیا جائے
مصالح وار کھچڑی تھی سہانی کھلی دل دیکھ تس رنگ زعفرانی
تھی ناناں بنچہ کس ہیمنی عروسی کرن مہمان کی تیں دست بوسی

کھلیا تھا موں ہریک ورقی سنبوسا   دیون مہمان کے لب تائیں بوسا
کما چان سوں ہوی مانڈے مقابل   کرن یو بحث جو ہیں کون فاضل
صلح کارن انن سینے پور کھ ہات   ملائی موں میں مہماناں کریک بات
رکھے رنگیں قلئی نادر رہے ہشار   اچاران ہور مربے سے مزہ دار
دسیں یوں تیرتے گھیو میں چقندر   بچے سرخاب کے جیوں نیر اندر
صفائی سوں کرم رکھتے کرامات   انن کی گرم جوشی تھی ہریکسات
کدو کی ہوئی تھے گردن فرازی   نہ تھی رغبت کوں اس تے بے نیازی
کویلی ہور جھونڈی جو رکھے لا   کندوری کا ہوا سرسبز منڈوا
دسیا خوش رنگ نظران تل نچالا   جل اس جھل سوں ہوا ریحان کالا
دکھت تس سیر رنگ محبوب جانیا   ہوا ہیتھی اپر دونا دیوانا
کلی دلکی گرہ کفتیاں نے کھولے   انگوراں کھائے تس جھل کے غلولے
جو پیالا دال کا سفرے پو آیا   صندل تس رشک سوں اپیں گھسایا
چمن نعمت کے ایسے دیکہ ستھرے   خیا ورسنج کی جھاڑیاں سوں اترے
دراجان مست تھے اپنی سداسوں   نہ تھی سد جو پکڑ لیتے انن کوں
بٹیران بلبلاں سفرا تھا   تھے قلئی نرگسی ان تیں نشیمن
رکابیاں حوض خانی گھیو جیوں نیر   لوے مرغابیاں تیوں اہیں رہے تیر
کباباں مرغ کے یاقوت کے رنگ   ہوا تاج خروس ان رنگ پر دنگ
تھے موتی چور لڈوان کے انباران   انن رشکوں سوں لہو گھونٹتے اناراں
شکر باری نزاکت سوں سنوارے   تھے سندر کے ادہر شیریں تے پیارے
جلیبیاں کے پھل شیری پور کھ آکہ   جھجرتے پٹیاں سبے شہد رہی جھانک
نہ کوزے قند کے تھے صاف قندیل   بنائے چاند کے بلور سوں جھیل
نہ کھے جاوے کہ تھے شکر بھٹانے   ثریا کی تھے دو جھونکے کے دلنے
نہ کیتے فیرنی کی پیالی نہ سیر چندہ   گلے جیوں تیغ نہ ہو سک اس برابر

جو کوئی دیکھیا ہے وو پالودہ رنگدار   نظر اس کی رنگا رنگ ہوئے گلذار
کر ایسی دہات کے نعمت مہیا   بٹھائے میہمان تائیں لی آ آ
کندوری کے صفا میداں میں جب آئے   ترنگ کوں اشتہا کی اثر بتلائے
ملیدے کی کدہی ٹینکاں پو لائے   کدہی حلوے کے دل دل میں ٹھنائے
اڑائی جب ہمن پنکھے کی دی چھال   پڑیا تس پکنے سینوباں کرا جال
لگا سرکے کی اسکوں تیز مہمیز   چلائے واں تے کربیگی جلوریز
وو پھلبن کا کرے سب سیر یک بار   لئے چن کر جو کچھ تھا ان کوں درکار
مزعفر کے لئے تھے جو لولائے   دسیں صد برگ کے پھولاں میں آئے
ملا کر داں کوں خشکے کے سنگات   کرے جنٹری گل عباسی ایس ہات
جو تھے خوشرنگ جیوں یاقوت دانے   گل اورنگ کر کفتیاں کوں جانے
کانچاں جس کے ہاتاں بیچ آئے   گل چندر کے نمنے دو سہائے
کیا بان آتشی گل کے سوں بہتر   لئے دور اشتہا کاان ستے بھر
غرض جسکوں ہوا جس دہات رغبت   ملے ویسچ واں اس تائیں لغت
مٹھے کھانے کے جو میں وصف بولوں   قلم ستے جھڑی شربت کی کھولوں
جو کھارے کی صفت کا میں کروں کام   سلونیاں مج ستے لیویں نمک دام
کندوری خرچ کر جب سب اگھائے   لگی ہر ایک کے ہاتاں دہلانے
دہلا کر ہات دی ان تائیں لی ماں   دئیے عزت ستے ہر ایک کوں پاں

موم کا بچہ

از زوجۂ تاجر ؟

مولفۂ سید عبد اللہ قیاسی

ایک عورت کو روپیوں کی سخت ضرورت، ہوتی ہے اُن کے حاصل کرنے کے لیے وہ جو طریقہ اختیار کرتی ہے اپنی حیثیت سے بالکل نیا ہے موم کا بچہ بنا کر دوکان پر چھوڑ آنا عجیب و غریب دھوکہ بازی ہے۔

رہتی تھی نت عشرت میں ادمن ہرن — مرد جا کے گذرے سو کیتے قرن
مرتب ہوی گھر کی خرچی تمام — ہوا بھار کا بلکہ کچھ ایک دام
نہ آیا ہے تب لگ بھی خاوند او — سو اس دہن میں بے حد فکرمند ہو
اٹھی دائی گھر میں سو اس کوں بلائی — کہی کیا فکر اب کریں بول دائی
دہنی جا کو گھر کا ہوے بھوت روز — نہ آیا ہے اب لگ خبر نیں ہنوز
ملھانے کون باقی رہیا ہے ایا — کریں فکر کیا کچ تردد بتا
کہی دائی بی بی کہ تم کیا [illegible] — [illegible] کے پانچ
کسی طور اب زندگی کا ٹنا — کہیں پینا کوٹنا کاتنا
کہی سن کو اس بات کوں ہی — اچھی بات بولی اری ماجی
بڑا خرچ گھر کا یتی جان یو — ہووے کیوں مزوری میں گذران تو
کریں فکر ایسی کہ درحال کچھ — ہوے گھر کا گذران ہر حال کچھ
کہی دائی بی بی مری بات سن — نہوتا ہے کچھ اب مرے ہات سن
جو کچھ فکر کرنا سو اب تو تجہ کر — تیا لول رہی چپ کے موں موچ کر
سن اس بات کوں نار اس تل منے — کری یک اندیشہ اپس دل منے
بزار موم دو تین روپیہ کا منگائی — سو اس موم کا ایک پتلا بنائی

کہ ایسا بنائی او نادر عجب   جکوئی دیکھ بولیں ہے ادمی سچا
عجب صنعتی سوں بنائی او سے   کہ کپڑے او پستان نیالی دسے
کہی جاں اچھے جوہری کی دوکان   اے دائی لیجا مجکوں ود ہی ٹھکان
بچے کوں لیکر آپنے گود کے بیچ   سنوار سراپڑ اوپر برقے کوں وینچہ
لیکر دائی کوں سات نکلی بہار   چلی ڈولتے ٹھیکے سوں جوں گلعذار
چلی پیش خدمت اگے ہو کے دائی   جہاں جوہری تھے وہاں لیکو آئی
سو آ عجب سو دوکان میں بیٹھنار   کہی جوہری کوں اے دوکاندار
ترے پاس موتی بڑے مول کے   ہے کچہ بے بہا قیمتی تول کے
دیکھا جوہری سو دہیں سدہ لیسار   تعجب ہو دل میں کیا یوں بچار
عجب نور بخشتا ہے اس کوں خدا   ہے کس گھر کی بی بی یا شہ کی دوا
او بے عذر ہو کر رکھیا در زر در   کیتک وضع کے لا کو موتی حضور
او موتی سبھوں میں اچھے نادار   رکھی مول ان کا چکا تین ہزار
پوچھی لعل ہیرے ہیں تیرے کنے   کھیا نیں ہیرے لعل میرے کنے
ہے بازو کے دوکانداراں کیروان   حکم ہوئے تو ان کو بلا لیاوں یاں
کہی لا بلاکر بزاں ان کے تیرا   بلا کر لے آیا بزاں ان کوں ویں
کتک دبات کے او جواہر لے آئے   بہوت بے بہا بیش نادر لے آئے
ہیراں ان میں تے ایک ہزار چار کا   لئے لعل یک آٹ ہزار کا
ہوئے پیسے تینوں کے پندرا ہزار   بزاں جوہریاں کوں کہی یوں اونار
جواہر میں دیتی ہوں دائی کے ہات   تمیں تین آدمیاں دیوا سکے سنگات
جواہر لیکر گھر کوں جاتی ہے دائی   تماری جو پیسے دلاتی ہے دائی
کہ میں بیٹھتی ہوں او پھر آئے لگ   تمارے جو پیسے یہاں لیائے لگ
تیوں لے سن اس بات کوں جوہریاں   ایس کے دے سات تین آدمیاں
چلی دائی لیکر او تینوں کے تیں   شہر کے گلی ہور کوچیاں میں میں

کیتک وقت لگ شہر سارا پھرائی   بہوت کر کے مانندے سو یک ٹھار لائی
بڑا ایک کوچے میں بھٹر کل اتھا   وو تینوں کوں اس جاے اوپر بٹھا
کہی یاں اچھو گھر میں جاتی ہوں میں   تمارے اے پیسے لے آتی ہوں میں
بیٹھا ان کوں ہو آپ بھٹر کل کے پار   او بھٹر کل اندر راہ تھے تین چار
سو یک باٹ تے ذوق سوں گھر کو گئی   جواہر رک آرام سوں ٹھہر رہی
کیتک بیر لگ بیٹ کر ہو ہلاک   لگے مارنے گھابرے ہو کے ہانک
نہ او دائی ہے نا جواہر نہ مال   لگے پیٹنے سر اوپر خاک ڈال
تب اوروں کوں پوچھے یو کس کا ہے گھر   کہے لوگ سب باٹ کا ہے اے در
کہے گئی دغا دے کو ہمنا او رانڈ   ہمیں کاں سوں خاوند کوں دیویں وانڈ
چلو جائیں جلدی سوں دوکان لگ   جو بی بی او مکار کی ہے تلک
ہو ہیبت زدہ دائی کی آس چھوڑ   لگے آنے دوکان کوں اپنے دوڑ
بزان اس وضا سوں ہوا دان سب   برے یاں ہوا سو سنو حال اب
سلا مار اس ٹھار بچے کے تین   کہی استنجا کر کو آتی ہوں میں
بچا سو رہیا ہے سو پر نیند ہو   نہ بیٹھے مکھی یتوں اڑاتے رہو
تیا بو لکر واں سوں جیوں آئی بہار   چلی نا پچھیں پھر کو دیکھ ایک بار
نسنگ بیگ سوں آپنے گھر کوں آئی   ہوی جمع خاطر اپیں ہور دائی

(اوراق ۹۴ تا ۹۶)

ایک دولہا دولہن

از دیوان ہاشم علیؒ

امام قاسم علیہ السلام اور حضرت بی بی سکینہ کی شادی اور حضرت علی اصغر کی شہادت اردو مرثیہ نگاروں کے نہایت اعلیٰ موضوع ہیں ان پر قدیم سے لیکر موجودہ زمانہ تک کے مرثیہ نگاروں نے طرح طرح سے خیال آرائی کی ہے۔ اور ہر وقت ایک نیا اثر پیدا کیا اور نئی کامیابی حاصل کی۔ ہاشم علی کے یہاں ان موضوعوں پر ایک سے زیادہ مرثیے ملیں گے اس نے مکالمہ کا طرز اختیار کرکے ان میں جان ڈال دی ہے۔ ذیل کی نظم میں بھولی بھالی دلہن کے سوالات اور ایک ذمہ داری محسوس کرنے والے دلہا کے جواب نہایت پاکیزگی سے ادا کئے گئے ہیں۔

جلوہ سیں اوٹھ کے رن کوں چلا تب کہی دولہن   دامن پکڑ کے لاج سوں انجھواں بھرے نین
مت چھوڑ کر سدھارو تم اس حال میں ہمن   تم بن رہے گا ہائے یہ سونا بھون مرا

کیسی یو کدخدائی و کیسی ہے یو برات   آتا فراق تم سوں یہ جلوہ کی آج رات
گھر کوں نہ لے گئے ہو نہ بولے ہو ہم سوں بات   دیکھا نہیں جمال کوں بھر کے نین مرا

اس کربلا کے بن میں اکیلی میں کیوں رہوں   تجھ باج میں جہاں میں پھر امید کیا دھروں
جد کے مدینہ کیونکہ میں اس ٹھار سے پھروں   تم اپنے ساتھ لے کے دکھاؤ وطن مرا

جاتے ہو چھوڑ رن کی طرف مجھ کوں تم رولا   نہیں شرم کا ہنوز یہ سر سوں گھونگٹ کھلا
کرتے نہیں محبت د جاتے میا بھولا   اس زندگی سوں آج بھلا ہے مرن مرا

شعلہ لگا ہے دل منے اس غم کا کیا کروں   مجھ کوں روا ہوا ہے اگر زہر کھا مروں
دوری میں ہائے تیری میں دن رین یوں جلوں   فرقت کی آگ سیتیں جلے گا بدن مرا

قاسم کھڑا تھا روتے نین سن دولہن کی بات   غمناک اپنا دیکھ کے دامن دولہن کے ہات
تب آہِ دردناک سوں بولا دولہن کے سات   اے بوستانِ راحت و سرو چمن مرا

مجھ کوں نہیں ہے تیری جدائی کا اختیار   تیرے فراق سات میں جاتا ہوں اشکبار
میں کیا کروں صلاح نہیں حکم کردگار   حق نے کیا ہے رن میں مقرر رہن مرا

ہے داغ دل میں تیری جدائی کا کیا کروں   نہیں ہے اُمید رن سے پھر آکر تجھے ملوں
جو کچھ ہوا ہے مقدروں میں راستی کہوں   وعدہ ہوا ہے حشر میں تم سوں ملن مرا

بچے کا غم

ہائے اصغر کے تئیں بلاتی رہی   سونا یہ پالنا جھولاتی رہی
جھولا تیرا پڑا رہا خالی   ڈوری مجھ ہات میں ہلاتی رہی
ہائے کیوں روٹھ کر گیا مجھ سوں   مرے پیارے کے تئیں مناتی رہی
بھول کیوں توں چلا میاں میری   آرے اصغر تجھے بولاتی رہی
میں کھلاتی تھی جب لگا چھاتی   آنچل اپنا تجھے اوڑاتی رہی
رات دن میں کبھو نہ دی رونے   کر کے باتاں تجھے ہنساتی رہی
تھا برس گانٹھ کا تجھے ارمان   لال جاماں ترا سلاتی رہی
قاسم آیا ہے جب بیاہنے کوں   میں تماشا تجھے دکھاتی رہی
لہو بھرا کیوں ترا چندر مکھ ہے   جس کوں ہاتوں سے میں دھلاتی رہی

دودھ پیتا مرا گیا بالے   غم سوں چھاتی مری بھر آتی رہی
تجھ کوں بھاتی نہ تھی اندھاری رات   تری خاطر دیوا جلاتی رہی
کرکے تعویذ دل اوپر رکھتی   بد نظر سے تجھے چھپاتی رہی
کیوں نہ آخر ہوئی عمر میری   تجھ بنا حیف مج جیاتی رہی

اصغر کا ماتم

آج پرخون کفن ترا اصغر   آج سوکھا دہن ترا اصغر
لال ہے گلبدن ترا اصغر   حیف یو بالپن ترا اصغر

کیوں ہیں زلفاں کے بال تاروں تار   کیوں گلے سیں لوہو کے جاری دھار
تجھ کوں سوتے کبھو نہ لگتی بار   حیف یو بالپن ترا اصغر

اوٹھ گلے کا لوہو دھولاؤں میں   نیند آتی تجھے سولاؤں میں
چل ترا پالنا جھولاؤں میں   حیف یو بالپن ترا اصغر

کیوں جدا مجھ سیتی کیے تجھ کوں   پھر میں گودی لئے پھروں کس کوں
کیوں نہ لاگی بلا تری مجھ کوں   حیف یو بالپن ترا اصغر

اللہ اللہ کیا تجھے پالا   من میں یوں تھا کروں گی بسم اللہ
ہائے تیر آگیا جیا بالا   حیف یو بالپن ترا اصغر

کس کا اب پالنا جھولاؤں گی   لولی دے کے کسے سولاؤں گی
کس کوں چھاتی سیتی لگاؤں گی   حیف یو بالپن ترا اصغر

بی بی فاطمہ کا بین

آیا محرم اوڑتا دھولارا   روتا ہے عالم اِس غم میں سارا
خیرالنسا نے تب یوں پکارا   میرا حسینا ناحق مارا

ہے ہے حسینا تیری جوانی   تھا قطب تارا تیری پشانی
دوجا نہیں تھا کوئی جگ میں ثانی   میرا حسینا ناحق ہارا

جب تشنگی سوں توں تلملایا   ساتوں سمندر تب کھل بلایا
نہیں ظالماں نے پانی پلایا   میرا حسینا ناحق مارا

توں عرش کا تھا روشن ستارا   تیرا شرف تھا سب اشکارا
ہے آج تیرا سر تن سوں نیارا   میرا حسینا ناحق مارا

غم کے بادل

پھر گھٹا ہوی غم کے بادل کی گگن پر آشکار   کربلا میں مینگھ برسے لہو کے دھاراں بے شمار
تیغ چمکی سر اوپر بجلی کے مانن بار بار   کیا سماں ہے ہے پڑا سارا جہاں میانے اندھار

یہ جھڑی دس دن لگے گی ماہ غم عاشور ہے   کربلا کے موج غم سوں دل کی ندیاں پور ہے
نعرہ ہا کڑکیں گرج کر آج نغمے صور ہے   چو طرف گھن گھور ہے لہو کی برستی ہے پھوہار

نہیں نکلتا ہے سورج سوے نہیں سکھ کے بجون   خون دل سوں جہاں تلک دیکھو ٹپکتی ہیں نین
ترہرتے ہیں اشکباری سوں، لرزتے ہیں بدن   آہ کا ہر دم ہوا ہے گا، دلوں سیتی پکار

قاسم کی رخصت

از مراثی غلامی

غلامی نے ہاشم علی ہی کی طرح حضرت امام قاسم اور حضرت سکینہ کی شادی او حضرت علی اصغر کی شہادت پر نہایت کامیابی کے ساتھ مرثیے لکھے ہیں اس کے یہاں زبان کی سلاست اور بندشوں کی صفائی نے ادبی شان میں اور بھی اضافہ کر دیا ہے اگرچہ تخیل زیادہ بلند نہیں ہے لیکن اسلوب نہایت شاندار ہے۔

دوہرا غم آ کے گھیرے گا شاہ زمن کو آج
جلوہ میں کیوں بٹھانے ہیں ابن حسن کو آج
گھونگھٹ میں سوگ آن پڑے گا دولہن کو آج
قاسم خدا کے واسطے مت جا توں رن کو آج

غلطاں بخوں ہوئے ہیں سب احباب واقربا
باندھے کمر ز بہر شہادت وہ مقتدا
قاسم نے اذن حرب طلب کر کے یوں کہا
عمو نہ جاؤ رن کو رضا دو ہمیں کو آج

رحلت کے دن پدر نے وصیت کیا مجھے
تجھ پر نثار ہونے نصیحت کیا مجھے
تاکید کر کے کام کی رخصت کیا مجھے
یہ سن انجھو میں شہ نے کیئے پر نین کو آج

بولے اگر تجھے یو وصیت کیا پدر
حق میں ترے مجھے بھی جو کہے وہ نامور
لاؤں بجا میں حکم برادر توں کر صبر
یو بات کر طلب کئے سرور نے بہن کو آج

خیمہ میں اپنے لایا وہ دولہن کوں نوجواں
دست عروس چھوڑ کے قاسم ہوئے رواں
ہل بن مبارز اہل ستم ہونے ناگہاں
بولے خدا کوں سونپ چلا ہوں تن کوں آج

دامن پکڑ عروس لگے رونے غم سیتی
بولے کہ شوخی کرتے ہیں اعدا ستم سیتی
کہتے میاں ابھی سیں اوٹھاتے ہو ہم سیتی
جا کر ہٹاؤں فرقۂ دوزخ وطن کوں آج

کہنے لگے کہ ہوتے ہو یا ابن عم جدا
تم کوں کریں شہید مبادا یہ اشقیا
بیکس اکیلی چھوڑ مجے دوکھ میں مبتلا
بیوا ہو ترستی رہوں پھر میں ملن کوں آج

نوشہ کہیں کہ جیتے پھریں گے نہیں ہمن
محشر اوپر ہے وعدۂ دیدار جان من
دنیا کے بیچ پھر کے ملیں گے نہیں اپن
ہونا ہے پارہ پارہ ہمارے بدن کوں آج

پوچھے کہ روز حشر میں پاؤں تمہیں کہاں
کیونکر پچھانوں مجہ کوں بتا جاؤ کچھ نشان
دل بھر کے مکھ تمارا نہیں دیکھی در جہاں
ٹک بیٹھو نا کہ سن لو یہ میٹھے بچن کوں آج

یاراں بیاں یہ غم کا نپٹ بے شمار ہے
لعنت وو ظالماں کوں ہزاراں ہزار ہے
بہتر ز طول قصہ غم اختصار ہے
جو دُکھ دیئے ہیں عترت شاہ زمن کوں آج

ہے شش جہت میں غم شہ بیکس کا برملا
غم کی خزاں کیئے ہیں جنت میں ذکر بلا
روتے ہیں انس و جن و ملائک دریں عزا
یکبارگی سو کھائے ہیں سرو و سمن کوں آج

رونے میں مت قصور کرو رے موالیاں
اُجڑا ہے کربلا میں محمد کا خانداں
آنسو یہ غم کا حشر میں نہیں جائے رائگاں
بے آب کر دیئے ہیں علی کے رتن کوں آج

ہرگز نہ رکھ توں خوف غلامی زماسداں   آل عبا ستی توں مدد مانگ ہر زماں
دیکھلاویں کربلا تجے آخر دو سروراں   جو آرزو ہے کہہ توں حسین وحسن سوں آج

(ایڈنبرا بیاض۔ مرثیہ نمبر ۱)

بی بی شہربانو کا الم

ظلم کیا ہے کٹھن ہے ہے فلک کیا کیا   شہ سوں چھوڑایا وطن ہے ہے فلک کیا کیا

. . . .

اب میں جھولاؤں کسے چھاتی لگاؤں کسے   دود پلاؤں کسے ہے ہے فلک کیا کیا
نکلی ہیں سب از وطن تدی ہوئی ہی سکر   گم ہوئے سارے رتن ہے ہے فلک کیا کیا
لوہو میں اکبر مرا زخمیں بدن ہے پڑا   تن ہوا سر سوں جدا ہے ہے فلک کیا کیا
حال مرا زار ہے جیونا دشوار ہے   عابدیں بیمار ہے ہے ہے فلک کیا کیا
میری سکینا نڈھال پیاس سوں ہے خستہ حال   کیا کروں اے ذوالجلال ہے ہے فلک کیا کیا
آئی تو آئی کہاں بیٹھی بیاہی کہاں   میرا جوائی کہاں ہے ہے فلک کیا کیا
شہ مرا مارا پڑا کوئی نیں والی مرا   بیوہ ہوئی اے خدا ہے ہے فلک کیا کیا

(ایڈنبرا بیاض مرثیہ نمبر ۱۵۵)

لڑکی کی ضد

بانو پہ کربلا میں کیسا یہ دکھ پڑا ہے   گودوں میں پیارا اصغر بن دود مرلیا ہے
ہور رانڈ بیٹھی بیٹی داماد مر چکا ہے   سر کا چتر بھی ڈھلنا کوئی دم گزارا ہے

سمجھانا اوس بچی کا اس وقت کیا مصیبت   بابا بناں تڑپنا اور تشنگی کی شدت

"اے بیٹی! تیرے بابا کھانے گئے ضیافت"   معصوم کا یہ سن کر وہ چند جی جلا ہے

کہنے لگی کہ "اماں ہے ہے یہ کیا غضب ہے   مرتی ہوں بھوک سیتی پیاسوں سیں جاں بلب ہے
ضیافت میں گئے ہیں بابا مجہ بن سو کیا سبب ہے   بابا نے مجہ پہ شاید شفقت کوں کم کیا ہے

مجہ سیں کبھو نہ کرتے بابا مری جدائی   اصغر کوں لے گئے ہیں مجہ سیں میا اوٹھائی
باور نہووے جو تم کوں بتلاؤ کاں (کہاں) ہے بھائی   اصغر کا پالنا بھی خالی دیکھو پڑا ہے"

رو رو حرم میا سیں اوس طفل کوں بناتے   ہر یک لے بر میں اوس کوں چھاتی سیتی لگاتے
کہتے تھے "تیرے بابا اب کوئی گھڑی میں آتے   واللہ ساتھ شہ کے اصغر نہیں گیا ہے

سمجا کتے ہیں سارے پن کرتے نیں وہ باور   کہتے جو لے گئے نیں زرتا نہیں کیوں اصغر
لاچار ہو کہے تب اہل حرم نے یک سر   اصغر کی لاش لا کر اوس کو دکھا دیا ہے

بھائی کو دیکھ روتے دوڑے ہیں بہر لینے   ہر روز کی طرح سیں لاگے ہیں بوسہ دینے
کہتے کیوں آج بھائی نیں اوٹھتا دود پینے   کیوں اوس کے پیرہن کوں تازہ لوہو لگا ہے

ہے بسکہ مرثیہ میں مذکور ظلم و بیداد   اطفال شاہ دیں کا ہے شرح ظلم و بیداد
یاراں نے مرثیہ کا پایا جو فیض، دے داد   بیداد نام اوسکا ساروں نے مل رکھا ہے

یہ مرثیہ لکھا جب اے دو جہاں کے مولا   سینہ سیتی دھڑک کر غم کا اوٹھا ہے شعلہ
سب حاضریں کے مطلب شاہا شتاب برلا   آمیں کہو محباں اب فیض کا نما ہے

اول وہ سب کی حاجت بعد اوس کے لطف کر کر مداح کمتریں کے سب مدعا دوسرے ور
امرزش، پدر کی خواہش ہے دل کوں اکثر مادر کے تئیں شفا دو یہ مدعا بڑا ہے

سب ذاکراں میں کمتر ہے خستہ دل غلامی دو دا و جلد ہرچند ہے عاصیاں میں نامی
پاوے گا اپنے شہ سیں دو مدعا تمامی جس آرزو کے غم سیں دن رات جل رہا ہے

(اڈنبرا بیاض۔ مرثیہ نمبر ۹۹)

الوداع

(از مراثی مرزا)

مرزا کے مرثیے مشکل زمینوں میں ہیں اور لطف یہ کہ پڑھنے والے ختم کئے بغیر نہیں رہ سکتے۔ ان کی زبان بھی زیادہ سلیس نہیں لیکن کلام میں اثر زیادہ ہے۔

الوداع اے الودا شاہ شہیداں الودا
الودا ابن علی دو جگ کے سلطاں الودا
یو شفق نیں ہے گگن پر صبح و شام اس درد سوں
نت بھراویں لہو سنے دامن گریباں الودا
اس جفا کے تیر بیٹھے ہیں گگن کے تن اوپر
نیں ستارے پھر یو سب دِستے ہیں پیکاں الودا
ہیں ہیں تاراں سوں گگن تعریف لکھنے شاہ کا
اس ورق اوپر ملک کیتے ہیں افشاں الودا
شہ کا ماتم سُن دریا کے موج نت نوا کرے
غرق ہیں اس غم سوں سب لولو و مرجاں الودا
درد و غم شہ کا پتھر کے دل منے کیتا اثر
تب سوں لہو میں غرق ہے لعل بدخشاں الودا
کان بسترکو کچھ اچھے طاقت اونوکوں یوں کریں
اس وجہ خاصاں کو آزماتا ہے سبحاں الودا
جو کنول پانی میں ڈوبے تیوں ڈوبے شہ کے دوکھوں
اس جگر کے لہو منے دو چشم گریاں الودا
ہر محرم میں حسین کے درد کے تازے ہزار
دل اوپر مرزا کوں ہوتے ہیں یوں داغاں الودا

(ایڈ نمبر ۱ بیاض - مرثیہ نمبر ۱۲۴)

دنیائے غم

یہی نہ تنہا لباس نیلا ہے سب محباں کے تن میں غم تھیں
سیاہ پھیرا ہے پتلیوں نے ازل سوں جگ کے نین میں غم تھیں

ہنوز زاری کا حق نہ ہوتا ادا ہمارے گلے سوں جیتک
بسان نیساں ہو لوہو کی بہتیں اگر یہ رگ کے بدن میں غم تھیں

ملا تھا بلبل سوں میں سحر کر سنا ہوں احوال گلستاں کا
نہیں ہے کوئی گل بغیر نرگس ولے ہے گریاں چمن میں غم تھیں

ختن کا احوال مشک کہتا ہے جب کہ پہونچی ہے یہ خبر وہاں
ہوا ہے سودا سوں دل کے کالا لہو غزال ختن میں غم تھیں

حسن کا احوال عشق کے تیں خدا نہ دکھلائے ان نینوں میں
نین ڈوبے ہیں لوہو میں رو رو زلف پڑی ہے شکن میں غم تھیں

خبر بیاں کی اشتاک تیری کی جب نشاں سوں گئی عرب میں
عقیق جیتے تھے سب لہو ہو کے بہہ چلے ہیں یمن میں غم تھیں

یہ مرثیہ بو تراب سیتے قبول پاوے تو کچھ عجب نیں
کہ روح قادر کی زار رووے پڑے جو مرزا دکھن میں غم تھیں

(ایڈنبرا بیاض - مرثیہ نمبر ۲۱۴)

ایک مسافر قیدی

از مراثی کاظم

کاظم کا اسلوب نہایت شگفتہ ہے۔ خیالات زیادہ گہرے نہیں ہیں لیکن ادبیت اور مرثیہ پن دونو موجود ہیں جس کی ایک اعلےٰ مرثیہ گو ہی سے توقع کی جا سکتی ہے۔

کیوں یزیداں نے ستم بر سر سلطان کیا　　اوس رخ پاک کے تیں خوں سے گل افشان کیا
زلف جمعیت ایماں کو پریشان کیا　　دین کوں ہات سیں دے کفر پہ طغیان کیا

……

……

بستر خاک سیں اوس پیکر خونیں کو اوچا　　سینہ اپنے سوں لگا کر سر زانو پہ رکھا
بند سیں بند لگا ٹوٹنے دل کا ہر جا　　آہ سینہ سیں نکل چرخ پہ جولان کیا
آہ کر کہنے لگے اپنے جگر کا احوال　　کہ جدائی سوں ترے ہے ہدف تیر ملال
تا قیامت تلک اس درد کا دارو ہے محال　　لاجرم گریہ و زاری کو میں درمان کیا
لے چلے مجھ کوں طرف شام کے وہ نامہ سیاہ　　صبح امید مری کر کے پریشان و تباہ
کیوں کٹے گی تری فرقت منے مجھ سوں یہ راہ　　یو عمل کافر بے دیں نے جو شیطان کیا

……

لے چلے اون کوں طرف کوفہ کے واں سیتی تا شام　　جو کچھ اوس رہ منے گذرا ہے جفا اون پہ تمام
کیا لکھے کاتب غم ناک قلم کا نہیں کام　　غیر تسلیم جو کچھ ایزد رحمان کیا

(ایڈنبرا بیاض۔ مرثیہ نمبر ۶۶)

خبر لو علی ولی

(از مراثی کاظم)

تم اپنے دلبراں کی خبر لو علی ولی   بے تاج سروراں کی خبر لو علی ولی
نیزوں اوپر سراں کی خبر لو علی ولی   ظلم و ستم گراں کی خبر لو علی ولی

آرام دل سکینہ بے تاب کوں نہیں   انکھیاں میں اوس کے راہ دیکھو خواب کوں نہیں
کہیں انتہا یو درد کے اسباب کوں نہیں   غم ہائے بے کراں کی خبر لو علی ولی

جن کو سلاتے گود میں، رکھتے تھے دوش پر   دریائے خون سر سیں چلا اون کے جوش کر
کیا صبر کر رہے ہیں دو لب کوں خموش کر   اوس ناز پروراں کی خبر لو علی ولی

ہے سر پہ اون کے تیغ کوہستاں کے روش   دل خوں ہوا ہے غم سوں بدخشاں کے روش
برسے انجھو نین سیتی نیساں کے روش   اوس پاک جوہراں کی خبر لو علی ولی

گلزار احمدی پہ چلی صرصر خزاں   کانٹوں پہ سوگوار ہو بیٹھے ہیں بلبلاں
ہر سرو راستی پہ کریں نوحہ قمریاں   بیدل صنوبراں کی خبر لو علی ولی

دریائے خوں میں غرق محباں ہیں شاہ کے   تا آسماں بگولے اوڑاتے ہیں آہ کے
آتش لگے ہے خرمن ہستی میں ماہ کے   اوس خاک بستراں کی خبر لو علی ولی

دنیا منے ہے بس کہ مُحبّاں اوپر ستم   طاقت نہیں ہے اون کا بیاں جب لکھے قلم
فضل و کرم سیں اپنے، یو سن ماجرائے غم   کاظم ہے مضطراں کی خبر لو علی ولی

(بیاض - مرثیہ نمبر ۷۷-)

مرثیہ

از مراثی ذوقی

ذوقی کے مرثیے زیادہ تر غزل نما ہوتے ہیں۔ ان کی زبان سلیس ہے مطالب عمدگی سے بیان کئے گئے ہیں لیکن اثر کم معلوم ہوتا ہے۔

اے شمع بزم مرتضیٰ گھر آج آتے کیوں نہیں   تاریک ہے تم بن جہاں جلوا دکھاتے کیوں نہیں
وو جاہل وو زرخ وطن آئے ہیں بادل کے نمن   جوں برق تیغ صف شکن شہ جگمگاتے کیوں نہیں
وہ شمع بزم مصطفیٰ باد اجل سوں گل ہوا   سب سوز دل سوں تن سدا یاراں گلاتے کیوں نہیں
چھوڑو سکل دنیاں کے کام دس دن تلک اے خاص عام   ماتم کے آتش میں مدام تن کوں جلاتے کیوں نہیں
سنتے ہو تم اے مومناں شہ کی شہادت کا بیاں   سب خاک و خوں کے درمیاں تن کوں ملاتے کیوں نہیں
ذوقی تمارا ہے غلام فضل و کرم سے یا امام   اپنی زیارت کوں مدام اس کوں بلاتے کیوں نہیں

(بیاض مرثیہ نمبر ۲۱۳)

امام حسین اور بی بی شہربانو

شاہا تم تخت گردوں پر دسا ماہ محن   فوج غم نے ملک دل ویراں کئے ہیں چوکدھن

……

تب ہزاراں درد و غم سوں شہربانو نے کہا   مجھ کوں کس کوں سونپ کر جاتے ہوئے اے سرو تن
تم بناں اے جان جاناں کیوں کروں میں زندگی   تم بناں کس کوں کہوں میں یہ اپس کا دکھ کٹھن
تم بناں ہر روز مجھ سینے منے یک سال ہے   تم بناں ہر رات غم سوں مجھ اوپر ہے یک قرن
شہ نے فرمایا کہ کچھ نہیں چارہ جز صبر و شکیب   ہے تمارا یاور اس غم میں خدائے ذو المنن
تم کوں روتے سوں نہیں کرتا منع اے غم گسار   مو پریشاں مت کرو اور پارہ پارہ پیرہن

……

گرچہ اے ذوقی ترے بے حد گناہاں ہیں ولے   شکر للہ ہیں شفیع روز محشر پنجتن

(بیاض مرثیہ نمبر ۲۲۲)

ظلم دشت کربلا

از مراثی رضی

رضی ٹھیٹ مرثیہ گو شاعر تھا۔ اُس کے کلام کے انتخابات ظاہر کرتے ہیں کہ وہ ادبیت کی مطلق پروانہ کرتا تھا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ان میں سوز و گداز موجود ہے۔

نالۂ و فریاد و دوا ویلا ہے اے پروردگار   غم سیتی آل نبی کا دل ہوا ہے بے قرار
ظلم دشت کربلا میں دیکھ بے حد و شمار   اودتی محشر تلک روتے ہیں دوکہ سوں زار زار

داغ غم سوں شاہ کے ہر ہر طرف کھیلا ہے باغ   لالۂ خونی کفن ہے دل میں تب سوں داغ داغ
پھول بن میں جب ستی پایا ہے اس غم کا سراغ   جامہ اپنے برنے پہنا ہے سوسن سوگوار

ماتم شہ سوں پڑی خرمن پہ دل کے بیجلی   تب ستے حاصل ہوی افسوس ہم کوں بے کلی
نین جوں بادل گئی، ہو رآہ جیسے بانسلی   غم کے جنگل میں بجاتا ہوں سدا بے اختیار

آج خاطر جمع کاں ہے مجھ پریشاں حال کی   گرچہ ہے ترک ادب تفسیر اس اجمال کی
کہاں
ایک عاشورا قیامت ہے نبی کے آل کی   دیکھ تن سوں سر جدا جیوں آفتاب نیزہ دار

نہیں رضی معلوم رازِ حق تعالیٰ کا سبب   نور چشم ساقیِ کوثر بہوت ہو مضطرب
چشم تر جوئے فرات اوپر کھڑے جب تشنہ لب   نوح کا طوفاں مگر اوسوقت ہوتا آشکار

(بیاض - مرثیہ نمبر ۲۳)

میرا دل

(از مراثی رضی)

غم سوں ہے بے قرار میرا دل — دکھ سوں ہے زار زار میرا دل
گلشن غم میں ہے شہیداں کے — لالۂ داغدار میرا دل
نت شہیداں کے زخم غم سیتیں — شق ہے جوں ذوالفقار میرا دل
غم کی بجلی پڑی ہے جب سیتے — تب سوں ہے شعلہ زار میرا دل
نیم بسمل نمن تڑپتا ہے — ہو کے غم کا شکار میرا دل
گرد غم سوں امام کے اے رضیؔ — کیوں نہ ہو پر غبار میرا دل

(بیاض ۔ مرثیہ ۱۹۴)

ماتم امام زادہ اصغر

از مراثی ندیم

یہ خاص طرز کے مرثیوں سے ہے۔ قدیم اردو شاعر بعض وقت غزلیں بھی اس نوعیت کی لکھتے تھے۔ زبان نہایت پاکیزہ ہے اور ساتھ ہی پُر اثر مرثیہ ہے۔

ہے ہے اصغر ابن حسین سونا تیرا پالنا — رو رو بانو کرتے ہیں بین سونا تیرا پالنا
تجہ بن بانو ہیں بے حال، لٹویں بکھرے سر کے بال — کہتے، ہے ہے میرا لال، سونا تیرا پالنا
تھا تو شہ کا من کا چاؤ، مجہ دکھیا کے من کا بھاؤ — کاری ہے مجہ دل پر گھاؤ، سونا تیرا پالنا
تھا جو تجہ پر ایسا گھات، مجہ کوں بی لیجانا سات — اصغر مجہ سوں کر کچہ بات، سونا تیرا پالنا
تھا مجہ دل میں یہ ارمان، سالگرہ بھی کرتی سامان — تجہ کوں تھا یہ برس ندان، سونا تیرا پالنا
چھاتی کوں کس لاؤں میں، کس کوں دودھ پلاؤں میں — اصغر تجہ کھاں پاؤں میں، سونا تیرا پالنا
کیونکر دیکھا تیرا مکھ، تجہ پر بھاری ہر دم دکھ — جیونے کا اب کیا ہے سکھ، سونا تیرا پالنا
گودی میں اب کس کوں لوں، کس کوں تجہ بن لوری دوں — گور میں جا کر سویا توں، سونا تیرا پالنا
تجہ بن جوگن کا کر بھیس، راکھ لگا موں کھولے کیس — تجہ کوں ڈھونڈھوں دیس بدیس، سونا تیرا پالنا
دکھ کی کنتھا پہنوں تن، غم کی دھونی جالوں من — تجہ بن مجہ کوں گھر ہے بن، سونا تیرا پالنا
غم سوں تیرے روؤں زار، اصغر اصغر کروں پکار — جینا مجہ کوں ہے دشوار، سونا تیرا پالنا
آج ندیم اس غم کے بین، کرتا انجھواں بھر کر نین — اصغر شہ کے نورالعین، سونا تیرا پالنا

(ایلیٹ نمبر ا بیاض۔ مرثیہ نمبر ۱۴۳)

اصغر کی ماں

(از مراثی اشرف)

نہایت پُراثر اور حقیقت حال کو ظاہر کرنے والے مرثیوں میں سے ہے۔

سیج جھولے کی میں بناتی تھی   بالے اصغر کوں تب جھولاتی تھی
جب دولارا دہ نیند بھر سوتا   دودھ پینے کوں میں جگاتی تھی
پھر چھپیاں سب تے اوسکے جاتیاں تھیاں   چاؤسوں جب اوسے اوچاتی تھی
میں جب اصغر کوں گود میں لیتی   پھولے نیں آنگ میں سماتی تھی
پانی بن خشک ہو گیا ہے شیر   دیکھ اصغر کوں تلملاتی تھی
آج بالک مرا نہیں دِستا   باس اوس کی مجے بھی آتی تھی
ظالماں سنگدلوں نے مارا تیر   سخت فولاد اون کی چھاتی تھی
تیر گذرا گلے سوں اصغر کے   ہائے کس دکھ سوں جان جاتی تھی
شاہ پھر کر لے آئے اصغر کوں   بولے یوں کر ” اپنی جیاتی تھی “
آج جنگل میں توں اکیلا ہے   رات دن میں تری سنگاتی تھی “
آج کہہ کیا پکاروں کہہ مجھ کوں   تب میں اصغر کی ماں کہلاتی تھی

شہر بانو کے شور کی آواز
اے اشرف لامکاں کو جاتی تھی

بی بی فاطمہ امام حسین کے غم میں

(از مراثی قایم)

یہ اگرچہ زیادہ ادبی مرثیے ہیں لیکن سوز و گداز کی وجہ سے قابل قدر ہے۔

تجے فاطمہ آ بولاویں حسین   ترے بن کیتا تلملاویں حسین
ڈھونڈیں بے خودی سوں پناویں حسین   رو دیں ہات مل حیف کھاویں حسین

کہیں مرے جیو کے پیارے کہاں   مجھے چھوڑ اکیلا سدھارے کہاں
دیکھو مجھ دکھی کے دوکھیارے کہاں   سبب کیا نہیں آج آویں حسین

پلا تھا مرے گود میں وو سدا   ہوا نیں کبھو مجھ سوں یک تل جدا
ہوا کس بلا میں وو جا کر ملا   کہ نہیں آ مجے مکھ دکھاویں حسین

دریغا مجے چھوڑ نیارا ہوا   اکیلا کہاں جا بچارا ہوا
یو غم اس کے جیو میں انگارا ہوا   لگے دوں سینے آ بوجھاویں حسین

ہے قایم غلامی میں امیدوار   گناہاں میں غرق گرچہ ہے بے شمار
ہے محشر کوں حامی مرا برقرار   شفاعت جو کر کر چھوڑاویں حسین

(بیاض - مرثیہ نمبر ۵۲)

ایک نئی طرح کی شادی

از مراثی سید

یہ بالکل نئی طرز کا مرثیہ ہے موت کو شادی کی صورت میں پیش کرنا انتہائے رجائیت ہے۔

ماہ محرم میں دیکھو چندا ہو مالی آئیا تارے گگن کے گوندکر سہرا جو شہ کوں لائیا
کنگن ستم کا باندکر روکر کا او بنّا کوں لگا حیرت کی چوکی کے اوپر انجھواں سے تن نہلائیا
دولا حسینا چھپر ترنگ، سر ڈال کھنا نور کا سارے براتی سات لے دولہن کوں نے بھیا دھیاں
باجے بجنتر دین کے غم کے نغیریاں کا ہے غل ملعون لشکرل سبی منڈف تیروں کا چھائیا
اپنے پو جیو کوں وار کر دیوے دھنگانا سیس کا ہر یک نے شہ کے سنگ سوں خلعت سہانی پائیا
قاضی قضا کا عقد بن، کر ختم شرطاں شرعیاں ڈھالاں کے خواناں کرا نگیں شمشیر جو چھا کھائیا
تھا برِ دشت کربلا، ظلمات بحر خون کا ہیں پیاس میں طفلاں سکل پانی سیتی ترسائیا
آ کرشا نا موت کی، دولھن شہادت کی بنا تقدیر کے سو تخت اوپر، بٹھلا کے جلوا لائیا
سیدن سقاغہ کا سدا، میدان تر کرنے بدل نینوں کی مشکاں اشک سوں بھر بھر کے نت چھڑکائیا

(بیاض - مرثیہ نمبر ۱۲۲)

مرثیہ

(از مراثی امامی)

زبان اس قدر صاف ہے کہ دھوکہ ہوتا ہے کہ کہیں انیس کے کسی ہمعصر نے تو نہیں لکھدیا

کیا ظالماں نے ظلم کیا بے حساب آج   مظلوم کربلا میں ہیں غالی جناب آج
اس غم سوں مومناں کوں ہوا پیچ و تاب آج   گویا علی کے گھر کا کھولا غم کا باب آج

تھا آئینہ رسول کو درشن حسین کا   ہے وہ جفا کی گرد میں درپن حسین کا
زخماں کے جوہراں میں دسے تن حسین کا   دستا ہے جوں شفق میں نول آفتاب آج

کیوں عرش فرش پر نہ گرا بے قرار ہو   کیوں تاب لا سکے نہ فلک دیکھ ظلم یو
مینا سے قد کوں شہ کے شکستہ کیا دیکھو   سنگیں دلاں نے ظلم کی پی کر شراب آج

یارب (بہ) حقِ خواجۂ کونین مصطفےٰ   یارب (بہ) حق فاطمہ ناموس مرتضیٰ
یارب (بہ) حق جملہ اماماں مجتبیٰ   بر لا ہر یک مراد امامی شتاب آج

(بیاض۔ مرثیہ نمبر ۱۲)

پژمردہ پھول

(از مراثی روحی)

یہ ایک مرثیہ نہیں بلکہ غزل معلوم ہوتا ہے اور ادبی حیثیت سے قابل قدر ہے

آج غم ناک ہیں چمن کے گل بلکہ دل چاک ہیں سمن کے گل
غمزدہ سینہ داغ حیراں ہیں نرگس و لالہ یاسمن کے گل
یوں نہ لالے شفق کے دستے ہیں لہو میں ڈوبے ہیں سب گگن کے گل
جب ستے شہ کی بات مجلس میں جل بجھے شمع انجمن کے گل
نقش پا دیکھ دل ہوس رکھتا سر پہ رکھنے کوں تجھ چرن کے گل
خوش لگے تجھ طبع سیں اے روحی دل کے باغاں منے سخن کے گل

(بیاض۔ مرثیہ نمبر ۱۹۸)

ایک مرثیہ

(از مراثی نظر)

یاراں ہزار حیف رسولِ خدا نہیں — اور فاطمہ، علی، و حسن مجتبا نہیں
تنہا حسین رن میں، کوئی آشنا نہیں — بازو نہیں، رفیق نہیں، دلربا نہیں

اصغر کوں شہ نے گود میں لیکر منگے جو نیر — ملعون نے جواب میں مارا ستم کا تیر
بیداد کیا کیا تری تقصیر، یو صغیر — سیانا نہیں، زبان نہیں، دست و پا نہیں

کہنے لگا ہے جب سوں الم کے نظم میں بیت — دنیاں کوں دل سوں سٹ کے توں بول اس الم میں بیت
دو جگ سنے نظر کوں بجز حب اہلِ بیت — مقصد نہیں، مراد نہیں، مدعا نہیں

(بیاض۔ مرثیہ نمبر ۳۲)

غم شاہ عالی

(از مراثی قادر)

ہوا شہرت محرم میں یو غم ہے شاہ عالی کا — کہ ہے فرزند پیارا وہ دونو عالم کے والی کا
چھوپا ہے دین کا چندر کہ جگ کے سوگ سوں جگ پر — فلک ہر ملک میں تانے شمیانا رات کالی کا
ستارے سب یہ قدسیاں نے ملا کر سب گگن اوپر — حسین کے عرس کوں باندھے منڈف موتیاں کی جالی کا
نہیں یو اشک شبنم سوں کھوے ہیں آ کے گل ہو — دیکھو غم کے چمن میانے لطافت غم کے مالی کا
قیامت کا پنا قادر تنزلزل جب کرے ظاہر — مجے تقویٰ تب آخر ہے حسین سرور ہے والی کا

(بیاض۔ مرثیہ نمبر ۱۲۷)

اردو شہ پارے

جلد اوّل

حصّہ نثر



پیا مکھ نور تھی جاوداں ہم عید و ہم نوروز

شرح آو و حمل یانہ عیانہ ہم عید و ہم نوروز

قطعہ چہارم — عید اور نوروز

معرفت کے پردے

از

معراج نامہ حضرت خواجہ بندہ نوازؒ

تصوف کی عام عبارتوں کی طرح اس کا اسلوب بھی پیچیدہ ہے بعض جگہ الفاظ سمجھ میں آتے اور عبارت بے ربط معلوم ہوتی ہے تاہم یہ عبارت اسی لئے قابل غور ہے کہ قدیم ترین کہلائی جا سکتی ہے۔

نبی کہے۔ تحقیق خدا کے میانتے ستر ہزار پردے ادجیالے کے ہور اندھارے کے۔ اگر اس میں تے یک پردہ اٹھ جاوے تو اس کی آنچ تے میں جلوں۔ ہور یک وقت ایسا ہوتا ہے سمجھو اور دیکھو بے پردا اندھارے کے ادجیلے کے عارفان پر ہے وبے واصلاں پر پردے نورانی وبے واصلان کا صفا پردا ہوتا ہے رسو محمدؐ کا نور اے عزیزا ول ربوبیت کا پردا سوائے تن جمالی جسم کے پردے کوں انپڑے باج اس جمال الوہیت کے پردے ممکن الوجوہ کوں انپر سکے۔ الوہیت کے پردے کوں انپڑے عارف الوجود کون انپر سکے اس روح القدس کے پردے کوں انپڑے باج اس کبریائی کے پردے کون بہتر جاگا دونوں عالم اسے دیکھنے کے معنے یوں محمد دیکھے جو آفتاب کے ادجیالے میں تارے اچکر نہیں دستے یوں ہی دونوں عالم کوں یوں آفتاب ہوئیکر اسے معلوم ہوئے گا۔ قولہ تعالیٰ کل من علیہا فان ۔ خدا دونوں عالم اچکر دستے ہیں۔ سو معلوم ہوئے گا اس کے معنی دایم خدا تیعالی کون ویبقیٰ وجہ ربک اس کا معنی دایم خدا تیعالی کا دیدار بقا کر ہے قال علیہ السلام۔ لایدخل احد فی عبادۃ حتیٰ لایدخل نفسہ فی عبادۃ حتیٰ عبادۃ نفسک ہے۔ حضرت جبرائیل خدا تے یو حکم ایک لائے۔ دع نفسک و تعال اس کا معنی ستر ہزار پردے سیر کر لوائے۔

ایمان

از

رسالہ سہ بارہ حضرت خواجہ بندہ نواز رحمۃ اللہ علیہ

سوال۔ ذاتی ایمان کونسا اور صفاتی ایمان کون۔

جواب۔ اگھنڈا حال ثابتی ہے۔ سو ذاتی ایمان وہ ہے ثابتی آتی اور جاتی ہے۔ سو صفاتی ایمان۔

سوال۔ ایمان کے جھاڑان کیا اور ایمان کے ڈالیاں کیا اور ایمان کے پات اور ایمان کا وطن کیا اور ایمان کا بیج کیا اور ایمان کا پوست کیا اور ایمان کا سر کیا۔ اور ایمان کا جیو کیا۔

جواب۔ ایمان کا جیو قرآن۔ ایمان کی جڑ توبہ۔ ایمان کی ڈالیاں سو بندگی۔ ایمان کی پات پرہیزگاری۔ ایمان کا تخم سو علم۔ ایمان کا پوست سو شرم۔ ایمان کا وطن سو مومن کا دل ہے۔

(رسالہ سہ بارہ حضرت خواجہ بندہ نواز رح مخطوطہ کتب خانہ نواب عنایت جنگ بہادر)

لوازم عشق

از

سب رس مُصنفہ شاہ میران جی

عشق کے اسرار بالعموم ایسے اسلوب میں لکھے جاتے ہیں جکو عوام آسانی سے نہیں سمجھ سکتے لیکن ذیلی انتخاب میں مطلب کی گہرائی کے ساتھ ساتھ عبارت کی سادگی مصنف کے کمال کو ظاہر کرتی ہے۔

"جکوئی عاشق کون اس سات چیز تے منع کرے خدا تعالیٰ اسے دنیا میں سوں فنا کرے خوبصورت دیکھ، راگ سن، ریجھ، خوشبوئی، خوش کر، کیف کہا۔ بے پرواچہ اور شعر پڑ، خدا کوں بہوت یاد کر۔ محبت سوں بدہا اپنے کام میں مشغول رہ کس سوں نکو جھگر، یہاں آرام، یاں کام، یاں حال، یاں وصال، یاں یو کہے رے، بالے جو کچھ توں دیکھے گا سو سنے گا۔ سو سب درد سر ہے مشاہدی۔ مراقبی میں رکھتیا سیر طیر میں توں رہے گا، اس زمانے میں کشف کرامات ہوا جو تجھے ہوے کا یو جوں کیمیا کرے سکا دھندا نہیں، ہوتا اور ہوا آپچہ کا کر دل پر آتا۔ سیدھے بات پکڑ کو آں توں کوں، زبان میں کائی کون جاتا، ادل تجھے جو کوئی سکھلاتا ہے، اسے پوچھ، توں منجھیں سکلاتا سو تجھ پر کھلا ہی اس کا کام اس پر نہیں کھلیا، سو تجھ پر کیا کھلیگا توں کیا سمجھ کر بھولیا ہے'۔ بھو سکیگا تو ادہر ادہر کیا چار حکایتاں۔ اس حکایتاں سوں کیا حاصل، جس کام کوں توں دوڑتا ہے او کام ناں ہوئے تو اس باتاں سوں تجھے کیا حاصل توں دنیاں کے دھندے میں ہلکیا ہے اور اس کی بات بھی آزاد ہے۔ ولے یو خبر ہے کہ اس کی بسرنین میں بھی اسی کا یار ہے، اور انیستی اپی آپ کون یاد دلاتا ہے توں بھی اسے یاد کر۔ عاشق تو اسے بسر نکو، اس کی یاد سوں دل کون شاد کر اور اپس کون آپی یاد دلاتا سو اپس کوں دکھلاتا ہے، کہ یو دیکھو یو میری صورت ہی تجھے دیکھ کا کون بے دل ہوتا ہے میں آتا۔ ترے نزدیک ہوں، اور توں تو مجھے نہیں دیکھتا۔

نبی اور ولی

از

سب رس مصنفہ وجہیؔ

عشق خدا کوں بھید یا تو اس کی خاطر آسمان زمین ہویدا کیا، عشق خدا کوں بھید یا تو اپنا حبیب کر محمد کوں پیدا کیا۔ اگر محمد نا ہوتا تو آسمان زمین نا ہوتا، اگر محمدؐ نا ہوتا تو ماہ و پروین نا ہوتا۔ اگر محمد نا ہوتا تو دنیا ہور دین نا ہوتا۔ جس کے نور تے عالم نے پایا روشنیؔ لولاک لما خلقت الافلاک کا دھنی۔ اول خدا ہے نبی دویم، سویم ہے ولی، یو تین ناؤں کتے مومن کے دل کوں تجلی۔ محمد کوں جس رات ہوئی معراج۔ وہاں دو سرا نہ تھا۔ کوئی علی باج۔ گیان دھیان کے کام تمام محمد نے لیایا، جو کچھ پانا تھا۔ سو محمدؐ نے پایا۔ جو کچھ محمدؐ نے پایا۔ سو علی کوں سمجھایا یو سچ علی کی تقسیم آیا، علی خدا کوں بھایا، رسول کوں بھایا۔ محمد نبیؐ علی ولیؑ، نبوت خدا کی پیشوائی ولایت محبوبی ہور استغنائی، نبوت کارسازی، ولایت بے نیازی۔ ولایت ہار گلے یار کا۔ نبوت دھندا گھر دار کا۔ ولایت اگر نبوت آتی، نبوت آئی تو کیا ولایت جاتی۔ فرق دھندے کا تک پیارے آتا کسے کچھ سپڑتا۔ کوئی کچھ پاتا۔

دُنیا جھوٹ ہے

از

سب رس مصنفہ وجہی

اس انتخاب میں دنیاداری کے بڑے کامیاب گر نہایت وضاحت اور خوبی کے ساتھ بیان کیے گئے ہیں۔ اس انتخاب کی ادبیت بھی قابل قدر ہے۔

یعنی دنیا جھوٹ ہے۔ نہیں حاصل جھوٹ بغیر ہوئی۔ یہ حدیث تو فکر کو کہیں کا کہیں لیجاتی اس ٹھار عاقل کے عقل کو بھی قرار نہیں ہے۔ یہ اس میں رہیں گے ٹھار نہیں ہے۔ خدا کا یہ کام راست لاوے کسی کے بھاندے نا بھاوے، جتنی دوستی جتنی یاری اچھے تو بی (بھی) جتنی محبت اور (ہور) جتنی مروت جتنی دلداری اچھے تو بھی اپنی جاگا (جگہ) بہت سادھیٹ (نڈر) رہنا جکوئی (جو کوئی) اپنی دوستی دکھلاوے تو اپے (آپ) اپے دوستیچ کہنا۔ جوں حافظ سکر چتر سوں جان غیب کی بات بولنہارا (بولنے والا) کہ با دوستان مروت با دشمناں مدارا۔

منھ پر بھوتیچ دوستی دھرنا موہنہ پراستی بھی محبت کمال چار زیا دیچہ باتاں کرنا اس کے ادہرے اس کے ادہرے خوب آتا تو تمہارے ادہرسے بھی خوب اتا۔ نیں تو چار باتاں کرنے تمہارا کیا جاتا۔ مقصود جان اچھو تاں وے موں پہ ہاں کو ہاں۔ غرض اپے اپنی سچ سے۔ اچھے تو کچھ برا نہیں ہے۔ اپنا تمام کام سچ سے اچھے تو کچھ برا نین ہے۔ ہشیاری مردان کو بہت پیاری جو دکھن میں مثلاً مسئلہ چلا ہے کہ میاں میٹے دنیا میں رہتے۔ ہاں کو ہاں۔ نین کو نیں کہتے اس گردش فلک میں کیا جانے کیا ہوتا۔ ایک پلک میں کیا جانے کیا ہوتا۔“

طالب تحقیق

از

رسائل شاہ امین الدین اعلیٰ

شاہ امین کی تصنیفات اگرچہ بعد کی زمانہ کی پیداوار ہیں لیکن ان کی عبارت میں خاصی تنقید پائی ہے۔ انتخاب ان کی عام طرز تحریر کا ایک نمونہ ہے۔

لوج اے طالب تحقیق اس لاہوت کے مقام میں اکر واصل ہوا سو اسکوں حاصل ائے گی سو۔ تجلی بھانت بھانت کی روئش ہے۔ اس کے تئیں اس کی استعداد کے مناسب حاصل ہو ولیگا یعنے ازل کی موافق حاصل ہولیگا۔ اس لاہوت کتی سو مقام پونچا سو اس کے تئیں نہایت تجلی اس کے تئیں اعیان ثابتہ سوں ظاہر آتا اس وجہ جو کوئی اپن اعیان ثابتہ کون آکر پاولیگا او نہایت کون پایا سو ہولیگا۔ اور بھی بوج ای طالب تحقیق نہیں۔ اوپر کا مذکور ہور مقام یاد سوں کرے۔ یک کی پچھین ہیک پی دری اناتمام کب تک۔ مریداں ہودیں گی سوت کتی سو مقام میں کی کی شغل میں ہور گرفتار ہو کر بھرلیگا۔ اس وجہ سے کی گرفتاری میں اللہ تعالی جذب لیسین اس کے تئیں لاہوت میں واصل کرادیگا۔

* * *

پچاسواں بیان

از

شمایل الاتقیا - میراں یعقوب۔

یا ایہا الذین آمنوا اصبرو و صابرو و رابطو۔ یعنی اے مومناں صبر کرو ہور استوار اچھو تمہارات اس آیت میں تن ہور دل ہور روح۔ یو تینو صبر کرو کر حکم ہوا یعنی صبر کرو تن سوں خدا کی طاعت پر۔ یعنی فرماں) برداری رہو ہور صبر کرو اپنے دل سوں خدا کی بلا پر ہور استوار اچھو اپنے روح ہور سر سوں، خدا کے دیکھنے کے شوق ہور محبت پر۔ صبر تین روز کا ہے۔ پہلا الصبر فی ا ہ یعنے خدا کی بات میں صبر کرے۔ یعنی اس کی بات میں رہے۔

دوسرا الصبر للہ ہے۔ یعنی یو اخلاص ہے۔ یعنی خدا چہ خاطر صبر کرے۔

تیسرا۔ الصبر مع اللہ ہے۔ یعنی خدا سوں صبر کرے اور دایم کا مشاہدہ ہے یعنی ہمیشہ۔ اس کے یعنی ہمیشہ اس کے دیکھنے میں رہے۔ صبوری خدا کے سات رہنا ہے کہ اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصَّابِرِین یعنے خدا صابراں کے سات ہے۔ خواجہ برہان الدین کہے کہ صبوری سو خدا کی صفت کا غلبہ ہے۔ نفس کی صفت کے غلبے پر یعنی صبوری تھے نفس مغلوب ہور عاجز ہوتا ہے۔" اکثر گناہ دو چیز تھے ہوتا ہے۔ اپنے پیارے چیزاں سے تھوڑا صبر کرتے ہیں۔ اور اپنے بھالے چیزاں پر تھوڑا رہتے ہیں۔ قول خواجہ برہان الدین۔ بندہ ضعیف ہے صبر نا کر سکے وسے تصبر کرے یعنی کوشش سوں صبوری کا ورزش کر سکے رسالہ قشیری صبوری در (وضع) کی ہے ایک صبر بندے کے کرنے ہور کوشش سوں ہے دوسرا امر نہی رہنا ہے۔ دسرا صبر اس کے کرنے تھے نہیں سو خدا کے بلایاں ہور رنج پر اچھنا ہے دیگر خدا فرمایا ہے۔ وصبرک الا باللہ یعنی تیرا صبر خدا سوں ہے یو عبودیت ہے یعنی خدا سوں اچھ۔ جیکوئی اللہ کے درجے تھے ترقی کرے سو باللہ کے درجے کو اپڑے یعنی عبادت کے مقام تھے عبودیت کو پونچے للہ یعنی خدا کی خاطر اچھے باللہ یعنی خدا سوں اچھے۔

ایک مصنوعی عورت

از

طوطی نامہ

یہ اور اس کے بعد کے دو نثری ٹکڑے طوطی نامہ کے ایک نامکمل دکھنی ترجمے سے ماخوذ ہیں۔ جس کا ایک نفیس مخطوطہ برٹش میوزیم میں محفوظ ہے۔ یہ مخطوطہ دراصل دراصل فارسی طوطی نامہ کا ہے۔ اور اس میں ہر سطر کے نیچے غالباً مالک کتاب نے بالکل لفظ بہ لفظ اردو ترجمہ لکھا ہے۔ افسوس ہے کہ مترجم کا نام معلوم نہ ہو سکا۔ کتاب کے آخر میں اگرچہ یہ ضرور لکھا ہے کہ ابوالفضل بن مبارک متوطن لاہور کا طوطی نامہ ختم ہوا۔ لیکن کاتب کا نام اور مقام اور سنہ کتابت کچھ نہیں لکھا۔

اردو ترجمہ کے رسم الخط اور کاغذ وغیرہ پر غور کرنے سے یہ پتہ چلتا ہے کہ یہ ترجمہ کافی قدیم ہوگا اور یہ بھی کہ یہ دراصل مترجم ہی کے ہات کا مسودہ ہے۔ تین چوتھائی کے قریب کتاب کا ترجمہ کرنے کے بعد نہ معلوم کیوں مترجم کام جاری نہ رکھ سکا۔

اس مخطوطہ کا اردو رسم الخط نہایت ہی عجیب ہے۔ بہت ممکن ہے کہ آیندہ تحقیقات کرنے والوں کو اس سے کوئی فائدہ پہونچے۔ اس لئے ہم ذیل میں اس کی چند خصوصیات درج کر دیتے ہیں۔

ڑ اور ڈ کو ہمیشہ رِ اور دِ لکھتا ہے۔

دلی، گلی، لکڑی وغیرہ الفاظ کو ی معروف کے لئے ہمیشہ دلے۔ گلے۔ اور لکڑے لکھتا ہے۔ کرے، کے، میرے وغیرہ الفاظ کی ی مجہول کے لئے ہمیشہ کری، کی، میری لکھتا ہے (گویا ی کا املا) آج کل کے رواج کے بالکل برعکس تھا)

جملوں یا فقروں کے بعد وقفہ ظاہر کرنے کے لئے اکثر اس علامت کا استعمال کرتا ہے۔ یہ واضح رہے کہ ترجمہ بالکل لفظ بہ لفظ کیا گیا ہے۔ اور اسی لئے بعض جگہ عبارت میں پیچیدگی پیدا ہوگئی ہے جس کو خود مترجم نے بھی کئی جگہ محسوس کیا ہے اور جس کو دور کرنے کے لئے خود ہی قوسین اس کا مطلب بھی لکھدیا ہے۔

ایک مصنوعی عورت سے کسی قسم کا تعارف کرانے کی ضرورت نہیں۔ قدیم اردو نثر کی

بعض خصوصیات ظاہر کرنے کے علاوہ بہ انتخاب اپنے قصہ پن کی وجہ سے بھی نہایتاً دلچسپ ثابت ہوگا۔ خود طوطی نامہ کے پلاٹ کے کے متعلق کچھ لکھنا یقیناً بے سود ہے کیونکہ اس کے ایک سے زیادہ اردو ترجمے شایع ہو چکے ہیں۔ اور اردو دان اس کی نوعیت سے کم و بیش واقف ہیں۔

نقل چھٹی سنار اور برائی اور پرہیزگار اور درزی کی' اور صورت لکڑی کی' اور عاشق ہونا سات عاشق کا۔ سات عاشق کا اوپر اس صورت کے اور جانا ان سات عاشقان (یکہ چوب کا آگو جھاڑ کے اور بے نصیب رہنا وہ سب عاشقان کا۔ (یعنے یتی یا تان اسی داستان میں ہیں ۱۲)

جب ستارہ بڑا (یعنے آفتاب) طرف مغرب کے دوڑیا اور اندھارا رات کا میدان جہاں کے تیں کالا کیا۔ خجستہ واسطے طلب کرنے رخصت کے دوڑیا۔ طوطی کنے گئی۔ طوطی بولی۔ کب تک عاشق کے تیں بیچ جلن کے چاہے گی توں رکھنے جلا یا (یعنے ملاقات کر) ایسا نہ ہووے کہ خبر مرد کو تیرے پہونچے۔ اور میرے تئیں مانند جڑ جھاڑ کے کاٹے اور توں مانند سات یار کے محروم رہے توں۔ خجستہ پوچھی کیونکر تھی وہ نقل۔ طوطی بولی'۔

بڑائی اور سنار اور درزی اور پرہیزگار مسافری کو نکلے' اور ایک رات بیچ جنگل دہشت بھرے ہوسے کہ تپا یا گاں کا ڈر سیں اس جنگل کے پانی ہوتا تھا۔ یکایک اپنا اس جاگا میں پڑیا (یعنے ہوا) وہ چار و یار مصلحت کرے کہ ہم ہر ایک موافق باری کے یک یک پہر نگہبانی کرے۔ اول بڑائی جاگتا تھا لکڑی یک بیچ نہایت بہتری کے چھلیا (یعنے اچھی صورت بنایا) اور پھر دوگڑی سنار اس صورت کے تیں زیور سیں سنواریا۔ تیسری پہری میں درزی اس کے تیں سات لباس کے زینت دار کیا۔ چوتھی پہری میں زاہد موں عاجزی کا طرف قبلہ کے لایا۔ دعا کیا۔ اور جان بیچ بدن اس کے پھوک گیا ہوا۔ جب جاگا قبول کیا گیا تاریکی کا (یعنے آفتاب) آیکی میں تھا سو ڈیرے سیں کالی رات کے نکل کر سات قصد عالم روشن کرنے کے۔ منزل مانیے ہارا آسمان کا ہوا۔ ہر ایک کوئی (یعنے ادن چاروں یار سین) ہر ایک یار جنگل لڑائی کا بیچ دامن یک دوسرے کے مارے (یعنے ہر ہر شخص وہ عورت کوں اپنے لیوں گا بولتا تھا ۱۲) بعد از لڑائی بہوت کے قرار پایا کہ اوپر سر راہ کے کھڑے رہیں انوں (یعنے سب ملکر راستے پو کھڑے رہنا) کوئی ایک کہ اول پونچا اس سین فیصلہ قضیہ کا طلب کریں۔ اونو سات اس نیت کے اوپر سر راہ کے کھڑے رہے۔ مسافر یک پونچیا۔ اور اوپر لڑائی کی کیفیت کے خبردار ہوا

جلدی جنگل دشمنی کا اور لڑائی بیچہ دامن ان چار یار کے مار یا کہ عورت میری کی تیں تم چار و ڈاکا پڑکر (یعنے رہ زنی کرکر) لے گئے ہیں۔ آگو کوتوال کے آؤ تو کیا انصاف ہوتا ہے۔ آگو کوتوال کے گئے کوتوال بھی عاشق حسن اس صورت کا ہوا۔ اور بولیا یہ عورت بھائی سیں میری ہے (یعنے میرے بھائی کی عورت ہے) تمہیں بیچہ راہ فلانی جا گا کے لوٹ لے گئے ہیں۔ عورت کے تیں پایا ہیں، مال اس کے تیں جواب بولو۔ (یعنے میرے بھائی کا مال دیو) وہ کوتوال آگو بادشاہ کے لے گیا۔ اور داد چاہا۔

بادشاہ اسی وقت باندے گیا زلف کے کے سریکے اس کے ہوا (یعنے بادشاہ بھی عاشق اس کا ہوا) عالم ایک واسطے تماشا کے جمع آئے۔ اور انصاف قصیہ کے تیں بوڈے ایک جہاندہ سیں چاہے۔ وہ بوڈا بولیا۔ چالیس کوس اس شہر سیں جہاڑ حکم کرنے ہارا اکرز نام جھاڑ ایک کا ہے۔ قصیہ میں فیصل ہونے ہارا۔ اسی جا کا فیصلہ پاتا ہے۔ اس جا گا جاؤ تمیں، تمام لوگ دعوی کرنے ہارے اس عورت کے نزدیک اس جہاڑ کے پہونچے۔ اور مدعا اپنا ظاہر کرے۔ انتظار سخن نادر غیب کا رکھے (یعنے نادریات غیب سے کیا آتی ہے سو وانتظار کرے) بیچہ اس بیچے کے (یعنے ایسے میں) پیڑ جہاڑ کی چیرے گئی۔ اور عورت بیچ پیڑ جہاڑ کے اندر آئی۔ اور دڑار ڑل گئی۔ اور پاتال سیں جہاڑ کے آواز یہ آیا کہ تمام چیز رجوع کرتی ہے طرف اصل اپنے (یعنے وہ تصویر لکڑی سیں ہوی تھیں آخر پھر لکڑی میں مل گئی) تمام دعوی کرنے ہارے ناامید ہوئے۔ اور پھر کر آئے۔

اے خجستہ تو بھی سات جلدی کے اس محبوب کے تیں پا۔ خجستہ چاہی ویسا کرے (یعنے جاوے) آفتاب نکل آیا قصد جانے کا اس کا موقوف ہوا۔

(برٹش میوزیم مخطوطہ نمبر ۱۰۵۸۹ - ورق ۱۶ ب تا ۱۸ اب)

فن موسیقی

از

طوطی نامہ

ترقی یافتہ ملکوں میں بالکے ادب اور خصوصاً قصہ کہانیوں کے ذریعہ عوام کو علمی اور فنی باتیں بھی معلوم کرائی جاتی ہیں۔ معلوم ہوتا ہے کہ کسی زمانہ میں ہمارے اہل علم بھی اس گر سے کام لیا کرتے تھے۔ چنانچہ طوطی نامے جیسے کہانیوں کے مجموعہ میں اس زمانہ کی وسعت معلومات کے مطابق موسیقی کے متعلق طوطی کی زبان سے جو کہلایا گیا ہے۔ اس کو یہاں نقل کیا جاتا ہے۔ مترجم نے لوگوں کے فارسی ناموں کے بھی اردو ترجمے لکھے ہیں جن کے آگے اور نیچے قوسین میں مولف نے ناظرین کی اطلاع کی خاطر اصل فارسی اصطلاحیں بھی نقل کر دی ہیں ۔

موسیقی علم ایک ہے پاک، سات ایتے سب کے چونیا گیا (یعنے راگ ایتے چیزاں سیں بنائے ہیں) اور بیچ ہونے اس کے (یعنے راگ کے ہونے میں) اختلاف ہے ۔) ہر ایک طبیعت احاطہ کرنے ہاری اس کی نیں ہو سکتی ہے ۔

